مزمل جنتری

۲۰۱۱ء، ۲۰۱۲ء، ۲۰۱۳ء

سید مزمل حسین شاہ

Scanned with CamScanner

تذکرہ سوانح حیات خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ

قارئین مزمل روحانی جنتری کو نیا سال مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ قارئین کو نئے سال میں ہر مصیبت، پریشانی، آفت، بیماری، جادو سحر اور آزمائش کی گھڑی سے محفوظ رکھے۔ اللہ رب العزت تمام قارئین کو تندرستی صحت اور خوشحالی عطا فرمائے (آمین)۔

خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کی ذات اقدس وہ باکمال ہستی ہے جو کہ برصغیر کے مسلمانوں کیلئے سرمایہ افتخار ہے۔ حضرت خواجہ معین الدینؒ چشتی اجمیری سے ملنے والے فیض کی بدولت کئی اولیاء کرام نے پاک و ہند میں روحانی سلاسل کی بدولت بے شمار لوگوں کو مسلمان کیا۔ خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کے خاص حلقہ احباب میں **حضرت قمیض شاہ** (اول) **کشمیری خانقاہ موضع سیون** احقر العباد کے اُن بزرگوں سے ہے جن کے معجزات و کرامات دُنیا بھر میں مشہور و معروف ہیں اور پھر یہ سلسلہ نسل در نسل بڑھتا ہوا روحانی پیشوا **حضرت فتحؒ محمد خانقاہ فتح پور آبادی** کی جانب منتقل ہو جاتا ہے۔ حضرت فتح محمد کے بے شمار فضائل کرامات اب بھی موجود ہیں۔ ایسی روحانی و جمالی ہستی کے تسخیر خلق کی بدولت علاقہ دور دراز تک آپ کی شہرت کا چرچہ رہا۔ لاکھوں مسلمانوں نے آپ کی روحانیت سے اپنے دلوں کو منور کیا۔ یہ سلسلہ بڑھتے ہوئے **حضرت بہادرؒ علی شاہ 'شاہی محل خانقاہ میرن شاہ پور' شاہ آباد** منتقل ہو جاتا ہے۔ حضرت بہادر علی شاہ کا شمار اُن روحانی ہستیوں میں ہوتا ہے جنہوں نے ہزاروں لاکھوں دلوں میں توحید رسالت کی شمع منور کی آپ کے خلیفہ آج بھی موجود ہیں۔ **حضرت نذیرؒ محمد** کا شمار اُن ہستیوں میں ہے کہ آپ کے حلقہ میں ہر وقت مسلم اور غیر مسلم لوگوں کا تانتا بندھا رہتا۔ کئی غیر مسلم ایمان لائے۔ اور پھر آپ کے بعد یہ سلسلہ اکلوتے فرزند **حضرت احمدؒ شاہ** کو منتقل ہو گیا۔ حضرت احمدؒ شاہ کو معجزات و کرامات پر وہ دسترس تھی جو کہ اس دور کے کسی دوسرے روحانی بزرگ کو نہیں۔ آپؒ کے وصال کے بعد آپؒ کے فرزند **حضرت نورؒ محمد شاہ** کو یہ سلسلہ منتقل ہو گیا اور پھر مزید اس سلسلہ کو بڑھاتے ہوئے **حضرت قمیض شاہ** (دوئم) جو کہ آپؒ کے اکلوتے فرزند تھے کی جانب بڑھا اسی طرح اس سلسلہ کو مزید تقویت ملی اور **حضرت صوفی عبدالعزیزؒ** دربار دہلی کی جانب جو کہ آپؒ کی آل سے تھے اس سلسلہ کو بڑھایا گیا اور وہاں سے پھر یہ سلسلہ چلتے ہوئے بندہ احقر کی جانب پہنچا یہ ان تمام روحانی بزرگوں کا فیض ہے جو کہ حضرت خواجہ معین الدینؒ چشتی اجمیری سے شروع ہوتا ہے۔ حضرت خواجہ معین الدینؒ چشتی اجمیری مودت و محبت اہل بیت اظہار ہے۔ ایک وقت پر جب حضرت خواجہ کی محبت نے جوش مارا اور تسخیر خلق کا وہ عالم کہ لاکھوں لوگوں کو آپ نے کلمہ حق پڑھایا۔ اسی تسخیر میں ایک جن حضرت عبداللہ جو کہ صحابی جنات سے تھے آپؒ سے رابطہ میں رہتے۔ حضرت کو واقعہ کربلا سے اس قدر تجسس اور لگاؤ تھا کہ آپ نے حضرت عبداللہ سے فرمایا کہ میں وہ واقعہ منظر میدان کربلا اپنی چشم سے مشاہدہ کرنا چاہتا ہوں کاش میں اُس وقت وہاں ہوتا۔ حضرت عبداللہؓ نے فرمایا! کہ آپ اُن مناظر کو برداشت نہ کر سکیں گے۔ لیکن حضرت نے پھر اصرار کیا تو حضرت عبداللہ نے آنکھیں بند کرنے کا فرمایا جونہی آپ نے اپنی آنکھیں بند کی تو سامنے میدان کربلا کا منظر موجود تھا جس میں شہداء کی لاشیں بکھری ہوئی تھیں جلے اور ادھ جلے خیمے تھے۔ عجیب خوفناک دل لرزہ دینے والا منظر تھا کہ آپ اس منظر کو برداشت نہ کر سکے اور غش کھا کر بے ہوش ہو گئے۔ حضرت عبداللہ صحابی جن کی تسخیر کا عمل گذشتہ سال کی مزمل روحانی جنتری میں شائع کیا جا چکا ہے۔ ان صحابی جن کا رابطہ بندہ احقر سے بھی ہوا۔ ایسے بے شمار واقعات و کرامات جو کہ تاریخ کا حصہ ہے اور حضرت خواجہ معینؒ الدین چشتی اجمیری سے منسوب ہیں۔ حضرت خواجہ معینؒ الدین چشتی اجمیری کی منظوم سوانح حیات کا شرف معروف ادبی شخصیت **جناب محترم سید عارف معین بلے** کے نصیب میں آئی جس کا حکم خود حضرت خواجہؒ نے حالت خواب میں محترم جناب سید عارف معین بلے کو دیا اور یہ اعزاز دُنیا میں کسی دوسری شخصیت کو حاصل نہیں کہ وہ حضرت خواجہؒ پر منظوم سوانح حیات تحریر کر سکے۔ بندہ احقر کی گزارش پر سید عارف معین بلے صاحب نے حضرت خواجہؒ کی سوانح حیات سلسلہ وار ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ارسال کرنے کا بھی وعدہ فرمایا۔ بندہ احقر محمد ایاز مزمل حسین شاہ کے خاندانی دیگر روحانی بزرگوں سے متعلق سوانح حیات واقعات، کرامات و معجزات بھی یکے بعد دیگرے جنتری اور رسالہ میں شائع کیے جائینگے۔ انشاءاللہ

ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

اسمائے پاک باری تعالیٰ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

یااللّٰہُ	یارَحمٰنُ	یارَحیم	یامَالِکُ	یاقُدُّوسُ	یاسَلامُ	یامُومِنُ	یامُہَیمِنُ
یاعَزِیزُ	یاجَبّارُ	یامُتَکَبِّرُ	یاخَالِقُ	یابَارِیُ	یامُصَوِّرُ	یاغَفّارُ	یاقَہّارُ
یاوَہّابُ	یارَزّاقُ	یافَتّاحُ	یاعَلِیمُ	یاقَابِضُ	یابَاسِطُ	یاخَافِضُ	یارَافِعُ
یامُعِزُّ	یامُذِلُّ	یاسَمِیعُ	یابَصِیرُ	یاحَکَمُ	یاعَدلُ	یالَطِیفُ	یاخَبِیرُ
یاحَلِیمُ	یاعَظِیمُ	یاغَفُورُ	یاشَکُورُ	یاعَلِیُّ	یاکَبِیرُ	یاحَفِیظُ	یامُقِیتُ
یاحَسِیبُ	یاجَلِیلُ	یاکَرِیمُ	یارَقِیبُ	یامُجِیبُ	یاوَاسِعُ	یاوَدُودُ	یامَجِیدُ
یاحَکِیمُ	یابَاعِثُ	یاشَہِیدُ	یاحَقُّ	یاوَکِیلُ	یاقَدِیرُ	یامَتِینُ	یاحَمِیدُ
یامُحصِیُ	یامُبدِیُ	یامُعِیدُ	یامُحیی	یامُمِیت	یاحَیُّ	یاقَیُّومُ	یاوَاحِدُ
یااَحَدُ	یاصَمَدُ	یاقَادِرُ	یامُقتَدِرُ	یامُقَدِّمُ	یامُوخِّرُ	یااَوَّلُ	یااٰخِرُ
یاظَاہِرُ	یابَاطِنُ	یاوَالِی	یامُتَعَالِی	یابَرُّ	یاتَوّابُ	یامُنعِمُ	یامُنتَقِمُ
یاغَفُورُ	یارَؤُفُ	یارَبُّ	یامَاجِدُ	یاوَاجِدُ	یامُقسِطُ	یاجَامِعُ	یاغَنِیُّ
یامُغنِی	یامُعطِی	یامَانِعُ	یاضَارُّ	یانَافِعُ	یانُورُ	یاہَادِیُ	یابَدِیعُ

ادارہ روحانیات

ان اسمائے صفات کا روزانہ ورد غموں، پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات دلاتا ہے۔

اسمائے صفات

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

یامُحمد	یااحمد	یاحامِد	یامحمُود	یاقاسِم	یاعاقِب	یافاتِح	یاخاتِم
یاحاشِرُ	یاماحِ	یاداعِ	یاسِراج	یارَشِید	یامُنِیر	یابَشِیر	یانَذِیر
یاهادِیُ	یامُهد	یارَسُولُ	یانَبِیُ	یاطٰهٰ	یایٰسٓن	یامُزمِلُ	یامُدثِرُ
یاشَفِیعُ	یاخَلِیلُ	یاکَلِیمُ	یاحَبِیبُ	یامُصطَفٰیٰ	یامُرتَضٰی	یامُجتَبٰیٰ	یامُختارُ
یاناصِرُ	یامَنصُورُ	یاقائِمُ	یاحافِظُ	یاشَهِیدُ	یاعادِلُ	یاحَکِیمُ	یانورُ
یاحُجةُ	یابُرهانُ	یاابطَحِیُ	یامُومِنُ	یامُطِیعُ	یامُذَکِرُ	یاواعِظُ	یاآمِینُ
یاصادِقُ	یامُصَدِقُ	یاناطِقُ	یاصاحِبُ	یامَکِیُ	یامَدنِیُ	یاعَرَبِیُ	یاهاشِمِیُ
یاتِهامِی	یاحِجازِیُ	یانزارِیُ	یاقُرَیشِیُ	یامُصرِیُ	یااُمِیُ	یاعَزِیزُ	یاحَرِیصُ
یارَؤفُ	یارَحِیمُ	یایَتِیمُ	یاغَنِیُ	یاجَوادُ	یافَتاحُ	یاعالِمُ	یاطَیِبُ
یاطاهِرُ	یامُطَهِرُ	یاخَطِیبُ	یافَصِیحُ	یاسَیِدُ	یامُتَقِیُ	یااِمامُ	یابارِیُ
یاشافِی	یامُقسِطُ	یاسابِقُ	یاحٰمٓ	یامَهدِیُ	یاحَقُ	یامُبِینُ	یااَوَلُ
یاآخِرُ	یاظاهِرُ	یاباطِنُ	یارَحمَتُ	یامُحَلِلُ	یامُحَرِمُ	یاآمِرُ	یاناهِ

ان اسمائے صفات کا روزانہ ورد غموں، پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات دلاتا ہے۔

ادارہ روحانیات

سورۃ مزمل منظوم ترجمہ

اے کملی والے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

منظوم ترجمہ:۔ سید عارف معین بلے

میں ابتدا تیرے نام سے کر رہا ہوں اے میرے رب تعالیٰ O کہ تو نہایت ہی مہربان بھی ہے اور رحم کرنے والا

اے کملی والے عبادتوں کو تو رات کو اہتمام کرنا
خیال اتنا رہے، مناسب نہیں ہے شب بھر قیام کرنا

عبادتوں کیلئے تو بس آدھی رات کافی ہے کملی والے
تو چاہے تو اس سے کم بھی کر لے، جو چاہے کچھ اور بھی بڑھا لے

ٹھہر ٹھہر کے مگر ہے قرآن کی تلاوت بڑی ضروری
کچھ اس طرح کہ ادائیگی حرف حرف کی ہو زباں سے پوری

بلا شبہ سونپنے ہی والا ہوں، ذمے داری کا کام تجھ کو
جہاں بھر کیلئے دیا جائیگا یقیناً کلام تجھ کو

یہ رتجگے اور یہ رات کو سو کے پھر اُٹھنا بڑا کٹھن ہے
یہ نفس کو اپنے مارنا ایک جہاد ہے اور تیرا چلن ہے

دل وزباں کا یہ میل بھی کتنا خوب ہے تیرے رتجگے میں
مگر تجھے کام بھی تو ہوتے ہیں ان گنت دن کو جاگتے میں

خدا ہی کو اپنے یاد کرنا، اسی کا اب ذکر کرتے رہنا
تو چھوڑ دے فکر ہر کسی کی، اسی کا بس فکر کرتے رہنا

وہی تو ہے مشرق ومغرب کا رب، خدا اس کے سوا کوئی ہے کب؟
وہی تو ہے کارساز بیشک، اسی کو تو کام سونپ دے سب

جو لوگ باتیں بنا رہے ہیں، جدا تو اب ان سے راہ کر لے
تو صبر کے گھونٹ پی کے، مشکل گھڑی سے لیکن نباہ کر لے

کچھ اور مہلت بھی دیدے ان کو، تو چھوڑ دے مجھ پر ان کا بدلہ
زمین دہلے گی اور سارے پہاڑ جب ہونگے ریزہ ریزہ

انہیں جکڑنے کو بیڑیاں ہیں، انہیں جلانے کو ہے جہنم
اُتر نہ پائے گا جو حلق سے، ملے گا وہ کھانا دیکھنا تم

وہ دن بھی آئے گا، ایسا دن جب ہر اک عمل کا حساب ہوگا
اور ان پر ٹوٹے گی اِک قیامت، شدید تر اِک عذاب ہوگا

Scanned with CamScanner

گواہ رہنے کو جسے بھیجا تمہیں بنا کر رسول میں نے
رسول بھیجا گیا تھا فرعون کیلئے بھی مری طرف سے

مگر تھا فرعون،اس سے کچھ بھی رسول نے جو کہا،نہ مانا
جکڑ لیا اس کو،اور بنایا عذاب کا پھر اسے نشانہ

اگر نہ مانو گے تم،پھٹے گا جب آسمان،آئے گی قیامت
تمام بچے بھی بوڑھے ہوں گے کہ طاری ان پہ جب ہوگی ہیبت

بچوگے کیسے عذاب سے پھر؟ ہے اس کا وعدہ وفا تو ہوگا
نصیحت کہہ رہی ہیں جو اس پہ تم کو کچھ سوچنا تو ہوگا

وہ لوٹ آئے خدا کی جانب،عذاب سے جو بھی چاہے بچنا
نصیحتوں کا یہی ہے حاصل،نجات کا بس یہی ہے راستہ

بلاشبہ اے مرے پیمبر،خدا پہ روشن ہے یہ حقیقت
کہ تو بھی اور تیرے ساتھی بھی کرتے ہیں رات کو عبادت

کبھی کبھی دو تہائی شب سے بھی ہوتا ہے کم قیام ان کا
مگر کبھی نصف شب،کبھی بس تہائی شب اہتمام ان کا

ہے جو بھی معمول روز وشب کا،اسے خدا خوب جانتا ہے
کہ وقت کی قدر نہ کرپائے،پر اس نے تو رحم ہی کیا ہے

ہو جتنا ممکن،بس اتنی قرآن کی تلاوت کیا کرو تم
ہو جتنا آسان بھی تمہارے لئے عبادت کیا کرو تم

وہ جانتا ہے کہ کچھ ہیں بیمار،فضل کی کچھ تلاش میں ہیں
ہیں کچھ جہادی بھی اور مصروف کچھ حصولِ معاش میں ہیں

اسی لئے بس جتنا آسان،اتنی قائم وصلوٰۃ کرنا
خدا کو بھی عمدہ قرض دینا،ادا بھی اپنی زکوٰۃ کرنا

جو بیج نیکی کے بوؤگے،اس کی فصل بھی شاندار ہوگی
ملے گا اجروثواب بیحد کہ رحمت پروردگار ہوگی

دعائیں مانگو اسی سے بخشش کی،وہ غفور ورحیم بھی ہے
(یہ ترجمہ بھی کرم ہے اس کا،جو اپنا ربّ کریم بھی ہے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابتدائی درود سورۃ مزمل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلْ وَالْخَصَائِصْ

سورۃ مزمل سے متعلق یہ خاص ورد پاک اور اختتامی درود پاک بہت ہی نایاب ہے جو کہ شاید آپ نے آج تک نہ سنے اور نہ ہی پڑھیں ہونگے۔ درود مزمل کی یہ خاصیت ہے کہ سورۃ مزمل کے وظیفہ یا ورد سے پہلے اس درود پاک کا ورد کیا جائے تو اس وظیفہ کی چلہ کشی میں یا جس مقصد کے حصول کیلئے سورۃ مزمل پڑھی جائیگی وہ مقصد فوری پورا ہوگا اور ایک خاص روحانیت پیدا ہوتی ہے۔

اختتامی درود سورۃ مزمل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلْ وَالْخَصَائِصْ ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْکَافِرُوْنَ ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمَعْطَرِ وَالْمَدَدِ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ اَنْ تُزَمِّلَنِیْ بِرِءٍیْ بِلُطْفِکَ عَنْ عُیُوْنِ الْبَاغِیْنَ وَالطَّاغِیْنَ وَالْحَاسِدِیْنَ مِنْ اَعْدَائِیْ وَاَعْدَائِکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا مَنْ ھُوَ یَامَنْ لَیْسَ لَہٗ اِلَّا یَا مَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ ٥ اَللّٰھُمَّ اَحْفِظْنِیْ عَنِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاھَاتِ یَا اَللّٰہُ صَمَدِیْ وَمَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمِدِیْ یَا اَللّٰہُ۔

اختتامی درود پاک کی بھی فضیلت بہت زیادہ ہے یہ درود پاک کئی سو سالہ پرانی بیاض سے میسر آئے ہیں اس بیاض میں سورۃ مزمل کے خاص طریقہ زکات اور مشکلات سے حل کیلئے سورۃ مزمل کا وظائف درج ہیں قارئین کیلئے میری جانب سے سال نو کا اس سے بڑھ کر بیش قیمت تحفہ اور کوئی نہیں ہوسکتا اللہ تعالیٰ قارئین کرام کی تمام مشکلات اور پریشانیوں کو آسان فرمائے اور آپ لوگوں کو روحانی وجسمانی صحت والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ صدقہ محمدؐ وآل محمدؐ میرا اور آپکا خاتمہ ایمان پر ہو بوسیلہ واسطہ حضرت محمدؐ بحق یا ایھا المزمل (آمین)

دعا گو:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

سورۃ مزمل مع ترجمہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ (١) قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا (٢) نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا (٣) اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا (٤) اِنَّا

اے کپڑوں میں لپٹنے والے رات کو (نماز میں) کھڑے رہا کرو مگر تھوڑی سی رات یعنی نصف رات (کہ اس میں قیام نہ کرو بلکہ آرام کرو) یا اس نصف سے کسی قدر کم کر دو یا نصف سے کچھ بڑھا

سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا (٥) اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا (٦) اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا (٧)

دو اور قرآن کو خوب صاف صاف پڑھو (کہ ایک ایک حرف الگ الگ ہو) ہم تم پر ایک بھاری کلام ڈالنے کو ہیں (مراد قرآن مجید ہے) بیشک رات کے اٹھنے میں دل اور زبان کا خوب میل ہوتا ہے اور

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا (٨) رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا (٩) وَاصْبِرْ عَلٰى

بات خوب ٹھیک نکلتی ہے بیشک تم کو دن میں بہت کام رہتا ہے (دنیوی بھی اور دینی بھی) اور اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو اور سب سے قطع کر کے اسی کی طرف متوجہ رہو وہ رب مشرق و مغرب کا مالک

مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا (١٠) وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا (١١) اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا

ہے اس کے سوا کوئی قابلِ عبادت نہیں تو اسی کو اپنے کام سپرد کر دینے کے لئے قرار دیئے رہو اور یہ لوگ جو باتیں کرتے ہیں ان پر صبر کرو اور خوبصورتی کے ساتھ ان سے الگ ہو جاؤ۔ اور مجھ کو اور ان

وَّجَحِيْمًا (١٢) وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا (١٣) يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا (١٤)

جھٹلانے والوں نازونعمت میں رہنے والوں کو (حالتِ موجودہ پر) چھوڑ دو (یعنی رہنے دو) اور ان لوگوں کو تھوڑے دنوں اور مہلت دے دو۔ ہمارے یہاں بیڑیاں ہیں اور دوزخ ہے اور گلے میں پھنس

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا (١٥) فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ

جانے والا کھانا ہے اور دردناک عذاب ہے۔ جس روز کہ زمین اور پہاڑ ہلنے لگیں گے اور پہاڑ (ریزہ ریزہ ہو کر) ریگ رواں ہو جاویں گے بے شک ہم نے تمہارے پاس ایک ایسا رسول بھیجا ہے جو تم

اَخْذًا وَّبِيْلًا (١٦) فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا (١٧) السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا

پر (قیامت کے روز) گواہی دیں گے جیسا ہم نے فرعون کے پاس ایک رسول بھیجا تھا پھر فرعون نے اس رسول کا کہنا نہ مانا تو ہم نے اس کو سخت پکڑنا پکڑا سو اگر تم (بھی بعد پہنچنے رسولؐ کے نافرمانی اور)

(١٨) اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا (١٩) اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ

کفر کرو گے تو اس دن سے کیسے بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا۔ جس میں آسمان پھٹ جائے گا۔ بیشک اس کا وعدہ ضرور ہو کر رہے گا۔ یہ (تمام مضمون) ایک (بیخ) نصیحت ہے سو جس کا جی چاہے

وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ

اپنے پروردگار کی طرف رستہ اختیار کرے۔ آپ کے رب کو معلوم ہے کہ آپ اور آپ کے ساتھ والوں میں بعضے آدمی (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات

مِنَ الْقُرْاٰنِ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاٰخَرُوْنَ

(نماز میں) کھڑے رہتے ہیں۔ اور رات اور دن کا پورا اندازہ اللہ ہی کر سکتا ہے اس کو معلوم ہے کہ تم اس (تقدیر وقت) کو ضبط نہیں کر سکتے تو اس نے تمہارے حال پر عنایت کی سو (اب) تم لوگ جتنا

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا وَمَا

قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو۔ اس کو معلوم ہے کہ بعضے آدمی تم میں بیمار ہوں گے اور بعضے تلاش معاش کے لئے ملک میں سفر کریں گے اور بعضے اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے (اس لئے بھی اس

تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (٢٠)

حکم کو منسوخ کر دیا) سو (اس لئے بھی تم کو اجازت ہے کہ اب) تم لوگ جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو اور نماز فرض کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو اچھی طرح (یعنی اخلاص

سے) قرض دو اور جو نیک عمل اپنے لئے آگے (ذخیرہ آخرت بنا کر) بھیج دو گے اس کو اللہ کے پاس پہنچ کر اس سے اچھا اور ثواب میں بڑا پاؤ گے۔ اور اللہ سے گناہ معاف کراتے رہو۔ بے شک اللہ غفور رحیم ہے۔

خواص سورۃ مزمل

قارئین مکرم! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ سورۃ مزمل اپنے اندر بے شمار خواص رکھتی ہے یوں تو قرآن پاک کی ایک ایک آیت اور حرف روحانیت کا خزینہ ہے اور پُر تاثیر ہے اس بات کا اقرار کافروں نے بھی کیا۔ ایک مصدقہ رپورٹ کے مطابق جاپان کے مایہ ناز سائنس دان ڈاکٹر مساروں ایموٹو نے انکشاف کیا ہے کہ آبِ زمزم میں ایسی خصوصیات پائی جاتی ہیں جو اس کے سوا دنیا کے کسی پانی میں نہیں۔ انہوں نے نینو نامی ٹیکنالوجی کی مدد سے آبِ زمزم پر متعدد تحقیقات کی۔ جن کی مدد سے معلوم ہوا کہ آبِ زمزم کا ایک قطرہ عام پانی کے 1000 قطروں میں شامل کیا جائے تو عام پانی میں وہی خصوصیات پیدا ہو جاتی ہیں جو آبِ زمزم میں ہیں۔ یہ ڈاکٹر جاپان میں قائم ہیڈو انسٹی ٹیوٹ برائے تحقیق کے سربراہ ہیں اور آج کل سعودیہ کے دورے پر آئے ہوئے ہیں انہوں نے اپنے ایک لیکچر میں کہا کہ جاپان میں انہیں ایک عرب باشندے سے آبِ زمزم ملا جس پر انہوں نے متعدد تحقیقات کی ہیں۔ معلوم ہوا کہ آبِ زمزم کے ایک قطرے کا بلور انفرادیت رکھتا ہے۔ دیگر کسی پانی کے قطرے بلور سے مشابہت نہیں رکھتا۔ انہوں نے لیبارٹری ٹیسٹ کے ذریعے معلوم کیا کہ آبِ زمزم کے خواص کو کسی بھی طرح تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ سائنس قاصر ہے اس کی اصل وجہ جاننے سے زمزم کی ریسائیکلنگ کرنے کے بعد بھی اس کے بلور میں تبدیلی واقع نہیں ہوئی۔ مزید انکشافات کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ مسلمان کھانے پینے اور ہر کام سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے ہیں انہوں نے کہا کہ جس پانی پر بسم اللہ پڑھی جائے اس میں عجیب قسم کی تبدیلی وقوع پذیر ہو جاتی ہے۔ لیبارٹری ٹیسٹ کے ذریعے عام پانی کو خوردبین کے ذریعے دیکھا گیا اور اس پر بسم اللہ پڑھنے کے بعد دیکھا گیا تو اس کے ذرات میں تبدیلی واقعہ ہو گئی تھی۔ بسم اللہ پڑھنے کے بعد پانی کے قطروں میں خوبصورت بلور بن گئے۔ ڈاکٹر نے یہ بھی انکشافات کیا کہ پانی پر قرآن مجید کی آیات پڑھائیں تو اس میں بھی عجیب قسم کا تغیر پیدا ہوتا ہے۔ پانی میں اللہ تعالیٰ نے عجیب قسم کی صلاحیت رکھی ہے پانی میں قوت سماعت احساس یادداشت اور ماحول سے متاثر ہونے کی صلاحیت ہے۔ اس میں مختلف امراض سے علاج کی صلاحیت بھی پیدا ہو سکتی ہے پانی ماحول کے منفی اور مثبت اثرات کو تیزی سے قبول کرتا ہے۔ ڈاکٹر ایموٹو کہتے ہیں کہ کرہ ارض کی تمام مخلوقات خواہ وہ بظاہر جمادات ہی کیوں نہ ہوں ان میں ماحول کا اثر قبول کرنے کی صلاحیت ہے۔ کائنات کا ہر ذرہ شعور رکھتا ہے اور اسی شعور کے نتیجہ میں وہ اپنے خالق کی حمد و ثناء میں مصروف ہے۔ **یُسبح لہ ما فی السموات والارض (القران)** آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے اللہ کی تسبیح کر رہا ہے۔ قارئین کرام جب ایک کافر کے بسم اللہ پڑھنے سے پانی کی تاثیر بدل سکتی ہے تو پھر ہم مسلمان جب پانی پر کلامِ الٰہی پڑھتے ہیں تو کس طرح اُسکی تاثیر میں فرق نہ پڑے۔

قرآن پاک کی ہر آیت اور سورۃ مبارکہ بے شمار روحانی فضائل اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے۔ میرے مشاہدہ میں سورۃ مزمل سے متعلق جو فضائل معجزات رونما ہوئے وقتاً فوقتاً ان میں سے چند ایک قارئین کیلئے پیش کرتا رہتا ہوں بہت سے دوست مختلف سورۃ اور آیت سے متعلق مجھ سے اجازت اور راہنمائی لینا چاہتے ہیں۔ میں معذرت کرتا ہوں کیونکہ ابھی تک میں سورۃ مزمل کی آیات کے فضائل سے باہر نہیں نکل پایا تو دیگر قرآنی آیات و سورۃ کے بارے میں کس طرح اجازت دوں یا راہنمائی کروں۔ قرآن پاک میں بلاشبہ کوئی شک نہیں ہمارے پڑھنے میں یا اعمال میں غلطی ہو سکتی ہے لیکن قرآنی آیات کی حروف تاثیر میں کہیں کوئی شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔ ظاہری بات ہے کہ جو میرے مجربات میں آچکا ہے میں اُسی کی رہنمائی درست انداز میں کر سکتا ہوں۔ اگر کوئی شخص مجھ سے سورۃ یٰسین یا سورۃ رحمٰن یا دیگر کسی بھی سورۃ یا آیت کی اجازت چاہے گا جب ایک کلامِ الٰہی کا وظیفہ یا چلہ کشی میں نے خود نہ کی ہو تو پھر کسی دوست یا مہربان کو میں اُسکی اجازت کس منہ سے دوں۔ **امر بالمعروف ونھی عن المنکر۔**

قارئین کرام! میں ذاتی اعمال سورۃ مزمل کئی بار عرض کر چکا ہوں اور عرصہ 2 سال سے سورۃ مزمل پر کتاب زیر طبع ہے اندازاً اتنا ہی مزید وقت اس کتاب کو مکمل کرنے میں درکار ہوگا۔ **قارئین میں سے کوئی بھی دوست روحانی ہستی یا بزرگ سے منسوب چلہ کشی یا طریقہ ورد سورۃ مزمل اس کتاب میں شائع کروانا چاہے تو جلد ارسال فرمائے تاکہ ارسال کردہ دوست کے نام سے وہ مضمون شائع کیا جائے۔**

افضل نیوز ایجنسی 'یادگار چوک' پشاور 0333-9107027
ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

موجودہ مضمون میں روحانی بزرگوں کا طریقہ ورد یا چلہ کشی سورۃ مزمل قارئین کیلئے پیش کیا جارہا ہے تاکہ جب اس سورۃ مبارکہ سے اتنی بڑی روحانی ہستیوں نے فیض حاصل کیا تو انہی کے طفیل ہم جیسے گنہگار بھی اس سورۃ مبارکہ کی روحانیت سے فیض یاب ہوسکیں۔

ورد قضائے حاجت منسوب حضرت مخدوم جھانیاں جھاں گشت:۔ بعد نماز عشاء تنہا اور محفوظ جگہ پر عروج ماہ قمر بروز سوموار یا شب جمعہ یہ عمل کریں۔ بہتر ہے کہ آغاز عمل سے قبل غسل کریں احرام باندھیں یا پھر ایک تہہ سفید پاک صاف باندھ لیں۔ دو رکعت نماز نفل برائے حاجت اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد 3 بار سورۃ اخلاص پڑھیں بعد سلام بروح پاک ہدیہ کریں۔ دو زانوں بیٹھے ہوئے ٹوپی یا عمامہ اتار کر اپنے سامنے رکھ لیں اول درود پاک پڑھ کر تسلسل سے 41 بار سورۃ مزمل پڑھیں پھر آخر 11 بار درود پاک پڑھ کر دعا ترقی دین کی طلب کریں۔ بعد عجز و انکساری اللہ کے حضور پیش کریں اور اپنی حاجت عرض کر کے اسی جگہ سو جائیں۔ ایک چلہ یہ عمل کریں انشاءاللہ اسی دوران میں حاجت پوری ہوگی۔ (نوٹ) ایام سرما میں صرف ایک پتلی رضائی اوپر اوڑھ سکتے ہیں۔

ورد قضائے حاجت معمول سلسلہ قادریہ:۔ بعد غسل اور وضو 2 رکعت نماز نفل ادا کریں کہ پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد 11 بار سورۃ اخلاص پڑھیں۔ نیت یہ ثواب نبی کریمؐ اور حضرت غوث الثقلین ہدیہ کریں 3 بار کلمہ **یَا غَوثَ اَغِثنِیۡ اَصۡرِنِیۡ فِیۡ قَضَآءِ حَاجَاتِیۡ** 11 بار درود پاک آخر میں پڑھیں۔ 12 بار سورۃ مزمل مع تعوذ و تسمیہ ورد کریں۔ ہر بار ختم کے بعد اپنی حاجت بارگاہ الٰہی میں پیش کریں۔ آخر میں 11 بار درود شریف پڑھیں۔ یہ ایک ختم ہوا اس طرح 11 ختم کریں انشاءاللہ حاجت بر آئیگی۔

ورد کشائش دین و دُنیا:۔ یہ ورد بھی ایک بزرگ کامل کی معرفت موصول ہوا ہے۔ بعد نماز مغرب 2 رکعت نماز نفل ادا کرے ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۃ مزمل پڑھے۔ بعد سلام سجدہ میں جا کر ایک بار پھر سورۃ مبارکہ پڑھے۔ مگر اثناء تلاوت جب لفظ **وَکِیلًا** پر پہنچے تو 7 بار **اِتَّخِذۡہُ وَکِیۡلًا** بعد ختم سورۃ مبارکہ 11 بار درود پاک پڑھیں اور پھر دوبارہ 11 بار سورۃ مبارکہ اس طرح شروع کریں کہ ہر بار **یا ایھا المزمل** کے بعد **صلی اللہ علیہ وسلم** 3 بار کہیں۔ بعد اختتام سورۃ مبارکہ 2000 بار **یا مغنی یا مھیمن** کا ورد کرنے کے بعد اپنی حاجت بارگاہ الٰہی میں پیش کریں۔ ایام کی کوئی قید نہیں جلد ہی حاجت بر آئیگی۔

سورۃ مزمل ہر ماہ ادائیگی زکات اس طرح ہے جو کہ رسالہ تحفہ روحانیات میں شائع کیا جاتا ہے اگر کوئی بھی شخص ہر اسلامی ماہ کے مطابق 1 سال تک سورۃ مزمل کی زکات ادا کردے تو وہ سورۃ مبارکہ کی زکات اکبر ادا کردیگا۔

محرم الحرام طریقہ زکات

طریقہ اول:۔ 3 محرم سے بعد نماز فجر اول آخر درود مزمل 21 بار سورۃ مزمل 21 بار پڑھیں۔ مدت عمل 21 یوم ہے بعد ادائیگی زکات روزانہ 3 بار سورۃ مزمل اول آخر درود مزمل 3 بار پڑھیں۔ بعد ادائیگی زکات کسی بھی مسئلہ کے حل کیلئے خلوت میں باآواز سورۃ مزمل 36 بار پڑھی جائے۔ مدت عمل 3 تا 7 یوم ہے۔ حد مدت عمل 21 یوم ہے۔ دوران عمل گناہ کبیرہ و صغیرہ سے ہر لحاظ سے بچا جائے۔

طریقہ دوئم:۔ 6 محرم کو قبل نماز فجر اول آخر درود شریف 72 بار کے بعد 72 سورۃ مزمل پڑھی جائے اور اس کا ثواب شہیدان کربلا کو پہنچائیں 10 محرم تک اسی طرح پڑھی جائے یہ زکات کا پانچواں دن ہوگا۔ اس عمل کی برکت سے سورۃ مزمل کی روحانیت صاحب عمل کے ساتھ مکمل ایک سال تک رہے گی۔ اگلے سال عمل تجدید کی جائے۔ اس عمل کی برکت سے بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا اور ہر جائز خواہش پوری ہوگی روزانہ مداوت 5 بار کی جائے۔

صفر المظفر طریقہ زکات

طریقہ اول:۔ ماہ صفر میں سورۃ مزمل کی زکات دینا مناسب نہیں سمجھا جاتا کیونکہ حدیث مبارکہ کی رو سے اس ماہ کم و بیش 10 لاکھ بلاؤں کا نزول ہوتا ہے جو کہ کل سال میں نازل ہونے والی بلیات کی تعداد کے برابر ہے۔ اگر دشمن کے جادو کی کاٹ کرنا مقصود ہو تو اس ماہ کا ایک خاص عمل ہے جس میں اول آخر درود شریف اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہ پڑھا جائے بلکہ ابتداء تعوذ اور تکبیر (بسم اللہ اللہ اکبر) سے کی جائے۔ اس کے بعد سورۃ مزمل 7 بار پڑھیں اور سورۃ الفلق اور سورۃ الناس 313 بار پڑھی جائے۔ نیت زکات 1 سال کی رکھیں تو ایسے شخص پر جادو کے اثرات نہ ہونگے اور کسی بھی قسم کے اثرات بد کا فوری خاتمہ ہوگا۔ روزانہ تعوذ کے ہمراہ متذکرہ بالا تینوں صورتیں روزانہ 1 بار پڑھی جائے یہ عمل صفر کے آخری بدھ قبل از نماز فجر کیا جائے۔

Scanned with CamScanner

طریقہ دوئم: ۔روزانہ اول آخر درود شریف گیارہ بار اور ہر آیت کے بعد درود پاک گیارہ بار پڑھا جائے اس طرح گیارہ روز تک سورۃ مزمل گیارہ بار پڑھی جائے۔ان دنوں میں بہتر ہے کہ روزہ رکھ لیے جائیں اور اس سے زیادہ بہتر ہے کہ گوشت کا استعمال نہ کیا جائے۔وقت عمل قبل نماز فجر کا ہے آغاز عمل سے قبل حصار کیا جائے۔اس طرح عمل کرنے سے پانچویں روز مشاہدات شروع ہو جاتے ہیں لیکن ان مشاہدات کا کسی سے ذکر نہ کریں عمل بند کمرے میں کیا جائے۔

ربیع الاول طریقہ زکات

طریقہ اول: ۔چاند نظر آتے ہی دو رکعت نماز استغفار ادا کریں۔اس کے بعد دو رکعت نماز نفل ہدیہ نبی کریمؐ اور پھر آخر میں دو رکعت نماز نفل برائے تصرف کل روحانیت سورۃ مزمل ادا کریں۔اب نوچندا اتوار وقت نماز تہجد 92 بار درود مزمل کا ورد کریں 41 بار سورۃ مزمل پڑھیں یہ ورد 12 ربیع الاول تک روزانہ بوقت تہجد ادا کریں۔چاہے شمار میں جتنے بھی دن آئیں اس زکات میں دنوں کی گنتی کا شمار نہیں بھی تو زکات میں تین دن آجاتے ہیں اور کبھی 7 یا 8 دن بھی مل جاتے ہیں۔بعد ادائیگی زکات کے سورۃ مزمل روزانہ 3 بار اول آخر درود مزمل 3 بار پڑھیں۔

طریقہ دوئم: ۔نوچندا سوموار کے روز قبل نماز فجر درود مزمل اول آخر 92 بار پڑھا جائے اور سورۃ مزمل بھی 92 بار پڑھی جائے ہر نماز کے بعد درود تاج ایک بار پڑھا جائے اور سورۃ مزمل کا ورد بھی ہر نماز کے بعد ایک بار کیا جائے۔عید میلاد النبی کی صبح بوقت پیدائش حضور اکرم تقریباً اذان فجر خاص اہتمام کے پاک صاف کمرے میں سفید چادر بچھائی جائے،خوشبو سے معطر کیا جائے اور درج بالا طریقہ سے درود تاج کے ساتھ سورۃ مزمل پڑھی جائے۔مدت عمل زکات 11 یوم ہے۔

ربیع الثانی طریقہ زکات

طریقہ اول: ۔نوچندی جمعرات کو اذان فجر سے کم از کم ڈیڑھ گھنٹہ قبل اٹھا جائے پہلے وضو پھر غسل کیا جائے اذان سے قبل اول آخر درود شریف اکیس بار پڑھیں اور اکیس بار سورۃ مزمل اس طرح پڑھنا شروع کریں کہ ہر 7 بار پڑھنے کے بعد 7 بار درود شریف پڑھا جائے۔مدت عمل اکیس یوم ہے دوران عمل صرف سفید رنگ کا لباس استعمال کریں جو کہ صرف پڑھائی کے وقت پہنیں اور فجر کی نماز کے بعد اس لباس کو محفوظ کرلیں۔دوران عمل اس لباس کو نہ دھوئیں۔جو درود مزمل اس زکات میں پڑھا جائیگا وہ یہ ہے **الصلوۃ والسلام علیك یا مزمل زملنی۔**

جمادی الاول طریقہ زکات

طریقہ اول: ۔نوچندہ اتوار کو قبل نماز فجر سورۃ مزمل 21 بار ہر 7 بار پڑھنے کے بعد درود تاج 1 بار پڑھا جائے اس زکات کی مدت 21 یوم ہے۔اس کی برکت سے زیارت نبی کریمؐ دوران ادائیگی زکات ہوتی ہے اور جب بھی کوئی مشکل ہو درج بالا طریقہ کے مطابق صرف 7 یوم سورۃ مزمل پڑھی جائے تو مشکل حل ہو جاتی ہے۔مداومت کے عمل 7 بار روزانہ ہے۔دوران عمل ہر سوموار کا روزہ رکھیں بہتر ہے کہ سحری و افطاری میں 7 کھجوروں پر اکتفاء کیا جائے یعنی 7 کھجور سحری میں اور 7 کھجور افطاری میں استعمال کیا جائے اس کے علاوہ پانی پینے کیلئے سنت کا پیالہ استعمال کریں اور کچھ نہیں کھانا پینا۔

طریقہ دوئم: ۔قبل نماز فجر اول آخر درود شریف سات بار پڑھیں اور پھر سورۃ مزمل اس طرح پڑھنا شروع کریں کہ جب اس کی آیت نمبر 5 **انا سنلقی علیك قولا ثقیلا** پر پہنچے تو اس آیت کی تکرار 300 بار کریں مدت عمل 11 یوم ہے۔آخری دن جسم میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے۔خوف اور دہشت طاری ہوتی ہے لیکن یہ سب کچھ وقتی طور پر ہوگا آپ اپنی تعداد پوری کریں اور جب کوئی مسئلہ درپیش ہو صرف 3 بار اس سورۃ کو پڑھیں۔

جمادی الثانی طریقہ زکات

طریقہ اول: ۔نوچندی جمعرات قبل نماز فجر 41 بار سورۃ مزمل پڑھیں اور روزانہ اس تعداد میں ایک کم کرتے جائیں 21 یوم بعد 20 تعداد رہ جائیگی۔آئندہ نوچندی جمعرات اس 20 تعداد کو پھر شروع کریں۔حسب سابقہ ایک تعداد کم کرتے جائیں۔دونوں نوچندی جمعرات کے درمیان کے خالی دنوں میں روزانہ 5 بار سورۃ مزمل بعد نماز فجر پڑھیں۔جب آئندہ ماہ رجب میں 20 تعداد سورۃ مزمل کا چلہ شروع کریں گے تو اس کے آخری دن کے بعد روزانہ بعد نماز فجر 5 بار سورۃ مزمل مع درود مزمل کا ورد رکھیں گے۔اس طرح سورۃ مزمل کی زکات ادا ہو جائیگی کسی بھی پریشانی یا مشکل میں 5 بار سورۃ مزمل پڑھیں یا ہر نماز کے بعد 5 بار سورۃ مزمل پڑھ لیا کریں۔اول و آخر درود مزمل کا ورد لازمی کریں۔اگر ابتدائی اور اختتامی درود مزمل باقاعدگی سے پڑھا جائے تو بہترین نتائج برآمد ہوتے ہیں۔قارئین کو اس عمل اور زکات سورۃ مزمل کی عام اجازت ہے۔اللہ تعالیٰ کسی بھی عمل کی رجعت و پریشانی، مصیبت سے صاحب عمل کو محفوظ رکھے۔

طریقہ دوئم: ۔نوچندا جمعرات یا اتوار کو بوقت تہجد اُٹھیں پہلے وضو پھر غسل اور پھر وضو کریں اس کے بعد نماز تہجد ادا کریں۔ 313 بار کلمہ استغفار ورد ادا کرنے کے بعد 1 تسبیح درود مزمل اور 41 بار سورۃ مزمل پڑھی جائے۔ اس تعداد میں روزانہ 3 عدد کی کمی کرتے جائیں مثلاً پہلے روز 41 دوسرے روز 38 تیسرے روز 35 بار بالترتیب کم کرتے ہوئے 7 روز تک اس کا ورد کریں آخری یوم حسب توفیق شیرینی تقسیم کریں۔ یہی عمل ہر ماہ نوچندے جمعرات یا اتوار کو کیا جائے تو اس سورۃ مبارکہ کی زکات ادا ہوگی۔ فضائل روحانی برکات اور تجلیات اُس شخص پر افشاں ہونگے۔

رجب المرجب طریقہ زکات

طریقہ اول: ۔نوچندا اتوار سے قبل نماز فجر 11 بار درود مزمل پڑھیں 2 رکعت نماز نفل تہجد ادا کریں سورۃ مزمل 11 بار پڑھیں۔ اس کے بعد برائے تسخیر کل روحانیت سورۃ مزمل کی دعا کریں اب دوبارہ پھر 11 بار درود مزمل پڑھیں اور 2 رکعت نماز تہجد ادا کریں اور پھر درج بالا طریقہ سے دعا کریں تیسری بار پھر 11 بار درود مزمل پڑھ کر 2 رکعت نماز تہجد ادا کریں اور پھر تسخیر خلق کل روحانیت کی دعا کریں۔ آخر میں 11 بار درود مزمل اختتامی پڑھیں۔ مدت عمل زکات 11 یوم ہے۔ یاد رہے ماہ رجب ائمہ کرام کی ولادت باسعادت اور شہادت کا مہینہ ہے۔ سورۃ مزمل پڑھ کر یکم رجب امام محمد باقرؑ، 3 رجب شہادت امام علی نقیؑ، 5 رجب ولادت امام علی نقیؑ، 9 رجب ولادت باسعادت علی اصغرؑ، 10 رجب ولادت باسعادت امام محمد تقیؑ 13 رجب ولادت باسعادت مولا علیؑ، 15 رجب شہادت بی بی زینبؑ، 22 رجب نیاز امام جعفر صادقؑ، 25 رجب شہادت امام موسیٰ کاظمؑ ان تمام ایام میں جو کہ ولادت یا شہادت سے منسوب ہیں۔ آئمہ کرام نیاز دینا باعث برکت وراہ نجات ہر غم و مصیبت دُنیا و آخرت ہے۔

طریقہ دوئم: ۔27 رجب المرجب کو شب معراج ہوتی ہے اس ایک رات میں زکات مزمل ادا کی جاسکتی ہے اس رات کی فضیلت دیگر عام راتوں سے کئی افضل ہے۔ سورۃ مزمل کی زکات کی ادائیگی ایک سال کیلئے انوارات اور تجلیات، فیض و برکات حاصل کرنے کی نیت سے 26,27,28 رجب کے روزے کی نیت کرے اور 26 رجب عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل استغفار پڑھیں اور سورہ مزمل 92 بار پڑھیں اول آخر درود مزمل بھی 92 بار پڑھی جائے یہ تعداد ایک ہی نشست میں بغیر بات چیت کیے پوری کی جائے۔ اس کے بعد روزانہ مدامت سورۃ مزمل 11 بار بعد نماز فجر کی جائے۔

طریقہ سوئم: ۔نوچندا جمعرات یا اتوار کو قاعدہ عملیات کو مدنظر رکھتے ہوئے 21 بار درود مزمل اول آخر 21 بار سورۃ مزمل 21 کھجور پر 21 یوم تک پڑھی جائے۔ یوم اول تا آخر صرف 21 دانہ کھجور استعمال ہونگے بعد ادائیگی زکات انہی کھجور پر فاتحہ دیں اور ساتھ دودھ کا ایک گلاس بھی رکھیں بعد فاتحہ ان میں 3 کھجور کھالیں دودھ پی لیں باقی کھجور سنبھال کر رکھ دیں روزانہ 3 بار سورۃ مزمل پڑھ کر اسی طرح فاتحہ دیں اور 3 کھجور کھالے کل 7 یوم فاتحہ کے ہونگے۔ بعد 21 گٹھلیاں کھجور کی رہ جائینگی روزانہ ان گٹھلیوں پر 21 بار درود مزمل پڑھیں اور 3 بار سورۃ مزمل ورد میں رکھیں۔ جو چاہیں جائز حاجت پوری ہوگی۔ مالی تنگ دستی دور ہوگی۔ مشکلات آسان ہونگی۔ بشرطیکہ ہر نوچندا سوموار کو فاتحہ نبی کریم کی روح پُر نور کو ہدیہ کریں۔

شعبان المبارک طریقہ زکات

طریقہ اول: ۔شعبان المبارک رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ ہے اس ماہ میں اللہ کی طرف سے بے شمار تحائف بھیجے گئے ہیں رمضان المبارک آئندہ مہینہ جو کہ رحمتوں اور برکتوں والا ہے اس ماہ میں بھی اللہ تعالیٰ کی جانب سے خصوصی رحمت نازل ہوتی ہے۔ 15 شعبان، شب برات ہے اس رات سورۃ مزمل کی زکات کی ادائیگی نہایت ہی پُر تاثیر ہے شعبان کے نفلی روزے اس ماہ میں رکھنا نہایت ہی روحانی اثرات ظاہر کرتا ہے۔ شعبان المعظم میں سورۃ مزمل کی زکات ادا کرنے کیلئے اس رات کو سورۃ مزمل 117 بار پڑھی جائے نیت ایک سال کی زکات کی ادائیگی کی رکھی جائے۔ اول آخر درود مزمل اسی تعداد میں پڑھیں جس تعداد میں سورۃ مبارکہ پڑھ رہے ہیں۔

رمضان المبارک طریقہ زکات

طریقہ اول: ۔رمضان المبارک کے آغاز سے قبل سورۃ مزمل باترجمہ زبانی یاد کرلی جائے تاکہ دوران وظیفہ آسانی ہو سورۃ مزمل یا دیگر کسی بھی عمل قرآنی زکات کی ادائیگی کیلئے رمضان المبارک بہترین تصور کیا جاتا ہے۔ قبل از وقت سحری وادائیگی نماز تہجد اس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۃ مزمل اس ترتیب سے پڑھی جائے کہ پہلی رکعت میں 6 بار دوسری میں 5 بار پھر 2 رکعت کی دوبارہ نیت کی جائے اس میں پہلی رکعت میں 4 اور دوسری رکعت میں 3 بار سورۃ مزمل پڑھیں۔ اس طرح آخری بار 2 رکعت نفل تہجد ادا کئے جائیں جس میں پہلی رکعت میں 2 اور دوسری رکعت میں 1 بار سورۃ مزمل پڑھی جائے۔ اس طرح کل تعداد 21 بار ہوگی اگر رمضان المبارک نوچندا اتوار سے اس عمل کو شروع کیا جائے اور ہمیشہ اپنے

Scanned with CamScanner

معمولات میں شامل کرلیا جائے تو اس عمل کی برکت سے ہر مخفی قوت مثلاً ہمزاد، جنات، دیو، پری مسخر ہوجاتی ہے۔ اگر رمضان المبارک کے بعد عمل کو جاری نہ رکھ سکتے ہوں تو روزانہ 7 یا 11 بار بعد نماز فجر پڑھنے سے روزگار میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہر طرح کی مشکل و پریشانی ختم ہوجاتی ہے۔ انسان تا حیات کسی دوسرے کا محتاج نہیں رہتا بے انتہا روحانی ترقی کے مدارج طے کرتا ہے۔

طریقہ دوئم: ۔شب قدر میں سورۃ مزمل کی زکات پورا سال کی ادائیگی میں سب سے اہم مانی جاتی ہے۔ شب قدر کی راتوں میں کسی بھی آیت یا سورۃ مبارکہ کی زکات ادا کرنے کی برکت سے تا حیات اس سورۃ یا آیت کا عامل ہوجاتا ہے بشرط ہے کہ آئندہ بھی قواعد عملیات کے مطابق زندگی بسر کرے۔ ایسا نہ ہو کہ ادائیگی زکات کے بعد مداومت چھوڑ دے یا غرور اور تکبر میں جائز و ناجائز کی پہچان نہ رہے۔ شب قدر میں زکات سورۃ مزمل کا طریقہ یوں ہے کہ ہر شخص کے مطابق اتنی ہی تعداد میں درود مزمل اور سورۃ مزمل کا ورد کیا جائے مثلاً 21 ویں شب کو 21 بار درود مزمل + سورۃ مزمل 21 بار + 21 بار درود مزمل پھر پڑھا جائے بالترتیب 29,27,25,23 قاعدہ کے مطابق اضافہ کے ساتھ پڑھتے جائے۔

شوال المکرم طریقہ زکات

طریقہ اول: ۔نوچندا اتوار سے روزہ رکھا جائے اور نوچندا جمعرات سے سورۃ مزمل روزانہ 49 بار 7 یوم تک پڑھی جائے۔ آٹھویں دن سے اس تعداد میں 7 کی کمی کرلیں۔ یعنی 42 بار پڑھیں گے۔ آئندہ مزید 7 روز بار تعداد کم کرکے 35 بار پڑھیں گے۔ مسلسل ہر 7 روز بعد 7 کی تعداد سورۃ مزمل کم کرتے جائیں گے۔ آخری ساتویں ہفتہ صرف 7 بار پڑھنے کی تعداد رہ جائیگی۔ اس کے بعد صاحب ورد سورۃ مزمل کا عامل ہوجائیگا۔ سورۃ مزمل سے متعلقہ تمام اعمال میں مدد لے سکتا ہے۔ بشرط کہ روزانہ سورۃ مزمل قبل نماز فجر 7 بار پڑھی جائے۔ تمام ورد میں درود مزمل اول و آخر 7 بار پڑھا جائیگا۔ دوران وظیفہ بدھ اور جمعرات کا روزہ رکھنا شرط اول ہے۔ تمام آداب وظیفہ کو نظر میں رکھیں رجعت سے بچنے کیلئے ہر وقت کلمہ استغفار کا ورد رکھیں۔ مشاہدات کے بارے میں کسی سے ذکر نہ کریں۔

ذیقعد طریقہ زکات

طریقہ اول: ۔سفید لباس زیب تن کریں اور عطر گلاب سے کمرہ کو معطر کردیں۔ سبز رنگ کی روشنی والا زیرو کا بلب روشن کریں۔ قبل اذان فجر 2 رکعت نماز نفل ادائیگی برائے زکات سورۃ مزمل ادا کی جائے۔ سورۃ مزمل کا ورد 11 بار اس طرح شروع کریں کہ ہر 1 بار پڑھنے کے بعد 14 مرتبہ (الحمد شریف) سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ اول و آخر درود مزمل 14 بار پڑھیں۔ مدت عمل زکات 14 یوم ہے۔ بعد ادائیگی زکات درج بالا طریقہ سے بعد نماز فجر صرف 1 بار پڑھ لیا کریں۔ اس زکات مبارکہ کی برکت سے صاحب عمل کو تا حیات رزق کی کمی نہ ہوگی۔ انشاللہ بیماروں کیلئے بھی شفا حاصل ہوگی۔ صاحب عمل کے پاس روحانی وجسمانی کسی بھی قسم کا مریض آئے تو الحمد شریف مع بسم اللہ اس طرح تحریر کرکے مریض کو پینے کیلئے دیں کہ اول سورۃ مزمل کی 5 آیات تحریر کرے اور پھر الحمد شریف 5 دن تک مریض کو پینے کیلئے دیں گے۔ بحکم باری تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی اگر کسی کو رزق کی تنگی ہو تو درج بالا طریقہ سے سفید کاغذ پر سبز روشنائی یا زعفران کی سیاہی سے تحریر کرکے دیں انشاللہ بے انتہا رزق حاصل ہوگا۔

طریقہ دوئم: ۔قبل اذان فجر آیت الکرسی 21 بار پڑھی جائے اور اس کے بعد سورۃ مزمل 21 بار اول و آخر درود مزمل 21 بار پڑھیں۔ ابتدائے عمل نوچندہ اتوار سے ہو۔ مدت عمل 11 یوم ہو دوران زکات گوشت اور گوشت سے پیدا شدہ تمام اشیاء مثلاً دودھ دہی انڈا شہد مچھلی دیسی گھی وغیرہ کا مکمل پرہیز ہو اس کے علاوہ بھی سلاد پیاز ادرک لہسن سے بھی پرہیز کیا جائے۔ اول تا آخر دن بوقت پڑھائی ایک ہی سفید لباس ہو دوران عمل احرام یا سفید کپڑا ان سلا بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ سورۃ مبارکہ کے اثرات زیادہ قوی ظاہر ہونگے۔ انشاللہ

ذوالحجہ طریقہ زکات

طریقہ اول: ۔ذوالحجہ کا چاند نظر آنے کے بعد دو رکعت نماز استغفار ادا کریں۔ 3 روز تک معمول رکھیں کلمہ استغفار کا ورد زیادہ سے زیادہ کریں اور تسبیح ذوالحجہ باآواز پڑھتے رہیں۔ تیسرے دن قبل نماز فجر سورۃ مزمل 14 بار شروع کریں۔ روزانہ 1 تعداد کا اضافہ کرتے رہیں۔ یہاں تک کہ حج کے دن بعد نماز عصر سورۃ مزمل 21 بار پڑھیں اور دعائے خاص ادائیگی زکات سورۃ مزمل مانگیں۔ اس دن روزہ رکھیں اور افطاری نمکین شے سے کریں۔ دعا طلب کریں کہ باری تعالیٰ سورۃ مزمل کی زکات اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق ادا کی ہے۔ اس سورۃ مبارکہ کے فیوض و برکات آئندہ سال تک جاری فرما۔ مجھ سے جو بھی غلطی، کوتاہی یا گناہ دانستہ یا غیر دانستہ طور پر ہوئے ہیں آج حج کے موقع پر بصدقہ محمدؐ و اہل بیتؑ وجمیع انبیاء المرسلین و اولیاء کرام معاف فرما۔ آئندہ مجھے گناہوں سے بچنے کی توفیق عطا فرما۔ روزانہ سورۃ مزمل 3 بار ورد میں رکھیں اس ادائیگی زکات کے بعد سورۃ مزمل کے روحانی برکات آپ کے ساتھ ہونگے۔ اول و آخر درود مزمل کا ورد ہر بار لازمی رکھیں۔

ادارہ روحانیات
ہاشمی نیوز ایجنسی ' گوردت سنگھ روڈ' کوئٹہ 081-2827239

Scanned with CamScanner

لوح فتح و نصرت
شرف زحل

تحریر:۔
شہزادہ منظور علی سموں
(ٹنڈو محمد خان)

قارئین مزمل روحانی جنتری! دنیا اسباب پر قائم ہے اور اسباب پیدا کرنے کے لیے ہر لحہ ہونے والی مختلف اشیاء کی گردش دھوپ چھاؤں اندھیرا اجالا صبح شام یہ سب تبدیلیاں کن فیکون کی تکمیل ہیں وہ ایک حکم جسے اللہ تعالیٰ نے نافذ کیا اور اس حکم کی تکمیل میں ہم سب جی رہے ہیں کچھ لوگ دنیا میں ایسے بھی بستے ہیں جو ان تبدیلیوں سے ناواقف ہیں اور کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو ان تبدیلیوں کی ہر لحہ تلاش میں رہتے ہیں وقت کی طاقت ایسے عوامل کا وجود پیدا کرتی ہے جسے انسانی آنکھ دیکھنے کا وجود نہیں رکھتی لیکن جنہیں قدرت نے صاحب نظر بنایا ہو تو وہ ان توتوں سے نفع بخش عمل کر کے فیض حاصل کرتے ہیں۔ کواکب کا وجود زمین سے ایک خاص فاصلہ پر رکھنا قدرت کی عظیم سائنس ہے قدرت کے انتظامات پہ اگر نگاہ رکھی جائے تو پریشان رہنے کی وجہ خود بخود ختم ہو جاتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک پریشانی سے نجات حاصل کرنے کے لئے احکامات جاری رکھے ہوئے ہیں لیکن اگر ہم نے خود ہی غفلت کی چادر اوڑھ رکھی ہو تو قصور ہمارا ہی ہے۔

*شرف زحل کا مبارک وقت ہر 29 سال کے بعد حاصل ہوتا ہے عملیات کے شائقین لوگ ایسے مبارک وقت کا بڑی شدت سے انتظار کرتے رہتے ہیں تمام برجوں میں سے صرف برج میزان کو یہ اعزاز حاصل ہے کیونکہ شرف زحل برج میزان کے 21 درجہ پر ہوتا ہے۔

سیارہ زحل برج جدی و دلو سے منسوب ہے جب حالت نحس میں ہوتا ہے تو انسان کو تباہ و برباد کر دیتا ہے۔ مثلاً ساڑھ ستی کا چکر، زحل کا بوقت پیدائش نحس ہونا، زحل کے پایہ کا نحس اثر ہونے کی وجہ سے انسان کی ساری زندگی زہر بن جاتی ہے۔

*ایسے پریشان حضرات و خواتین کے لئے عرصہ 29 سال کے بعد سیارہ زحل شرف کی سعادت لے کر آ رہا ہے۔ صاحب نظر لوگ ضرور استفادہ حاصل کریں گے۔ اور جن پریشان لوگوں نے اس مبارک وقت سے فیض نہیں لیا وہ یقیناً بدقسمت ہونگے وقت گزرنے کے بعد ان کا پچھتاوا بیکار ثابت ہوگا۔

*** منسوبات زحل** ، جائیداد، مکان، زمین، تعمیرات، زراعت، باغ، نحس اکبر، رنگ سیاہ، دن ہفتہ، برج جدی، منقلب، سمت جنوب، طبع خاکی، سرد خشک، رات، مذکر کم عقل، ذائقہ تلخ و ترش، بخور سیعہ سائل، سیسہ، صدقہ، ماش سیاہ، روغن سیاہ

اسماء:۔ یا فتاح یا رزاق۔ نقش 9x9

***اوقات شرف زحل:۔**

ابتداء:۔ 2 اکتوبر 2011ء 2 بجکر 3 منٹ بعد دوپہر

خاتمہ:۔ 20 اکتوبر 2011ء 6 بجکر 42 منٹ شام

*مندرجہ بالا نیک وقت شرف زحل کے دوران ہر نیک کام کر سکتے ہیں۔ مثلاً:۔ لوح فتح و نصرت، نقش، تعویز، طلسم، خاتم، ساڑھ ستی کا خاتمہ، پیدائش نحس اثرات زحل کا خاتمہ موجودہ وقت کے دوران زحل کے پایہ کا نحس اثر کا خاتمہ کرنا، زمین و جائیداد کے متعلق فیض پانا، نجات امراض، عزت و شہرت میں اضافہ، اس کے علاوہ ہزاروں نیک کام کر سکتے ہیں۔

فوائد لوح فتح و نصرت:۔

ہر کام میں ترقی فتح ہوگی۔ مخالفین پر غلبہ ہوگا۔ افسران عزت کریں گے۔ اسٹیٹ ایجنسی کے کام سے فائدہ اسکے علاوہ اوپر دیئے گئے تمام کاموں میں کامیابی ہوگی۔

طریقہ:۔ شرف زحل کے اوقات میں نیک ساعات زحل میں سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے مکمل بخورات زحل سلگا کر لوح فتح و نصرت تیار کریں۔ لوح مبارک کو چال کے مطابق بھرنا ہے اگر چال کے مطابق نہ بھرا تو لوح کا اثر ظاہر نہیں ہوگا۔ محنت طلب لوح ہے ایک ساعت میں صرف ایک لوح ہی بھر سکیں گے اگر ایک ساعت میں لوح مکمل نہ ہو تو اگلی ساعت زحل میں مکمل کر لیں کوئی حرج نہیں۔

نوٹ:۔ مزید معلومات اور دیگر عملیات مجرب کیلئے ستمبر اکتوبر 2011ء کے ماہنامہ تحفہ روحانیات کا مطالعہ کریں۔

لوح فتح و نصرت

۷۸۲

قول — شمکائیل — شمقیائیل

لشاھدین	خیر	وائت	بالحق	قومنا	زلفٰی	وتبنا	الفتح	زدنا
487	260	578	808	455	139	195	66	120
64	118	485	258	576	826	462	137	172
135	170	62	116	492	256	853	804	460
802	458	142	198	69	114	490	254	581
621	579	809	456	140	196	67	112	488
119	486	259	577	807	454	138	173	65
171	63	117	484	257	584	805	461	136
459	134	169	70	115	491	255	582	803

فتطشائیل — لوبیائیل

شرف زحل

سعد یا نحس

تحریر:- ڈاکٹر دلشاد احمد (میاں چنوں)

جن افراد کا برج جدی اور سیارہ زحل ہو وہ ثابت قدم اور مستقل مزاج ہوا کرتے ہیں۔ایسے اشخاص میں محنت اور صبر کا مادہ بہت پایا جاتا ہے۔وہ محنتی اور پرعزم شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔اپنی منزل کو حاصل کرنے کے لئے ہمیشہ جدوجہد کرتے ہیں۔

جدی افراد کاروبار کے بارے میں سوجھ بوجھ رکھتے ہیں۔وہ برے وقت کے لئے بچت بھی کرتے ہیں۔ان کی سوچ بڑی دوررس ہوتی ہے۔وہ وفادار ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔وہ بامقصد زندگی گزارتے ہیں اور مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔جدی افراد کیلئے انجینئر، استاد، سرجن، کاروبار، سیاست دان، فرنیچر سازی، پراپرٹی ڈیلر، سرکاری ملازمت (محکمہ تعلیم)، سائنس دان اور کھیتی باڑی جیسے پیشے موافق رہتے ہیں۔

جدی اشخاص کی زندگی ابتدائی عمر میں طرح طرح کے مسائل کا شکار ہوتی ہے۔زندگی میں عروج وکامیابی وکامرانی کا دور 42 سال کی عمر میں شروع ہوتا ہے۔زندگی میں عمر کا آخری حصہ سکون سے گذرتا ہے۔

جب زحل سعد کی حالت میں ہوتا ہے تو ترقی کا باعث بنتا ہے۔انسان کو کمال تک پہنچا دیتا ہے۔زندگی میں خوشیوں کا سیلاب آجاتا ہے۔ ملازمت اور کاروباری ترقی ہوتی ہے۔بگڑے کام سنور جاتے ہیں۔ مسائل کا حل نکلنے لگتا ہے۔امراض سے جان چھوٹ جاتی ہے۔انسان خود کو پرسکون محسوس کرتا ہے جب زحل زندگی میں نحس حالت میں آتا ہے تو طرح طرح کی پریشانیاں لاتا ہے۔زحل کی نحوست یا ساڑھ ستی انسان کو مقام عبرت بنادیتی ہے۔پریشانیاں انسان کو گھیر لیتی ہیں۔انسان مقام عبرت بن جاتا ہے۔کاروبار میں رکاوٹ آجاتی ہے۔انسان کو ہر طرف پریشانی ہی پریشانی آتی ہے۔شرف زحل 29 سال بعد آرہا ہے جدی افراد اس سنہری وقت سے فائدہ اٹھائیں اور لوح شرف زحل بنوا کر کامیاب زندگی بسر کریں۔لوح شرف زحل پاس رکھنے سے زحل کی نحوست سے نجات ملتی ہے۔پریشانی اور دکھ درد مٹ جاتا ہے۔شرف زحل 12 اکتوبر تا 21 اکتوبر 2011ء آرہا ہے۔اس سعد ترین وقت سے فائدہ اٹھائیں ورنہ آئندہ 29 سال پھر انتظار میں گذریں گے۔اس لئے عوام الناس سے گذارش ہے کہ شرف زحل میں لوح بنوا کر پاس رکھیں اور زحل کی ساڑھ ستی سے نجات پائیں۔

شرف زحل کیلئے عامل حضرات اور عوام الناس مدتوں انتظار کرتے ہیں۔مقدر والوں کو ہی شرف زحل کا سعد وقت نصیب ہوتا ہے۔اس لئے اس سعد وقت کو ہرگز ضائع نہ کریں اور اپنی پریشانیوں سے چھٹکارہ پانے کیلئے لوح شرف زحل ضرور بنوائیں۔جن افراد کی پیدائش مدت 22 دسمبر تا 20 فروری کے دوران ہو انکا برج جدی یا دلو اور سیارہ زحل ہوتا ہے۔جن افراد کا ذاتی عدد 8 ہو تو وہ بھی زحل کے زیر اثر ہوتے ہیں کیونکہ زحل کا عدد 8 ہے۔8 عدد کا تعلق سیارہ زحل سے ہوتا ہے۔

***اوقات شرف زحل:-**

ابتداء:- 12 اکتوبر 2011ء 2 بجکر 3 منٹ بعد دوپہر

خاتمہ:- 20 اکتوبر 2011ء 6 بجکر 42 منٹ شام

نوٹ:- مزید معلومات اور دیگر مجرب عملیات کیلئے ستمبر اکتوبر 2011ء کے ماہنامہ تحفہ روحانیات کا مطالعہ ضرور کریں۔

مقامات کواکب

سیارہ	شرف	ہبوط	اوج	حضیض
شمس	حمل	میزان	سرطان	جدی
	19 درجہ	19 درجہ	20 درجہ	20 درجہ
قمر	ثور	عقرب	سنبلہ	حوت
	03 درجہ	03 درجہ		
مریخ	جدی	سرطان	اسد	دلو
	28 درجہ	28 درجہ	19 درجہ	19 درجہ
عطارد	سنبلہ	حوت	عقرب	ثور
	15 درجہ	15 درجہ	05 درجہ	05 درجہ
مشتری	سرطان	جدی	میزان	حمل
	15 درجہ	15 درجہ	02 درجہ	02 درجہ
زہرہ	حوت	سنبلہ	جوزا	قوس
	27 درجہ	27 درجہ	22 درجہ	22 درجہ
زحل	میزان	حمل	قوس	جوزا
	21 درجہ	21 درجہ	13 درجہ	13 درجہ

ماروی بکسٹال، ٹنڈو آدم
افضل بک ڈپو، جلال پور جٹاں، گجرات
ادارہ روحانیات

ابجد کربلائی

تحریر:۔ ایم اے کربلائی (اسلام آباد)

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یُلقِی الرُّوحَ مِن اَمرِہٖ عَلیٰ مَن یَّشَآءُ مِن عِبَادِہٖ

(ترجمہ) اُتارتا ہے بھید کی بات اپنے حکم سے جس پر چاہے اپنے بندوں میں۔

بعد از سلام عرض ہے کہ ماہر روحانیات جناب محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی فرمائش پر کافی عرصہ بعد دوبارہ قلم اُٹھایا ہے۔ یاد پڑتا ہے کہ فقیر نے جہاں فرمائش پر علوم روحانیہ سے پردہ اُٹھایا وہاں اپنے سینہ کے راز بھی قارئین کی نذر کئے۔ 2009ء میں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی فرمائش پر فقیر نے اپنے سینے کا راز **اسم اُم موسی** شائع کیا۔ مجھے اس پر بڑی مایوسی جب لوگوں نے فون پر مجھے کہا کہ حضرت یہ اسم آپ ہی بتا دیں۔ اللہ کے راز اس طرح تو نہیں بتائے جاتے۔ خیر جب جفر جاننے والے جفری اشاروں کو نہ سمجھ سکیں تو عام آدمی کا تو اللہ ہی حافظ ہے۔ اس مضمون میں صرف ایک امر وضاحت طلب تھا اور وہ تھا ابجد کربلائی۔ جفر کے عاملین نے سینکڑوں اباجد مرتب کی ہیں جبکہ چار اباجد کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ ان کی ترتیب خالص قرآنی ہے۔ ان ہی میں سے ایک ترتیب کا نام ابجد کربلائی ہے۔ ابجد کربلائی کے حروف کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس میں **اسم اُم موسی** مستقیم حالت میں موجود ہے۔ ابجد کربلائی بنیاد ہے اور اس کو ترتیب دے کر دیگر تین اباجد بنتی ہیں اگر کوئی اس راز کو جان سکے تو اسکو دیگر فوائد کے علاوہ **اسم ام موسی** بھی حاصل ہو۔ قارئین کی آسانی کے لئے ہم ابجد چہارم حروف متحد لکھے دیتے ہیں۔

م ث ح د ا ر
ن س ز و ل ع
ی ہ ک ذ ب غ ت
ش ف ط ق ج ظ
ض خ ص

یاد رکھو اگر کوئی ان حروف کا راز جان سکے تو اس کے ہاتھ میں ولایت کی کنجیاں آجائیں جو چاہے کام لے سکے جنات اس سے خوف کھائیں۔ بیماروں کو شفا ہو غرض تمام قسم کے کام ان حروف سے لئے جا سکتے ہیں۔ ان حروف کی زکات ادا کرنے کی بھی ضرورت نہیں بس ماخذ کی زکات ادا کی جاتی ہے اس سے زیادہ بتانا ہمارے بس سے باہر ہے۔

اب ہم ابجد کربلائی سے بنائے گئے طلسم اور تعویزات کا ذکر کرتے ہیں۔ اگر کوئی دشمن آپ کی جان کے درپے ہو تو یہ تعویز اوقات نحس میں کالے کپڑے پر قلفی کے پانی سے لکھیں اور اس کے گھر کے باہر دفن کر دیں۔ باقی کام حسب دستور عملیات مدنظر رکھیں دشمن ہلاک شد

ب ا ب م م
م م ب ا ب
ا ب ب م م
م م ب ب ا

نام مع دشمن

ہر طرح کے نحس اعمال نظر بد جادو ہمہ قسم سے بچاؤ کیلئے درج ذیل نقش بنا کے الٹے بازو پر باندھیں نقش لکھنے کیلئے اوقات سعد استعمال کریں۔

ث د د د س
ب ت ل ت ج
ث د د د س
ب ت ا ت ج

یاد رکھا جائے کہ اعمال کو عاملین اس لئے عام نہیں کرتے یا ان میں کوئی رمز پوشیدہ نہیں رکھی جاتی کہ ہر کوئی ان کو استعمال نہ کر سکے۔ خاص کر پاکستان میں تو لوگ اس قدر جذباتی ہیں کہ ذرا سی بات بری لگی اور دوسرے کی جان کے دشمن ہو گئے۔ دیکھو بندوق کا کام گولی چلانا ہے اگر نشانہ درست ہو تو آدمی مر جائے گا۔ اس طرح بعض عملیات اسقدر سریع التاثیر ہوتے ہیں کہ ان کا اثر چند گھنٹوں میں ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اعمال کے درست اوقات اہل علم نہیں بتاتے ہی نہیں جیسا کہ میں نے کہا کہ نقش نمبر اول نحس اوقات میں لکھیں تو صرف اہل علم کو ہی پتہ ہوگا کہ ہلاکت کا نحس وقت کون سا ہے۔ اس طرح بہت سے لوازمات ضروری ہیں۔ زندگی رہی تو کسی اور نشست میں دیگر اعمال و فوائد ابجد ہذا بیان کروں گا۔

(وما علینا الا البلاغ المبین)

ادارہ روحانیات

عمران اسٹیشنری مارٹ، لالہ موسیٰ

Scanned with CamScanner

آیت انعام

تحریر:۔ میاں جاوید اقبال (نارووال)

قارئین کرام مزمل روحانی جنتری! سال 2010 میں تباہی و بربادی کے جو مناظر دیکھنے کو ملے تاریخ میں اس کی کوئی مثال نہیں ہے۔ سال کے بہترین سیلاب میں تقریباً 1800 انسانی جانوں کا ضیاع اور لاکھوں کی تعداد میں جانوروں کی اموات جو کہ مالی نقصان کے طور پر سامنے آئیں۔ لاکھوں مکانات پانی کی نذر ہو گئے۔ کروڑوں افراد اس طوفان نوح سے متاثر ہوئے۔ یہاں تک کہ لوگوں کی فصلیں بھی تباہ ہو گئی اور جن لوگوں کے مکانات تھے وہ بھی راستہ نہ ہونے کی وجہ سے تمام اشیاء ضائع کر بیٹھے ابھی تک لوگ نام نہاد کیمپوں میں مدد کی آس لگائے بیٹھے ہیں کہ شاید ان کو مکانات کی صورت میں کوئی آسرا اور سہارا مل سکے۔ لیکن ان بربادیوں اور عیاشیوں کے درمیان فرق واضح نظر آیا۔ کچھ ہمارے سیاستدانوں اور حکومتی شخصیات کی وجہ سے امداد لینے میں کافی مشکلات درپیش رہیں اور قابل ذکر امداد کا اعلان صرف فوٹو سیشن تک ہی نظر آیا۔

قارئین کرام! سابقہ سال کی طرف نظر دوڑائیں تو پوری دنیا میں سب سے زیادہ جانی و مالی نقصان صرف اور صرف پاکستان کا ہی نظر آیا۔ ایک طرف ڈرون حملے، ہنزہ جھیل میں سیلاب بعدازاں رمضان المبارک جیسے مبارک ماہ میں خودکش حملوں سے جانی و مالی نقصان اس کے بعد تاریخ کے بدترین سیلاب ان لوگوں کی کمر توڑ کر رکھ دی۔

قارئین مزمل جنتری! یہ سارا معاملہ پاکستانیوں کے ساتھ ہی کیوں؟ کونسی وجوہات ہیں جن کی بنا پر سارا پاکستان زیر عتاب رہا؟ کیا یہ علاقے عبادات سے کم ہیں اگر جائزہ لیا جائے پاکستان کے شمال سے جنوب کی طرف طولاً ایک خاص پٹی پر سیلاب نے طوفان برپا کرتے ہوئے کروڑوں لوگوں کو بے سہارا اور بے آسرا کر دیا۔ اگر لوگوں کا نقصان دیکھا جائے تو کھربوں تک پہنچ جاتا ہے۔ اب یہ نقصان آہستہ آہستہ پورا ہوگا۔ اس کیلئے پہلے آپ کو پورے اعتقاد کے ساتھ حضرت یوسفؑ کی دعا کی روحانیات سے کام لینا ہوگا۔ کیونکہ یہ اپنی تاثیر دکھانے میں انتہائی سریع التاثیر ہے۔ سب سے پہلے اپنے دل کو ہر قسم کے عیبوں سے پاک کر کے نماز پنجگانہ ادا کرنے کو اپنا معمول بنائیں۔ بعدازاں سورۃ نور کی آیت (۳۲)

یُغنِیَمُ اللّٰہُ مِن فَضلِہٖ (سورہ نور آیت ۳۲)

ترجمہ:۔ اے اللہ مجھے اپنے فضل سے غنی کر دے۔

یہ قرآن پاک کی آیت مبارکہ حضرت یوسفؑ سے منسوب ہے اور اس کو حضرت یوسفؑ کی دعا بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے اعداد قمری 2186 ہیں اور اگر اسکی ذوالکتابت الواح تیار کر کے اس پر ہر جمعرات کو 2186 مرتبہ یہ آیت مبارکہ کا ورد کیا جائے تو وہ ذات اس انسان کی ہر جائز ضرورت سے کہیں بڑھ کر نوازتی ہے

آیت مبارکہ کے مثالی الواح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

فضلہٖ	اللہ منَ	یغُنیمُ
162	1112	912
109	918	159

میکائیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

فضلہٖ	اللہ منَ	یغُنیمُ
قاسم ھو	حسبنا اللہ ونعم الوکیل متکبر	ذوالجلال کالی
عالی حفیظ	موخر باسط	کفیل واحد

میکائیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

1118	909	159
فضلہٖ	اللہ منَ	یغُنیمُ
153	1121	912

میکائیل

علی کتاب گھر، جلال پور جٹاں، گجرات
ادارہ روحانیات



بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

کفیل واحد	متین تواب	حی مغنی
یُغنیمُ	اللہ منَ	فضلہ
ذوالجلال کالی	مغنی علی ھو	کفیل احد

عزرائیل — اسرافیل — کھیعص — حمعسق

میکائیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

یُغنیمُ	اللہ	منَ	فضلہ
91	914	116	65
913	88	68	117
67	118	912	89

عزرائیل — اسرافیل — کھیعص — حمعسق

میکائیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

یُغنیمُ	اللہ	منَ	فضلہ
مالک	رشید مغنی	کریم موخر	دیان
مکرم اکرم	حلیم	حکیم	ظاہر ھو
محیط	مغنی حیی	کالی ذوالجلال	حاکم ودود

عزرائیل — اسرافیل — کھیعص — حمعسق

میکائیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

یُغنیمُ	89	916	اللہ
917	65	116	88
64	914	91	117
منَ	118	63	فضلہ

عزرائیل — اسرافیل — کھیعص — حمعسق

میکائیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

یُغنیمُ	حاکم ہادی	ثابت احد	اللہ
ثابت وہاب	ولی احد	کریم موخر	حلیم
ولی حی	رشید منشی	مالک	ظاہر ھو
منَ	حی مغنی	کالی ذوالجلال	فضلہ

عزرائیل — اسرافیل — کھیعص — حمعسق

میکائیل

قارئین مزمل روحانی جنتری! اگر ان الواح میں سے کسی لوح کی سمجھ نہ آئے تو ادارہ سے یا مجھ سے خط کے ذریعے معلوم کر سکتے ہیں۔

قارئین کرام! اللہ تعالیٰ نے جو مسبب الاسباب ہے اس عالم سفلی کو عالم الباب قرار دیا ہے۔ جب تک کوئی کام نہ کریں گے۔ تو اس سے وابستہ مال منافع نہیں ملے گا یعنی جب تک کوئی حیلہ نہ ہوگا وسیلہ بھی نہ ہوگا۔ اس میں سے جو بھی آپ کو پسند ہو اس لوح کا انتخاب تمام کی تمام الواح ایک ہی آیت مبارکہ کی ہے۔

بروز جمعرات ساعت مشتری میں کسی چاندی کی پلیٹ پر اتار لیں اور اس پر **2186** مرتبہ آیت مبارکہ کا ورد کریں اگر ہر جمعرات کو آیت مبارکہ دم کرنے کا وطیرہ بنا لیں تو اس ذات باری تعالیٰ کی تمام نعمتیں آپ کیلئے منتظر ہوگی کسی چیز کی کمی نہ ہوگی۔ اس لوح مبارکہ کی برکت سے حامل لوح جس کی گردن میں یہ لوح ہوگی دنیا میں خوش وخرم رہے گا۔ مال و دولت کثیر پائے گا۔ کاروبار میں دن رات ترقی ہوگی سامان عیش و عشرت کی فراوانی ہوگی، روزی سے بے حد نفع ہوگا۔ مال و دولت مختلف حیلوں بہانے سے آئے گا۔ انعامات کی سکیموں میں حصہ لیں تو زائد آمدن کے لئے قسمت کھل جائے گی۔ لوح کی برکت سے قسمت کے دروازے کھل جائیں گے ہر قسم کی خواہشات پوری ہوگی۔ بدقسمتی اور غربت کا خاتمہ ہوگا۔ اس تھوڑے لکھے کو بہت سمجھیں کیونکہ اس لوح مبارکہ سے ہزاروں کام سنور جاتے ہیں۔ بے شمار پریشانیوں کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ روٹھے ہوئے مان جاتے ہیں۔ مال و دولت تو ایک طرف عزت و شہرت میں بے پناہ اضافہ ہوجاتا ہے۔

ادارہ روحانیات
سید احمد شاہ نیوز ایجنٹ، مین بازار، علی پور چٹھہ

روح قرآنی

تحریر:۔ ڈاکٹر مسز میجر کاظمی (راولپنڈی)

دفع امراض اور سورۃ نحل

شوگر، گیس کی بیماری، امراض خون، امراض قلب، نفسیاتی اعصابی بیماری سے بچنے کے لئے نسخہ ونقش بجلی کی تیزی کی طرح کام کرے گا۔

آب مصری، عمدہ شہد لیں۔ دال سفید، پیلاں مول سبز الائچی لیں۔ تخم نیم عمدہ حاصل کریں۔ اس پر باوضو طالع حمل میں ساعت شمس میں دن پیر کا ہو بخور ہلدی کا جلا کر نقش کو پوست آہو یا کاغذ زعفران پر لکھیں اور پڑھائی بھی ساعت شمس میں آیت نمبر 68,69 **واوحی ربک یتفکرون** 408 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ سفید دال شوگر والے صبح وشام، بلڈ پریشر والے پیلاں مول سبز الائچی 3 ماشہ اور خرابی خون والے تخم نیم 15 دانے کوٹ کر روزانہ کھالیا کریں۔

اس کا نقش وسوسہ شیطانی۔ بیماری، تباہی سے بچائے گا۔ اور اسی سورۃ کی آیت بیمار پر دم کر دیا کریں۔ آخری آیت ہے۔ **ان اللہ مع الذین اتقووالذین ھم محسنون** کو 200 مرتبہ دم کر دیا کریں۔ کل گیارہ دن کا عمل ہے۔ زکواۃ ضرور ادا کریں۔ نقش کی اضلاع **بسم اللہ الرحمن الرحیم** سے بنائیں موکلات لکھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

173395	173400	173393
173394	173396	173398
173399	173392	173397

عزرائیل — اسرافیل — حمعسق — کھیعص

میکائیل

سورۃ تحریم اور ہیروئن شراب، بدکرداری

جو لوگ کسی بھی نشہ یا بدکرداری' زنا' لواطت میں مبتلا ہوں اس عمل کو کریں اور زندگیوں کو آسان بنالیں۔ نقش زکواۃ کے بغیر مزہ نہ دیں گے۔ زکواۃ ضرور ادا کریں۔ حروف تہجی کی اگر ایک بار زکواۃ دے دی جائے تو پھر کسی زکواۃ کی ضرورت نہیں رہتی۔ دیگر صورت کام تو ہوگا لیکن مدت لمبی درکار ہوگی۔ اس سورۃ کی آیت 8 کا جز ہے۔

یوم لاتجزی سے **شئی قدیرہ** تک روزانہ روزہ رکھ کر 14 دن مسلسل پڑھنا ہوگا نماز فجر کے بعد 50 مرتبہ اور بعد عصر 650 مرتبہ توجہ یکسوئی کے ساتھ تمام شرائط جلالی وجمالی کے ساتھ اور دعا مانگیں۔ اور یہ نقش مریض کو پہنا دیں۔ تمام بری خصلت سے رب العزت نجات دے گا۔

یہی نقش اور بہت سے مسائل کا حل بھی ہے یعنی مقروض، پریشانی، مرگی نا اتفاقی وغیرہ کے لئے بھی کام دے گا۔ نقش طالع عقرب میں ساعت قمر میں لکھیں کالی سیاہی سے لوبان کا بخور دیں اور کالی چیزوں کا صدقہ ضرور دیں۔ چھ کلو چینی حشرات کو ضرور ڈال دیں۔ ایسے لوگوں سے گزارش ہے کہ اپنے گھر کو سنبھالیں گھر کی عورتوں مردوں بچوں کی اصلاح پر توجہ دیں۔ زبانی کلامی نہیں بلکہ حقیقتاً شریعت پر عمل کریں کہ آپکے گھروں کو شیطان اور پریشانی سے بچایا جاسکے۔ نقش کو **احد رسص طعلت لموہ** سے مکمل کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

16410	16415	16407
16408	16411	16413
16414	16406	16412

عزرائیل — اسرافیل — حمعسق — کھیعص

میکائیل

نوٹ

قارئین کرام! جنتری ہذا میں جتنے بھی نقوش کے کونے میں ہندسے لکھے جاتے ہیں وہ نقوش کی چال کہلاتے ہیں، نقش تحریر کرتے وقت یہ ہندسے نقش کے اندر نہ تحریر کریں۔ **(ادارہ)**

نوادرات قرآنی

تحریر:۔ خضر عباس پیاسی (راجن پور)

1:۔ ایک ہفتہ میں ختم قران کی ترتیب کتاب ادعیہ وادوایہ ج ۳ ص ۸۶ پر درج ہوئی ہے۔ ہر قسم کی مشکل کے حل کے لئے ایک ہفتہ میں یوں ختم کریں۔

بروز جمعہ　سورۃ فاتحہ سے سورہ مائدہ تک پڑھیں۔
بروز ہفتہ　سورہ انعام سے سورہ توبہ تک پڑھیں۔
بروز اتوار　سورہ یونس سے سورہ مریم تک پڑھیں۔
بروز پیر　سورہ طٰہٰ سے سورہ قصص تک پڑھیں۔
بروز منگل　سورہ عنکبوت سے سورہ ص تک پڑھیں۔
بروز بدھ　سورہ زمر سے سورہ رحمٰن تک پڑھیں۔
بروز جمعرات　سورہ واقعہ سے آخر قرآن تک تلاوت کریں۔

۲۴ گھنٹوں میں مذکورہ تلاوت قبلہ رخ باوضو تمام کرنی ہے۔ جمعرات کو جب قرآن ختم ہوجائے تو تین سجدے کرنے ہیں۔ پہلے سجدے میں ایک مرتبہ، دوسرے سجدے میں دو مرتبہ اور تیسرے سجدے میں تین مرتبہ کہیں۔

سبوح قدوس رب الملائکتہ والروح:۔

بمع آیت الکرسی۔ اس کے بعد حاجت طلب کریں انشاء اللہ ہر حاجت دنیا وآخرت پوری ہوگی بشرطیکہ وہ شرعی ہو۔

2:۔ کوئی شخص باوضو ہوکر قبلہ رخ ہوکر ۲۵۰۰ مرتبہ لفظ اللہ کا ورد کرے تو ہر حاجت پوری ہوگی۔

3:۔ ۱۲۰۰۰ مرتبہ بسم اللہ پڑھنے والے اگر دو رکعت نماز حاجت اس ذکر بسملہ کے بعد پڑھیں تو ہر شرعی حاجت پوری ہوجائے گی۔

4:۔ کتاب منتخب الختومات میں درج ہے کہ جو شخص بسم اللہ سے متعلقہ ۱۵ جملے پڑھ کر سوجائے تو حضور اکرمؐ کی زیارت کرے گا۔ یہ جملے ادارہ سے جوابی لفافہ ارسال کرکے منگوالیں۔

ہر مرض سے شفایابی:۔

رزق کی فراوانی، مشکلات کے حل کیلئے ستر مرتبہ سورہ فاتحہ بے حد مجرب ہے۔ حضور اکرمؐ بیماری سے شفا کے لئے فاتحہ اور معوذتین پڑھ کر دست مبارک ریش اطہر پر پھیرتے تھے آشوب چشم، دردسر، ہر قسم کے بخار کیلئے مجرب ہے۔ جو شخص پہلی چاند کے رات ایک ہزار مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اس کے بعد سورہ مائدہ کی آیت نمبر ۱۱۴، سورہ طلاق کی آیت نمبر دو اور تین کو اکیس مرتبہ پڑھے پھر دس مرتبہ **یا رزاق، یا فتاح، یا غنی، یا مغنی، یا باسط**

پڑھے پھر دس مرتبہ یا رزاق، یا فتاح، یا غنی، یا مغنی، یا باسط پڑھے تو اس کے رزق ومال میں برکت ہوجائے گی۔ جمعہ سے شروع کرکے کوئی شخص اکتالیس دن تک اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے پھر تیرہ مرتبہ دعائے مقنع پڑھے تو ہر حاجت پوری ہوگی۔

۵:۔ اگر کوئی روزانہ ۱۰۰ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے فجر کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ، ظہر کے بعد ۲۲ مرتبہ، عصر کے ۲۳ مرتبہ، مغرب کے بعد ۲۴ مرتبہ، نماز عشاء کے بعد ۱۰ مرتبہ یہ عمل جمعرات سے شروع کریں ایک سے دو ہفتہ میں حاجت پوری ہوجائے گی۔

۶:۔ ۴۱ مرتبہ آیت الکرسی غروب سے پہلے پڑھیں ہر حاجت شرعی پوری ہوجائے گی۔ سونے سے پہلے آیت الکرسی پڑھنے سے بدخوابی سے حفاظت ہوتی ہے۔ نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنے سے انسان ہر شرو آفت سے محفوظ رہتا ہے۔

۷:۔ ادائے قرض کیلئے نبی کریمؐ نے فرمایا اے معاذ بن جبل آل عمران کی آیت نمبر ۲۶ اور ۲۷ پڑھو۔

۸:۔ کتاب تحفۃ الرضویہ میں ص ۴۵ پر لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص سات دن تک گوشت نہ کھائے اور خلوت میں بیٹھ کر سورہ نساء کی آیت ۱۲۳ اور ۱۲۴ کو ۲۷ مرتبہ پڑھے تو خواب میں ایک نورانی بزرگ اس کی مشکل کا حل بتائیں گے۔

۹:۔ فجر کی نماز کے بعد دس مرتبہ ہاتھ دعا کیلئے بلند کرکے سورہ مائدہ کی آیت ۱۱۴ کی تلاوت سے رزق کے بند دروازے کھل جاتے ہیں اور قرض ادا ہوتا ہے۔

۱۰:۔ سورہ انعام میں ستر مرتبہ اللہ کا ذکر ہے اگر کوئی شخص ۴ رکعت نماز دو دو کرکے پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ انعام پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ انعام پڑھے ہر رکعت میں انعام کے بعد یا کریم والی دعا پڑھے تو ابوالبصیر سے امام جعفر صادقؑ نے کہا مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے تمام حاجت ایسے نمازی کی پوری ہوں گی۔

۱۱:۔ برکت رزق کیلئے بعد از جمعہ آیت سورہ مائدہ پڑھیں تو رزق بڑھتا ہے۔

۱۲:۔ زندان سے نجات پانے کے لئے سات مرتبہ سورہ انفال کی تلاوت مجرب ہے۔

محمدیہ کتب خانہ، عیدگاہ روڈ۔ لیہ
ادارہ روحانیات

۱۳:۔سورہ توبہ کی آیت ۱۲۹ کو ستر مرتبہ پڑھا جائے تو ہر حاجت شرعی پوری ہوگی۔اسے حضرت ابوذرؓ نے نبی پاک سے نقل فرمایا ہے۔

۱۴:۔سورہ یونس کو پڑھنے والا جاہلوں میں شمار نہ ہوگا۔

۱۵:۔۱۳ امرتبہ سورہ ہود کی تلاوت کرنے والا ہر مشکل سے نکل آتا ہے۔

۱۶:۔سورۂ رعد کی آیت ۳۹ سورہ فاطر کی آیت ا۔لاعلاج امراض جذام وبرص کا علاج ہے ان دو آیات کو لکھ کر مریض اور اس کے والد کا نام نیچے درج کر کے تحریر مریض کو پہنائی جائے شفایاب ہوگا

۱۷:۔جو بے گناہ قیدی ہو سورہ یوسف کی آیت نمبر ۹۹ اور ۱۰۰ لکھ کر پاس رکھے اور روزانہ پڑھے اللہ آزاد فرمائے گا جس طرح حضرت یوسفؑ کو رہائی ملی۔

۱۸:۔سورہ فاطر کی آیت ۳۰ کو مقطعات کی شکل میں لکھ کر خاتون کے پہلو میں باندھے تو اولاد نصیب ہوگی۔

۱۹:۔سورہ حجر کی آیت نمبر ۹ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے ہر حاجت پوری ہوگی۔

۲۰:۔دفع شراعداء کیلئے سورہ حجر کی آیت نمبر ۹۵ بارہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔

۲۱:۔اکیس بار سورہ نحل پڑھیں تو شر دشمنان سے حفاظت ہوگی۔

۲۲:۔سات مرتبہ بنی اسرائیل پڑھنے سے حوائج شرعی پوری ہوتی ہیں۔

۲۳:۔سورہ کہف کی آیت ۷۲ دردپاء کیلئے مجرب ہے۔سات مرتبہ پڑھنی ہوتی ہے۔

۲۴:۔سورہ کہف کی آخری آیت پڑھے تو وقت پر نیند سے بیدار ہوجاتا ہے۔

۲۵:۔جو قلہ کو ۷۰ مرتبہ پڑھنے سے ہر بلا دور ہوجاتی ہے۔

۲۶:۔جو شخص ایک ہزار مرتبہ ماشاءاللہ کا ورد کرے تو اسے حج نصیب ہو۔

۲۷:۔سات مرتبہ سورہ مریم کی تلاوت ہر مرض سے شفا اور فکر سے غنا کیلئے مجرب ہے۔

۲۸:۔دل کے امراض کیلئے سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر ۲۵،۲۶ پڑھے شفا ہوگی، پانی پر دم کر کے پئیں درد سینہ جاتا رہے گا۔

۲۹:۔جو سورہ انبیاء کی آیت نمبر ۸۷ کو چالیس دن تک ۱۰۰۰ امرتبہ پڑھے حالات کی پریشانیوں سے ایسے نکل آئے گا جیسے حضرت یونسؑ شکم ماہی سے نکل آئے تھے۔

۳۰:۔سورہ انبیاء کی آیت ۸۹ اولاد کیلئے مجرب ہے۔

۳۱:۔سورہ انبیاء کی آیت ۸۷،۸۸ امراض قلب ومعدہ کیلئے مجرب عمل ہے۔ان آیات کے بعد سات مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھنی ہے۔

۳۲:۔سورہ حج کی ۸ آیات نبی کریمؐ کے فرمان کے مطابق آٹھ خزانے ہیں۔ان میں اسم اعظم،حروف کی تعداد ۱۲۴ ہے۔انبیاء ایک لاکھ چوبیس ہزار ہیں ان آیتوں میں اللہ کے ۴۰ نام ہیں۔آیت ۵۸ سے لے کر ۶۵ تک تلاوت کرنے سے انبیاء کی ارواح سفارش کرتی ہیں۔

۳۳:۔سورہ مومنون پڑھنے والے کے موت کے قریب فرشتے بشارت جنت دیتے ہیں۔سورۂ مومنون کی آیت ۱۱۵ سے ۱۱۸ تک درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں تو درد جاتا رہتا ہے۔

۳۴:۔آنکھوں کی بینائی کیلئے سورہ نور کی آیت ۳۵ پڑھیں۔یہ آیت پڑھ کر دم کر کے آنکھوں کو پانی سے دھویا جائے نور بصر میں اضافہ ہوگا۔

۳۵:۔شادی کے خواہش مند سورۂ فرقان کی آیت ۷۴ اکیس مرتبہ سوتے وقت پڑھ کر سوئیں تو جلد رشتہ آئے گا یہ عمل والدین اپنی اولاد کے لئے بھی کر سکتے ہیں۔

۳۶:۔شعراء،نمل وقصص پڑھنے والے کے نامہ اعمال میں انبیاء کے اصحاب کے مانند ثواب درج ہوتا ہے۔

۳۷:۔سورہ لقمان کی آیت نمبر ستائیس اٹھائیس پڑھنے والا ابلا کا حافظ رکھتا ہے۔

۳۸:۔سورہ عنکبوت ہر قسم کی بیماری سے شفا ہے۔سورہ روم اور عنکبوت پڑھنے والے جنتی ہیں۔

۳۹:۔سورہ سجدہ جوڑوں کے درد کے لئے اکسیر ہے۔

۴۰:۔سورہ احزاب کی آیت نمبر ۵۶ سن کر جو درود پڑھے گا اللہ اسکی ۷۰ دینوی اور ۳۰ آخروی حاجات پوری فرمائے گا۔سورہ احزاب کی تلاوت عذاب قبر سے بچاتی ہے۔

۴۱:۔سورہ فاطر پڑھنے والے کو جنت کے آٹھوں دروازے بلائیں گے۔

۴۲:۔سورہ یسین قرآن پاک کا دل ہے جو شخص دن میں پڑھے گا وہ محفوظ رہے گا اور اسے رزق ملے گا جو رات کو پڑھے گا اس کے اوپر اللہ ۱۰۰۰ فرشتگان حفاظت کو سیکورٹی گارڈ بنا دیتا ہے جو پڑھنے والے کو حملہ شیطان اور ہر آفت سے محفوظ کرتے ہیں۔قاری یسین اگر قرآت کے ۲۴ گھنٹے کے دوران مرجائے تو جنت میں جائے گا۔یہ فرشتے قبر میں اس کے ساتھ رہیں گے۔اس کو عذاب قبر نہیں ہوتا یہی فرشتے بروز حشر اس کو جلوس کی شکل میں میدان محشر میں لائیں گے۔پل صراط سے گزرنے میں مدد کریں گے قاری یسین دوسروں کی سفارش کر سکے گا۔اللہ کریم سے جو طلب کرے گا اللہ عطا فرمائے گا۔حساب وکتاب میں اس کو زیادہ رکنا نہیں پڑے گا۔اسے جب نامہ اعمال ملے گا تو کوئی گناہ تحریر نہ ہوگا۔ہمارے پیارے نبی کریمؐ نے حضرت علیؓ سے کہا:اے علیؓ یسین پڑھیئے اس لئے کہ اس میں دس فوائد ہیں۔بھوکا پڑھے گا تو سیر ہوگا۔پیاسا پڑھے گا تو سیراب ہوگا۔برہنہ پڑھے تو لباس ملے گا۔کنوارہ پڑھے گا تو اس کی شادی ہوگی۔خوفزدہ پڑھے گا تو مامون ہوگا۔مریض پڑھے گا تو شفایاب ہوگا۔قیدی پڑھے گا تو آزاد ہوگا۔مسافر پڑھے گا تو سلامت پلٹے گا۔مرض الموت والا پڑھے گا تو قبض روح آسان ہوگی۔گم شدہ کے لئے پڑھے گا تو وہ گمشدہ ملے گا۔

فیاض روشن بکڈپو،کوٹلی مہران بک ڈپو،شاہی بازار،خیرپور ادارہ روحانیات

۴۳:۔ جو شخص زعفران اور آب گلاب سے لکھ کر سات دن مسلسل پیئے گا وہ حافظے میں مشہور ہوگا لوگوں کی نظر میں بڑا درجہ پائے گا۔ جو تعویز بنا کر رکھ لے وہ سورہ یٰسین کے بعد دعائے یا قدیم، یا ارحم الراحمین پڑھے اور پھر ایک بار یٰسین پڑھے تو اس کی تمام حاجات پوری ہوں گی۔

۴۴:۔ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی شب میں دو رکعت نماز پڑھیں، فاتحہ کے بعد سورہ یٰسین پڑھیں حاجت پوری ہوگی۔

۴۵:۔ بعض اکابر کا خیال ہے کہ سورہ یٰسین کی آیت نمبر ۵۸ میں اسم اعظم ہے۔

۴۶:۔ گم شدہ کی تلاش کیلئے دو رکعت نماز پڑھیں سورہ یٰسین فاتحہ کے بعد پڑھیں نماز کے بعد "یاہادی الضالہ ردعلیٰ ضالتی" پڑھیں گمشدہ واپس آئیگا۔

۴۷:۔ سورہ صافات اگر جمعہ کو پڑھا جائے تو پڑھنے والا ہر آفت سے محفوظ ہوگا۔ حضور اکرمؐ فرماتے ہیں جو اس سورہ کو پڑھے گا اللہ دنیا کی تمام جنوں کی تعداد کے دو گناہ پڑھنے والے کو اجر دے گا یہ سورہ پانی پر دم کر کے اسی سورہ سے نہائیں ہر مرض چلا جائے گا۔

۴۸:۔ سورہ ص کے پڑھنے والے کو اللہ دنیا و آخرت میں خیر دے گا آیات ۳۴ سے ۳۹ پاس رکھیں رزق وافر ہوگا۔

۴۹:۔ دنیا و آخرت میں سربلندی کیلئے سورہ زمر کی تلاوت مجرب ہے اس سورۃ کی تلاوت سے لوگوں میں مقام بلند ہوتا ہے، پڑھنے والے کے بدن پر جہنم حرام ہوتی ہے اور جنت میں دو ہزار شہر ملتے ہیں تسخیر خلائق نصیب ہوتی ہے۔

۱۵ دن تک یا پھر چالیس دن تک سورہ زمر کی آیت ۴۶ کو جو کہ ۱۸۰ مرتبہ روزانہ پڑھے گا ہر حاجت پوری ہوگی آیت ۴۶ پناہ خدا کا اعلان ہے۔ کتب دعا میں نماز مظفر وارد ہوئی ہے اگر کوئی دو دو کر کے چار رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ زمر کی آیت ۴۶، ۲۵ مرتبہ دوسری رکعت میں سورہ انبیاء کی آیت نمبر ۲۱ تیسری رکعت میں حسبی اللہ نعم الوکیل ۲۵ مرتبہ چوتھی رکعت میں ۲۵ مرتبہ درود حاجت برآئے گی۔

۵۰:۔ سورہ فصلت، حم سجدہ پڑھنے والے کو نور ملے گا۔

۵۱:۔ سورہ شوریٰ پڑھنے والا قیامت میں نورانی چہرہ سے اُٹھے گا اس سورۃ کے قاری پر فرشتے درود بھیجتے ہیں۔

۵۲:۔ سورہ شوریٰ کی آیت نمبر ۱۹ مع دعائے ادامہ نعمت سات مرتبہ پڑھنے سے رزق بڑھتا ہے۔

۵۳:۔ سورہ زخرف کے پڑھنے والے کو اللہ عذاب قبر کے عذاب اور حشرات الارض سے محفوظ رکھے گا۔

۵۴:۔ جو شخص فقیر ہو جائے وہ بدھ جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھے جمعرات کو عشاء کے بعد دو رکعت نماز فجر کی طرح پڑھ کے ایک ہزار مرتبہ پڑھ کے ایک ہزار مرتبہ درود پڑھے، پھر ستر مرتبہ سورہ زخرف کی آیت ۳۲ پڑھے سونے سے پہلے ۷۰ مرتبہ پھر درود پڑھے اول ماہ وسط ماہ آخر ماہ یہ عمل کرے فقر چلا جائے گا۔

۵۵:۔ اگر کوئی زخرف کی آیت نمبر ۹ سے ۱۴ کو پڑھ کر سو جائے تو خواب میں اسکی مشکل کا حل بتا دیا جائے گا۔

۵۶:۔ اگر کوئی شخص سورہ دخان کو فریضہ یا نافلہ میں پڑھے اللہ اسے عرش کے نیچے جگہ دے گا، ہر عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا، حساب کتاب آسان ہوگا، نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا۔ شب جمعہ میں پڑھنے سے سارے گناہ بخشے جاتے ہیں، ۷ مرتبہ پڑھنے والے کی حاجات پوری ہوں گی۔

جو دخان اول رمضان میں پڑھے گا شب قدر میں بیان کردہ حاجت و مراد پائے گا۔

۵۷:۔ سورہ جاثیہ پڑھنے والا جہنم نہ دیکھے گا، سورہ جاثیہ پڑھنے والے کے عیب اللہ تعالیٰ چھپا دیتا ہے، بچوں کو تعویز بنا کر پہنائیں تو محفوظ رہیں گے۔

۵۸:۔ سورہ احقاف کی تلاوت کرنے والے کو اللہ دنیا کی کوئی تکلیف نہ دکھائے اور قاری کو انسانوں کی تعداد کے دس گناہ ثواب ملے گا۔ ۳ مرتبہ پڑھنے والے کو اللہ مصیبت سے نجات دے گا۔

۵۹:۔ جتنی سورہ حم سے شروع ہوتی ہیں وہ نبی پاکؐ کے بقول خوشبوئے قرآن ہیں۔

۶۰:۔ سورہ محمد کا قاری ہرگز گناہ نہ کرے گا، ہرگز فقیر نہ ہوگا، موت کے بعد اس کی قبر پر ۱۰۰۰ فرشتے تعینات ہوں گے، جو عبادت کریں گے اور ثواب صاحب قبر کو جائے گا۔

۶۱:۔ لکھی ہوئی سورہ محمد کو آب زمزم سے پیئے تو اثر زبان رکھے گا۔

۶۲:۔ سورہ فتح پڑھی جائے تو سفر امان ہو۔ اسکی پہلی سات آیتیں درد پاء کیلئے اکسیر اعظم ہیں۔

۶۳:۔ سورہ حجرات پڑھنے والا زائر رسول اکرمؐ شمار ہوگا، غیبت کا کفارہ سورہ حجرات کی تلاوت ہے۔

۴۶:۔ سات مسلسل ایام جمعہ ۳ بار ہر جمعہ سورہ ق پڑھی جائے نابینا بینا ہو جائے گا۔

۵۶:۔ پورے دن میں ایک مرتبہ سورہ ذاریات پڑھنے والے کو اللہ رزق عطا کرتا ہے۔

۶۶:۔ تین مرتبہ شب جمعہ میں طور پڑھنے سے جذام و برص کا مریض شفا پائیگا۔

۶۷:۔ اکیس مرتبہ سورہ نجم پڑھیں ہر حاجت پوری ہوگی۔

۶۸:۔ جو سورہ قمر کی ہر دوسرے روز قرأت کرے چودھویں کے چاند کی طرح قیامت میں چمکے گا۔

مجید بک ڈپو، ریل بازار، جھنگ — آفتاب بک ڈپو، خانیوال — ادارہ روحانیات

۶۹:۔سورہ رحمان عروس القرآن ہے نعمتوں پر شکر کا اظہار ہے۔یہ سورہ منافق کے دل میں نہیں ٹھہر سکتا

۷۰:۔سورہ واقعہ رزق کے لئے اکسیر اعظم ہے،عشاء کے بعد اسے روزانہ کا معمول بنالیں۔

۷۱:۔جو شخص سورہ حدید،حشر،صف،جمعہ،تغابن اور اعلیٰ پڑھ کر سوئے تو مردوں کو خواب میں دیکھے۔

۷۲:۔۷۰مرتبہ سورہ حدید پڑھا جائے (بیٹھک چند روز میں) ہر حاجت شرعی پوری ہوگی۔

۷۳:۔شکست دشمنان کے لئے سورہ مجادلہ کو تین مرتبہ پڑھیں۔

۷۴:۔سورہ حشر کے بعد طلب کردہ ہر حاجت پوری ہوتی ہے ،آیت نمبر۲۲ بدھ کے روز ۷مرتبہ پڑھی جائے،حاجت پوری ہوگی۔

۷۵:۔سورہ حشر کی آیات ۲۱ سے ۲۴ شفائے امراض کیلئے ہے۔

۷۶:۔سورہ ممتحنہ پڑھنے والے کی مغفرت کی دعا فرشتے کرتے ہیں۔

۷۷:۔جن کی اولادیں بگڑ گئی ہیں وہ ۷۰مرتبہ سورہ صف پڑھیں اولاد مطیع ہونگی۔

۷۸:۔سورہ جمعہ ومنافقون جو جمعہ کی نمازوں میں پڑھے نے جنت اس پر ضروری ہوگی۔سورہ جمعہ کی آیات تجارت کے محل میں رکھیں بے حد فائدہ ہوگا۔

۷۹:۔سورہ تغابن پڑھنے والے کو حادثاتی موت نہ ہوئے گی،اس کی ۱۳ ویں آیت اسم اعظم ہے۔۷مرتبہ پڑھنے سے چوری کا خطرہ چلا جائے گا۔

۸۰:۔سورہ طلاق کی آیت نمبر۲،۳ نوچندی جمعرات شروع کریں ۴۱دن تک روزانہ ۳۵۹مرتبہ پڑھیں آخر میں ۱۰۰۱بار یا فتاح یا رزاق یا واسع پڑھے سال بھر رزق ملتا رہے گا۔

۸۱:۔گیارہ مرتبہ سورہ طلاق کی دوسری تیسری آیت پڑھیں رزق بڑھے گا۔

۸۲:۔کرخت،بدمزاج بیویوں یا شوہروں کے بڑبڑاتے سے نجات کیلئے سورہ تحریم ۱۲بار پڑھیں نیز کدورت وعناد کے دور کرنے کیلئے بھی اکسیر ہے۔

۸۳:۔سورہ ملک قبر وحشر کی مشکلات سے بچانے کیلئے اکسیر ہے،منکر نکیر بھی سختی نہ کریں گے دانتوں کے درد کیلئے قلم کی تلاوت بے حد سودمند ہے۔

۸۴:۔فریضہ نماز یا نافلہ میں قلم کی تلاوت کرنے والا فقیر نہ ہوگا،سورہ قلم کی آخری دو آیتیں ۵۱،۵۲ دفع نظر کیلئے اکسیر اعظم ہیں۔پڑھیں یا لکھ کر پاس رکھ لیں۔

۸۵:۔شر دشمن سے بچنے کیلئے ۴۰دن تک ۳۹مرتبہ سورہ حاقہ پڑھیں۔

۸۶:۔شر شیطان اور حملہ امراض سے بچنے کیلئے سورہ حاقہ روزانہ ایک بار پڑھیں۔

۸۷:۔سورہ نوح کا پڑھنے والا اپنا مقام بہشت میں دیکھ کر دنیا سے جائے گا۔

۸۸:۔سورہ جن پڑھنے والا احملات جن سے محفوظ رہے گا۔

۸۹:۔بعد از نماز ہر روز سورہ مزمل پڑھے قرض ادا ہو جائے گا۔

۹۰:۔سورہ قیامت کے پڑھنے والے کی شہادت ایمان نبی کریمؐ اور جبرائیلؑ دیں گے۔

۹۱:۔سورہ دہر کے پڑھنے والے کو بروز قیامت صحابی رسولؐ بنایا جائے گا۔

۹۲:۔فجر کی نماز میں اگر کوئی شخص سورہ دہر پڑھے تو بلاؤں سے نجات پائیگا۔

۹۳:۔دل کے مریض کیلئے پیاز کے پانی پر یہ سورہ پڑھ کر دم کریں شفاء ہوگی۔

۹۴:۔سورہ نبا مسافر سفر سے پہلی رات پڑھے خیریت سے وطن واپس آئیگا۔

۹۵:۔سورہ نازعات کو پڑھنے والا شر دشمنان سے محفوظ رہے گا۔

۹۶:۔سورہ عبس کی تلاوت مغفرت گناہ کا بہترین ذریعہ ہوتی ہے،بارش میں ۱۰۰بار تکویر کی تلاوت حاجت روی کا ذریعہ ہے۔

۹۷:۔جو شخص سورہ انفطار اور سورہ انشقاق کو نماز واجب و مستجب میں پڑھے گا اس کے اور اللہ کے درمیان حجابات ختم ہو جائیں گے۔اس کی ہر حاجت پوری ہوگی۔

۹۸:۔جو شخص سورہ مطففین فریضہ نماز پڑھے گا وہ بروز قیامت جہنم سے برأت پائے گا پل صراط سے بخیریت گزرے گا،حساب آسان ہوگا۔تجارت کے مراکز پر یہ سورہ پڑھی جائے مال چوری وڈاکے سے محفوظ رہے گا لکھ کر بھی رکھ سکتے ہیں۔

۹۹:۔جو سورہ انفطار پڑھے گا بروز قیامت اس کا نامہ اعمال جب اسے دیا جائے گا مگر برائیاں درج نہ ہوگی۔قیدی پڑھے گا تو آزاد ہوگا۔قاری شر اعداء سے محفوظ رہے گا قیدی ۷۰مرتبہ پڑھے گا تو فور اراہا ہوگا۔

ذیقعدہ کے مہینے کی خصوصی نماز

جناب رسول خداؐ سے روایت ہوئی ہے۔جو شخص اس نماز کو بجالائے اس کی توبہ قبول ہوگی اسکے گناہ بخشے جائیں گے۔ایمان کے ساتھ مرے گا اسکی قبر وسیع اور نورانی ہوگی۔اس کے ماں باپ اس سے راضی ہونگے موت کے وقت ملک الموت اس سے نرمی سے برتے گا۔اسکی جان آسانی سے نکلے گی۔ اتوار کے دن زوال کے قریب غسل اور وضو کرے اور ظہر وعصر کی نماز کے درمیان 4رکعت 2-2رکعت کرکے پڑھے۔اسکی ہر ایک ایک رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تین دفعہ سورہ قل ہو اللہ اور ایک دفعہ قل اعوذ برب الفلق،ایک دفعہ قل اعوذ برب الناس پڑھے۔نماز پڑھنے کے بعد 70دفعہ استغفار یعنی (اَستَغفِرُاللّٰہَ رَبِی وَاَتُوبُ اِلَیہِ) پڑھے پھر اسکے بعد (لَاحَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ العَلِیِّ العَظِیمِ) اور پھر اسکے بعد یہ دعا پڑھے۔(یَا عَزِیزُ یَا غَفَّارُ اِغفِرلِی ذُنُوبِی وَذُنُوبَ جَمِیعِ المُؤمِنِینَ وَ المُؤمِنَاتِ فَاِنَّہُ لَا یَغفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنتَ)

علاج قرآن طلسم نورانی

تحریر:۔ سحر کاظمی (لاہور)

ہر عمل سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف اول آخر لازمی پڑھیں۔

عمل نمبر1 : حصول اولاد ۔ جمعرات کے دن روزہ رکھ کر شام کو بعد نماز عشاء ۸۰ بار لکھے ۴۰ مرد کیلئے ۴۰ عورت کیلئے نہار منہ صبح پانی میں گھول کر پی لیا کریں انشاء اللہ مراد بر آئے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم کھٰیٰعص علی علی علی طہ طہ طہ کھٰیٰعص کھٰیٰعص کھٰیٰعص حمٓعسق ھوھوھواللہ اللہ اللہ صلی اللہ تعالیٰ خیر خلقہ محمدوالہ اجمعین

عمل نمبر2: ۔ ہر نماز کے فرضوں کے بعد یہ دعا تین بار خلوص دل سے پڑھ لیا کریں۔ ۴۱ دن کا عمل ہے ناغہ نہیں کرنا۔ **رَبِّ لَاتَذَرنِی فَردًاوَانتَ خَیرُ الوَارِثِین**

خاتمہ جادو :۔ اگر آپ کے گھر میں جادو کا اثر ہے تو بازار سے لوبان خرید لیں اس پر دس مرتبہ نادعلی اور گیارہ مرتبہ سورۃ فلق پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں۔ جمعرات کی شام کو پورے گھر میں دھونی دینی ہے ہر جمعرات کو ایسا ہی کرنا ہے۔

دفع بندش نکاح :۔ ہر نماز کے بعد پندرہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر سیدہ زہراؑ کی بارگاہ میں نذر کریں۔ ۴۱ دن کا عمل ہے عمل کے بعد دعا مانگ لیا کریں۔

برے خواب :۔ امام جعفرؑ سے روایت ہے سونے سے پہلے رات کو 100 مرتبہ **لاالہ الااللہ** اور سو مرتبہ استغفار پڑھ کر سویا کریں ڈراونے خواب نظر نہیں آئیں گے۔

بچہ دودھ نہیں پیتا، روتا رہتا ہے ہروقت: ۔ اگر بچہ دودھ نہیں پیتا تو سورۃ ابراہیم سفید کپڑے پر لکھ کر بازو پر باندھ دیں۔ دوسرے کسی کے سامنے بچے کو دودھ نہ پلایا کریں۔

دفع دردسر :۔ درد سر خواہ کسی قسم کی ہو اس کے لئے اسم **یاھوَ یاھُویاھُویا غَفُورُ یَاغَفُورُ** کسی کاغذ پر لکھ کر بطور تعویز سر پر باندھے انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

دفع خوف :۔ جس شخص کو کسی آدمی یا کسی جگہ سے خوف آتا ہو یا وہ کسی مصیبت میں مبتلا ہو تو یہ دعا پڑھتا رہے۔

اللہ حافظی اللہ ناصری اللہ ناظری

حصول رشتہ :۔ اگر کوئی شخص اپنے لڑکے کیلئے کسی کی لڑکی کے رشتہ کا خواہاں ہو لیکن لڑکی والا رضامند نہ ہو تو یہ طلسم لکھ کر پگڑی میں باندھ کر یا قمیض کی جیب میں رکھ کر لڑکی والے کے پاس جائے وہ رضامند ہو جائیگا۔

ھ ۱۱ ۱۸ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ط ۱۰۱ ۱۱ ۱۱ ھ ۱۲۲ ۱ ۱۱ ھ

۱۱ دام کا ھ ۱۱ ۱۱ ۸ کہ ۱۱

م

خاتمہ امراض جگر: ۔ ایک کاغذ پر **بسم اللہ الرحمن الرحیم کان البحرمدادالکلمات ربی** لکھ کر تعویز بنالیا جائے عورت گلے میں پہنے اور مرد بازو پر باندھیں اس کے علاوہ کاغذ یا پلیٹوں پر لکھ کر پانی سے دھو کر نہار منہ پئیں۔ جگر اور گردوں کی خرابی سے اگر جسم پر ورم آجائے تو وہ بھی اس روحانی علاج سے ختم ہو جائے گا۔

دفع ناک امراض: ۔ ناک کی ہڈی بڑھ جائے سانس رکتا ہو یا ناک کی جھلی کا خراب ہونا خناق ناک کے اندر پھنسیاں کے امراض کیلئے اکسیر ہے۔ کسی موٹی کاغذ پر لکھ کر تعویز بنالیں اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لیں۔ تعویز آسمانی رنگ یا سیاہ چمکدار رنگ کی روشنائی سے لکھنا ہے۔



دفع امراض گردہ :۔ گردے کا درد کی تکلیف کا اندازہ وہی جانتا ہے جو اس درد سے گزرا ہو گردہ میں درد یا ریائی یا پتھری ہو دونوں حالتوں میں موٹی کاغذ پر اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالیں یا درد کی جگہ پر باندھیں ویسے تو اس نقش کو دھو کر پلانا بھی فائدہ مند ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ك م ن ق

الملك القدوس الرحمن الرحيم

۷۹۵ ۷۹۵ ۷۹۵

مون بک سٹور، ڈھرکی (سندھ)

ادارہ روحانیات

علاج بالقرآن

تحریر:۔ ڈاکٹر عبدالرؤف نقشبندی (راولپنڈی)

میرے اسلامی بھائیوں یہ اللہ تبارک تعالیٰ کا لاکھ لاکھ احسان ہے کہ اس نے مجھے اچھے اور برے کی سوجھ بوجھ دی اور ساتھ توفیق بھی دی کہ میں اپنے دل کی آواز کسی نہ کسی طریقے سے اپنے بھائیوں تک پہنچا سکوں۔جس کیلئے میں نے ایک باقاعدہ پروگرام ترتیب دیا جو کہ عرصہ دو سال سے تحفہ روحانیات میں منظر عام پر آپ بھائیوں کے سامنے آرہا ہے۔مجھے امید ہے کہ میرے بھائی ان سے فائدہ ضرور حاصل کر رہے ہونگے۔اس کے ساتھ گزارش یہ ہے کہ میں پیشہ ور عامل نہیں ہوں مسلمان ہونے کے ناطے سے اپنے بھائیوں کو کسی نہ کسی طریقے سے فائدہ پہنچانے کی کوشش ہے تاکہ لوگ برائیوں سے بچ کر حقیقت کی طرف آجائیں قرآن وحدیث سے مابت شدہ عملیات پر عمل کریں۔

میرے مسلمان بھائیوں یہ ایک حقیقت ہے کہ قرآن کریم مومن کیلئے شفا بھی ہے اور رحمت بھی ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ اپنے پیارے کلام میں فرماتے ہیں (**وننزل من القرآن ماھو شفاء ورحمته للمومنین**) اور ہم قرآن نازل کرتے ہیں جو مومن کیلئے شفا بھی اور رحمت بھی ہے۔اللہ تعالیٰ نے قرآن کے اندر یہ تاثیر رکھی ہے کہ وہ جس طرح روحانی امراض (کفر وشرک اور اخلاق رزیلہ وغیرہ کیلئے ذریعہ شفا ہے) اسی طرح جسمانی امراض کیلئے بھی ذریعہ نجات ہے۔یہی وجہ ہے کہ جب آپ رسالت مآب ﷺ پر سحر کا اثر رونما ہوا تو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے علاج کیلئے معوذتین کو نازل فرمایا،ان سورتوں میں سحر،نظر بد اور تمام جسمانی وروحانی آفات دور کرنے میں بہت تاثیر رکھتی ہے۔خود آپ ﷺ نے بھی قرآن کریم کے ذریعہ علاج کی تلقین فرمائی اور حضرت حسنینؓ کو اعوذ بکلمات اللہ کے ذریعے اللہ کی پناہ میں دیتے تھے۔لہذا قرآنی آیات،اسماء اور صفات ربانیہ اور منقول دعاؤں سے علاج کرنا مستحب ہے۔لیکن موجودہ دور میں عملیات کے نام پر کھلم کھلا شریعت کے خلاف ورزی ہو رہی ہے۔غور کیا جائے تو اس کے پیچھے حرص و لالچ کا جذبہ کارفرما دکھائی دیتا ہے۔مال سمیٹنے کی خاطر خلاف شرع طریقوں کو معاشرے میں رواج دیا جارہا ہے اور شریعت کے پاکیزہ طریقوں کو مسخ کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے لوگ کچھ تو کم علمی اور دین سے دوری کی وجہ سے ان کا شکار ہونے لگتے ہیں اور کچھ صحیح طریقوں کو بھی شک کی نظر سے دیکھنے لگے۔ قرآن حدیث سے ثابت شدہ وظائف سے بھی انکار کرنے لگے۔ان حالات میں ضرورت اس بات کی تھی عوام الناس کو اس افراط تفریط کی دلدل سے نکال کر شریعت مطہرہ کے معتدل راستے کی طرف اس کی رہنمائی کی جائے۔اس ضرورت کے پیش نظر میں نے تحفہ روحانیات میں مختلف امراض سے قرآن وسنت کی روشنی میں جمع کر کے لکھنا شروع کر دیا جس سے کئی میرے مسلمان بھائی مستفید ہو رہے ہوں گے۔دعا ہے اللہ ان وظائف کو میری آخرت کی نجات کا ذریعہ بنادے آمین ثم آمین۔

جادو واپس لوٹانے کا مجرب عمل:۔

درج ذیل قرآنی آیات کو بعد نماز فجر و مغرب سات بار توجہ کے ساتھ پڑھیں جس نے بھی جادو کیا ہوگا اس پر انشاء اللہ واپس لوٹ جائے گا۔

لَقَدْ جَآئَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

ان آیات کو پڑھنے سے صرف جادو ہی واپس نہیں لوٹتا بلکہ اس کے بے شمار فوائد اور بھی ہیں ان آیات کو اپنا روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں انشاء اللہ فائدہ ہی فائدہ ہوگا۔

کالے علم اور ہر قسم کے جادو سے حفاظت کا عمل:۔

حضرت کعبؓ فرماتے ہیں یہ چند کلمات اگر میں نہ کہتا تو یہود مجھ کو گدھا بنادیتے ان سے کسی نے پوچھا وہ کلمات کیا ہیں تو انہوں نے یہ کلمات بتادیئے۔

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَیْسَ شَیْئٌ اَعْظَمَ مِنْهُ وَبِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَّبِاَسْمَآءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰی مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ (مشکوہ،مظاہر الحق)

خاتمہ سایہ یا بیماری:۔

یہ ایک ایسا موضوع ہے جو آپ کو کہیں سے نہیں ملے گا۔ایک منفرد اور اہم موضوع ہے اس کو لکھنے کا مقصد یہ ہے کہ بہت سے امراض کی علامات ایسی ہوتی ہیں جن کو لوگ مرض کی بجائے جن بھوت یا تعویزوں کا کرشمہ سمجھتے

Scanned with CamScanner

ہیں اور عاملوں کے چکر میں پڑ جاتے ہیں۔اس مضمون کے لکھنے کا مقصد لوگوں کو فراڈیوں سے بچانا ہے تا کہ کسی فراڈیہ کے ہاتھوں کوئی اپنی ذاتی پونجی اور اپنا ایمان کہیں ضائع نہ کر بیٹھیں اس سلسلہ میں بیماری اور اس کے ساتھ ہومیو پیتھک دوائی بھی لکھی جا رہی ہے۔

1:۔وہم، چھلاوا اور خوفناک چہرے دکھائی دیتے ہیں۔(ابسنتھیم 200)

2:۔جن، بھوت قیاسی چہرے نظر آتے ہیں (بیلاڈونا 200 یا 1.m)

3:۔پریشان، بلی، چوہے، کتے نظر آنا (ایتھوزا 200)

4:۔گانے گاتا ہے اپنے آپ سے باتیں کرتا ہے اور شعر پڑھتا ہے (اگاریکس 1.m)

5:۔ہوا میں اڑنا پانی میں تیراکی کرنا (الف الفا 200)

6:۔اپنی شناخت نہ بتا سکنا، خودکشی کرنا چاقو چھری دیکھ کر (ایلومنیا 1.m)

7:۔وہم کرنا جیسے دو ضمیر ہوں ایک پر فرشتہ اور ایک پر شیطان، اخلاق کی کمی، مردوں کی آوازیں سننا (اناکارڈیم 1.m)

8:۔حیرت انگیز چیزیں دیکھنا، عجب وغریب رنگ نظر آنا (انہالونیم 200)

9:۔پاگل ہو جانے کا خوف نظر کے واہم ہنسنا اور رونا (اینٹی پائیرین 200)

10:۔مریض سمجھتا ہے اس کا جسم کئی حصوں میں تقسیم ہو گیا ہے ٹوٹ گیا ہے کروٹیں لیتا ہے تا کہ ٹوٹا جسم اکٹھا ہو سکے (بپٹیشیا 1.m)

خاتمہ جادو:۔

صبح سورج نکلنے کے 1/2 گھنٹے بعد پارہ نمبر 30 سورۃ عبس وتولی تین بار پڑھیں۔پڑھ کر اپنے مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے پئیں اس عمل کو سات یوم لگاتار جاری رکھیں۔

رد سحر کا مجرب عمل:۔

اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ سورۃ بقرہ ۱۴۱ دفعہ پڑھ کر پلائیں ایک دن میں پڑھیں یا روزانہ متعدد بار پڑھیں جتنی جلدی پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں گے اتنی جلدی مریض شفایاب ہوگا۔

دل کو زندہ رکھنے کا عجیب ونافع نسخہ:۔

ایک مسلمان کو سب سے زیادہ فکر اپنے دل کو زندہ رکھنے کی ہوتی ہے۔زندہ دل اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے اسکے دل میں رقت ہوتی ہے وہ آخرت کے کاموں کو ترجیح دیتا ہے اور جسم کے تمام اعضاء کو اللہ تعالیٰ لی عبادت یعنی اس کی رضا والے کاموں میں لگائے رکھتا ہے اور خدانخواستہ دل مردہ ہو جائے تو اس پر شیطان کا قبضہ ہو جاتا ہے اور شیطان اس میں اپنی زہریلی سونڈ اس میں گھسا کر نافرمانی اور گناہ کے گندے اثرات اس میں ڈال دیتا ہے یہ مردہ دل دنیا کے چکر میں پڑا رہتا ہے۔اور غیر اللہ سے عشق کی ذلت میں مبتلا ہو جاتا ہے خلاصہ یہ ہے کہ جس کا دل زندہ اس کی آخرت زندہ تابندہ اور سدا بہار اور جس کا دل مردہ ویران اور عذاب زدہ دل کی زندگی کا مجرب نسخہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان توجہ کے ساتھ چالیس مرتبہ یہ دعا پڑھیں اول آخر درود شریف ''یَا حَیُّ یَا قَیُّوم لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنتَ بِرَحمَتِكَ اِستَغِیث'' پنجگانہ نماز کی پابندی اور رزق حلال کی شرائط لازمی ہے مزید اس سلسلہ میں مجھ سے رجوع کر سکتے ہیں۔اس سلسلے میں میری خدمت حاضر ہے۔

سات سلام بوقت نوروز

جو شخص رنج وغم سے دور رہنا چاہتا ہو یا زہریلے موذی جانوروں سے نجات پانا چاہتا ہو یا زہر کا کوئی اثر زائل کرنا چاہتا ہو یا جادو کے اثرات سے نجات پانا چاہتا ہو۔ذیل کے 7 سلام وقت نوروز خاص میں مشک وزعفران سے چینی کی پلیٹ پر تحریر کریں اور عرق گلاب سے دھو کر اس وقت میں پی لیں۔اس پانی کو بوتل میں بھی محفوظ کیا جا سکتا ہے اور بوقت ضرورت استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ
سَلَام'' عَلٰی نُوحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ
سَلَام عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ
سَلَام عَلٰی مُوسٰی وَهَارُوْنَ
سَلَام عَلٰی اٰلِ یَاسِیْنَ
سَلَام عَلَیْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِیْنَ
سَلَام هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ

ہدیہ لوح نوروز

جو لوگ لوح نوروز خود نہ بنا سکیں اور ادارہ سے لوح نوروز مکمل لوامات عمل اور درست طریقہ عمل کے مطابق ادارہ سے بنوانے کے خواہشمند ہوں 2100 روپے 15 مارچ سے قبل ادارہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ کے ایڈریس منی آرڈر کریں۔(ادارہ)

0300-6351192
0333-6158193
061-8151583

حیرت انگیز تحفہ

آلہ یکسوئی و حاضرات

دُنیائے روحانیات میں اول قدم رکھنے سے قبل یکسوئی کا ہونا لازمی ہے۔ یکسوئی روحانیت کی بنیادی اکائی ہے۔ بے شمار لوگ جو کہ روحانیت میں دلچسپی رکھتے ہیں درست راہنمائی نہ ہونے کے باعث سالہا سال وقت ضائع کرتے ہیں۔ کچھ روحانی قوت تسخیرات تو دور کی بات برعکس اس کے عمل کی رجعت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ہمارے روحانی علوم پر کوئی باقاعدہ انسٹی ٹیوٹ نہیں جہاں روحانی علوم کی تعلیم دی جائے۔ دور قدیم میں مدارس میں روحانی تعلیم کا اہتمام ضرور ہوتا تھا لیکن موجودہ دور میں ایسا نہیں یہی وجہ ہے کہ روحانی علوم کے نام پر جس کا جو جی چاہے کرتا ہے۔ نہ تو اس بارے میں کوئی باضابطہ قانون ہے اور نہ ہی کبھی حکومت نے اس جانب توجہ دی ہے۔ ہمسایہ ملک میں مخفی علوم پر باقاعدہ تعلیم و تربیت کا بندوبست ہے جہاں مخفی علوم سے متعلقہ تعلیم دی جاتی ہے۔ دعا ہے کہ وطن عزیز میں بھی اسی قسم کے ادارے جو کہ حکومتی قوانین کے پابند ہوں قائم ہوں۔ تاکہ اس روحانی پاک علم پر اُٹھنے والی انگلیوں کو روکا جاسکے۔ کوئی ضابطہ قانون نہ ہونے کی وجہ سے ایسے لوگ بھی روحانی علوم کے دعوے دار ہیں جنہیں درست کلمہ بھی نہیں آتا۔ وضو نہیں آتا۔ نماز کے قریب سے نہ گزرے لیکن دعوے ایسے کے زمین و آسمان ایک کر دیتے ہیں یا پھر خود کو مہا کالی شکتیوں کا گرو کہتے ہیں۔ تو کوئی مصر کے اہراموں میں جا کر چلہ کشی کرتا ہے تو کوئی صاحب جنات و موکلات کرایہ پر دیتے ہیں یا پھر فروخت کرتے ہیں۔ یہ ایک ایسا گھناؤنا مذاق ہے جس سے عام سادہ انسان ایسے شاطر لوگوں کے چنگل میں پھنس جاتا ہے کہ جہاں سے نکلنا ناممکن ہوتا ہے۔

بنیادی طور پر روحانی علم میں قدم رکھنے والے شائقین یا وہ لوگ جو کہ عرصہ دراز سے وظائف اور چلہ کشی کر چکے ہیں۔ ناکامی اور حسرت اُن کے دلوں میں رہی کہ کبھی کسی روحانی قوت کا مشاہدہ کرسکیں۔ اس سال مکتبہ روحانیات کی جانب سے ایک ایسا بیش قیمت تحفہ پیش کیا جا رہا ہے جو کہ نہ صرف یکسوئی میں اضافہ کرتا ہے بلکہ اس آلہ یکسوئی کی بدولت روحانیات کا بھی مشاہدہ ہوتا ہے۔ اس آلہ یکسوئی پر جتنی توجہ اور محنت کی جائیگی روحانی قوت میں انتاہی اضافہ ہوگا۔ عجیب و غریب مشاہدات سامنے آتے ہیں مگر شرط ہے کہ اس آلہ یکسوئی کو ایسا نہ سمجھا جائے کہ ایک یا دو دن میں ہی آپ جنات اور ہمزاد کو مسخر کر لیں گے۔ تسلسل سے محنت اور لگن مشق کو جاری رکھیں گے تو مخفی قوتیں آپ کے سامنے ہونگی۔ آلہ یکسوئی و حاضرات روشنی اور نمکیات کا مرکب ہے۔ جو کہ قدیم بادشاہوں اور روحانی علوم کے ماہرین نے بھرپور ذہانت اور توجہ سے تیار کروایا اور پھر موجودہ دور میں زمانہ سے یہ آلہ یکسوئی و حاضرات اس طرح غائب ہو گیا کہ جیسے اس کا وجود ہی نہ تھا۔

وہ لوگ جو کہ تسخیر مخفیات کے ذریعے آئندہ حالات، پرائز بانڈ نمبر، مشکلات کے حل، جادو سحر کے بارے میں معلومات اور ان کا خاتمہ، امراض جسمانی و روحانی سے نجات چاہتے ہوں یا وہ لوگ جن کی تمام زندگی ناکامی، مایوسی، تنگ دستی میں گزری ہو جن کی خواہش ہو کہ وہ بھی خوشحال زندگی بسر کرسکیں دُنیا کی تمام نہیں تو ضروری بنیادی سہولیات میسر ہوں روزگار میں اضافہ ہو قرض سے نجات بچیوں کے اچھے رشتہ ہوں یا اولاد نرینہ کی خواہش محبوب سے دوستی ہو یا من پسند شادی غرض تمام ایسی نیک تمنائیں اس آلہ یکسوئی و حاضرات کے ذریعے پوری ہوتی ہیں جو کہ اب تک خواب رہا ہو۔ جب کہ آپ کے سامنے بے شمار لوگ غربت سے خوشحالی کی جانب آئے تو آپ کے ساتھ ایسا کیوں نہ ہوا؟ آخر اس کی بھی کوئی تو وجہ ہوگی؟ اس قسم کی تمام معلومات آلہ یکسوئی و حاضرات سے ممکن ہے۔ جس کے استعمال سے بدنصیبی خوش نصیبی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ خاص طور سے تیار کیا گیا یہ آلہ یکسوئی و حاضرات مکتبہ روحانیات سے ہدیتاً منگوایا جاسکتا ہے جس میں تاثیر اور قوت پیدا کرنے کیلئے خاص ورد کے بعد ارسال کیا جاتا ہے۔ جو کہ آپ کی دُنیا بدل کر رکھ دے گا۔ یہ آلہ یکسوئی و حاضرات اُن کاملین کی خوب مدد کرتا ہے جو کہ عوام الناس کی راہنمائی و امداد روحانی طریقہ سے کرتے ہیں۔ اس میں تسخیر کی ایسی قوت ہے کہ جوق در جوق لوگ اس صاحب علم کی طرف مقناطیسی قوت کے سبب کھنچے چلے آتے ہیں۔ شائقین علم روحانیات کیلئے نادر تحفہ ہے جو کہ آپ اپنے روحانی دوست نا راہنما کو بھی تحفتاً پیش کر سکتے ہیں۔

ہدیہ آلہ یکسوئی و حاضرات 3300 روپے مع ڈاک خرچ

منی آرڈر کرنے کا ایڈریس: ۔ادارہ روحانیات، نزد عزیز ہوٹل چوک، ملتان کینٹ

ادارہ روحانیات

نظرات سیارگان
احکامات وظائف وعملیات

نظرات سیارگان	تثلیث و تسدیس	تربیع و مقابلہ	نظر قران
قمر و شمس	عزت، مال ودولت	فتنہ و فساد امراء، حاکمین	حصول اولاد نرینہ
قمر و عطارد	تسخیر محبوب، تسخیر خلق	جدائی ونفاق	برائے ملاقات اہل فن وقلم
قمر و زهره	برائے شادی، عشق محبت	مخالفت جنس مخالف	حاضری مطلوب عشق ومحبت
قمر و مریخ	دفع بغض حاسدین	خاتمہ زہر دفع حشرات	غلبہ دشمن، ملاقات امراء حاکمین
قمر و مشتری	عزت وتوقیر، جاہ جلال	انکشاف اسرار قتل	عزت، مال ودولت، ترقی
قمر و زحل	زرعی ترقی وشادابی	تباہ و بربادی دشمن، بیماری دشمن	تباہ بربادی دشمن، اذیت دشمن
قمر و یورانس	اچانک سفر، صحت یابی	اچانک امراض بندش سفر	بندش سفر، بندش حواس خمسہ
شمس و عطارد	فتح مقدمہ، عدالت	خواری دشمن، پریشانی حالات دشمن	فتح مقدمہ بحث قبضہ زمین جائیداد
شمس و زهره	امیر و کبیر خواتین کی تسخیر	حاکمین سے انتقام، تسخیر کی بندش	مسلط امراض جگر، قلب، جنسی امراض
شمس و مریخ	تسخیر اعلیٰ افسران، فوج و پولیس	دشمن پر مقدمہ کرنا، انتقام لینا	مسلط ڈر خوف بزدلی، خاتمہ بہادری
شمس و مشتری	ترقی، ملازمت، عزت ودولت	تباہ و بربادی خانہ دشمن، جائیداد	خرابی جائیداد
شمس و زحل	برائے حل المشکلات	مسلط پریشانی عذاب	سرگردان دشمن، مخالفین
شمس و یورانس	مال وزر کا حصول	ترقی ملازمت، عزت حاصل کرنا	مقدمہ میں کامیابی
عطارد و زهره	تسخیر محبوب ومعشوق	بندش کاروبار، جدائی نفاق	نجات کند ذہنی، نجات مرض مرگی
عطارد و مریخ	قائم دائمی محبت والفت	اہل قلم پر بیماری مسلط، بندش کاروبار	بربادی خانہ دشمن
عطارد و مشتری	حصول قبضہ جائیداد زمین	تباہ و بربادی عمارت دشمن	ترقی علم عقل محبت تسخیر روحانی شخصیات
عطارد و زحل	بزرگوں، عزیز واقارب کو راضی کرنا	خاندان میں نفاق ڈالنے کیلئے	ہلاکت دشمن، بربادی دشمن
عطارد و یورانس	کامیابی امتحانی، ترقی علم	کمیشن کے امتحان میں کامیابی	اعلیٰ دماغی صلاحیتیں حاصل کرنا
زهره و مریخ	دفع فتنہ وفساد گھریلو لڑائی جھگڑا	نفاق جدائی، بغض عداوت	غلبہ مردوزن، غلبہ مخالفین
زهره و مشتری*	حصول و مال ودولت	تباہ و ملک املاک دشمن	انعامی اسکیم میں کامیابی مفت کی دولت
زهره و زحل	امیر کبیر عورتوں کی تسخیر	فتنہ و فساد جنس مخالف	جتلا خواتین مرض لیکوریا، جنسی امراض
زهره و یورانس	تسخیر خلق عوام الناس	تسخیر محبوب، حاصل مراد	دفع پریشانی مشکلات
مریخ و مشتری	ترقی ملازمت، حصول عہدہ، مال وزر	شدید عذاب پیدا کرنا	تنزلی عہدہ افسران بالا
مریخ و زحل	برائے ترقی شادابی کامرانی	بندش زبان، ہلاکت دشمن	خرابی دشمن، زمین بنجر کرنا، فصل تباہ کرنا
مریخ و یورانس	غلبہ دشمن حاسدین	خوف ودہشت غلبہ مخالفین	خون معدہ کے امراض دور کرنا
مشتری و زحل	حصول مال ودولت، فتح مقدمہ	تنزلی مراتب، خارج عہدہ	نفاق دشمنی، مسلط کند ذہنی، پاگل پن، مرگی
مشتری و یورانس	انعامی اسکیم میں کامیابی	مفت کا مال حاصل کرنا	آمدنی بڑھانا
زحل و یورانس	بزرگی، روحانیت حاصل کرنا	اعلیٰ مرتبہ روحانیت	امراض سے شفایابی.

قارئین کرام! درج بالا تمام نظرات سیارگان سے مکمل طور پر استفادہ حاصل کرنے کیلئے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کا ہر ماہ باقاعدہ مطالعہ کریں جس میں خصوصی کالم ستاروں کی چال وظیفہ کا کمال میں ان نظرات سے متعلق مجرب آسان اعمال / درست ساعت / رجال الغیب کے ہمراہ شائع کیے جاتے ہیں۔

پاکستان بک ڈپو ٹریفک چوک، جام پور 0641-567520 ادارہ روحانیات

گرین واچ (انگلینڈ) سے دیگر ممالک کا فرق وقت

دنیا کے ہر ملک کا اسٹینڈرڈ ٹائم الگ ہوتا ہے ایک ہی وقت میں مختلف ممالک کے سٹینڈرڈ ٹائم کئی گھنٹوں کا فرق رہتا ہے مثال کے طور پر جب انگلینڈ میں رات کے بارہ بجتے ہیں تو پاکستان میں صبح کے پانچ بجے کا وقت ہوتا ہے۔

نام ممالک	دارالحکومت	سٹینڈرڈ ٹائم
پاکستان	اسلام آباد	دوپہر 11 بجکر 30 منٹ
بھارت	نئی دہلی	دوپہر 12 بجے
امریکہ	واشنگٹن	صبح 1 بجکر 30 منٹ
افغانستان	کابل	صبح 11 بجے
آسٹریلیا	کینبرا	شام 4 بجکر 30 منٹ
انڈونیشیا	جکارتہ	دوپہر 1 بجکر 30 منٹ
انگلینڈ	لندن	صبح 6 بجکر 30 منٹ
اٹلی	روم	صبح 7 بجکر 30 منٹ
ایران	تہران	صبح 10 بجے
ناروے	اوسلو	صبح 7 بجکر 30 منٹ
کویت	کویت	صبح 9 بجکر 30 منٹ
بنگلہ دیش	ڈھاکہ	دوپہر 12 بجکر 30 منٹ
کوریا	سیول	دوپہر 3 بجکر 30 منٹ
قطر	عرب	صبح 9 بجکر 30 منٹ
برما	رنگون	دوپہر 1 بجے
فرانس	پیرس	صبح 7 بجکر 30 منٹ
سوئٹزرلینڈ	جنیوا	صبح 7 بجکر 30 منٹ
جاپان	ٹوکیو	دوپہر 3 بجکر 30 منٹ
چین	پکینگ	دوپہر 2 بجکر 30 منٹ
روس	ماسکو	صبح 9 بجکر 30 منٹ
سعودی عرب	مکہ	صبح 9 بجکر 30 منٹ
تھائی لینڈ	بینکاک	دوپہر 1 بجکر 30 منٹ
سنگاپور	سنگاپور	دوپہر 2 بجے
ملیشیا	کوالمپور	دوپہر 2 بجے
جرمنی	برلن	صبح 7 بجکر 30 منٹ
فلپائن	منیلا	دوپہر 2 بجکر 30 منٹ

حروف ابجد شمسی و قمری

حروف ابجد شمسی وقمری سے اعداد نکالنا

درجہ ذیل ابجد شمسی وقمری سے کسی بھی شخص کے نام کے اعداد آپ باآسانی معلوم کر سکتے ہیں اس طرح نام کے اعداد معلوم کرنے کے بعد آپ اس کے نام کے ہم عدد اسم اعظم بھی معلوم کر سکتے ہیں حروف ابجد قمری میں حروف اوران کی طاقت اس طرح ہے اب نام کے اعداد ابجدی اس طرح معلوم کریں گے مثلاً علی نام کے اعداد کے لئے نقشے میں پہلے ہم "ع" کے نیچے عدد دیکھیں گے تو 70 عدد ہونگے "ل" کے عدد 30 اور "ی" کے عدد 10 ہیں اس طرح علی کے عدد نکالنے کیلئے ان سب کو جمع کیا جائے گا یعنی 110=70+3+10 ہوئے لہذا علی کے اعداد 110 ہوئے اس طرح آپ کسی بھی نام کے اعداد نکال سکتے ہیں نکلے ہوئے عدد کے مطابق ہم نے اسم اعظم تلاش کیا تو 110 عدد کے مطابق اسم اعظم یا علی حاصل ہوا پھر اسم اعظم مخصوص وقت میں مخصوص تعداد کے ساتھ پڑھنے کے بعد اپنے بے شمار مسائل کے حل کیلئے اللہ تعالیٰ سے دعا کر سکتے ہیں۔

ابجد شمسی کا ٹیبل

ا 1	ب 2	ت 3	ث 4	ج 5	ح 6	خ 7
د 8	ذ 9	ر 10	ز 20	س 30	ش 40	ص 50
ض 60	ط 70	ظ 80	ع 90	غ 100	ف 200	ق 300
ک 400	ل 500	م 600	ن 700	و 800	ہ 900	ی 1000

حروف ابجد قمری

ا 1	ب 2	ج 3	د 4	ہ 5	و 6	ز 7
ح 8	ط 9	ی 10	ک 20	ل 30	م 40	ن 50
س 60	ع 70	ف 80	ص 90	ق 100	ر 200	ش 300
ت 400	ث 500	خ 600	ذ 700	ض 800	ظ 900	غ 1000

عمل یا وظیفہ سے قبل حصار

کوئی بھی عمل یا وظیفہ کریں اس سے پہلے حصار کرنا ضروری ہے کیونکہ حصار ایک ایسی حفاظت دیتا ہے کہ دوران عمل یا وظیفہ جنات یا دوسری مخفی طاقتیں صاحب وظیفہ کو نقصان نہ پہنچائیں۔ حصار جتنا بہتر اور اچھا ہو گا وظیفہ میں اتنی ہی قوت پیدا ہوتی ہے کسی عمل یا وظیفہ کی رجعت میں محفوظ رہنے کیلئے بھی حصار کیا جاتا ہے حصار کرنے سے قبل نیت کریں کہ میں اپنے آپ کو اور اہل خانہ کو اللہ کی حفاظت میں دیتا ہوں بوسیلہ واسطہ محمد وآل محمد۔ **حصار نمبر 1:**۔اول آخر درود پاک پڑھنے کے بعد 7 بار تعوذ پڑھیں۔21,21 بار یا حافظ یا حفیظ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور پورے جسم پر پھیر لیں جب عمل یا وظیفہ ختم کر چکیں تو دوبارہ اس کو دہرائیں اور اپنی نشست سے اٹھ جائیں۔ **حصار نمبر 2:**۔اول آخر درود پاک پڑھنے کے بعد چاروں قل اور آیت الکرسی ایک بار پڑھیں۔آخر میں یا قوی یا قابض پڑھ کر چاروں سمتوں میں دم کریں۔شہادت کی انگلی پر پھونک کر اپنے گرد دائرہ لگائیں آسمان اور زمین پر پھونک ماردیں۔ **حصار نمبر 3**:۔اول آخر درود شریف پڑھ کر جس کلام کا وظیفہ کر رہے ہوں وہ کلام 7 بار پڑھیں اور 7 بار سورۃ یٰسین کی آیت نمبر 6 تا 7 پڑھیں۔(نوٹ) قارئین کوئی بھی عمل شروع کرنے سے پہلے ان حصار کو لازمی ذہن میں رکھیں اور ان میں سے کوئی بھی حصار لگا کر عمل شروع کریں تاکہ عمل کی رجعت اور ناکامی سے بچا جا سکے۔

سمت رجال الغیب

رجال الغیب سے مردان خدا ہیں جنہوں نے اپنی زندگی عبادت و ریاضت میں گزاری۔اللہ تعالیٰ ان کے اٹھے ہوئے ہاتھوں کو بھی خالی نہیں لوٹاتا اور دوران عمل ان مردان خدا سے امداد لی جائے تو عمل میں کامیابی یقینی ہوتی ہے۔چاند کی تاریخوں کے مطابق یہ اپنی سمت تبدیل کرتے ہیں ذیل میں دی گئی چاند کی تاریخوں کے مطابق اپنے چہرہ سمت کی جانب کریں گے تو مردان خدا آپ کی پشت پر ہونگے۔اگر رجال الغیب سامنے ہونگے تو عمل الٹ ہو جائیگا۔

سمت	قمری تواریخ
شمال مغرب	1,9,16,24
شمال مشرق	2,10,17,25
شمال	3,11,18,26
مشرق	4,12,19,27
جنوب مشرق	5,13,20
جنوب مغرب	6,21,28
مغرب	7,14,22,29
جنوب	8,15,23,30

خصوصی عزیمت سیارگان دفع پریشانی

مصائب وحادثات، بدنصیبی، خاتمہ جادو کے اثرات

یَا اَللّٰہُ یَاھَادِیُ یَا طَاھِرُ یَامُغْنِیُ یَا نَافِعُ یَاصَبُورُ یَاکَافِیُ یَاسَمِیعُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوم یَالَطِیفُ یَاعَظِیمُ یَارَئُوفُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِینُ اِحْفَظْنِی مِنَ النُّحُوسَتِ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَلُ وَالزُّھْرَہ وَالْعَطَارِدُ وَالْمَرِّیخُ وَالرَّاسُ وَالذَّنَبُ بِحَقِّ یَااَللّٰہُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ یَالَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُولَدْ وَلَمْ یَکُن لَّہٗ کُفُوًا اَحَد

اول وآخر سات بار درود شریف

"صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمْ"

گیارہ بار درج بالا عزیمت کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور پورے جسم پر پھیر لیں اگر یہی معمول ہمیشہ رکھیں گے تو انشاء اللہ ہمیشہ پریشانی مصائب اور جادو کے اثرات، دوسری نحوستوں، دشمنوں کے حملوں سے بچے رہیں گے۔والدین بچوں کے لیے یہ عزیمت خود پڑھ سکتے ہیں۔

دعائے رجال الغیب

کسی بھی عمل کی ابتداء سے قبل دو رکعت نماز نفل برائے استطاعت وامداد رجال الغیب ادا کریں اور دعائے رجال الغیب سمت کے مطابق 11 بار پڑھیں دعائے رجال الغیب یہ ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَااَرْوَاحِ الْمُقَدَّسَتِہ اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَا رِجَالُ الْغَیبِ اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَانُجَبَاءُ اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَا اَوْتَادُو اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَا اَفْرَادُ اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَااُمَتَاءُ اَلسَّلَامُ عَلَیکُمْ یَاغَوْثَاءُ اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَااَقْطَابُ الاَقْطَابُ اَغِیثُونِی بِغَوْثَتِہ وَالْظُرُونِی بِنَظْرَۃٍ وَارْحَمُونِی بِرَحْمَتٍ وَحَصِّلُونِی مُرَادِی وَمَقْصُودِی وَقُومُوا اِلٰی حَوَائِجِی فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِینَ الطَّاھِرِینَ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ۔

فیصل نیوز ایجنسی کچہری بازار راجن پور 0641-688663 ادارہ روحانیات

شمس و قمر 2011ء

نظر قران		نظر مقابلہ	
تاریخ	وقت	تاریخ	وقت
04 جنوری	14:04	20 جنوری	02:22
03 فروری	07:32	18 فروری	13:37
05 مارچ	01:47	19 مارچ	23:11
03 اپریل	19:33	18 اپریل	07:45
03 مئی	11:52	17 مئی	16:10
02 جون	02:04	16 جون	01:15
01 جولائی	13:55	15 جولائی	11:41
29 اگست	08:05	06 اگست	16:09
27 ستمبر	16:10	12 ستمبر	14:28
26 اکتوبر	24:57	12 اکتوبر	07:07
25 نومبر	11:11	11 نومبر	01:17
24 دسمبر	23:08	10 دسمبر	19:37

درج بالا جدول میں دیئے گئے وقت مکمل اور کامل قران نظر مقابلہ کا ہے اعمال اور وظائف کیلئے ان نظرات کو استعمال میں لانا ہو تو درج بالا اوقات سے 01 گھنٹہ قبل اور 01 گھنٹہ بعد تک اس نظر کا اثر رہتا ہے یعنی قمری نظرات کا وقت 02 گھنٹے ہے۔

نظر قران: ۔شمس و قمر نظر قران سعد ہے ان سے فائدہ حاصل کرنے کیلئے کئی اعمال ہیں ان نظرات میں کیے گئے کام مثبت نتائج دیتے ہیں۔ اسی دوران کسی بھی شے کی خرید و فروخت معاہدہ' تجارت' نفع بخش ثابت ہوتی ہے خصوصاً ان اوقات میں اولاد نرینہ کے حصول کیلئے اعمال اور وظائف مجرب نتائج دیتے ہیں نکاح' کاروباری بندش کا خاتمہ کے سلسلہ میں بھی کیے گئے اعمال اس وقت میں جلد اور اچھے نتائج دیتے ہیں۔

نظر مقابلہ: ۔شمس و قمر نظر مقابلہ نحس نظر ہے۔ اس نحس نظر میں بیشتر عاملین عمل شر کرتے ہیں ان اوقات میں درج بالا دیئے گئے امور سے کسی کی بھی ابتداء نہ کریں ورنہ انجام بہتر نہ ہوگا سیارگان کی یہ نظر مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے ان میں لڑائی جھگڑا پیدا کرنا اور دشمن کو ذلیل و خوار کرنے کیلئے عمل کیے جاتے ہیں۔

0300-6351192

قمری داخلہ در قطبین 2011ء

قطب شمالی		قطب جنوبی	
تاریخ	وقت	تاریخ	وقت
10 جنوری	20:23	05 جنوری	16:10
02 فروری	03:45	02 فروری	01:40
06 مارچ	10:13	01 مارچ	13:05
02 اپریل	16:15	28 اپریل	23:43
29 اپریل	22:33	25 اپریل	07:42
27 مئی	05:36	22 مئی	13:10
23 جون	13:23	18 جون	13:07
20 جولائی	21:25	15 جولائی	00:44
17 اگست	05:01	12 اگست	09:54
13 ستمبر	11:49	08 ستمبر	20:45
10 اکتوبر	17:57	06 اکتوبر	07:17
07 نومبر	00:02	02 نومبر	15:38
04 دسمبر	06:51	29 دسمبر	21:25
31 دسمبر	14:48	27 دسمبر	04:34

سیارہ قمر مختلف بروج میں مختلف اثرات ظاہر کرتا ہے شمالی بروج میں سیارہ قمر کو عروج حاصل ہوتا ہے وہ بروج جن میں سیارہ قمر سعد ہوتا ہے ان بروج میں ثور' جوزا' سرطان' اسد' سنبلہ اور میزان شامل ہیں۔ جب سیارہ قمر قطب شمال میں ہو تو اس وقت سعد کام کرنا فائدہ مند ہوتا ہے۔ قطب شمالی میں داخلے سے قطب جنوبی میں داخلے کا وقت سعد ہوتا ہے۔

قطب شمالی میں قمری داخلہ جاننے کیلئے پہلا کالم استعمال کریں جونہی دوسرے کالم کی ابتدائی تاریخ داخلہ قطب جنوبی قمر شروع ہوگا۔

قطب شمالی: ۔جن میں سیارہ قمر کو عروج حاصل ہوتا ہے ان میں برج ثور کے 3 درجہ پر شرف برج سرطان کے 3 درجہ پر اوج برج سنبلہ میں عروج برج جوزا میں فرح ہوتا ہے۔ جو کہ سیارہ قمر کیلئے سعد بروج کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس دوران کسی بھی کام کا کرنا فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

قطب جنوبی: ۔جن میں قمر کو زوال ہوتا ہے اُن میں حمل' عقرب' قوس' جدی' دلو اور حوت شامل ہیں ان میں عقرب کے 3 درجہ پر ہبوط جدی کے 3 درجہ پر تخفیف حوت میں زوال اور قوس میں طرح (آفت) ہے۔

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابتدائی درود سورۃ مزمل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہٖ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلُ وَالْخَصَائِصُ

سورۃ مزمل سے متعلق یہ خاص ورد پاک اور اختتامی درود پاک بہت ہی نایاب ہے جو کہ شاید آپ نے آج تک نہ سنے اور نہ ہی پڑھیں ہونگے۔ درود مزمل کی یہ خاصیت ہے کہ سورۃ مزمل کے وظیفہ یا ورد سے پہلے اس درود پاک کا ورد کیا جائے تو اس وظیفہ کی چلہ کشی میں یا جس مقصد کے حصول کیلئے سورۃ مزمل پڑھی جائیگی وہ مقصد فوری پورا ہوگا اور ایک خاص روحانیت پیدا ہوتی ہے۔

اختتامی درود سورۃ مزمل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہٖ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَمِّل وَالْخَصَائِصُ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُوْمِنِیْنَ وَالْکَافِرُوْنَ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمَعَطِرِ وَالْمَدَدِ وَجَمِیْعِ اَلنُّبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ اَنْ تُزَمِّلْنِیْ بِرِءٍ ی بِلُطْفِکَ عَنْ عُیُوْنِ الْبَاغِیْنَ وَالطَّاغِیْنَ وَالْحَاسِدِیْنَ مِنْ اَعْدَائِیْ وَاَعْدَائِکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا مَنْ ھُوَ یَامَنْ لَیْسَ لَہٗ اِلَّا یَا مَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ ○ اَللّٰھُمَّ اَحْفِظْنِیْ عَنِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاھَاتِ یَا اَللّٰہُ صَمَدِیْ وَمَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ یَا اَللّٰہُ۔

اختتامی درود پاک کی بھی فضیلت بہت زیادہ ہے یہ درود پاک کئی سو سالہ پرانی بیاض سے میسر آئے ہیں اس بیاض میں سورۃ مزمل کے خاص طریقہ زکات اور مشکلات سے حل کیلئے سورۃ مزمل کا وظائف درج ہیں قارئین کیلئے میری جانب سے سال نو کا اس سے بڑھ کر بیش قیمت تحفہ اور کوئی نہیں ہوسکتا اللہ تعالیٰ قارئین کرام کی تمام مشکلات اور پریشانیوں کو آسان فرمائے اور آپ لوگوں کو روحانی وجسمانی صحت والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ صدقہ محمدؐ و آل محمدؐ میرا اور آپکا خاتمہ ایمان پر ہو بوسیلہ واسطہ حضرت محمدؐ بحق **یا ایھا المزمل (آمین)**

دعا گو:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

سورۃ مزمل مع ترجمہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ﴿۴﴾ اِنَّا

اے کپڑوں میں لپٹنے والے رات کو (نماز میں) کھڑے رہا کرو مگر تھوڑی سی رات یعنی نصف رات (کہ اس میں قیام نہ کرو بلکہ آرام کرو) یا اس نصف سے کسی قدر کم کردو۔ یا نصف سے کچھ بڑھا

سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ﴿۵﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِیْلًا ﴿۶﴾ اِنَّ لَكَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا ﴿۷﴾

دو اور قرآن کو خوب صاف صاف پڑھو (کہ ایک ایک حرف الگ الگ ہو) ہم تم پر ایک بھاری کلام ڈالنے کو ہیں (مراد قرآن مجید ہے) بیشک رات کے اٹھنے میں دل اور زبان کا خوب میل ہوتا ہے اور

وَ اذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ﴿۸﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا ﴿۹﴾ وَ اصْبِرْ عَلٰی

بات خوب ٹھیک نکلتی ہے بیشک تم کو دن میں بہت کام رہتا ہے (دنیوی بھی اور دینی بھی) اور اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو اور سب سے قطع کر کے اسی کی طرف متوجہ رہو وہ رب مشرق و مغرب کا مالک

مَا یَقُوْلُوْنَ وَ اهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِیْلًا ﴿۱۰﴾ وَ ذَرْنِیْ وَ الْمُكَذِّبِیْنَ اُولِی النَّعْمَةِ وَ مَهِّلْهُمْ قَلِیْلًا ﴿۱۱﴾ اِنَّ لَدَیْنَاۤ اَنْكَالًا

ہے اس کے سوا کوئی قابل عبادت نہیں تو اسی کو اپنے کام سپرد کردینے کے لئے قرار دیئے رہو اور یہ لوگ جو باتیں کرتے ہیں ان پر صبر کرو اور خوبصورتی کے ساتھ ان سے الگ ہو جاؤ۔ اور مجھ کو اور ان

وَّ جَحِیْمًا ﴿۱۲﴾ وَّ طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿۱۳﴾ یَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَ الْجِبَالُ وَ كَانَتِ الْجِبَالُ كَثِیْبًا مَّهِیْلًا ﴿۱۴﴾

جھٹلانے والوں نازو نعمت میں رہنے والوں کو (حالت موجودہ پر) چھوڑ دو (یعنی رہنے دو) اور ان لوگوں کو تھوڑے دنوں اور مہلت دے دو۔ ہمارے یہاں بیڑیاں ہیں اور دوزخ ہے اور گلے میں پھنس

اِنَّاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلَیْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَیْكُمْ كَمَاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ

جانے والا کھانا ہے اور دردناک عذاب ہے۔ جس روز کہ زمین اور پہاڑ ہلنے لگیں گے اور پہاڑ (ریزہ ریزہ ہو کر) ریگ رواں ہو جاویں گے بے شک ہم نے تمہارے پاس ایک ایسا رسول بھیجا ہے جو تم

اَخْذًا وَّبِیْلًا ﴿۱۶﴾ فَكَیْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ یَوْمًا یَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِیْبَا ﴿۱۷﴾ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا

پر (قیامت کے روز) گواہی دیں گے جیسا ہم نے فرعون کے پاس ایک رسول بھیجا تھا پھر فرعون نے اس رسول کا کہنا نہ مانا تو ہم نے اس کو سخت پکڑنا پکڑا سو اگر تم (بھی بعد پہنچنے رسولؑ کے نافرمانی اور)

﴿۱۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّهٖ سَبِیْلًا ﴿۱۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ یَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ الَّیْلِ وَ نِصْفَهٗ

کفر کرو گے تو اس دن سے کیسے بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا۔ جس میں آسمان پھٹ جائے گا۔ بیشک اس کا وعدہ ضرور ہو کر رہے گا۔ یہ (تمام مضمون) ایک (بیخ) نصیحت ہے سو جس کا جی چاہے

وَ ثُلُثَهٗ وَ طَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِیْنَ مَعَكَ وَ اللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَیْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ

اپنے پروردگار کی طرف رستہ اختیار کرے۔ آپ کے رب کو معلوم ہے کہ آپ اور آپ کے ساتھ والوں میں بعضے آدمی (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات

مِنَ الْقُرْاٰنِ عَلِمَ اَنْ سَیَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰی وَ اٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اٰخَرُوْنَ

(نماز میں) کھڑے رہتے ہیں۔ اور رات اور دن کا پورا اندازہ اللہ ہی کر سکتا ہے اس کو معلوم ہے کہ تم اس (تقدیر وقت) کو ضبط نہیں کر سکتے تو اس نے تمہارے حال پر عنایت کی سو (اب) تم لوگ جتنا

یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنْهُ وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا وَ مَا

قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو۔ اس کو معلوم ہے کہ بعضے آدمی تم میں بیمار ہوں گے اور بعضے تلاش معاش کے لئے ملک میں سفر کریں گے اور بعضے اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے (اس لئے بھی اس

تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا وَ اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۲۰﴾

حکم کو منسوخ کر دیا) سو (اس لئے بھی تم کو اجازت ہے کہ اب) تم لوگ جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو اور نماز فرض کی پابندی رکھو اور زکوۃ دیتے رہو اور اللہ کو اچھی طرح (یعنی اخلاص

سے) قرض دو اور جو نیک عمل اپنے لئے آگے (ذخیرہ آخرت بنا کر) بھیج دو گے اس کو اللہ کے پاس پہنچ کر اس سے اچھا اور ثواب میں بڑا پاؤ گے۔ اور اللہ سے گناہ معاف کراتے رہو۔ بے شک اللہ غفور رحیم ہے۔

ادارہ روحانیات
فیصل نیوز ایجنسی کچہری چوک راجن پور 041-688663

خواص سورۃ مزمل

قارئین مزمل روحانی جنتری کو سال نو مبارک ہو میرے محترم قارئین جانتے ہیں کہ ان صفحات پر سورۃ مزمل سے متعلقہ خاص اعمال اور خواص دیئے جاتے ہیں۔ سورۃ مزمل سے متعلقہ اعمال وخواص اور واقعات صرف اس بات کے پیش نظر شائع کیے جاتے ہیں کہ قارئین کی نظر میں قرآن کی مزید اہمیت افادیت بڑھے اور ہم جو دن بدن قرآن سے دور ہوتے جارہے ہیں۔ کسی طرح ہماری عملی زندگی میں یہ کتاب شامل ہو جائے تو ہمارے دل وروح سے اس کلام پاک کی تلاوت ہوتی رہے۔ قرآن پاک سے متعلقہ اور منسوب ذرہ برابر جھوٹ دوزخ کے نزدیک لے جاتا ہے لہذا اس بات کی مکمل یقین دہانی اور مشاہدہ کے بعد سنے سنائے واقعات نہیں صرف وہ مشاہدات ان صفحات پر پیش کیے جاتے ہیں جو کہ بندہ احقر محمد ایاز مزمل حسین شاہ کے ساتھ پیش آئے کسی کی بات سننے میں یا کسی سے کوئی واقعہ جو کہ کسی تیسرے شخص کے ساتھ گزرا ہو سننے میں کہیں کوئی لچک اور ابہام آسکتا ہے لیکن جو مشاہدہ خود سے گزرا ہو اس میں شک وشبہ نہیں۔

سال 2012ء کی مزمل روحانی جنتری کیلئے سورۃ مزمل سے متعلقہ ایسا روحانی مشاہدہ پیش کر رہا ہوں جو کہ خود اپنی ذات پر گزرا جسے تا حیات نہیں بھلا سکتا اور آج کی یہ زندگی بھی اسی مشاہدہ کی دی جانے والی بھیک ہے۔

موت برحق ہے اس تلخ حقیقت سے کوئی بھی شخص انکار نہیں کر سکتا کیونکہ جا بجا قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے **کل نفس ذائقة الموت** (ترجمہ) ''ہر ذی نفس کو موت کا مزہ چکھنا ہے'' اسی لئے فرمایا ہے کہ ہم اپنے اعمال درست کرلیں۔ آپ نے اب تک ایسے واقعات صرف کسی تیسرے چوتھے یا پانچویں شخص سے متعلقہ سنے ہونگے کہ فلاں شخص کا انتقال ہو گیا اور پھر کچھ دیر بعد وہ زندہ ہو گیا اور پھر اُس نے خوف کے مارے کچھ نہ بتایا یا کچھ بتایا تو بہت کم۔

ایسا ہی واقعہ بندہ احقر کے ساتھ اب سے کم وبیش 6 سال قبل پیش آیا جب مزمل روحانی جنتری کا پہلا ایڈیشن شائع کرنا تھا۔ کچھ روحانی مجبوریاں تھیں جس کی بناء پر زبان وقلم کو خاص وقت کیلئے اس واقعہ کے اظہار سے منع فرمادیا گیا۔ یہ روحانی مشاہدہ موت کچھ اس طرح ہوا کہ میرے ایک دوست اور امام مسجد قاری اشرف صاحب 05 اکتوبر 2005ء بعد نماز عصر تشریف لائے کافی گھبرائے ہوئے تھے۔ کہنے لگے کہ آج جب ظہر کی نماز ادا کی تو اس کے بعد میری پشت پر تازہ خون کے چھینٹے تھے اور کافی زیادہ مقدار میں تھے میں نے اس بات کو وہم سمجھا اور کپڑے تبدیل کرلئے لیکن بعد نماز عصر سے اب مغرب کا وقت قریب ہے میرا دل ڈوبتا جارہا ہے۔ عجیب وغریب خیالات میرے دل میں آرہے ہیں کہ کچھ ہونے والا ہے میں نے کچھ ورد اُن کو پڑھنے کیلئے دیا اور کہا آپ کی ان باتوں کا جواب صبح دوں گا کیونکہ رات کو استخارہ سے جو بھی پتہ چلا اُس کا حل صبح ہی کریں گے لیکن بعد نماز مغرب اُن کے گھر سے بلاوا آیا کہ قاری صاحب کی حالت بہت زیادہ خراب ہوگئی ہے۔ دیکھا تو قاری صاحب بے سُدھ حالت میں لیٹے ہوئے ہیں اور واقعی حالت خراب تھی۔ میں سمجھ چکا تھا کہ کسی جادوگر نے کالے علم کے ذریعے قاری صاحب کو نشانہ بنایا ہے۔ اس کے توڑ کیلئے میں نے کلام پاک کا سہارا لیا اور اپنا عمل شروع کیا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اپنی طبیعت بھی گھبرانا شروع ہوگئی کیونکہ کالے علم کا وار شدید تر تھا اور بہت طاقتور شیطانی قوتوں سے مدد لی گئی تھی۔ آئندہ صبح قبل نماز فجر ایک وظیفہ کا آغاز کیا کیونکہ رمضان المبارک کا چاند نظر آچکا تھا اور آج چاند کی پہلی تھی۔ قاری صاحب نے تراویح کا بھی اہتمام کرنا تھا لیکن حالت خراب ہونے کی وجہ سے وہ ایسا نہ کر سکے اور اُن کی جگہ مسجد کے موذن نے کیا۔ میرے مسلسل عمل سے یہ فائدہ ہوا کہ 3 روز کے بعد قاری صاحب کی طبیعت بہتر ہوگئی اور جماعت کروانے کے قابل بھی ہوگئے۔ قاری صاحب پر یہ جادو کسی حاسد نے کروایا یہ ایک الگ واقعہ ہے۔

کیپٹل بکڈپو جی ٹی روڈ ہری پور ہزارہ 0301-7293429 ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

لیکن 04 رمضان کے بعد بندہ احقر کی حالت خراب ہونا شروع ہوگئی اور وقت تہجد ان شیطانی قوتوں کا اس قدر حملہ ہوا کہ کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا جبکہ رمضان کا چاند نظر آتے ہی ان شیاطین کو جکڑ دیا جاتا ہے مگر رمضان سے پہلے قاری صاحب پر یہ جادو چلایا گیا تھا جس کے اثرات قاری صاحب کے جسم میں مکمل طور پر داخل ہو چکے تھے۔ کلام الٰہی کے ورد سے قاری صاحب تو بہتر وہ گئے لیکن بندہ احقر کی حالت خراب ہونا شروع ہوگئی۔ اُس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ قاری صاحب کو صدقہ کی ہدایت کی گئی جو کہ اُنہوں نے نہ کیا دیگر احتیاط بھی بتائی گئی تھیں جس کی انہوں نے پرواہ نہ کی۔ ان شیطانی قوتوں نے پہلے سے زیادہ سخت حملہ بندہ احقر محمد ایاز مزمل حسین شاہ پر کر دیا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ حملہ کے تیسرے دن منہ سے خون جاری ہوگیا اور حالت دن بدن بگڑنا شروع ہوگئی۔ سورہ مزمل کی روحانیت سے علم میں آیا کہ شدید حملہ کے باعث اور صدقہ نہ دینے کی وجہ سے اُن صاحب کی مصیبت اب آپ کے گلے میں پڑ چکی ہے۔ صبح ایک کالا بکرا صدقہ دیں۔ بندہ احقر کے شاگرد خاص شہزادہ رضوان حسین شاہ کو کچھ خاص کلام قرآن پڑھنے کی ہدایت کی لیکن کوئی خاص فرق نہ پڑا حالت بگڑتے ہوئے اس نوبت تک پہنچی کہ ہسپتال ایمرجنسی میں پہنچا دیا گیا اس سے پہلے باقاعدہ طور پر میڈیکل ٹریٹمنٹ بھی جاری تھا میرے ایک بہت محسن ڈاکٹر مکمل فرائض انجام دے رہے تھے۔ ایمرجنسی سے پھر گھر منتقل کر دیا گیا وقت اذان عصر تھا کہ حالت غیر ہوگئی اور ڈاکٹر صاحب بھی ساتھ تھے کہ دیکھتا ہوں کہ 4 خوبصورت سفید پوش آئے اُس وقت اتنی تکلیف ہوئی کہ انہوں نے جسم سے جیسے کچھ چنا ہوا اور کھینچا ہو جس سے پورا جسم پسینے میں شرابور ہوگیا اور ایسی سخت تکلیف ہوئی جس کو لفظوں میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔ وہ موت کی تکلیف تھی اور خود کو میں جسم سے علیحدہ ہوا میں اُڑتا ہوا دیکھ رہا تھا اسی دوران مشاہدہ کیا کہ بہت سی ارواح اوپر سے نیچے کی طرف آرہی ہیں اور کئی ارواح نیچے سے اوپر کی جانب جارہی ہیں پھر اچانک ایک مقام پر جا کر بہت بڑا دفتر محسوس ہوا جہاں پر مختلف قسم کی ارواح ہوا میں معلق اس طرح تھیں جیسا کہ تار پر کپڑے لٹکائے ہوئے ہوں یہ بے لباس ارواح مسلسل ایک جگہ پر ٹھہری ہوئی تھیں۔ سفید پوش بزرگ نے پوچھا کہ اب کون آیا ہے تو دوسرے نے جواب دیا کہ ایاز مزمل مجھے ایک طرف کھڑا کر دیا گیا۔ میں نے ایک نظر دوڑائی اور کسی سے پوچھا کہ یہاں پر کون لوگ ہیں؟ جواب دیا گیا کہ یہ وہ تمام لوگ ہیں جو کہ دُنیا میں کسی نہ کسی حوالے سے شہرت رکھتے تھے۔ اس کے علاوہ اُس مقام پر دیگر اس قسم کے دفاتر تھے۔ اس وقت میں نے کچھ ہمت سے کام لیا اور کہا کہ "میں ابھی یہاں نہیں آنا چاہتا تھا بہت سے کام میرے ذمے ہیں اور چند ایک خاص روحانی باتیں کی جن کا یہاں تذکرہ نہیں کرنا چاہتا" اس کے بعد دو بزرگ اور نمودار ہوئے انہوں نے فرمایا کہ جو یہاں ایک بار لایا جاتا ہے اُسے واپس جانے کی اجازت نہیں ہوتی میری آہ بکا جو کہ اللہ کے حضور تھی سُن لی گئی اور پھر ایک بزرگ حاضر ہوئے فرمایا کہ لوح محفوظ میں دیکھا جائے کہ ان سے متعلق کیا درج ہے۔ پھر دو بزرگ ظاہر ہوئے اور انہوں نے فرمایا کہ اب کیا چاہ رہے ہو اس دوران جو بھی باتیں ہوئیں اُن کا بھی ذکر نہیں کرنا چاہتا کیونکہ یہ میرا اور اُن کا ایک روحانی معاہدہ ہے۔ اس کے بعد اُس فضاء سے واپس زمین کی طرف بھیج دیا گیا۔ فضاء میں پہلے کی طرح کئی ارواح زمین کی جانب آتے اور جاتے ہوئے دیکھا پھر ایک جھٹکے سے جسم فانی میں داخل ہوگیا۔ سب سے پہلے یہ محسوس ہوا جیسے میں نے اپنے دائیں پاؤں کے انگوٹھے کو حرکت دی ہو پھر بہت کوشش اور جستجو سے آنکھ کھولی دیکھا تو اہل خانہ گریہ زاری کر رہے تھے۔ کسی کی آواز آئی کہ ابھی پاؤں کا انگوٹھا ہلا ہے۔ ڈاکٹر صاحب دوڑے ہوئے میری طرف لپکے بہت حیرانی سے میری طرف دیکھ رہے تھے میرے ہاتھ اور پاؤں کو سہلایا گیا اور منہ میں پانی کی چند قطرے ڈالے اس کے بعد چند بکروں کا صدقہ اس طرح دیا کہ ایک دن کے بعد ایک دن جوں جوں دن گزرتے گئے حالت بہتری کی جانب آتی گئی مگر منہ سے خون مسلسل 6 ماہ جاری رہا اور اس طرح اللہ نے ایک نئی زندگی عطا فرمائی۔ یہ تمام تر معجزہ سورۃ مزمل کی برکات و فیض کا ہے کہ جس کی چلہ کشی نے دوسری زندگی دی اگر دل سے خلوص نیت سے قرآن پاک کی کسی بھی آیت کا یا سورۃ مبارکہ کا ورد کیا جائے تو کوئی شک نہیں کہ آپ موت سے بھی لڑ سکتے ہیں۔ آج 25 اکتوبر 2011ء بروز منگل ہے اور انشاء اللہ 28 اکتوبر 2011ء بروز جمعہ المبارک فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے روانہ ہو رہا ہوں۔ سورۃ مزمل کا ورد رکھنے والے تمام دوست احباب اور بھائیوں سے التماس ہے کہ اپنی عبادات خصوصاً سورۃ مزمل کا ورد جب بھی کریں درود مزمل کسی صورت میں بھی پڑھنا نہ بھولیں اور اپنی ہر دعا ہر نماز میں بندہ احقر کی زندگی، صحت، سلامتی اور خوشحالی کی دعا مانگیں یہی دعا میری آپ سب لوگوں کیلئے ہے۔

ادارہ روحانیات فائیو سٹار بک سیلر C/O اعجاز نیوز ایجنسی محلہ قصاباں بنوں 0345-9643674

Scanned with CamScanner

عمل تسخیر ہمزاد: ۔روزانہ سورۃ مزمل بعد نماز عشاء مکمل یکسوئی کے ساتھ درود مزمل 11 بار پڑھیں اب سورۃ مزمل ایسے شروع کریں کہ ہر آیت کے بعد کلمہ **یا لطیف 129** بار پڑھا جائے۔اس طرح سورۃ مزمل کی کل 20 آیات ہیں یعنی 129 بار **یا لطیف 20** تعداد میں پڑھا جائے گا۔مدت عمل کم از کم 40 اور زیادہ سے زیادہ 129 یوم ہے۔انشا اللہ اسی دوران ہمزاد حاضر ہوگا شروع میں خواب کی حالت میں زابطہ کرتا ہے اور آہستہ آہستہ نظروں کے سامنے آنا شروع ہو جاتا ہے جب ہمزاد خود کو ظاہر کرنے لگے اس عمل کی کامیابی کے بارے میں کسی سے ذکر نہ کریں انشا اللہ ہمزاد کی ایسی طاقتور قسم مسخر ہوگی۔جو کہ نا قابل بیان قوتیں رکھتی ہے جو لوگ کمزور روحانی قوت کے مالک ہیں اس عمل سے وہ بھی استفادہ کر سکتے ہیں کم از کم اس عمل کی قوت سے کم از کم ہمزاد کی ایسی قسم مسخر ہوگی کہ جو آپ کو اطلاعات اور معمولی کاموں میں مدد دے گی۔

عمل کے آغاز سے قبل کلمہ استغفار کا ورد کر رہے ہوں تو اگر سوا لاکھ بار **یا لطیف** کا ورد کر لیا جائے تو عمل کی قوت ہزار گنا بڑھ جاتی ہے۔میرے اس مضمون سے ہو سکتا ہے کہ وہ قارئین اعتراض کریں کہ جن کے ذہن میں یہ بات راسخ ہو چکی ہو ہمزاد تو ایک، دو یا تین دن کے عمل سے ہو جاتا ہے۔اور یہ صاحب تو اتنا لمبا چوڑا عمل بتا رہے ہیں۔اپنے اس خیال کے بارے میں اُن لوگوں سے معلوم کریں کہ جنہوں نے دو یا تین دن کئے ہوں اور اُن میں سے کتنے لوگوں کو کامیابی ملی۔جن کتابوں میں اتنے کم مدت کے اعمال شائع کئے جاتے ہیں کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ مولف یا مصنف نے یہ عمل خود بھی کبھی کئے ہیں اگر ان میں سے ایک یا دو عمل کئے بھی ہوں تو اُنہیں کس حد تک کتنی کامیابی ملی۔ اگر کسی کے باپ دادا یا جدامجد سے کسی نے کوئی ایک آدھ عمل کیا ہوا اور اس میں کامیابی ہو سکتا ہے کہ ملی ہو تو پوری پشت اُسی ایک عمل کا ڈھنڈورا پیٹتی رہتی ہے لیکن یہ بھی دیکھا جائے کہ مصنف یا مولف کا اپنا نامہ اعمال کیا ہے؟ یہی وجہ ہے کہ جو لوگ تسخیر ہمزاد کے معاملے میں اب تک مایوس اور ناکام ہو چکے ہیں وہ دو تین روز کے عمل کو ہی کل کائنات سمجھ کر بیٹھ گئے اور پھر ناکامی کے بعد رجعت میں مبتلا ہو گئے۔لیکن وہ لوگ جو کہ عرصہ دراز سے ہمزاد سے متعلقہ درست عمل کی تلاش میں ہیں۔یقیناً ان کے لئے یہ عمل گوہر نایاب ہے۔درج بالا تسخیر ہمزاد کا عمل مکمل ذمہ داری سے شائع کر رہا ہوں جن کے دلوں میں تقویٰ اور ایمان کی قوت ہے یقیناً اس سے فیض حاصل کریں گے۔

تسخیر ہمزاد اس وقت تک بھی ممکن نہیں ہوتا جب تک آپ کے اپنے ہمزاد کی قوت زیادہ نہ ہو۔خود سوچ سکتے ہیں کہ کیا ایک چڑیا ہاتھی کا مقابلہ کر سکتی ہے۔بس یہی مثال ان لوگوں کے لئے ہے جن کی اپنی روحانی قوت کمزور ہوتی ہے۔اور وہ موکلات، جنات، ہمزاد، پریاں وغیرہ کی تسخیر کے لئے ٹکریں مارتے رہتے ہیں۔ناکامی پر عمل کو غلط قرار دے دیتے ہیں۔وہ شائقین عمل ہمزاد جو کہ ابھی روحانی اعمال سیکھنا شروع کر رہے ہیں یا باقاعدہ کسی استاد کے زیر تربیت نہیں ان سے گزارش ہے کہ یہ عمل نہ کریں۔تسخیر ہمزاد کے سلسلہ میں جو نقش ہمزاد کی قوت اور تاثیر میں اضافہ کا باعث بنتا ہے۔وہ نقش عمل کے آغاز سے قبل تحریر کریں اور اللہ رب العزت سے اس عمل کی کامیابی کی دعا کریں۔دوران عمل قواعد عملیات اور دلوازمات عملیات کا از حد خاص خیال رکھا جائے۔

چال نقش

٨	١١	١۴	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	۴	١٥

نقش مبارک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا محمد — یا جبرائیل — یا اللہ

١٨١۴١	١٨٥٢٨	١٨٩١٥	١٧٢٣٨
١٨٧٨٦	١٧٣٦٧	١٨٠١٢	١٨٦٥٧
١٧۴٩٦	١٩١٧٣	١٨٢٧٠	١٧٨٨٣
١٨٣٩٩	١٧٧٥۴	١٧٦٢٥	١٩٠۴۴

یا علی — یا میکائیل — یا لطیف

ادارہ روحانیات
عمران برادرز نیوز ایجنٹ پھالیہ منڈی بہاؤالدین 0308-6865924

آئینہ رمل اور شناخت چور

تحریر:- خضر عباس بیاسی (راجن پور)

چوری ہوئی ہے یا نہیں سب سے پہلے سائل سے چار نمبر دریافت کریں اور اس کے بعد رمل کا زائچہ بنائیں، زائچہ میں سب سے پہلے یہ دیکھیں کہ چوری ہوئی ہے یا نہیں اگر خانہ دہم میں شکل داخل سعد یا خارج سعد یا ثابت اگر منقلب سعد موجود ہو تو چوری نہیں ہوئی ہے اور سائل دروغ کہتا ہے اگر ثابت سعد اکیلی شکل موجود ہو تو چوری ہوئی ہے اور چور موجود ہے منقلب سعد موجود ہو تو کسی دوست نے چوری نہیں کی ہے، خارج سعد شکل سے چیز ادھار کسی کو دی ہے اور خود بھول کا شکار ہے، داخل نحس سے چور نے اس جگہ سے اٹھا کر کسی دوسری جگہ رکھ دی ہے، منقلب نحس شکل آنے سے تھوڑی چیز چھوڑ گیا ہے اور باقی لے گیا۔ اب خانہ چہارم کو دیکھو اگر بد شکل موجود ہو تو چھت توڑ کر چور گھر میں داخل ہوا ہے اگر خانہ سوئم بد شکل میں موجود ہے تو قفل توٹا خارج سعد یا منقلب سعد سے نقب لگائی ہے اگر تعداد چوروں کی معلوم کرنی ہو تو خانہ ہفتم کی تکرار جس قدر ہو اس قدر چوروں کی تعداد ہوگی۔ **اگر اب یہ دیکھنا ہو کہ وہ چیز کہاں موجود ہے** - نتیجہ ضرب دے کر دہم وہشتم کے نتیجہ کو آپس میں ضرب دو اور حاصل نتیجہ اگر لحیان میں موجود ہو تو چوری شدہ سامان چولہا یا تندور میں یا پھر بھٹی کے احاطے میں رکھ دیا ہے اگر لحیان موجود رمل نہ ہو تو قبرستان کی مسجد کے قریب رکھا ہے اگر قبض داخل شکل ہو تو کسی ویران جگہ پر رکھ دی ہے۔ اگر قبض خارج ہو تو کسی بھوسے وغیرہ یا کوڑا کرکٹ وغیرہ میں رکھ چھوڑی ہے۔ اگر جماعت ہے تو اپنے مکان میں دفن کر کے اوپر یا چاروں اطراف بلاک رکھ دیئے ہیں اگر زائچہ کے خانہ میں جماعت موجود نہ ہو تو چوری شدہ چیز کو اس کونے میں رکھ دیا ہے جس میں آگ نہیں جلائی جاتی اگر فرح شکل موجود ہو تو مکان کے اندر صندوق یا لوہے کے باکس میں چوری شدہ چیز چھپا دی ہے اگر فرح شکل موجود رمل نہ ہو تو کسی باغیچہ وغیرہ میں چھپا دی ہے اگر بیاض شکل میں موجود ہو تو گھر میں پانی ٹینکی کے قریب چوری شدہ سامان کو چھپایا گیا ہے اگر نصرت الخارج موجود رمل نہ ہو تو کسی پرانی سرکاری جگہ کے پاس چھپا دیا گیا ہے اگر عتبۃ الداخل شکل موجود رمل ہو تو کسی صندوق یا لوہے کے باکس میں ڈال کر کسی عالی شان عمارت کے قریب دفن کر دیا گیا ہے اگر طریق شکل رمل زائچہ میں موجود ہو تو چوری شدہ سامان کو کسی کنواں یا کھیت وغیرہ میں رکھ دیا گیا ہے **چور مرد ہے یا عورت** زائچہ بنانے کے بعد اس میں خانہ ہفتم کو دیکھیں جو کہ چور کا خانہ ہے اگر خانہ ہفتم میں مذکر شکل ہو تو چور مرد ہے اور اگر مؤنث شکل ہے تو عورت ہوگی ساتھ میں سعد ونحس کا خیال ضرور کریں اگر زائچہ بند آ رہا ہو تو کچھ عرصہ کے لئے زائچہ نہ بنائیں اور اس وقت کوئی فیصلہ نہ کریں ورنہ غلطی ہو جائے گی۔ **چور گرفتار ہوگا یا نہیں** :- اگر سوال یہ ہو کہ چور گرفتار ہوگا یا نہیں تو زائچہ میں خانہ چہارم ہفتم وپانزدہم میں داخل شکل ہو تو چور گرفتار ہوگا اگر خارج شکل موجود ہو تو چور گرفتار نہ ہوگا اگر ایک داخل ایک خارج ہو تو چور گرفتار ہو کر چھوڑ جائے گا یا پھر بھاگ جائے گا۔

جدول علم رمل اشکال

شکل																
سعد ونحس	سعد اکبر	سعد اکبر	نحس اکبر	ممتزج	سعد اصغر	نحس اکبر	نحس اکبر	نحس اصغر	سعد اصغر	سعد اکبر	سعد اصغر	نحس اکبر	نحس اصغر	سعد اکبر	ممتزج	سعد اصغر
تسکین عنصر	آتشی	خاکی	آتشی	خاکی	بادی	خاکی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	آبی	آتشی	بادی	آبی	بادی	آبی
مذکر مونث	مذکر	مونث	مذکر	مخنث	مذکر	مونث	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مخنث	مذکر
داخل وخارج	خارج	داخل	خارج	ثابت	منقلب	داخل	ثابت	ثابت	خارج	داخل	خارج	داخل	منقلب	داخل	ثابت	منقلب
ستارہ منسوبہ	مشتری	شمس	راس	عطارد	زہرہ	زحل	زحل	مریخ	قمر	شمس	مشتری	ذنب	مریخ	زہرہ	عطارد	قمر
اطراف	مشرق	جنوب	مشرق	جنوب	مغرب	جنوب	جنوب	مغرب	شمال	مشرق	شمال	مشرق	شمال	مغرب	مغرب	شمال
بخانہ شرف	۵	۱۵	۱۱	۹	۱	۹	۱۲	۸	۷	۱۲	۱۲	۱۲	۱۲	۱۱	۲	۷۰
بخانہ وبال	۷ ۱۰	۷	۲ ۱۲	۷ ۷	۱۲ ۲	۷ ۸	۷ ۸	۲ ۱۲	۷	۷	۷ ۱۰	۲ ۱۲	۲ ۱۲	۱۱ ۸	۷ ۷	۷

عابد شاپر فروش ریلوے چوک کوٹ ادو 0333-6002048 | ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

صدری مجرب اعمال

تحریر: محمد نبیل مزمل (ملتان)

قارئین مزمل روحانی جنتری کو نئے سال کی مبارکباد ہو میں چند بیش قیمت عمل آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں جو کہ مجرب ہیں لیکن قارئین سے ایک التجا کرونگا کہ ان میں سے عمل شر بغیر اجازت نہ کریں رجعت کا شدید خطرہ ہے۔ ایک بار پھر کہونگا کہ تمام اعمال مجرب ہیں ان میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے۔

برائے تعلیمی کامیابی

یہ عمل والدین بچوں کے لئے کر سکتے ہیں۔ جس سے بچے تعلیم میں نمایاں پوزیشن لے سکتے ہیں۔ سورۃ یسین دائیں کان میں سورۃ فتح بائیں کان میں اور سورۃ قلم لکھنے والے پین پر ایک بار پڑھیں 3 بار درود ابراہیمی پڑھنا ہے جب بھی امتحان کیلئے جانا ہو علی الصبح یا رات کو کیا جائے انشاءاللہ کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے کامیابی امتحان

پرچہ شروع ہونے سے پہلے سورۃ بقرہ اور بعد سورۃ یسین پڑھ کر دم کر دی جائے تو انشاءاللہ امتحان میں کامیابی ملے گی۔

تحفہ حضرت خضرؑ

ہر کام میں کامیابی کیلئے یہ عمل کیا جا سکتا ہے سوا پاؤ کچی باسمتی چاول پیالے میں رکھ کر اوپر سے دوسرا پیالہ اوندھے منہ رکھ دیں اور اس کو بہتے ہوئے پانی میں چھوڑ دیں جہاں تک ہاتھ جائے بعد عمل 5 تسبیح عبارت عمل جو کہ ذیل میں دی گئی ہے پڑھ لیں۔ انشاءاللہ کام ہوگا لیکن اس عمل سے قبل اس کی زکات دینا ضروری ہے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ وقت مقررہ پر قواعد عملیات پر عمل کرتے ہوئے ذیل کی عبارت عمل 5 تسبیح 41 یوم تک پڑھیں۔

عبارت عمل یہ ھے: یا اللہ یا صمد تیری مدد

حاضری مطلوب کیلئے

ذیل کی عبارت عمل 101 بار 21 دن تک پڑھی جائے انشاءاللہ مطلوب جہاں بھی ہوگا محبت میں بیقرار ہوگا جب تک نہ آئیگا اُس کا کھانا پینا اور سونا ختم ہو جائیگا۔ عبارت عمل یہ ہے۔

لا الہ یا جبرائیل الا انت یا میکائیل سبحانک یا اسرافیل انی کنت یا عزرائیل من الظالمین بحق یا بدوح

اول آخر درود پاک پڑھیں۔ یہ عمل پڑھتے وقت آپ کا رُخ مطلوب کے گھر کی طرف ہو کمرہ خوب معطر ہو کمرہ پاک صاف ہو۔

خاتمہ اثرات بد

اگر کسی بھی شخص پر جادو کے اثرات کتنے ہی سخت ہوں اور کسی عمل سے نہ جا رہے ہوں ان 28 دن کے عمل سے سخت سے سخت جادو بھی ختم ہو جاتا ہے۔ یہ عمل مجھے اپنے محسن استاد ماہر روحانیات شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے ملا۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

نیا چاند نظر آتے ہی مریض کو استعمال شدہ بنیان پہنائیں اور 7 روز تک اگر مریض سامنے ہو تو اچھی بات ہے ورنہ اُس استعمال شدہ بنیان پر روزانہ 7 بار سورۃ مزمل پڑھیں۔ آخری ساتویں دن اس بنیان کو بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیں دوسرے 7 روز پھر سورۃ مزمل پڑھیں اور اس دوسرے بنیان کے ٹکڑے کر کے ہوا میں اُڑا دیں تیسرے 7 روز پھر ایک اور بنیان پر در بالا طریقہ سے سورۃ مزمل پڑھیں اور اس بنیان کو آگ میں جلا دیں چوتھے 7 روز بنیان پر درج بالا طریقہ سے سورۃ مزمل پڑھیں اور اسے زمین میں دفنا دیں۔ یاد رکھیں کہ ہر ساتویں دن جب بنیان کا استعمال کریں یعنی بہانا اُڑانا یا جلانا دفنانا اسی روز بنیان کے استعمال کے فوری بعد غسل بھی کریں۔

ادارہ روحانیات
نیو شاہین جنرل سٹور ریلوے روڈ کمالیہ 0332-5995191

کرشمات الارواح

تسخیر مہاراج

تحریر:۔ رانا ناصر علی (جھنگ)

معزز قارئین کرام اس دفعہ قارئین مزمل جنتری کی نظر اپنا ایک بے بہا قیمتی عمل پیش کر رہا ہوں جو کہ سو فیصد درست عمل ہے۔ اکثر شائقین تسخیر الارواح کے عملیات میں پرہیز ترک کے جلالی و جمالی سے گھبراتے ہیں اور ایسے عمل کی تلاش میں رہتے ہیں جو پرہیز سے آزاد ہو، اُن شائقین کے لئے یہ عمل انمول ہے اس عمل سے آپ ہر قسم کا جائز کام لے سکتے ہیں۔ مثلاً کاروباری بندش کو دور کرنا، حب بغض بیماری کا علاج، رشتوں کی بندش کو دور کرنا غرض ہر جائز کام میں یہ عمل آپ کی معاونت کرے گا۔ ناجائز کام لینے والا اس عمل سے نقصان عظیم اٹھائے گا۔ غرض سوچ سمجھ کر بڑی ہوشیاری کے ساتھ رہنا چاہئے۔

ترکیب عمل: ۔ عروج ماہ میں منگل کا دن گزرنے کے بعد جو شب ہوگی وہ بدھ کی شب شمار ہوگی۔ اس بدھ کی شب کو یہ عمل کریں اپنا منہ مشرق کی طرف رکھیں۔ عمل تنہا کمرے میں کرنا ہے اور حصار اس عمل میں نہیں کرنا ہے۔ لباس احرامی استعمال کرنا ہے جو صرف عمل کے وقت پہننا ہے۔ کمرے میں بالکل اندھیرا ہونا چاہئے۔ کسی بھی قسم کی روشنی عمل میں نہیں جلانی ہے۔ روزانہ مٹی کے برتن میں چند چنبیلی یا گلاب کے پھول ایک تولہ سندور اور بڑے پتے والا سادہ پان اور پرلونگ رکھا ہو۔ صبح کو ان اشیاء کو کسی جھاڑی میں رکھ دینا ہے جو انسانی پہنچ سے دور ہو اور روزانہ نئی لانی ہے اور صبح جھاڑیوں میں رکھ آنی ہے اور عمل کو رات بارہ بجے تصور مضبوط رکھ کر عبارت عمل کو 1080 دفعہ پڑھنا ہے۔ تعداد میں کمی بیشی نہیں ہونی چاہئے ورنہ عمل ناکام ہو جائے گا۔ عمل کی مدت چالیس یوم ہے۔ اکیسویں دن سے اثرات شروع ہو جائیں گے۔ گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ کوئی نقصان نہ ہوگا۔ چالیسویں دن جب آپ کی پڑھائی ختم ہوگی تو مہاراج حاضر ہوگا جو کہ ایک قدیمی لباس میں ہوگا، چہرے پر سخت قسم کا رعب ہوگا، ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے، اطمینان کے ساتھ عہد و پیمان کریں اور دوبارہ حاضری کا طریقہ پوچھ لیں پھر جب بھی کوئی کام لینا ہو تو اس کے بتائے ہوئے طریقہ پر اُسے حاضر کریں اور کام لیں۔

دوران عمل کسی بھی قسم کی خوشبو یا بخور نہیں جلانا ہے میں نے ہر چیز کی وضاحت کر دی ہے۔ اگر پھر بھی سمجھ نہ آئے تو ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے رابطہ کر کے پوچھ سکتے ہیں، اور آخری بات یہ کہ اس عمل کو بغیر اجازت ہرگز نہ کیجئے گا کیونکہ بغیر اجازت کرنے سے سخت رجعت کا خطرہ ہے۔ اس لئے اس عمل کی خصوصی اجازت ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے ضرور لیں۔ پھر انشاء اللہ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

عبارت عمل یہ ہے

آدم ھجری بجری سادھو سورن کا یا
چار مہیش آجے یا کرن جاگو موھم مایا

مقامات کواکب

سیارہ	شرف	ہبوط	اوج	حضیض
شمس	حمل 19 درجہ	میزان 19 درجہ	سرطان 20 درجہ	جدی 20 درجہ
قمر	ثور 03 درجہ	عقرب 03 درجہ	سنبلہ	حوت
مریخ	جدی 28 درجہ	سرطان 28 درجہ	اسد 19 درجہ	دلو 19 درجہ
عطارد	سنبلہ 15 درجہ	حوت 15 درجہ	عقرب 05 درجہ	ثور 05 درجہ
مشتری	سرطان 15 درجہ	جدی 15 درجہ	میزان 02 درجہ	حمل 02 درجہ
زہرہ	حوت 27 درجہ	سنبلہ 27 درجہ	جوزا 22 درجہ	قوس 22 درجہ
زحل	میزان 21 درجہ	حمل 21 درجہ	قوس 13 درجہ	جوزا 13 درجہ

عارف نیوز ایجنسی مین بازار کھاریاں — طاہر بک ڈپو تلہ گنگ — ادارہ روحانیات

اسرار غیبی

آفادات عالیہ علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی مشہدی (اسلام آباد)

نیک خواہشات ایک استاد کی زندگی میں سب سے زیادہ خوشی تب ہوتی ہے جب اس کا شاگرد اُس منزل کی طرف گامزن ہو جائے جس کے لئے استاد اُس کو تیار کرتا ہے۔ اس وقت مجھے انتہائی روحانی مسرت حاصل ہوتی ہے کہ میرا شاگرد رشید سید فخر امام کاظمی اس منزل کی طرف گامزن ہوئے جس کی مجھے تمنا تھی میں اپنے شاگرد کی حوصلہ افزائی اور مزمل روحانی جنتری کیلئے خصوصی تحفہ ارسال کر رہا ہوں اور اپنے تلمیذ سید فخر امام کاظمی کی ترقی و کامیابی کے لئے دعا گو ہوں۔

شہرت اور قدرو منزلت

۱۳۸۲	۱۳۸۹	۱۳۹۴
۱۳۷۸	وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ	۱۳۸۳
۱۳۸۶	۱۳۸۱	۱۳۸۸

وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ وہ افراد جو لوگوں اور معاشرہ کی بے قدری کا شکار ہوں یا وہ بچیاں جو شادی کے بعد سسرال میں مختلف اذیتوں میں ہوں اور شوہر اور سسرال والے بہو کو اس کا مقام نہ دیتے ہوں تو یہ نقش ان تمام افراد کے لئے موثر ہے۔ عروج ماہ اس جمعہ کے دن پہلی ساعت میں یا نماز ظہر کے نور کے بعد سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے لکھیں بازو یا گلے میں ڈال لیں اور ہر روز 1385 مرتبہ آیت وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ روزانہ پڑھے۔ نقش مکرم کو جمعہ کے دن پہنیں۔

حصول مراد

کون شخص کہتا ہے کہ اُس کی کوئی بھی خواہش ادھوری رہے۔ ہر جائز خواہش کے لئے جو کسی طرح پوری نہ ہوتی ہو اسی کے لئے یہ عمل کرنے سے ضرور پوری ہوگی۔ انشاء اللہ

نقش مبارک

۱۲	۱۳۲	۵۰
۱۰۰	اللّٰہ	۳۲
۸۲	یہاں مراد لکھیں	۱۱۶

اس کو جمعرات یا جمعہ کے دن پہلی ساعت میں لکھیں پھر نقش تیار کرنے کے بعد 7 مرتبہ استغفر اللہ ربی واتوب علیہ، 7 بار یا رب محمد و آل محمد صل علی محمد و آل محمد و عجل فرج آل محمد، 7 مرتبہ سورہ فاتحہ شریف، 7 مرتبہ آیت الکرسی، 3 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ہدیہ حضرات محمد و آل محمد علیہم السلام کے حضور پیش کریں۔ پھر نقش کے جس خانہ لفظ مراد لکھا ہو وہاں انگشت شہادت لکھ کر 66 مرتبہ آیت الکرسی اور 66 مرتبہ آیت الکرسی اور 66 مرتبہ یا اللہ اور 7 مرتبہ ذیل کی عزیمت پڑھیں۔ سات دن یہ عمل جاری رکھیں۔ ساتوں دن نقش کو گلے میں بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ بہت جلد مقاصد کا حصول ہوگا۔

عزیمت یہ ہے : یا کھیال اجب و توکل وافعل مرادی ومقصودی الواحا ۳ العجل ۳ الساعۃ ۳

حاضری مطلوب

عجلجمیش ۲ عجلطجطوش ۲ مشخطیش ۳ تھمجیش ۲ اسرعواوزعجواوھیجوافلاں ابن فلانۃ بمحبۃ فلانۃ بنت فلاں بنت فلانۃ توکل یا ابادیبا جۃ یا قاضی الحاجۃ واخضر فلان ابن فلانۃ الی ھذالمکان۔

مطلوب کو گرویدہ کرنے کے لئے اور اپنے پاس بلانے کیلئے یہ عمل موثر ہے۔ مندرجہ ذیل طلسماتی الفاظ کی سات مختلف سفید رنگ کے کاغذوں پر طلسماتی الفاظ لکھنے کے بعد 21 مرتبہ یہی عبارت

Scanned with CamScanner

کاغذوں پر الگ الگ دم بھی کرے استعمال کا طریقہ یہ ہے:
گھر میں داخلی دروازہ پر دوسرہ گھر کے اندر تاریک کمرہ میں وزن کے لئے دیا ہے اور چار تعویذات طالب اپنے کمرے کے چہار اطراف دیواروں پر لگا دے۔ ساتویں تعویذ کی بخورات کی خوشبو دے کر لئے مٹی کے چراغ میں گائے کا گھی ڈال کر روشن کرے۔

ارسال ہاتف حاضری مطلوب

کسی آدمی سے کام لینا مقصود ہو مگر وہ ٹال مٹول کر رہا ہو یا اس سے رابطہ مشکل ہو تو عمل ارسال ہاتف صدائے غیبی نہایت ہی مجرب عمل ہے۔ بدھ کی رات غسل کے بعد باوضو ہو کر بیٹھیں۔ 10 مرتبہ استغفار، 7 مرتبہ اللہ اکبر، 10 مرتبہ صلوٰت، پھر مذکورہ دعا 195 مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد **کھیعص حمعسق** 1950 مرتبہ پڑھ کر مطلوب کی حاضری کے لئے دعا کریں۔ سات شب بلا ناغہ عمل کریں جائز کا خاص خیال کریں۔ از ناجائز عمل کیا محض شہوانی تسکین کے لئے تو انجام بہت خراب ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم و صلی اللہ علی سیدنا محمد و علی آلہ و صحبہ و سلم یا حی یا قیوم یا رحمن یا رحیم نور قلبی بنور معرفتك دائما ابداً یا رحمن یا رحیم و اعنی ما ارید منك اللھم انی اسئلك واستغفرك و استھدیك واشھد لك و اطلب منسك ولا اطلب من احد غیرك ان تسخر لی الملکین الرفیقین طنوش ۲ شنوش ۱ بلھوش ۲ شراکش ۲ اناش ۲ قیوش ۲ لالوش ۲ اجیبوا ایھا الملکیسن جھرو دو جھارد وادخلو علی فلان اسرع من نمع ابصر او ھو اقرب ولا کنتم قردہ خاسین۔ کریوس ۲ مریوش ۲ ماطوش ۲ لاطوش ۲ اطیاش ۲ الطیوش ۲ شکش ۲ ملش ۲ جھش ۲ اعملاش اسرع یا کریوش بحق رب الجیوش وافعل کذا و کذا۔

(احکامات یونانی)

وقت نوروز عالم افروز

گزشتہ چند سالوں میں کچھ لوگوں نے سستی شہرت حاصل کرنے کیلئے علم نجوم کو متنازعہ علم بنایا اور نوروز کے بارے میں عجیب و غریب بے بنیاد من گھڑت باتیں لکھنا اور کہنا شروع کر دیں۔ لیکن ایسے افراد کو منہ کی کھانا پڑی۔ یونانی طریقہ استخراج نوروز عالم افروز' بادشاہ' وزیر اعظم' سپہ سالار اور مشیر سال اس طرح ہونگے کہ چار اوتاد سے احکامات نو روز متذکرہ بالا منتخب کئے جائیں گے اول برج حمل یعنی تحویل آفتاب جس دن ہوگا بادشاہ سال اسی یوم کا حاکم سیارہ کہلائے گا۔

اوتاد اول شمس در حمل صفر درجہ۔ **بادشاہ سال**
اوتاد دوئم شمس در سرطان صفر درجہ۔ **وزیر سال**
اوتاد سوئم شمس در میزان صفر درجہ۔ **سپہ سالار سال**
اوتاد چہارم شمس در جدی صفر درجہ۔ **مشیر سال**

2012ء میں اوتاد اول شمس در حمل 20 مارچ بروز منگل کے دن کا حاکم سیارہ **مریخ بادشاہ سال** مقرر پایا۔

2012ء میں اوتاد دوئم شمس در سرطان 21 جون بروز جمعرات کے دن کا حاکم سیارہ **مشتری وزیر سال** مقرر پایا۔

2012ء میں اوتاد سوئم شمس در میزان 22 ستمبر بروز ہفتہ کے دن کا حاکم سیارہ **زحل سپہ سالار سال** مقرر پایا۔

2012ء میں اوتاد چہارم شمس در جدی 21 دسمبر بروز جمعہ کے دن کا حاکم سیارہ **زہرہ مشیر سال** مقرر پایا۔

وقت نوروز عالم افروز بادشاہی' وزیری' سپہ سالاری

جس روز کو نوروز تا الل ہنود مندرجہ جنتری شروع سال ہوگا اس دن کے متعلقہ سیارہ کے اس سال میں بادشاہی ہوگی مثلاً بروز سوموار تو بادشاہی قمر کی ہوگی۔ اور جس دن کے یکم بساکھ ہوگی اس دن کا سیارہ وزیر ہوگا۔ مثلاً یکم بیساکھ بروز منگل ہو تو وزیر مریخ یعنی منگل اس سال کا ہوگا۔ اور جس دن یکم ماہ جیٹھ ہوگی۔ اس دن کا سیارہ سپہ سالار ہوگا۔ مثلاً یکم جیٹھ بروز جمعہ کے ہو۔ تو سپہ سالار سال کا زہرہ ہوگا۔ اس سال میں بادشاہ قمر یعنی چاند اور وزیر مریخ یعنی منگل اور سپہ سالار زہرہ ہوا۔

ادارہ روحانیات
عوامی بکسٹال مسجد روڈ نواب شاہ 0300-3210173

فیضان القرآن لوح خوشحالی پانچ ستاروں والا نقش

تحریر:۔ شہزادہ منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان)

قارئین مزمل روحانی جنتری السلام علیکم! پھولوں جیسے پیارے قارئین کی خدمت میں اس دفعہ عملیات کے سمندر سے ایک انمول تحفہ لوح خوشحالی لے کر حاضر ہوا ہوں۔ میری ہمیشہ کوشش ہوتی ہے کہ مجرب اور تحقیقی مضامین ہی پیش کروں تا کہ پڑھنے والے بھی قارئین کو دلی سکون اور خوشی حاصل ہو۔ اس دفعہ جو عمل پیش کر رہا ہوں آپ سب پر پہلی بار ظاہر کر رہا ہوں۔ ایسے نایاب اعمال تو صرف خوش قسمت لوگوں کو ہی حاصل ہوتے ہیں۔ ہیرے کی قدر صرف جوہری ہی کر سکتا ہے۔

☆ لوح خوشحالی کے عنوان سے جو نقش پیش کر رہا ہوں اس میں ۵ ستاروں سے فیض لیا جائے گا اور ہر ایک ستارے سے منسوب ایک آیت قرآنی منسوب کی گئی ہے۔ نقش مخمس ۵×۵ ہے جس میں کل ۲۵ خانے ہوتے ہیں۔ ہر ایک ستارے کی منسوب آیت کو ۵ خانے دیئے گئے ہیں ۵ آیات مع اعداد ۲۵ خانوں میں مکمل ہو جائیں گی۔

☆ یہ ایک حقیقت ہے کہ انسانی زندگی مکمل طور پر ستاروں کے اثرات سے متاثر ہوتی رہتی ہے کبھی خوشی کبھی غم ملتے رہتے ہیں۔ ستارے بلند ہوں تو تخت وتاج کا مالک اور اگر ستارے گردش میں آ جائیں تو زندگی ناکارہ بن جاتی ہے۔ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، کوشش سے کامیابی ملتی ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ نے پریشانیوں سے نجات پانے کے ذریعے بھی رکھے ہیں۔

وضاحت لوح: اس لوح خوشحالی سے فیض پانے کیلئے ۵ ستاروں سے فیض پائیں گے۔ زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد۔

آیت ستارہ زحل: فاللہ خیر حفظا وھو الرحم الراحمین۔ دفع دشمنان بلا ومصائب۔

مشتری: یغنیھم اللہ من فضلہ۔ برائے دولت

مریخ: نصرمن اللہ وفتح قریب۔ برائے فتح ونصرت

زہرہ: لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رئوف رحیم۔ برائے محبت عزت وتسخیر خلائق

عطارد: سلام قولا من رب رحیم۔ برائے شفاء امراض سحر جادو

یعنی جب کسی ستارے کا شرف پہلے آ جائے تو اس ستارہ کی منسوب آیت لے کر نقش کے ۵ خانے پُر کر لیں۔ پھر جب دوسرے ستارے کا شرف آئے تو اس کی منسوب آیت لے کر دوسرے ۵ خانے پر کر دیں۔ ایسے ترتیب سے باقی شرفات کے وقت منسوب آیت لے کر نقش کو مکمل کر لیں۔

نوٹ: لوح خوشحالی کو تیار کرنے میں 30 سال کا عرصہ لگتا ہے کیونکہ ستارہ زحل ہر 30 سال کے بعد شرف میں آتا ہے اور مشتری 13 سال کے بعد۔ لہذا آپ شرف زحل کے وقت سے ہی لوح خوشحالی کو پُر کرنے کی کوشش کیجئے۔

پھر ترتیب سے دیگر شرفات بھی فیض پاتے رہیں۔

تیاری: ہر ستارے کے موافق رنگ دار سیاہی سے آیت مع اعداد پُر کریں ہر ستارے کا الگ الگ رنگ ہے اور مکمل بخورات سے کام کریں۔

فوائد لوح

زحل: نحوست زحل، ساڑھ ستی، سحر جادو، نظر بد کا خاتمہ، دشمنان پر غلبہ پانے، زمین جائیداد مکان، دکان کی خرید وفروخت سے فائدہ اٹھانے، ہر قسم دماغی امراض سے یقینی شفاء پانے۔

مشتری: مال دولت میں ترقی پانے، قرضہ وصول کرنے، قرضہ سے نجات پانے، انعامی سکیموں سے فائدہ پانے، میراث انشورنس کا فائدہ حاصل کرنے۔ ترقی ملازمت۔

مریخ: فتح ونصرت پانے، دشمن کو زیر کرنے، مقدمات امتحان الیکشن میں فتح پانے، افسران بالا کے سامنے سرخروئی پانے۔

زهره: تسخیر خلائق، محبت شادی، عزت شہرت، جھگڑوں سے نجات، میاں بیوی میں محبت۔

عطارد: ہر قسم امراض سے شفا پانے، بم، بندوق، تیر، تلوار کے زخم سے حفاظت، ہر قسم حادثات سے حفاظت، کند ذہنی کا خاتمہ، آسیبی اثرات سے بچاؤ۔

غرضیکہ لوح خوشحالی سے ہزاروں فوائد ملیں گے، حضرات و خواتین یکساں فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

لوح خوشحالی کے اندر جو آیات قرآنی درج کی گئی ہیں آپ بھی ان کو غور سے چیک کر کے زیر، زبر، پیش وغیرہ بعد میں پُر کریں تاکہ غلطی نہ رہے اور محنت رائیگاں نہ جائے۔

اوقات شرفات:

اوقات شرفات مزمل روحانی جنتری، تحفہ روحانیات سے دیکھ لیا کریں، مکمل تفصیل کے ساتھ درج ہوتے ہیں۔ جس ستارے کا شرف ہو اس کی ساعت میں لوح کو پُر کرنا ہے چال کے مطابق۔

۷۸۶

فالله خیر حفظا و هو ارحم الراحمین	۲۸۹۷	۱۳۹۸	۸۱۱	یغنیهم الله من فضله
۸۱۷	۲۸۸۷	۲۵۵۴	۲۸۹۸	۱۳۹۹
۲۸۹۹	۱۳۰۰	سلام قولا من رب رحیم	۲۸۸۳	۲۵۵۳
۲۸۸۴	۲۵۳۹	۲۹۰۰	۱۳۰۱	۸۱۹
نصر من الله و فتح قریب	۸۲۰	۲۸۸۵	۲۵۵۰	لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم

چال نقش

۱۳	۷	۱	۲۵	۱۹
۲۱	۲۰	۱۴	۸	۲
۹	۳	۲۲	۱۶	۱۵
۱۷	۱۱	۱۰	۴	۲۳
۵	۲۴	۱۸	۱۲	۵

آیت: فالله خیر ...... الرحمین۔ سورة ۶۳_۶۴ اعداد: ۲۵۵۱
آیت: یغنیهم الله .... سورہ نور ۳۲ اعداد: ۲۱۸۶
آیت: نصر من .... قریب سورہ صف ۱۳ اعداد: ۱۳۰۲
آیت: لقد جاء .... روف رحیم سورہ توبہ ۱۲۸ اعداد: ۲۸۹۶
آیت: سلام قولا .... رحیم سورہ یٰسین ۵۸ اعداد: ۸۱۸

نوٹ: ۔تمام آیات اور اعداد کو آپ بھی اچھے نمونے سے چیک کر کے بعد میں اعداد کو لوح میں پُر کریں۔

خوبصورت نظر آئیں

تحریر:۔ میمونہ فرح (کراچی)

کونسا ایسا شخص ہے جسے خوبصورتی پسند نہ ہو یا حسین و جمیل خوبصورت نظر آنا اُس کی خواہش نہ ہو۔ کئی ایسے احباب بھی ہیں جو کہ خود کو جوان رکھنے کی کوشش رکھتے ہیں یا خوبصورت نظر آنے کے کئی ٹوٹکے آزماتے ہیں۔ اگر آپ بھی خوبصورت نظر آنا چاہتے ہیں۔

چہرے کی خوبصورتی

دودھ کی بالائی میں چند قطرے لیموں ڈال کر چہرہ پر لگا لیں اگر اس میں عرق گلاب اور ہلکا سا زعفران شامل کر لیا جائے تو چند یوم میں چہرہ تر و تازہ اور گلابی رنگ کا ہو جائیگا۔

گلابی ہونٹ

سب سے پہلے اپنے ہونٹوں کو صاف کریں جس کا آسان نسخہ یہ ہے کہ پھٹکڑی کی ڈلی لیں اچھے صابن سے چہرہ دھونے کے بعد اپنے ہونٹوں پر ہلکا سا اس کو رگڑ لیں۔ ہونٹوں کے مسام کھلنے پر انگلی سے میل صاف کر لیں دو یا تین روز بعد آپ کے ہونٹ گلابی ہونا شروع ہو جائیں گے۔ چند قطرے پانی میں زعفران ملا کر ہونٹوں پر لگانے سے قدرتی گلابی پن آ جاتا ہے

جھریاں ختم

چہرے کی جھریاں ختم کرنے کیلئے روزانہ 5 سے 7 منٹ انگلیوں کی پوروں سے دائروں کی شکل میں چہرے کا مساج اوپر کی جانب کریں اس کے علاوہ 2 سے 3 منٹ سر کے بل خالی پیٹ کھڑے ہو جائیں۔ تمام دن خود کو فریش محسوس کریں گے۔

آنکھوں کے سیاہ حلقے

آنکھوں کے سیاہ حلقے ختم کرنے کیلئے گلیسرین میں چند قطرے لیموں شامل کریں سونے سے قبل ان سیاہ حلقوں پر لیپ کر لیں صبح تازہ پانی سے چہرہ دھو لیں چند یوم میں سیاہ حلقے ختم ہو جائیں گے۔

عبداللہ بک ڈپو مین بازار لاڑکانہ 0744-041155
ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

موٹاپا ختم

تحریر:۔ رضوان حسین شاہ (ملتان)

عموماً ایسا ہوتا ہے کہ خواتین کا جسم شادی کے بعد یا 20 سے 25 سال کی عمر کے بعد بڑھنا شروع ہو جاتا ہے اور اور بہت بدنما محسوس ہوتا ہے اُس کی وجہ سے کئی خواتین احساس کمتری کا شکار ہو جاتی ہیں اگر اس بڑھتے ہوئے جسم پر توجہ نہ دی جائے تو چند مہینوں میں ایسے بھیانک نتائج نکلتے ہیں کہ زندگی عذاب لگنے لگتی ہے۔ بالکل اسی طرح مرد حضرات کا جسم یا تو شادی کے بعد یا پھر عمر کے 25 سے 35 سال کے دوران بڑھنا شروع ہو جاتا ہے اور اس موٹاپے کی وجہ سے بہت سی جسمانی بیماریاں شروع ہو جاتی ہے۔ جن میں ہائی بلڈ پریشر' شوگر' معدہ اور جگر کی بیماریاں بھی شامل ہیں۔

میں مزمل جنتری کے ذریعے ایسا ان تمام خواتین وحضرات کیلئے ایک ایسا عمل لے کر حاضر ہوا ہوں کہ درج بالا امراض سے بھی نجات مل جاتی ہے اور موٹاپا بھی ختم ہو جاتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ ذیل کے علاج سے خواتین میں امراض زنانہ یعنی ایام خاص کی بے قاعدگی یا ایام خاص کھل کر نہ آنا یا لیکوریا جیسے مرض جسم میں سستی اور نقاہت پیدا کر دیتے ہیں اسی طرح مرد حضرات میں نظام ہضم کی خرابی' قبض کی وجہ سے بواسیر کا پیدا ہونا یا قوت مردی میں کمزوری' پٹھوں میں کمزوری جس کا اثر بصارت پر بھی پڑتا ہے اس کے علاوہ دل کے بہت سے امراض جن میں خصوصاً بلڈ پریشر وغیرہ شامل ہیں۔ اس مفت کے عمل سے ہمیشہ ان امراض سے نجات مل جاتی ہے لیکن بشرط ہے کہ یہ عمل کم از کم 4 سے 6 ماہ مسلسل استعمال کریں اور اگر تمام زندگی یہ بے ضرر عمل استعمال کرتے رہیں گے تو انشاءاللہ ان امراض سے نجات ملنے کے علاوہ آپ کی عمر بھی دراز ہو جائیگی۔ اس عمل کا اثر اس حد تک دیکھا ہے کہ وہ خواتین جو کہ عرصہ دراز سے بے اولاد تھی اللہ تعالیٰ نے اُن کو بھی اولاد کی نعمت سے نوازا کیونکہ حدیث مبارکہ ہے کہ اس عمل میں موت کے سوا ہر مرض کا علاج ہے۔

عمل:۔ ہر روز نہار منہ کم از کم 5 گلاس پانی پر 5 بار سورۃ الفاتحہ اول آخر درود پڑھ کر یہ پانی پی لیا کریں بشرط ہے کہ پانی کو پہلے اُبال لیا جائے اور پھر اس کو اتنا ٹھنڈا ہونے دیا جائے کہ پینے کے قابل ہو جائے یہ 5 گلاس پانی آدھا گھنٹہ میں ختم کر لیں اور پھر 45 منٹ بعد ناشتہ کر سکتے ہیں۔ کوشش کریں کہ دن میں بھی گرم پانی کا استعمال کریں ٹھنڈا اور کچا پانی نہ پئیں۔ پانی کا ذائقہ تبدیل کرنے کیلئے لیمن گراس کی چند پتیاں ڈال سکتے ہیں۔

شروع میں آپ کا جسم اور منہ کا ذائقہ اس کا عادی نہ ہو گا لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جسم اور منہ کا ذائقہ اس کا عادی ہو جائے گا۔ اول ایک ماہ تک جسم کی چربی کی تہہ کو یہ پانی کمزور کرے گا دوسرے ماہ چربی کی تہہ کو نہایت نرم کر دے گا اور تیسرے ماہ آپ کے موٹاپے کو تیزی سے ختم کر دیگا۔ اس دوران زیادہ ثقیل اور دیر ہاضم غذا کا استعمال نہ کریں دن میں جب بھی پیاس لگے۔ تھرماس بھر کے پانی کا ساتھ رکھیں اور یہی پانی استعمال کریں۔ انشاءاللہ معدے کا نظام درست ہو جائیگا' آنتوں سے فاسد مادہ خارج ہو جائیگا۔ اس عمل کی برکت سے قوت حافظہ زیادہ ہو جاتی ہے۔ بینائی بھی ختم ہو گی۔ خاص کمال اس عمل کا یہ ہے کہ اگر کوئی مناسب جسم یا کمزور جسم کا آدمی یہ عمل اپنے استعمال میں لائے تو اُس کے جسم سے بھی امراض ختم ہونگے' جسمانی کمزوری ہے تو دور ہو کر خوبصورت شیپ میں آجاتا ہے۔

چائنہ جاپان اور کوریا میں لوگوں کی جسمانی خوبصورتی دُنیا بھر میں سب سے زیادہ ہے۔ موٹاپے کا نام و نشان نہیں۔ عمر کا تناسب دُنیا میں باقی لوگوں سے سب سے زیادہ ہے یعنی یہ لوگ طویل زندگی جیتے ہیں اور چست رہتے ہیں اس کی خاص وجہ یہی ہے کہ یہ لوگ کولڈ ڈرنک کا استعمال کم سے کم یا نا ہونے کے برابر کرتے ہیں۔ جگہ جگہ بوا کر نصب ہیں۔ جن سے یہ لوگ استفادہ کرتے ہیں ہمیشہ اپنے پاس لیمن گراس کی چند پتیاں رکھتے ہیں۔ یاد رکھیں سبز قہوہ قابض ہے اور بواسیر جیسے مرض کے خاتمہ کا باعث بنتا ہے کیونکہ قبض کی وجہ سے جسم پھولنا شروع ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ خیبر پختونخواہ اور کوئٹہ میں یہ مرض عام ہے کہ وہ لوگ سبز قہوے کا زیادہ استعمال کرتے ہیں۔

زحل در برج	سرحرف نام	تاریخ پیدائش	ساڑھ ستی زحل	مخالفت پیدا کرنے والے بروج	رنج والم دینے والے بروج	بدخواہی کرنے والے بروج
میزان	ر، ت، ط	24 اکتوبر تا 22 نومبر	سنبلہ، میزان، عقرب	سرطان، جدی، حمل	دلو، جوزا	قوس، اسد
عقرب	ن، ز، ظ، ض	23 نومبر تا 21 دسمبر	میزان، عقرب، قوس	اسد، دلو، ثور	حوت، سرطان	جدی، سنبلہ
قوس	ف	22 دسمبر تا 20 جنوری	عقرب، قوس، جدی	سنبلہ، حوت، جوزا	حمل، اسد	دلو، میزان
جدی	ج، خ	21 جنوری تا 18 فروری	قوس، جدی، دلو	میزان، حمل، سرطان	ثور، سنبلہ	حوت، عقرب
دلو	س، ش، ص، ث	19 فروری تا 20 مارچ	جدی، دلو، حوت	عقرب، ثور، اسد	جوزا، میزان	حمل، قوس
حوت	د، چ	21 مارچ تا 20 اپریل	دلو، حوت، حمل	قوس، جوزا، سنبلہ	سرطان، عقرب	ثور، جدی
حمل	ا، ع، ل، ی	21 اپریل تا 20 مئی	حوت، حمل، ثور	جدی، سرطان، میزان	اسد، قوس	جوزا، دلو
ثور	ب، و	21 مئی تا 20 جون	حمل، ثور، جوزا	دلو، اسد، عقرب	سنبلہ، جدی	سرطان، حوت
جوزا	ک، ق	21 جون تا 22 جولائی	ثور، جوزا، سرطان	حوت، سنبلہ، قوس	میزان، دلو	اسد، حمل
سرطان	ح، ھ، ہ	23 جولائی تا 23 اگست	جوزا، سرطان، اسد	حمل، میزان، جدی	عقرب، حوت	سنبلہ، ثور
اسد	م، ٹ	24 اگست تا 23 ستمبر	سرطان، اسد، سنبلہ	ثور، عقرب، ددلو	قوس، حمل	میزان، جوزا
سنبلہ	پ، غ	24 ستمبر تا 23 اکتوبر	اسد، سنبلہ، میزان	جوزا، قوس، حوت	جدی، ثور	عقرب، سرطان

زحل کے نحس اثرات کی وجہ ہے کہ ساڑھ ستی میں مبتلا افراد کی ازدواجی زندگی سخت متاثر ہوتی ہے۔ اولاد نافرمان، دل میں غم اور غصہ رہتا ہے۔ موذی اور پیچیدہ امراض زندگی سے چپک جاتے ہیں، روح، جسم اور دل نہایت کمزور ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے نظر بد معمولی سا تعویز یا کسی بھی شخص کی ٹوک ساڑھ ستی سے متاثرہ افراد پر اس قدر اثرات انداز ہوتی ہے کہ اُس کی باقی زندگی عذاب بن جاتی ہے۔ مخالفین، ساڑھ ستی میں مبتلا شخص کے ساتھ کیا کرتے ہیں اس بات کا اندازہ آپ خود لگا سکتے ہیں کہ اُن کی جانب سے کیا گیا ہر قسم کا جادو ہر مخالف حربہ بہت تیزی سے اپنا اثر ظاہر کرتا ہے اور باوجود کوشش کے آپ مخالف کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے بلکہ اُس کی دہشت اور خوف میں اس قدر مبتلا ہو جاتے ہیں کہ وہ دن بدن آپ پر غالب رہتا ہے مختصراً یوں کہہ لیں کہ زندگی سے متعلقہ تمام خرابیاں نقصانات، مشکلات، پریشانیاں، مصائب زحل کی ساڑھ ستی سے ظاہر ہوتے ہیں اور ایسے تمام افراد جو کہ زحل کی نحوست میں مبتلا ہیں یا ہونے والے ہیں یا ہو چکے ہیں۔ شرف زحل میں تیار کیے گئے خاص روحانی تحائف سے درج بالا مشکلات سے نجات پا سکتے ہیں اور پُر سکون زندگی بسر کر سکتے ہیں۔

اپنے پیاروں کی دُکھ بھری سسکتی تڑپتی زندگی دیکھ کر یقیناً آپ کو احساس ہوتا ہوگا کہ آپ کسی نہ کسی طرح ان کی مدد کریں۔ زحل کی نحوست کی وجہ سے تقریباً ہر برج متاثر ہوتا ہے ان میں بہت کم متاثر برج میزان ہے۔ جس میں سیارہ زحل کو شرف حاصل ہے لیکن زحل کی نحس یا سعد شعائیں اس وقت مسلسل برج سنبلہ اور عقرب پر بھی اثر انداز ہو رہی ہیں۔ اس مضمون میں ایک جدول دیا گیا ہے جس میں آپ اپنا، اپنے دوستوں کا برج باآسانی معلوم کر سکتے ہیں۔ موجودہ وقت میں زحل برج میزان میں ہے جو کہ عقرب اور سنبلہ کے حامل افراد کو متاثر کر رہا ہے اور اپنی نحس نظر دیگر بروج پر بھی ڈال رہا ہے اس جدول کے ذریعے نام سرحرف یا تاریخ پیدائش کے ذریعے اپنا یا اپنے پیاروں کا برج معلوم کر کے دیکھ سکتے ہیں کہ آئندہ زحل کی ساڑھ ستی اُن پر کب آنے والی ہے کیا وہ برج زحل کے مخالف گھروں میں موجود تو نہیں؟ کیا وہ صاحب برج غم والم کی کیفیت سے تو نہیں گزار رہا ہے یا صاحب برج بدخواہوں کے درمیان میں الجھا ہوا ہے یا نہیں۔ آپ اپنے اوپر بھی خود ایک جائزانہ نظر ڈالیں کہ کہیں آپ متذکرہ بالا پریشانیوں، مشکلات میں سے کسی میں مبتلا تو نہیں یا وہ شخص جسے آپ چاہتے ہوں آپ کا خصوصی دوست محسن، عزیز، رشتہ دار یا اولاد میں سے کوئی ایسا شخص تو نہیں جو کہ ساڑھ ستی بھگت رہا ہو آپ کا یہ اخلاقی فرض بنتا ہے کہ جس کو زحل کی ساڑھ ستی کا نہیں معلوم اُس کو اس بارے میں اُسے آگاہی دیں اور صرف آگاہی دینے سے ہی آپ کا فرض پورا نہیں ہو جاتا بلکہ اُس محسن کو اس مصیبت سے چھٹکارہ دلانے کیلئے عملی قدم بھی اُٹھائیں۔

زحل کی ساڑھ ستی سے بچنے کیلئے لوح زحل ہدیہ 4100 لوح زحل خاص ہدیہ 7200 روپے ادارہ کو فوری منی آرڈر کریں۔

Scanned with CamScanner

گرین واچ (انگلینڈ) سے دیگر ممالک کا فرق وقت

دنیا کے ہر ملک کا اسٹینڈرڈ ٹائم الگ ہوتا ہے ایک ہی وقت میں مختلف ممالک کے سٹینڈرڈ ٹائم کئی گھنٹوں کا فرق رہتا ہے مثال کے طور پر جب انگلینڈ میں رات کے بارہ بجتے ہیں تو پاکستان میں صبح کے پانچ بجے کا وقت ہوتا ہے۔

نام ممالک	دارالحکومت	سٹینڈرڈ ٹائم
پاکستان	اسلام آباد	دوپہر 11 بجکر 30 منٹ
بھارت	نئی دہلی	دوپہر 12 بجے
امریکہ	واشنگٹن	صبح 1 بجکر 30 منٹ
افغانستان	کابل	صبح 11 بجے
آسٹریلیا	کینبرا	شام 4 بجکر 30 منٹ
انڈونیشیا	جکارتہ	دوپہر 1 بجکر 30 منٹ
انگلینڈ	لندن	صبح 6 بجکر 30 منٹ
اٹلی	روم	صبح 7 بجکر 30 منٹ
ایران	تہران	صبح 10 بجے
ناروے	اوسلو	صبح 7 بجکر 30 منٹ
کویت	کویت	صبح 9 بجکر 30 منٹ
بنگلہ دیش	ڈھاکہ	دوپہر 12 بجکر 30 منٹ
کوریا	سیول	دوپہر 3 بجکر 30 منٹ
قطر	عرب	صبح 9 بجکر 30 منٹ
برما	رنگون	دوپہر 1 بجے
فرانس	پیرس	صبح 7 بجکر 30 منٹ
سوئٹزرلینڈ	جنیوا	صبح 7 بجکر 30 منٹ
جاپان	ٹوکیو	دوپہر 3 بجکر 30 منٹ
چین	پکینگ	دوپہر 2 بجکر 30 منٹ
روس	ماسکو	صبح 9 بجکر 30 منٹ
سعودی عرب	مکہ	صبح 9 بجکر 30 منٹ
تھائی لینڈ	بینکاک	دوپہر 1 بجکر 30 منٹ
سنگاپور	سنگاپور	دوپہر 2 بجے
ملیشیا	کوالپور	دوپہر 2 بجے
جرمنی	برلن	صبح 7 بجکر 30 منٹ
فلپائن	منیلا	دوپہر 2 بجکر 30 منٹ

حروف ابجد شمسی و قمری

حروف ابجد شمسی وقمری سے اعداد نکالنا

درجہ ذیل ابجد شمسی وقمری سے کسی بھی شخص کے نام کے اعداد آپ با آسانی معلوم کر سکتے ہیں اس طرح نام کے اعداد معلوم کرنے کے بعد آپ اس کے نام کے ہم عدد اسم اعظم بھی معلوم کر سکتے ہیں حروف ابجد قمری میں حروف اوران کی طاقت اس طرح ہے اب نام کے اعداد ابجدی اس طرح معلوم کریں گے مثلاً علی نام کے اعداد کے لئے نقشے میں پہلے ہم "ع" کے نیچے عدد دیکھیں گے تو 70 عدد ہونگے "ل" کے عدد 30 اور "ی" کے عدد 10 ہیں اس طرح علی کے عدد نکالنے کیلئے ان سب کو جمع کیا جائے گا یعنی 110=70+3+10 ہوئے لہذا علی کے اعداد 110 ہوئے اس طرح آپ کسی بھی نام کے اعداد نکال سکتے ہیں نکلے ہوئے عدد کے مطابق ہم نے اسم اعظم تلاش کیا تو 110 عدد کے مطابق اسم اعظم یاعلی حاصل ہوا پھر اسم اعظم مخصوص وقت میں مخصوص تعداد کے ساتھ پڑھنے کے بعد اپنے بے شمار مسائل کے حل کیلئے اللہ تعالیٰ سے دعا کر سکتے ہیں۔

ابجد شمسی کا ٹیبل

ا 1	ب 2	ت 3	ث 4	ج 5	ح 6	خ 7
د 8	ذ 9	ر 10	ز 20	س 30	ش 40	ص 50
ض 60	ط 70	ظ 80	ع 90	غ 100	ف 200	ق 300
ک 400	ل 500	م 600	ن 700	و 800	ہ 900	ی 1000

حروف ابجد قمری

ا 1	ب 2	ج 3	د 4	ہ 5	و 6	ز 7
ح 8	ط 9	ی 10	ک 20	ل 30	م 40	ن 50
س 60	ع 70	ف 80	ص 90	ق 100	ر 200	ش 300
ت 400	ث 500	خ 600	ذ 700	ض 800	ظ 900	غ 1000

سلطان نیوز ایجنسی اخبار مارکیٹ لاہور 0300-4009578 ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

عمل یا وظیفہ سے قبل حصار

کوئی بھی عمل یا وظیفہ کریں اس سے پہلے حصار کرنا ضروری ہے کیونکہ حصار ایک ایسی حفاظت دیتا ہے کہ دوران عمل یا وظیفہ جنات یا دوسری مخفی طاقتیں صاحب وظیفہ کو نقصان نہ پہنچائیں۔ حصار جتنا بہتر اور اچھا ہوگا وظیفہ میں اتنی ہی قوت پیدا ہوتی ہے کسی عمل یا وظیفہ کی رجعت میں محفوظ رہنے کیلئے بھی حصار کیا جاتا ہے حصار کرنے سے قبل نیت کریں کہ میں اپنے آپ کو اور اہل خانہ کو اللہ کی حفاظت میں دیتا ہوں بوسیلہ واسطہ محمد و آل محمد۔ **حصار نمبر 1:**۔ اول آخر درود پاک پڑھنے کے بعد 7 بار تعوذ پڑھیں۔ 21,21 بار یا حافظ یا حفیظ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور پورے جسم پر پھیر لیں جب عمل یا وظیفہ ختم کر چکیں تو دوبارہ اس کو دہرائیں اور اپنی نشست سے اٹھ جائیں۔ **حصار نمبر 2:**۔ اول آخر درود پاک پڑھنے کے بعد چاروں قل اور آیت الکرسی ایک بار پڑھیں۔ آخر میں یا قوی یا قابض پڑھ کر چاروں سمتوں میں دم کریں۔ شہادت کی انگلی پر پھونک کر اپنے گرد دائرہ لگائیں آسمان اور زمین پر پھونک ماردیں۔ **حصار نمبر 3:**۔ اول آخر درود شریف پڑھ کر جس کلام کا وظیفہ کر رہے ہوں وہ کلام 7 بار پڑھیں اور 7 بار سورۃ یٰسین کی آیت نمبر 6 تا 7 پڑھیں۔ (نوٹ) قارئین کوئی بھی عمل شروع کرنے سے پہلے ان حصار کو لازمی ذہن میں رکھیں اور ان میں سے کوئی بھی حصار لگا کر عمل شروع کریں تاکہ عمل کی رجعت اور ناکامی سے بچا جا سکے۔

سمت رجال الغیب

رجال الغیب سے مرادان خدا ہیں جنہوں نے اپنی زندگی عبادت و ریاضت میں گزاری۔ اللہ تعالیٰ ان کے اٹھے ہوئے ہاتھوں کو بھی خالی نہیں لوٹاتا اور دوران عمل ان مردان خدا سے امداد لی جائے تو عمل میں کامیابی یقینی ہوتی ہے۔ چاند کی تاریخوں کے مطابق یہ اپنی سمت تبدیل کرتے ہیں ذیل میں دی گئی چاند کی تاریخوں کے مطابق اپنے چہرہ سمت کی جانب کریں گے تو مردان خدا آپ کی پشت پر ہونگے۔ اگر رجال الغیب سامنے ہونگے تو عمل الٹ ہو جائیگا۔

سمت	قمری تواریخ
شمال مغرب	1,9,16,24
شمال مشرق	2,10,17,25
شمال	3,11,18,26
مشرق	4,12,19,27
جنوب مشرق	5,13,20
جنوب مغرب	6,21,28
مغرب	7,14,22,29
جنوب	8,15,23,30

خصوصی عزیمت سیارگان دفع پریشانی

مصائب و حادثات، بدنصیبی، خاتمہ جادو کے اثرات

خ	م	ت	ف	ق	ج	م	وھو	اللطیف	الخبیر	الابصار	وھو	یدرک	الابصار
م	ت	ف	ق	ج	م	خ	اللطیف	الخبیر	الابصار	وھو	یدرک	الابصار	وھو
ت	ف	ق	ج	م	خ	م	الخبیر	الابصار	وھو	یدرک	الابصار	وھو	اللطیف

قفل کھولنے کے بارے میں کئی ایک روایات مشہور ہیں لیکن ان مستند روایت میں سے حضرت موسیٰؑ کی والدہ کا نام سرفہرست ہے جو کہ ہمیشہ سے متنازعہ رہا لیکن قرآن پاک میں آیات مبارکہ کے اشارہ سے حضرت موسیٰؑ کی والدہ کا نام **یوکبد** ظاہر ہوتا ہے۔ جس کا ذکر سورۃ طٰہٰ۔ پارہ 20 اور سورۃ القصص۔ پارہ 28 میں اشارہ ملتا ہے۔ اس خاص راز پر ایک تفصیلی مضمون ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے تیار کیا ہے جو کہ انشاءاللہ عنقریب ماہنامہ تحفہ روحانیات میں شائع کیا جائیگا۔

اس خاص عمل کے علاوہ اور کس کس اعمال سے قفل کھولا جاتا ہے

قفل کھولنا

یہ حروف بکری کی کھال پر لکھ کر لوبان اور قسطال کی دھونی دے کر اپنے دائیں بازو پر باندھے پھر کسی قفل کو کھولنا چاہیے تو تمام سورہ فتح پڑھے اور اپنا ہاتھ قفل پر رکھے وہ فوراً کھل جائے گا اور وہ حروف یہ ہیں:



(دوسری ترکیب قفل کھولنے کے عمل کی) جس کے لئے ہر قفل اور ہر بیڑی اور ہر زنجیر کھل جاتی ہے تو یہ عزیمت پڑھنی چاہیے کہ

اَقسَمتُ عَلَیکُمْ یَا جَمَاعَۃَ الْعَفَارِیتِ الطَّیَّارَۃ وَالْجُلُوْدُ وَالْمُلُوْکُ الارضیّۃِ با الاِسرالمکنونِ الْمَخزُوْنِ الَّذِی اِذَ دُعِیَ بِہٖ اَجَابَ وَاِذَا سُئِلَ بِہٖ أعطٰی وَبِالاَسمَاء الزرانیۃ عنجرید یاہ کریر طوراہ نموشلج أھیاشر اھیا أحباؤت بِالاِسْ الَّذِیْ یُحْیِیْ بِہٖ الْمَوْتٰی عِیسَی بْنُ مَرْیَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ ابنُ وَخَیلَۃَ وَذُیَیلَۃ وربانہ ویا بو شیبہ (فرِلُوْیَا بَنَاتِ مُلزِکَ الجِنِّ وَاھبطُوا وَافْتَحُوْ کُلَّ قُفْلٍ وَّ سِلسِلَۃٍ وَّ قیدٍ اَضمَرْتُ بہٖ عَلَیْکُمْ وَمَا اُمْرٌ اِلّا وَاحِدَۃٌ کَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ سےقدیر تک اَینَ یَعْقُوْبُ الاَذراقُ اَینَ اَبُوْیَعْقُوبَ ابنُ اِبنُ الاَحْمَرِ وَ خُذَامُۃً أیَنَ برقانِ وَعَسَاکِرُہٗ وَقُوّادہٗ أیْنَ شمھورش وأھلِ طاعتہٖ أینَ الاَبیَضُ الاَمیْرُ وَ اَھلُ مَمْلُکَتِہٖ أینَ مَیمُونَ الامیْرُ وَ أھلُ بِسَاطِہٖ اقبلُوا أیُّھَا الْمُلُوکُ السَّبعَۃُ أنتُمْ وَجُنُودُکُمْ وَ رُمَاتکُمْ وبُنُورکُمْ أحرَارُکُمْ وَعَبِیدُکُمْ ذکورِکم وَ اِنَّا لَکُمْ صَغِیرُکُمْ وَکَبِیرُکُمْ وَافتَحُوا کُلَّ قُفلٍ اَضمَرْت بِہٖ عَلَیکُمْ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیحَۃً وَاحِدَۃً فَاِذَا ھُمْ جَمِیعٌ لَّدَینَا مُحضَرُوْنَ أیزَ الْجَائِلُوْنَ فِیْ اَقْطَارِ الاَرْضِ أینَ الرَّاکِبُوْنَ عَلٰی خُیولٍ شُھُبٍ اَینَ اَصحَابُ الزَّعِیقِ وَالْعَوِیقِ افْعَلُوْا مَا اَمَرْتُکُمْ بِہٖ مِنْ فَتحِ کُلِّ قُفْلٍ غَلِیقٍ وَ قِیدٍ وَمَا أمرُنَا اِلَّا وَاحِدَۃٌ کَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ فِیْ فَتحِ ھٰذِہِ الْمَغَالِیقِ أوْ ھُوَ اَقْرَبُ اِفْتَحُوْم لَاقْفَالَ وَالاَغلَالَ بِسُرْعَۃٍ یَّا جَمَاعَۃَ الْعَفَارِیتِ أصحَابَ الْفِعْلِ وَالسِّرِّ خُذُوْا بِقُوَّتِکُمْ وَبِسُرْعَتِکُمْ وَاِجَابَتِکُمْ وَ اُجِیبُوْا لِمَا دَعُوتُکُمْ اِلَیہِ وَوَکَّلتُکُمْ عَلَیہِ اَینَ الْبُرَادُ قَالَ صَاحِبُ الاَقفَالِ وَالاَغلَالِ اِفْتَحْ اِفْتَحْ وَعَجِّلْ عَجِّلْ الوحا الوحا السَّاعَۃِ اَینَ بَنُو النُّعمَانِ اِفْتَحُوا مَا اَغْلَقَتْہُ الْیَدَانِ بحق شیطاہ فاش وکوز بنور ھارس یَا جَمَاعَۃَ الاَرْوَاحِ الْعُلْوِیَۃِ الطَّاھِرَۃ سَئالتکُمْ بِالَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِنَ الاَنْوَارِ وَجَعَلَکُمْ خَزَائِنَ الاَسْرَارِ اِلَّا مَا فَتَحتُمْ ھٰذِہٖ انقیُودَ بِحَقِّ الْعُھُودِ فَاِنْ لَّمْ تَفعَلُوْا مَا أمَرتُکُمْ بِہٖ فَتَلزَمُکُمُ الْعُقُوبَۃُ وَاِدیالُ أینَ السَّیِّدُ مَیطَھرُوْنَ اِمَامُ الْمُلُوکِ الْعُلْوِیَّۃِ وَالسِّفْلِیَّۃِ الَّذِیْ اِذَا عَصٰی أحَدُ مِّنکُمْ أسْمَاءَ اللّٰہِ وأبَی اَنْ لَا یُجِیبَ فِی الْفِعْلِ أرسَلَ اِلَیہِ رُوْحَانِیَّۃً غِلَاظًا شِدَادً لَّا یَعْصُوْنَ اللّٰہَ مَا اَمَرَھُمْ یَفعَلُوْنَ مَا یُؤمَرُوْنَ أمِدُّھُمْ بِالسِّیَاطِ وَاَنْوَاعِ الْعَذَابِ عَلٰی مَنْ اَعْصٰی

محمدی بکڈپو ڈیرہ روڈ' دریاخان بھکر
مہران بک سنٹر' بندر روڈ لاڑکانہ
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

مِنْكُمْ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ شما لُوخ بیروخ نوخ أهيَا شَراهيا فَاِنِّىْ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالْاَسْمَاءِ السِّرْيَانِيَّةِ وَبِكُلِّ اِسْمٍ فِى التَّوْرَاتَه وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ اِلَّا مَا فَتَخْتُمْ كُلَّ قُفْلٍ بِحَقِّ كُلِّ اِسْمٍ مِّنْ اِسْمَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَّمَهٗ نَبِيُّهٗ آدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَكُلَّ وَاحِدٍ مِّنَ الرُّسُلِ دَعَاكَ بِكُلِّ اِسْمٍ سَخِّرْلِىْ خُدَّامَ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ لِيَقْضُوْا حَاجَتِىْ وَ يَشْرَعُوْا اِنِّىْ طَلَبِ بُغْيَتِىْ وَتَحْصِيْلِ اِرَدَاتِىْ وَهُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَكِيْل

'اور اس عزیمت کی ترکیب یہ ہے کہ اس کو ہر نماز کے بعد سات بار خلوت کے اندر پڑھو اور ہر روز قسط کی دھونی روشن کرو پھر ساتویں روز خادم آئے گا، سیاہ کتے کی صورت میں اور تم سے کلام سلام کرے گا اور تم اس کے سلام کا جواب دینا اور کہنا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ تم میری ہر قفل یا زنجیر کھولنے میں خدمت کرو۔ وہ تمہاری درخواست منظور کرے گا۔ اور اپنی شرطیں تم سے لے گا تم وہی شرطیں قبول کرنا جو تمہارے مذہب میں جائز ہوں اور اس کا نام بردہے پھر وہ تم کو کوئی کلمہ سکھائے گا تو جب تم اپنا ہاتھ قفل یا بیڑی پر رکھو گے وہ فوراً کھل جائے گا۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ تمام قارئین میری جلد صحت یابی کیلئے دعا کریں گے۔

سورۃ مزمل اور تسخیر جنات

تحریر:۔ آغا زاہد علی شاہ حیدری نجفی' کالج روڈ' راولپنڈی 0300-5241049

قارئین جعفریہ جنتری! سورۃ مزمل کے اعمال کے بارے میں مشہور ہے کہ سورۃ مبارکہ کا ورد کرنے والے شخص کے پاس جنات کے قبیلے آتے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کیونکہ اس کا مشاہدہ میں ذاتی طور پر چکا ہوں۔ جس کیلئے مجھے مکمل راہنمائی ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی تھی شاید اُس کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ میری اُن سے بہت زیادہ عقیدت محبت ادب احترام بھی ہے۔ سورۃ مزمل سے جنات کو مسخر کرنا اور پھر ان سے اپنے مقصد کیلئے کام لینا نہایت آسان ہے۔ میں نے اس عمل کی قوت سے بڑے بڑے کام لئے ہیں اور کئی ارواح کو بھی حاضر کیا۔ کئی جنات خود بخود مسخر ہو جاتے ہیں اور دوستی کے زمرے میں رہ کر خود بخود کام کرتے ہیں۔ یہ ایک ایسا چلتا ہوا عمل ہے کہ جس کی تعریف میں ہر وقت کرتا رہتا ہوں جو بھی شخص عمل کرنے کا خواہشمند ہو تو اس عمل کا حصاری نقش اور تسخیری نقش مجھ سے بلا ہدیہ جوابی لفافہ بھیج کر منگوالیں۔

3 روز تک روزہ رکھیں اس دوران نمکین اشیاء کا استعمال کریں۔ میٹھے سے دور رہیں گائے کے گوشت کے علاوہ ہر قسم کا گوشت استعمال کر سکتے ہیں۔ چوتھے روز تنہائی میں پیپل کے درخت کے نیچے بیٹھ جائیں جہاں کوئی دوسرا شخص آپ کو نہ دیکھے اگر شہر میں ایسا کرنا ناممکن ہو تو پیپل کے پتے زمین پر بچھا کر اپنے گھر میں ہی نشست بنائیں لیکن شرط ہے کہ کوشش کی جائے کہ جتنا بھی آبادی سے دور ہو عمل کی قوت اُتنی ہی زیادہ ہو گی۔ اب 3 روز تک سورۃ مزمل شمال کی جانب منہ کر کے 41 بار پڑھیں اور ہر بار پڑھنے کے بعد دھیمی آواز میں صدا لگائیں کہ میرے قریب جتنے بھی جنات ہیں اُن سب کو گرفتار کر کے سامنے حاضر کرو۔ دوسرے دن ہی مشاہدات شروع ہو گے۔ چھوٹے چھوٹے قد کے کچھ بچے یا بڑے آپ کے سامنے آنا شروع ہونگے ان سے کوئی بات نہ کریں اور حصار میں رہیں۔ کل مدت عمل 3 تا 9 یوم ہے لیکن اس عمل کی پہلی شرط یہ ہے کہ آپ کو روانی سے سورۃ مزمل زبانی یاد ہو۔ اگر کمرہ میں یہ عمل کرنا چاہیں تو خوب خشبویات لگا کر حصار میں بیٹھیں۔ مکمل توجہ اور دھیان سے عمل کیا جائے۔ سیاہ رنگ کا لباس ہو تو زیادہ بہتر ہے کبھی کبھی دوران عمل یا بعد عمل سخت نیند بھی آتی ہے۔ کوشش کی جائے کہ آپ اپنی نیند کو پورا کر کے عمل شروع کریں۔ ان جنات سے آپ کسی بھی قسم کا کوئی بھی کام لے سکتے ہیں لیکن ناجائز اور غیر شرعی کام لینے سے گریز کریں۔

میرے قارئین کرام! عمل نہایت بہت آسان اور پُر تاثیر ہے کسی قسم کا کوئی خوف خدشہ بھی نہیں۔ بعد عمل 500 روپے کی شیرینی پر نیاز دلوائیں۔ یہ نیاز چھوٹے بچوں میں تقسیم کریں تو زیادہ اچھا ہے۔

ایلیاء بک سمٹر اینڈ تبرکات' نزد امام بارگاہ حیدریہ' بلاک U ڈیرہ غازی خان
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

Scanned with CamScanner

اعمالِ ناپید

تحریر:- رضوان حسین شاہ (ملتان)
0332-0786992

قارئین جعفریہ جنتری کو سال نو مبارک ہو گزشتہ سال ایک بہت نایاب اور قیمتی عمل لوح کا یا پلٹ کے ساتھ حاضر ہوا تھا۔ جسے قارئین نے بے حد سراہا قارئین کی فرمائش پر چند ایسے نایاب اعمال جو کہ موجودہ وقت میں ناپید ہو چکے ہیں اور ہمارے بزرگوں کا اثاثہ رہے قارئین کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ ذیل کے عمل سے قبل اجازت لازمی طلب کریں ورنہ عمل کا اثر نہ رہے گا بعد کامیابی عمل نیاز پنجتن پاک کا اہتمام کریں۔ نہایت آسان اعمال ہیں مگر تاثیر کے لحاظ سے ان کا کوئی ثانی نہیں وہ لوگ جو کہ ارواح کی حاضرات کا شوق رکھتے ہیں۔ ضرور آزمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

عمل حاضرات زحل در عقرب

سال رواں میں 06 ستمبر سے زحل در عقرب سفر کریگا اس دوران یہ حاضرات حاضری ارواح اور طلب حاجات کیلئے نہایت معتبر اور مجرب ہے۔ قارئین سے گزارش کرونگا کہ ایک باز اس عمل کو لازمی آزمائیں اور خود تعریف کرتے ہوئے نہ تھکیں گے۔

رصاص اور قلعی کی ایک تختی بنائیں۔ جب طالع عقرب ہو اور زحل اس میں ہو بخور مصطگی اور موئے خوک جلا کر حصار کے اندر بیٹھ کر درج ذیل اسماء اس پر نقش کریں۔



ارواح حاضر ہوں گے بخور متذکرہ جلاتے رہیں حصار کے اندر رہیں، ان سے بات کریں اور جو کچھ طلب کریں گے وہ آپ کے حکم کی بجا آوری کریں گے۔ تختی قلعی کی درج بالا ساعت وطالع میں بخور مذکورہ دے کر بنا کر رکھیں جبکہ اس سے کام لینا مطلوب ہو۔ حصار میں بیٹھ کر اس تختی کو بخور لوبان دیں۔

لاجواب عمل حاضرات

نوچندی جمعرات کو روزہ رکھ کر صرف دودھ چاول سے افطار کریں اور کچھ نہ کھائیں۔ عشاء کی نماز کے بعد آیت الکرسی ان الفاظ کے ساتھ 313 مرتبہ پڑھیں۔ یعنی جب ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ لیں تب ان الفاظ کو ایک بار دہرائیں۔

بَسُریاخِ کشھنِخ شلخمۃِ طلخ احضرو بارک اللہ فیکُمْ وَ عَلَیْکُمْ وافعلُوا کذا وکذا۔

کذا وکذا کی جگہ اپنے مقصد کا نام لیں مگر مقصد عربی زبان میں ادا کیا جائے۔ کسی عربی دان سے اس کی عبارت بنوا لی جائے۔ اس عمل کے خاتمہ پر موکل پرندوں کی شکل میں حاضر ہوں گے۔ جس وقت وہ حاضر ہو جائیں تو یہ الفاظ متواتر کہے جائیں:

اِنصَرَفُوا اِلٰی مَا اَمَرْتُکُمْ بِہٖ۔ انصَرفُوا مَا جُوْدِیْنَ بارک اللہ فیکُمْ وَ جزا کُم عَنّا خیرا۔

ان موکلوں کا حاضر ہو جانا ہی کامیابی کی دلیل ہے۔ یہ الفاظ کہنے سے چاروں موکل واپس چلے جائیں گے اور آپ کا کام فوراً ہو جائے گا۔

عجیب عمل حاضرات

عبارت عمل :۔ یارحمٰن۔ اللہ ظاہر ہے۔

پانچ خانوں کا ایک نقش پُر کریں اور ہر خانہ میں ۱۱۳ عدد لکھیں۔ اس تعویذ کے چاروں اطراف یا نبی یا اللہ چار چار مرتبہ لکھیں۔ پھر اس کو بند کر کے ایک بچہ جو چھ سے نو سال تک کی عمر کا ہو اور پڑھا ہوا بھی ہو اس کے داہنے ہاتھ میں انگوٹھے اور انگشت شہادت کے درمیان خوب زور سے پکڑ لے۔ انگوٹھے کے ناخن پر سیاہ سیاہی اور تیل سرسوں لگا دیں۔ لڑکا بغور اس کو دیکھتا رہے۔ خاکروب، ماشکی کو بلائے۔ بادشاہ مع درباریوں کے بلائے۔ سوال کرے، بورڈ پر جواب لکھا جائے گا۔

المرتضیٰ بک سنٹر نیو گوڑی بازار گلگت   حافظ بک ڈپو فوارہ چوک جھنگ صدر
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

صاف اگر نہ پڑھا جائے تو بار بار کہہ کر صاف صاف لکھوائے اور لڑکا اونچا اونچا (بلند آواز میں) پڑھے تاکہ سائل خود سن لیں۔

دن ابر آلود نہ ہو۔ صاف شفاف دن ہو اور حاضری کے وقت اگر وقت گیارہ بجے کا ہو تو بہت خوب ہے۔ دوسرے اوقات میں جواب صاف نظر نہیں آتا۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

مجرب عمل استخارہ

مکان کی بالائی منزل پر کاغذ پر لکھے۔

یَا خَابِحَقِ یَا مِیکَائِیْل یَا مَهْکَائِیْل

پھر دو رکعت نماز استخارہ برائے دریافت حالات وغیرہ پڑھ کر 70 بار یہ پڑھ کر اور لکھا ہوا کاغذ سر کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ خواب میں حالات کا مشاہدہ کریں۔

بلند جگہ پر حروف بالا لکھنا ہیں باقی تمام کام کمرہ میں کرنا ہے۔

عمل موافق ہے یا نہ؟

اگر کوئی عمل کرنا ہو تو عمل کے حروف مفرد بنا کر اس میں عامل کے نام مفرد شدہ دونوں کو ملا کر ۱۲ پر تقسیم کریں۔ اگر ۳، ۱۱، ۱۰، ۱ باقی رہیں تو عمل پڑھنا مفید رہے گا۔

عمل موکل

صحیح، کامیاب اور آسان ترین عمل ہے۔ خاندانی عمل نوچندی ہفتہ یا اتوار سے شروع کریں۔ جنگل یا کسی غیر آباد جگہ جہاں آک کثرت سے اُگا ہو اور پھول بکثرت ہوں۔ آک کا درخت اور جس میں کافی پھول ہوں۔

اب ایک ڈبہ ڈھکنے والا لے لیں جس میں تقریباً تین پھول سما جائیں۔ ڈبہ اور اگربتی لے کر دن مذکور کو اس درخت مدار کے پاس جائیں اور ٹھیک وقت زوال عین دوپہر کے وقت پہلے درخت مذکور کے نیچے اگربتی جلائیں اور درخت سے ایک پھول توڑ کر آیت شریفہ **سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَبِّ الرَّحِیْمِ** سات مرتبہ پڑھ کر ڈبہ میں ڈال دیں۔ اسی طرح ہر پھول پر سات سات مرتبہ آیہ شریف پڑھ کر ڈبہ میں ڈالتے جائیں۔

کل سات پھولوں پر یہ عمل کریں۔ اسی طرح وقت مقررہ پر آ کر عمل کیا کریں اور 40 دن بلاناغہ عمل جاری رکھیں۔ دوران عمل درخت پر سے پھول ختم ہونے پر دوسرے سے پھول توڑ کر عمل کیا کریں۔ عمل کے دوران کسی بھی شخص سے گزبات نہ کریں۔ کچھ بھی طلب کرے تو بھی جواب نہ دیں۔ چالیسویں یا اکتالیسویں دن پھر حاضر ہوگا۔ عمل ختم کرنے کے بعد میں مؤکل کی طرف رجوع کریں۔ پہل اپنی طرف سے ہرگز نہ کریں۔ اس سے وعدۂ اطاعت جائز کام کا لیں اور ڈبہ اپنے پاس محفوظ کر لیں۔

عمل مؤکل سو فیصدی درست

سات دن تک مطلق جلالی جمالی، پرہیز سات روز تک روزانہ اپنے ہاتھ سے کھانا پکایا کریں۔ زیادہ گوئی سے پرہیز کریں۔ بعد نماز اول و آخر ۱۱ بار درود شریف درمیان میں 1000 بار **یَا حَیُّ** 150 بار **یَا قَیُّومُ** پھر ایک ہزار آیت ذیل:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ وَ یَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ۔ پھر 1000 بار **یَا حَیُّ** اور 150 بار **یَا قَیُّومُ** پڑھیں۔ ساتویں دن ایک خوبصورت جن حاضر ہوگا اور اقرار تابعداری کرے گا۔

کشف مجرب

ان سات اسماء کو ترک حیوانات کے بعد ایک ہزار بار روزانہ پڑھیں۔ **سُیَهْتَدَ یَدَعِ، هَلْیَهُونِ، لَا لَهُونِ، دَمَدَغُوثِ، هَاجَنِی، فَلِیشَا، هَیْلُوبَ** اس کے بعد گیارہ بار درود شریف اور تین بار مندرجہ ذیل دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اَکْشِفْ عَنْ قَلْبِیْ حِجَابَ الْغَفْلَةِ وَ عَلِّمْنِیْ مَا لَمْ اَکُنْ اَعْلَمُ وَ بَیِّنْ لِیْ مِنْ کُلِّ مَا اَسْئَلُ عَنْهُ یَا مَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَلَا مَعْبُوْدَ سِوَاهُ

پھر 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اگر چھ روز اس پر مداومت کرے گا تو ساتویں روز اثر ظاہر ہوگا۔ پھر جو شخص اس کے سامنے آئیگا جو اس کے دل میں ہوگا۔ اس پر ظاہر ہو جائے گا۔

حیدری بک ڈپو کمالیہ قیوم دی ہٹی مین بازار لیہ

ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات اقبال پرویز نیوز ایجنٹ، بالمقابل سٹی اسٹیشن گوجرانوالہ

Scanned with CamScanner

انتخاب جفر

تحریر:۔ فیض حسین فیض، ساکن چک 46، ڈاکخانہ ریان پورہ، تحصیل فیروز والا، ضلع شیخوپورہ 0306-4106076

معزز قارئین جعفریہ جنتری! علم کی ابتدا اس وقت شروع ہوئی جب اللہ نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں۔ كُنتُ كَنزاً مَخفِيًا فَاَحبَبتُ اَن أعرفَ فَخَلَقتُكَ يَا مُحمد میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا پس میں نے چاہا میں پہچانا جاؤں تو اے محمد ﷺ میں نے تجھے پیدا کر دیا۔ یعنی معرفت الٰہی (علوم آل محمد ﷺ) کی ابتداء تخلیق محمد ﷺ سے ہوئی۔ علم کے لغوی معنی جاننے اور پہچاننے کے ہیں، لہٰذا علم کا خالق خود رب تعالیٰ ہے، انسان کو علم کی ابتداء کا پتہ ہے اور نہ انتہا کا۔ علم کی تشریح کے لئے حدیث رسول ﷺ ہی کافی سمجھتا ہوں۔ اب عقل سلیم کی رو سے جن علوم کے ماہر جناب رسالت مآب تھے انہی کے دروازے علیؑ ہیں۔ مدینۃ العلم کے بھائی نے علم جفر عطا فرما کر ایک ایسا زندہ جاوید معجزہ عطا کر دیا جس کی بدولت اسرار ربوبیت کے پردے کھول سکتے ہیں، ہر مشکل کا حل ڈھونڈ سکتے ہیں۔ بشرطیکہ علیؑ کو راہنما علم مانا جائے کیونکہ علیؑ کے بغیر رسالت کی پہچان نہیں، رسالت کی حقیقت کے بغیر حق کی پہچان نہیں۔ گو علیؑ کی ذات معیار انسانیت ہے۔ قارئین جو مستحصلہ پیش کر رہا ہوں اس سے ہر قسم کے سوال کا جواب لے سکتے ہیں۔

قوانین مستحصلہ

(۱) سب سے پہلے سوال لکھیں اور اسے جدا جدا کر لیں جسے بسط حرفی کہتے ہیں۔ (۲) سوال کے نیچے سوال کنندہ کے نام کو لکھیں جدا جدا اور ہر حرف کے نیچے اس کی عددی قیمت کو لکھیں، قیمت مفرد لکھنی ہے۔ (۳) سائل کے مفرد نام کے مطابق حروف اٹھالیں۔ (۴) اب حروف مستحصلہ کو تین مرتبہ موخر صدر کریں اول تو جواب خود ناطق ہوگا یا ایک دو حروف کو نظیرہ و ہم مرتبہ سے بدلنا پڑے گا۔ اب الہام و تفہیم کے لئے مثالیں دیکھئے۔

مثال نمبر۱:

یا علیم امر ملی خانہ بنا کر کاروبار کرنا خالد بن نور بی کو کیسا رہے گا۔

(بسط حرفی) م ر م ل ی خ ا ن ہ ب ن ا ک ر ک ا ر و ب ا ر ک ر ن ا خ ا ل د ب ن ن و ر ب ی ک و ک ی س ا ر ہ ی گ ا۔

سوال کنندہ: خ ا ل د ح س ی ن (خالد حسین)

عدد مفرد: ۵۱۶۸۴۳۱۶

سطر مستحصلہ: ا ن ن ک ر د ب ب

موخر صدر 1: ب ا ب ن د ن ر ک

موخر صدر 2: ک ب ر ا ن ب د ن

موخر صدر 3: ن ک د ب ب ر ن ا

کند بن برا

یعنی موصوف کیلئے یہ کاروبار بہتر نہیں

مثال نمبر2:

یا علیم! شہر بانو بنت نورین کی اپنے شوہر کے ساتھ ناچاقی کی اصل وجہ کیا ہے

(بسط حرفی) ش ھ ر ب ا ن و ب ن ت ن و ر ی ن ک ی ا پ ن ی ش و ھ ر ک ی س ا ت ھ ن ا چ ا ق ی ک ی ا ص ل و ج ھ ک ی ا ھ ی

سوال کنندہ: ع ش ر ت ص ب ا (عشرت صبا)

عدد مفرد: ۱۲۹۴۲۳۷

سطر مستحصلہ: و ت و ک ر ی س

موخر صدر 1: س و ی ت ر و ک

موخر صدر 2: ک س و و ر ی ت

موخر صدر 3: ت ک ی س ر و و
سحری زور

یعنی سحری زور کی بنا پر ان میں ناچاقی ہے، رکا توڑ جیر لیا ہے۔

> **درود شفاء:** ۔ ہر مرض سے شفاء یابی کیلئے یہ درود پاک بکثرت ورد کریں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاۤءٍ وَّدَوَاۤءٍ وَّبِعَدَدِ کُلِّ عِلَّۃٍ وَّشِفَاۤءٍ

عملیات رزق

تحریر:۔ سحر کاظمی، پلاٹ نمبر 3/D اسٹریٹ فیز 1 سیکٹر I-10/3-I اسلام آباد 0300-9491015

حضور نبی اکرمؐ سے منقول ہے اگر یمن کے کوہ یمیر کے برابر قرض ہو تو وہ ختم ہوگا بلکہ اس کے قرض کو اللہ تعالیٰ ادا کرے گا۔ کوہ یمیر یمن کا سب سے بڑا پہاڑ ہے اگر سجدے میں ہر روز **اللھم اغنی بحلالك عن حرامك و بفضلك عمن سواك** پڑھے۔ آقائی محسن کاشانی لکھتے ہیں کہ ہر نماز واجب کے بعد اٹھارہ مرتبہ یا حی یا قیوم پڑھنے سے اللہ تعالیٰ طول حیات و ترقی رزق دیتا ہے۔ فرمان ہے جو کوئی سورہ توحید کو ہر نماز واجب کے پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو عذاب قبر سے امان دے گا اور رزق میں اضافہ فرمائے گا (زاد الصالحین ج ۵ ص ۶۵) امام جعفر صادق کا فرمان ہے جو کوئی تیس (۳۰) مرتبہ روزانہ "**سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم**" پڑھے تو وہ غنی ہوگا۔

حضور نبی اکرمؐ سے منقول ہے کہ آیت مجیدہ "**ومن یتق اللہ تا قدرا**" تک چالیس دن تک اس طرح پڑھے 39 دن تک 151 مرتبہ اور چالیسویں دن 178 مرتبہ، ابتدائے عمل جمعرات یا جمعہ سوموار کو کرے اور ابتدا 178 مرتبہ، ابتدائے عمل جمعرات یا جمعہ یا سوموار کو کرے اور ابتدا میں غسل کرکے پاکیزہ لباس پہنے اور 2 رکعت نماز بجا لائے۔ انشاء اللہ بند کاروبار کھل جائے گا اور رزق فراوانی سے پہنچے گا۔

حضرت امام موسیٰ کاظمؑ کا ارشاد ہے فقر و پریشانی کو دور کرنے کے لئے صبح کی نماز کے بعد دس مرتبہ **سبحان اللہ العظیم وبحمدہ استغفر اللہ و اسئلہ من فضلہ** پڑھ لیا جائے۔

حضور نبی اکرمؐ کا فرمان ہے جو ہر روز سورۃ ق کی تلاوت کرے اس کی جیب پیسے سے کبھی خالی نہیں ہوتی۔ حضور نبی اکرمؐ نے فرمایا اگر کوئی شخص ہر صبح کی نماز اور شام کی نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے اس قدر مال و دولت عطا فرماتا ہے کہ اس کی سات پشتیں محتاج نہیں ہوتیں۔ **یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا رب یا حی یا قیوم یا حی یا قیوم یا حی یا قیوم یا ذالجلال والاکرام اَسئلك باسمك العظیم الاعظم اَن ترزقنی رزقا واسعًا حَلَالًا طَیِّبا بِرَحْمَتِكَ یا اَرْحَم الراحمین۔**

غربت میں کسی کے سامنے دست سوال کرنے سے بچنے کیلئے روزانہ 11 مرتبہ **یا جلیل** پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا جائے۔ تنگ دستی اور فقر فاقہ سے نجات کیلئے اسم یا وھاب نصف شب کو ننگے سر کھلی جگہ پڑھنے سے رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ گھر میں برکت ہوتی ہے، حصول مال و دولت کیلئے **یا واسع** 100 مرتبہ **وارزقنا و انت خیر الرازقین** اول و آخر 7 مرتبہ درود شریف اور پانچ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنے سے رزق میں خیر و برکت میں اضافہ ہوتا ☆ مال دار اور دولت مند بننے کیلئے صبح کی نماز کے بعد 25 مرتبہ سورہ النصر پڑھنے سے چند دنوں میں ہی ہر طرح کے فقر و فاقہ سے محفوظ ہوگا۔ ☆ ہر روز 30 مرتبہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھے تو غنی ہوگا ☆ نماز عصر کے بعد 100 مرتبہ **یا وھاب** پڑھنے سے اللہ تعالیٰ رزق میں وسعت دیتا ہے ☆ آیت الکرسی کو ہر نماز کے بعد پڑھنا رزق کی زیادتی کا سبب ہے ☆ سورۃ آل عمران کو لکھ کر پاس رکھنے سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے ☆ سورہ "الذاریات" سورہ "واقعہ" سورہ "یٰسین" کی تلاوت سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔ جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس کی روزی کشادہ ہوگی۔

۷۸۶

۳	۹	۱.
۲	٥	۷.
۸	[illegible]	۶

جو کوئی اس نقش کو جمعرات کی صبح لکھ کر پاس رکھے اس کو غیب سے روزی ملے۔

۴	۹	۱
۲	٥	۷
۸	[illegible]	۶

اس نقش کو شرف آفتاب میں چاندی کے پتر پر کندہ کرکے پہن لیں، انشاء اللہ روزی میں کمی نہ ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
یامنان ذالاحسان
قدعم کل اللاق منہ

حبیب بک ڈپو نور مارکیٹ پاراچنار   اسلامی کتب خانہ فضل الٰہی مارکیٹ اردو بازار لاہور
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

Scanned with CamScanner

لوح تحفظ

تحریر:۔ میاں جاوید اقبال
وارڈ نمبر 12 نئی آبادی بدوملہی
0333-4179560

قارئین جعفریہ جنتری! سال 2012ء جو کہ انتہائی پیچیدہ سال ثابت ہوگا دراصل یہ قدرتی آفات کا سال ہوگا، دوسرا سازشی سال ہونے کی بناء پر دہشت گردی کی شدت میں اضافہ تمام پاکستانیوں کو عدم تحفظ کا احساس ہوگا۔ جعفریہ جنتری کے قارئین کیلئے ایک نایاب تحفہ پیش کر رہا ہوں۔ 2012ء کا وقت جوں جوں گزرتا چلا جائے گا آپ کو یہ تحریر ایک سنہری تحریر محسوس ہوگی، جنہوں نے فائدہ اٹھالیا وہ کامیاب رہیں گے جو رہ گئے وقت ان کے ہاتھ نہ آئے گا۔ اگر آپ سال 2012ء کے متعلق حالات واقعات کی پیش گوئیاں جاننا چاہتے ہیں تو ماہ جنوری کا شمارہ ''**تحفہ روحانیات**'' کا مطالعہ کرنا نہ بھولیں جہاں پر مکمل تفصیل شائع ہوگی۔

قارئین کرام! یہ ایک ایسا قرآنی معجزاتی عمل ہے جو کہ حقیقت پر مبنی ہے جو کہ بے شمار اندرون اور بیرون ممالک کے لوگوں کو 2007ء سے بنا کر دے رہا ہوں۔ جنہوں نے اس سے ہزاروں فوائد حاصل کئے ہیں۔ اس کو اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتے ہیں بعد ازاں تحفظ جان و مال کے کافی شواہد ملے۔ قرآن مجید میں 4 آیات درج ذیل ہیں جس کی ہدایت میں 10 ''ق'' ہیں اور اس عمل میں ان روحانیت سے کام لیا گیا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّ نَحْنُ اَغْنِيَآءُ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْ وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّ نَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ۔ (سورۃ آل عمران ۱۸۱)

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُو الصَّلٰوةَ وَاٰتُو الزَّكٰوةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ج وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ط قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى قف وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا۔ (سورۃ النساء ۷۷)

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ط قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ۔ (سورۃ المائدہ ۲۷)

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط قُلِ اللّٰهُ ط قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ط قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ لا اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ج اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ط قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ○ (سورۃ الرعد ۱۶)

قرآن پاک کی یہ چاروں آیات ''چہل قاف'' کہلاتی ہیں۔ ایک وہ عزیمت ہے جسے بزرگوں نے عملیات میں استعمال کیا ہے۔ اُسے بھی ''چہل کاف'' کہا جاتا ہے۔ فرق یہ ہے کہ یہ کاف ''ک'' اور آیات میں یہ قاف ''ق'' اس شکل کا ہے۔ ہر آیت میں 10،10 قاف آئے ہیں اور یہ چاروں آیات اپنے اندر بے پناہ خصوصیات رکھتی ہیں اور ان میں ایک خاص راز پنہاں ہے جو صرف قدرت ہی جانتی ہے۔ بعض بزرگان نے اس میں اسم اعظم بتایا ہے۔

طریقہ عمل: قارئین کرام! اس عمل کو تیار کرنے کے لئے ہم سائل کا نام بمعہ والدہ کے اعداد لیں گے اور اس کے ساتھ جو بھی مقصد ہوگا اس کے اعداد شامل کر کے ان چاروں آیات کے اعداد 46914 کو شامل کر کے عمل تیار کریں گے۔

اعداد چہل قاف=	46914	اعداد سائل =	408
مقصد عزت و شہرت و ترقی رزق=			2405
میزان	=		49727

اب میزان سے کلیہ کے 105 کو نفی کریں اور حاصل اعداد کو 6 پر تقسیم کریں اگر باقی کسر بچتی ہے تو اس کے مطابق نقش میں پُر کریں۔

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات
رضا بکس EME سوسائٹی ملتان روڈ لاہور محفوظ بک ایجنسی مارٹن روڈ کراچی

2 کسر 6=8270 ÷ 49727-105=49622

حاصل اعداد کو مسعد میں دوائر میں پُر کریں اگر کسر 1 ہو تو خانہ نمبر 31 میں ایک کا اضافہ کریں اگر کسر 2 ہو تو خانہ 25 میں اگر کسر 3 ہو تو خانہ نمبر 19 میں اگر کسر 4 ہو تو خانہ نمبر 13 میں اگر کسر 5 ہو تو خانہ نمبر 7 میں ایک کا اضافہ کریں۔



مثالی نقش



پشت نقش



چال نقش

قارئین کرام! لوح کو تیار کر کے چاروں آیات کو گیارہ گیارہ مرتبہ تلاوت کر کے دم کریں اور اس کو گلے میں پہن لیں، بعد ازاں روزانہ ایک مرتبہ چاروں آیات کو تلاوت کر کے اس لوح مبارک کو 40 یوم تک دم کرتے رہیں اس دوران اس کے حیرت انگیز کرشمات کو ملاحظہ کریں گے اور ایک مثالی اور تندرست زندگی کا مزہ لوٹیں۔ 40 یوم کے بعد اتنی مضبوط ڈھال زندگی میں کبھی میسر نہ آئے گی۔

”فوائد آیات چهل قاف“

(1) یہ نہایت نادر و نایاب عمل ہے۔ دفع آسیب و جن وار واح خبیثہ کے لئے نقش مربع آتشی اپنے گلے میں ڈالیں۔ اگر کسی جگہ جنات کا پڑاؤ ہو تو روزانہ چاروں آیات 7 مرتبہ پانی پر دم کر کے کمروں کے کونوں میں چھڑکیں وہاں سے فوراً بھاگ جائیں گے۔ جب تک نقش رہے گا دوبارہ نہیں آئیں گے۔ اگر مریض ہو تو ساتھ میں اس کو پلائیں۔ (2) سحر و جادو، کالے علم کی کاٹ کے لئے نقش کے ساتھ 21 مرتبہ دم کریں، مکمل تحفظ رہے گا۔ (3) نحوست سیارگان و ساڑھ ستی (نحوست زحل) تحفظ جان و مال بحالی عزت و منزلت کسی بھی مشکل کام میں کامیابی، کاروباری نقصان، محبت میں ناکامی، پسند کی شادی، ترقی رزق، ملازمت میں تنزلی یا جانے کا خوف، تحفظ دشمنان، جان جانے کا خطرہ، اس لوح کو چاندی پر اتار کر ساتھ ورد کرنے سے ان تمام چیزوں سے تحفظ ہو گا حتیٰ کہ پھانسی بھی ٹل جاتی ہے۔ (4) گھر سے بیماری کے تحفظ کے لئے 3 دن تک مریض کو پلائیں اور گھر کے تمام کمروں کے کونوں میں چھڑکیں۔ (5) ارضی و سماوی آفات سے بچاؤ کے لئے روزانہ ایک مرتبہ ورد میں رکھیں اور لوح کو چاندی پر بنا کر گلے میں ڈالیں۔ (6) کوئی بھی طاقت خائف نہ کرے۔ کسی بھی انجانے خوف سے اور کسی بھی ڈر سے بچنے کے لئے روزانہ ایک مرتبہ ورد میں رکھیں اور اس کا نقش گلے میں ڈالیں۔ (7) دشمنوں سے حفاظت کے لئے اور جہاں جان جانے کا ڈر ہو نقش کو گلے میں ڈالیں اور روزانہ گیارہ گیارہ مرتبہ ورد کریں۔ (8) تسخیر خلق کے لئے اس کا نقش گلے میں پہن لیں، بعد ازاں بعد از نماز فجر ایک ایک مرتبہ آیات تلاوت کریں، سارا دن عوام الناس مطیع و تسخیر رہے گی۔ (9) خلاصی قید و بند و پھانسی یافتہ سزا یافتہ بھی روزانہ گیارہ گیارہ مرتبہ ورد کے ساتھ لوح کو گلے میں ڈالیں، بفضل تعالیٰ سخت سزا سے بچا رہے گا۔ (10) دیوالیہ پن کے خاتمہ، کاروبار کے نقصان سے بچنے کے لئے کاروبار کی جگہ آویزاں کریں چند دن پانی چھڑکیں چند دنوں بعد وارے نیارے ہو جائیں گے۔

لوح کھیعص

از تحریر:۔ مولانا عامل گلفام علی حسینی
(مصنف کائنات جفر وروح العملیات)
تکیہ مندراں والا قاضی آباد حسینی سٹریٹ نمبر 1۔ لاہور پاکستان

برائے اولاد نرینہ (بیٹا پیدا ہوگا انشاءاللہ)

کمال الدین میں صاحب الزمان علیہ السلام نے فرمایا! کھیعص حروف غیب کی طرف اشارہ ہیں۔ جس کے ذریعے اللہ نے اپنے بندے زکریا علیہ السلام کو مطلع کیا۔ پھر حضرت محمد سے انکا قصہ بیان فرمایا! جو یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت زکریا علیہ السلام نے اللہ سے درخواست کی کہ مجھے پنجتن پاک کے اسماء گرامی تعلیم فرما!

حضرت جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور انہوں نے پنجتن پاک کے اسمائے گرامی تعلیم فرمائے۔ چنانچہ جب حضرت زکریا علیہ السلام محمدؐ، علیؑ فاطمہؑ، حسنؑ کا نام لیتے تو فرحت وشادمانی محسوس کرتے مگر جب امام حسین علیہ السلام کا نام لیتے تو آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے اور سانس رکنے لگتا۔ ایک دن انہوں نے عرض کیا پروردگار کیا بات ہے۔ جب میں چار محمدؐ، علیؑ سیدہ اور امام حسنؑ کا نام لیتا ہوں تو خوشی ہوتی ہے۔ مگر امام حسین علیہ السلام کا نام لیتا ہوں تو آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں اور میرا سانس بے قابو ہو جاتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ نے انہیں واقعہ کربلا سے آگاہ کیا۔ اور فرمایا!

کھیعص اس میں "ک" سے مراد ع کربلا ہے۔ ھاء سے مراد ہلاکت عشرت یاء سے مراد یزید جو حسین پر ظلم کرنے والا ہے۔ "ع" سے مراد حسین کی عطش (پیاس) اور "ص" سے مراد صبر ہے۔

جناب زکریا نے یہ سنا تو تین روز تک محراب عبادت سے باہر نہ نکلے۔ اور کسی کو ملاقات کی اجازت نہیں دی۔ پس آپ مسلسل گریہ کرتے رہے اور پکار رہے تھے۔ اے مالک تو اپنے خیر الخلق (محمدؐ) کو ان کے فرزند کا غم دے گا۔ ان کو ذریت کے لیے ایسی مصیبت نازل کرے گا۔ کیا علیؑ وفاطمہؑ کو اس مصیبت کا لباس پہنائے گا۔؟ الٰہی کیا اس دردناک واقعہ کی تکلیف کو ان دونوں کے لئے مناسب سمجھے گا۔

اے پروردگار مجھے ایک فرزند عطا کر جس سے بڑھاپے میں میری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور اس کو میرا وارث وولی بنا۔ اس کو مجھ سے وہی نسبت ہو جو حسین کو اپنے جد سے ہوگی۔ پھر مجھے اس فرزند کی محبت میں مبتلا کر اس کے بعد مجھے اس کا غم نصیب کر۔ جس طرح تو اپنے حبیب محمدؐ کو ان کے فرزند حسین کا غم دے گا۔ چنانچہ اللہ نے زکریا علیہ السلام کو یحییٰ عطاء فرمایا۔

قارئین کرام! آپ بھی اللہ پاک سے امام حسین علیہ السلام کا ماتمی بیٹا طلب کریں۔ انشاءاللہ وہ پاک ذات آپ کو بھی نیک صالح بیٹا عطاء کرے گا۔

ایسی مومنہ عورت جس کے ہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں۔ اور لڑکا نہ پیدا ہوتا ہو یا لڑکا پیدا ہو کر مر جاتا ہو۔ ایسی مریضہ کے لیاس کے حمل کے تین ماہ گزرنے سے قبل یہ نقش مبارک تحریر کر کے ہرن کی جھلی یا بھوج پتر پر دیا جائے۔ اور زعفران وگلاب سے تحریر کیا جائے۔ حاملہ اس کو اپنے گلے میں پہن لے۔ تاکہ تعویز اس کے پیٹ پر لٹکتا رہے۔ دوسرا لوح چاندی کی دھات پر کندہ کروا کر نہار منہ نو ماہ تک پانی پیتی رہے۔ ہر ماہ صدقہ ضرور دیا کریں۔ انشاءاللہ لڑکا پیدا ہوگا۔ اور طبعی عمر پائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کھیعص ۱۹۸ صادق ۱۹۵

ک	ھی	ع	ص
الم	یاحکیم	طیب	طٰہٰ
حلیم	سجاد	۱۷	یاھو
ھیٔ	پاک	مولائی	طٰسن

نام حاملہ معہ والدہ کا نام معہ مقصد تحریر کریں۔

میں نے ہر بات کی وضاحت کردی ہے۔ تاہم میری ضرورت محسوس کریں تو رابطہ کریں۔

کرشمات الحاضرات

تحریر:۔ رانا ناصر علی، محلہ رانا کالونی نزد سول ہسپتال جھنگ 0300-7500856

سب سے پہلے تو میں جعفریہ جنتری کے قارئین کو نئے سال کی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ یہ سال اللہ تعالیٰ کی رحمتوں سے آپ کے لئے ڈھیروں خوشیاں لائے۔ (آمین)

محترم قارئین کرام! اس دفعہ آپ کے لئے حاضرات کا خصوصی عمل لایا ہوں جو کہ میرا اصدری عمل ہے، حاضرات کا یہ عمل آپ کو کسی دوسری کتاب رسالہ یا جنتری میں ہرگز نہیں ملے گا، یہ ہے کہ اس میں حاضرات بالمشافہ ہوتی ہیں، یہ حاضرات شائقین حاضرات کیلئے میری طرف سے تحفہ ہے۔ اس حاضرات کے ذریعے آپ ہر قسم کے دنیاوی امور میں معاونت حاصل کر سکتے ہیں، یہ حاضرات آپ کے ہر دنیاوی مسئلے میں آپ کی مدد کرے گی، اس حاضرات کو سرانجام دینے کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات سے پرہیز جمالی کریں۔ پھر حاضرات کے لئے علیحدہ کمرہ منتخب کریں۔ تین عدد خوشبو دار اعلیٰ قسم کی اگربتی سلگائیں اور سفید لباس زیب تن کریں پھر حصار کریں اس کے بعد دو رکعت نفل برائے حاجت پڑھیں، اس کے بعد ٹھیک رات بارہ بجے عبارت عمل کو اکیس سو مرتبہ یقین واعتقاد کے ساتھ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ عمل مدت گیارہ یوم ہے۔ سات دن کے بعد اثرات ظاہر ہوں گے، ہرگز نہ گھبرائیں، گیارہویں دن عمل کے دوران آپ کے کمرہ میں سرخ رنگ کا دھواں پیدا ہوگا جو آپ کے کمرے میں ہر طرف پھیل جائے گا اور آپ کو ہلکی ہلکی گندھک جیسی بدبو آئے گی، اس وقت گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے کوئی نقصان آپ کا نہیں ہوگا۔ حتیٰ کہ جب آپ کی تعداد مکمل ہونے والی ہوگی تو اس وقت یہ دھواں اکٹھا ہو کر تین **انسانوں کا روپ دھارلے گا** جو کہ کالے لباس میں ملبوس ہوں گے وہ **آپ سے سلام کریں گے**، اس کے بعد جب آپ کی پڑھائی کی تعداد **مکمل ہو جائے گی، آپ** سلام کا جواب دیں اور آپ کا جو بھی دنیاوی کام ہو ان کو بیان کریں تو وہ آپ کی فوراً معاونت کریں گے جب وہ کام کی حامی بھرلیں تو انہیں جانے دیں، اس کے بعد پھر جب بھی حاضرات کو بلانے کی ضرورت ہو تو ہر نوچندی جمعرات کو علیحدہ کمرہ میں ایک شیشہ رکھیں اور شیشہ کو سامنے رکھ کر اسی طرح عمل کو 2100 مرتبہ پڑھیں، فوراً حاضرات کا نزول ہوگا۔ اس وقت جو مدعا ہو وہ بیان کریں اور عمل کے لوازمات اسی طرح ہوں گے، عمل قائم رکھنے کے لئے عمل کو روزانہ اکیس دفعہ ورد میں رکھا کریں تاکہ عمل قائم رہے، بہت ہی نایاب حاضرات ہے اس حاضرات کو مرد وخواتین دونوں کر سکتے ہیں۔ میں نے تفصیلاً ہر چیز لکھ دی ہے اگر پھر بھی سمجھ میں نہ آئے تو ماہر روحانیات جناب ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے رابطہ کریں۔ عمل کو بغیر اجازت نہ کریں ورنہ رجعت کا اندیشہ ہے۔ عبارت عمل یہ ہے:

فَاَرْسَلْنَآ اِلَیْھَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَھَا بَشَرًا سَوِیًّا ○

آخر میں میرے اور ماہر روحانیات ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعا ضرور کریں۔

غلطی کی اصلاح

جعفریہ جنتری میں شائع کردہ عربی آیات کے اعراب خود درست کرلیں یا کسی عربی، فارسی دان سے درست کروالیں اس کے علاوہ نقوش کی پڑتال بھی خود لازمی کریں۔ مضمون شائع کرنے سے قبل ان چیزوں کا خیال ادارہ کی جانب سے رکھا جاتا ہے لیکن پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔

آپکی تجویز

سالانہ جعفریہ جنتری بلاشبہ مومنین وشائقین روحانیات کی بے حد پسندیدہ جنتری ہے۔ ہمیں اسے مزید بہتر بنانے کیلئے آپکی تجاویز کی اشد ضرورت ہے قارئین کرام کوئی تجویز یا تحریر بھیجنا چاہیں تو ادارہ کے ایڈریس پر ارسال کریں۔

مسلم کتاب گھر شاہی بازار چنیوٹ پرویز بک ڈپو اردو بازار لاہور
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

شرف قمر

تحریر:۔ خاور رضا جاوا
مکان نمبر 44 گلی نمبر 38
فضل پورہ لاہور
0321-48112001

قارئین کرام! اسلامی کیلنڈر کے ماہ و سال میں قمر کلیدی حیثیت کا حامل ہے۔ مشتری، زہرا، قمر سعد سیارے ہیں۔ عدد 3 مشتری عدد 6 زہرا اور عدد 2 قمر سے منسوب ہے۔ اسم محمد ﷺ کے اعداد 92 اور اسم علی کے اعداد 110 ہیں، دونوں کا عدد صغیر 2 بنتا ہے۔ قمر کے سعد اثرات کے لئے بہت بڑی دلیل ہے قمر ایک تیز رفتار ستارہ ہے جو کہ بارہ برجوں کا سفر تقریباً ایک ماہ میں مکمل کر لیتا ہے اس دوران قمر، شرف اوج اور فرح کی کیفیت میں انتہائی اعلیٰ سعد اثرات مرتب کرتا ہے جب قمر برج ثور میں شرفی درجات پر ہو تو یہ وقت ہر قسم کے سعد اعمال کے لئے بہترین ہے، شرف قمر میں ہم نے علامہ کاش البرنی کا ایک عمل کچھ تبدیلی کے ساتھ بارہا آزمایا، ہر بار بے حد موثر پایا۔ آپ بھی یہ عمل کامل یقین کے ساتھ کریں انشاء اللہ کامیابی حاصل ہوگی۔ اگر آپ مال و دولت کے خواہش مند ہیں تو آیت **یغنیھم اللہ من فضلہ** سے عمل بنائیں۔ آیت کے اعداد 2186 ہیں، اس کے ساتھ اسم خدا "غنی" کے اعداد لیں جو کہ 1060 ہیں۔ اگر ملازمت یا کاروبار میں ترقی کی خواہش رکھتے ہیں تو آیت لا الہ الا اللہ رفیع جلالہ لیں اعداد 594 ہیں، اسم الٰہی "رفیع" اعداد 360 ہیں۔ اگر کسی کام میں رکاوٹ ہے یا کوئی اور خواہش ہو تو "**نعم المولیٰ و نعم النصیر**" کے اعداد لیں جو کہ 824 ہیں اور اسم اللہ "نصیر" کے اعداد 350 ہیں۔ اب طریقہ کار اس طرح ہے اپنے اور والدہ کے نام کے اعداد لیں، حسب مطلب آیت اور اسم الٰہی کے اعداد اس میں جمع کر لیں، فرض کریں ہادی بن صفیہ کاروبار میں ترقی چاہتا ہے۔

نام معہ والدہ = ہادی بن صفیہ =	257
لا الہ الا اللہ رفیع جلالہ =	594
اسم اللہ "رفیع" =	360
کل اعداد =	1211

اب 2 مربع آتشی تیار کریں ایک نقش چاندی پر اور دوسرا نقش کاغذ پر بنے گا۔ نقش اس طریقہ سے بنائیں، کل اعداد سے 120 تفریق کریں باقی کو 4 پر تقسیم کر دیں۔ جاصل قسمت خانہ اوّل میں رکھ کر چار چار کے اضافہ سے نقش مکمل کر دیں۔

1211-120=1091÷4=272 باقی بچے 3

۷۸۶

۳۰۱	۳۱۳	۳۲۵	۲۷۲
۳۲۱	۲۷۶	۲۹۷	۳۱۷
۲۸۰	۳۳۳	۳۰۵	۲۹۳
۳۰۹	۲۸۹	۲۸۴	۳۲۹

وقف = ۱۲۱۱

چاروں طرف سے میزان چیک کر کے تسلی کر لیں۔

نقش تیار کرتے وقت بخور روشن کریں صدقہ اور دعوت موکلات بھی کریں۔ رجال الغیب کا خیال رکھیں، دونوں نقش سامنے رکھ کر وفق کے مطابق آیت مذکورہ کی تلاوت کریں۔ چاندی کی لوح کو سفید ریشمی کپڑے میں بند کر کے اپنے پاس رکھیں، لوح قرطاسی دکان میں یا گھر میں لٹکا دیں۔ روزانہ بعد از نماز فجر آیت مذکورہ اول آخر 11 مرتبہ درود پاک کے ساتھ ایک تسبیح پڑھیں۔ حسب توفیق صدقہ اور خیرات کرتے رہیں۔ انشاء اللہ کامیابی آپ کا مقدر ہوگی، اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے تو فون پر رابطہ کریں۔

مقدمہ میں کامیابی: ۔اگر کسی نے ناجائز مقدمہ کیا ہو اور آپ اُس کی اس مقدمہ بازی سے تنگ ہو تو کامیابی کے لیے لاتعداد ورد کرتے رہیں۔ یاھو یامن لاھو الا ھو۔

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات
ماروی بک ہاؤس ایم اے جناح روڈ ٹنڈو آدم   خیبر سٹیشنری سکول روڈ پارہ چنار

دفع امراض آیات قرآنی

تحریر: عامل حکیم شاعر اہل بیت درویش خضر عباس پیاسی (راجن پور) 0302-7909693

کینسر کا علاج

اَمَّن یُّجِیۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَ یَکۡشِفُ السُّوۡٓءَ (نمل:62)
قُلۡنَا یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰہِیۡمَ (انبیاء:69)
وَ اَیُّوۡبَ اِذۡ نَادٰی رَبَّہٗۤ اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ (انبیاء:83)
فَدَعَا رَبَّہٗۤ اَنِّیۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ (القمر:10)
لَاۤ اِلٰہَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ (انبیاء:87)
فَاسۡتَجَبۡنَا لَہٗ وَ نَجَّیۡنٰہُ مِنَ الۡغَمِّ وَ کَذٰلِکَ نُـْۨجِی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ (انبیاء:88)
اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ حَفِیۡظٌ (ھود:57)
حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَ نِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ (آل عمران:173)
وَ تَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ ؕ وَ کَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیۡلًا (احزاب:3)
اَلَیۡسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبۡدَہٗ ؕ (زمر:36)
ھُوَ مَوۡلٰکُمۡ فَنِعۡمَ الۡمَوۡلٰی وَ نِعۡمَ النَّصِیۡرُ۔ تَبَارَکَ اللّٰہُ اَحۡسَنُ الۡخٰلِقِیۡنَ ہ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ہ

ایک برتن میں (گلاس) پانی لیں۔ یہ تمام آیت بمعہ بسم اللہ پڑھ کر سانس اندر پھیپھڑوں کی طرف کھینچیں۔ تصور کریں کہ سانس جسم کے ہر حصہ میں پہنچ رہی ہے۔ پھر سانس باہر گلاس کے پانی میں پھونک کی صورت میں اس طرح نکالیں کہ پانی میں لہریں پیدا ہوں۔
یہ عمل سات مرتبہ دہرائیں پھر پانی پی لیں یہ دعا بہت لوگوں نے آزمائی اور شفاء ہوئی ہے۔

دفع کمر درد

درد کے مقام پر ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ یہ آیات پڑھیں۔
وَ مَا کَانَ لِنَفۡسٍ اَنۡ تَمُوۡتَ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰہِ کِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَ مَنۡ یُّرِدۡ ثَوَابَ الدُّنۡیَا نُؤۡتِہٖ مِنۡہَا ۚ وَ مَنۡ یُّرِدۡ ثَوَابَ الۡاٰخِرَۃِ نُؤۡتِہٖ مِنۡہَا ؕ وَ سَنَجۡزِی الشّٰکِرِیۡنَ (آل عمران:145)

پھر سات مرتبہ سورۃ انا انزلنہ فی لیلۃ القدر پڑھیں۔ (پوری سورۃ) یہ عمل چالیس روز تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ کمر کا درد دور ہو جائیگا۔

دفع امراض چشم

اِذۡهَبُوۡا بِقَمِیۡصِیۡ هٰذَا فَاَلۡقُوۡهُ عَلٰی وَجۡهِ اَبِیۡ یَاۡتِ بَصِیۡرًا (یوسف:93)
فَکَشَفۡنَا عَنۡکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الۡیَوۡمَ حَدِیۡدٌ۔ (سورۃ ق:22)
یہ دونوں آیات لکھ کر مریض کی پیشانی پر باندھ دیں۔

دردِ شقیقہ

قُلۡ مَنۡ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ قُلِ اللّٰہُ ؕ قُلۡ اَفَاتَّخَذۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِہٖۤ اَوۡلِیَآءَ لَا یَمۡلِکُوۡنَ لِاَنۡفُسِہِمۡ نَفۡعًا وَّ لَا ضَرًّا (سورۃ رعد:16)
درد کے لیے یہ آیت پڑھ کر دم کریں۔

کان کا ورم (کنواد)

وَ لَوۡ اَنَّ قُرۡاٰنًا سُیِّرَتۡ بِہِ الۡجِبَالُ اَوۡ قُطِّعَتۡ بِہِ الۡاَرۡضُ اَوۡ کُلِّمَ بِہِ الۡمَوۡتٰی ؕ بَلۡ لِّلّٰہِ الۡاَمۡرُ جَمِیۡعًا ؕ (رعد:31)
ورم کی جگہ پر آیت انگلی سے لکھیں انشاء اللہ شفا ہوگی۔

ملیریا بخار (باری کا بخار)

وَ لَوۡ اَنَّ قُرۡاٰنًا سُیِّرَتۡ بِہِ الۡجِبَالُ اَوۡ قُطِّعَتۡ بِہِ الۡاَرۡضُ اَوۡ کُلِّمَ بِہِ الۡمَوۡتٰی لِّلّٰہِ الۡاَمۡرُ جَمِیۡعًا ؕ (رعد: 31) تَکَادُ السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرۡنَ مِنۡ فَوۡقِہِنَّ (شوریٰ: 5) وَ جَعَلۡنَا مِنۡۢ بَیۡنِ اَیۡدِیۡہِمۡ سَدًّا وَّ مِنۡ خَلۡفِہِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَیۡنٰہُمۡ فَہُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ (یٰسین: 9) یٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَکِ وَ یٰسَمَآءُ اَقۡلِعِیۡ وَ غِیۡضَ الۡمَآءُ وَ قُضِیَ الۡاَمۡرُ (ھود: 44)
یہ تمام آیات لکھ کر (زعفران سے) دھو کر مریض کو پلائیں۔
قارئین کرام! اگر کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو فون پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

مجرب استخارے

تحریر:۔ غلام اکبر گڈانی' عبداللہ شفاء خانہ نزد پانی والی سبیل' مین مارکیٹ سکھر 0300-3113934

استخارہ سے متعلق کئی ایک طریقہ کا علماء فلاسفہ نے ظاہر فرمائے ہیں۔ لیکن چند مجرب اور مشہور طریقہ استخارہ قارئین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ کسی کام کو کرنے سے قبل استخارہ کر لینا بہتر ہے۔ روایت ہے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جس کام کا بھی قصد کرے تو استخارہ کر اللہ تعالیٰ سے سات بار پھر جو کچھ تیرے دل پر القا ہو اس پر عمل کر کہ وہی بہتر ہے۔ جب کسی مباح کام کا ارادہ کرے، مثلاً سفر، تعمیر، عمارت، نکاح اور مانند اس کے جیسے تجارت، کسی کی شرکت، سواری اور سواری کا جانور، پالنے والے جانور، مال تجارت، ملازمت وغیرہ کے کاموں میں استخارہ کرنا بہتر ہے۔ فرائض، واجبات، مستحبات کے کرنے اور حرام و مکروہ افعال کو چھوڑنے پر استخارہ نہیں کرنا چاہئے۔ اسی طرح روزانہ کی ضروری باتوں مثلاً کھانے پینے کے لئے استخارہ نہیں کرنا چاہئے۔

آجکل استخارہ اس غرض سے کیا جاتا ہے کہ آج مال ہاتھ آئے گا یا نہیں۔ فلاں عورت قابو میں آئے گی یا نہیں؟ اسی طرح مال غیر اور دوسرے کی زمین پر قبضہ جمانے، شریک کا دیوالیہ نکالنے والوں کو مجرب استخارے درکار ہوتے ہیں۔ کہ اس کو اللہ کی ذات پر بھروسہ اور اللہ کے کلام پر اعتقاد جتنا کمزور ہوتا جاتا ہے اتنا ہی وہ حرام ذائقہ کی طرف بڑھتا جاتا ہے۔ جن کو اللہ پر کامل بھروسہ ہے وہ اس پر بھی یقین رکھتے ہیں کہ رزاق مطلق قادر و معطی حلال ذرائع سے دینے پر قادر ہے۔ مولا کریم ہدایت فرمائے، آمین ثمہ آمین۔

تسبیح استخارہ

تسبیح دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں کی برابر والی انگلیوں سے پکڑ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات بار **نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ وَسَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَا اللّٰهُ نَبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ أَدْرِكْنِي فِي سَبِيلِ اللّٰهِ**۔ بس یا علی کی تکرار کرتا ہے اور دیکھے اگر تسبیح آگے پیچھے زور زور سے ہلے تو اس کام کو کرنے کا اشارہ ہے اور داہنے بائیں ہلے تو انکار یعنی اس کام کو نہ کرنے میں بہتری ہے۔

پانی سے استخارہ

ایک کاغذ پر **اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ** لکھ کر ایک طشت میں یا کونڈے میں پانی بھرے دل میں مستقل یہ خیال کر کے فلاں کام کریں یا نہیں اس کاغذ کو پانی کے بیچ میں ڈال دیں خواہ کھول کر ڈالیں یا گولی بنا کر بہتر کھلا ہی ڈالنا ہے خود اس طرف بیٹھے کہ پانی کا برتن سامنے ہو اور تم قبلہ رخ ہو اب مع بسم اللہ الحمد شریف چند بار پڑھنا شروع کرو اگر کاغذ داہنے کنارے جا لگے تو کامیابی کی بشارت ہے۔ اگر قبلہ رخ جائے تو کامیاب ہوگا مگر کوشش اور صبر و استقلال سے کام لینا ہوگا۔ اگر بائیں کو جائے تو انکار تصور کرے، نہ کرنا بہتر ہے۔ اگر آگے کو آئے تو کام بہت جلد ہوگا، انشاء اللہ تعالیٰ۔ مگر استخارہ شروع کرنے سے قبل مٹھائی پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی نیاز دلا کر پاس رکھ لیں بعد حکم ملنے کے تقسیم کریں یا خود کھالیں۔

نماز استخارہ

بعد نماز مغرب سے طلوع فجر تک کسی وقت بھی کریں۔ تازہ وضو کریں اس کے بعد کسی سفید مٹھائی پر حضرت علی شیر خدا کرم اللہ وجہہ کی فاتحہ دیں اور 15 بار **نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ**، 11 بار **یَا كَاشِفَ الْغَرَائِبِ**۔ 9 بار درود شریف پڑھ کر آسمان کی طرف دم کریں اور دو رکعت نفل نماز بہ نیت استخارہ پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سبحانک بعد الحمد شریف شروع کریں جب **اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِينُ** پر پہنچیں تو اس کی تکرار کریں جب تک تکرار کرتے رہیں۔

کہ 500 کی تعداد پوری نہ ہو جائے یا بدن گھوم جائے، کبھی صرف چہرہ گھومتا ہے اور کبھی پورا بدن، بسا اوقات جسم اتنی طاقت سے گھومتا ہے کہ کوئی پہلوان بھی روکنا چاہئے تو روک نہیں سکتا۔ اگر داہنے ہاتھ کی طرف گھومے تو کامیابی کی طرف اشارہ ہے اور بائیں کو گھومے تو ناکامی کا۔ جب تعداد 500 کی پوری ہو جائے اور بدن نہ گھومے تو اس کام کو چند یوم کے لئے ملتوی کر دے اور کچھ دن پھر یہ عمل کرے تو تعداد پوری ہونے پر الحمد پوری کرے اور سورہ اخلاص ہر دو رکعت میں پڑھ کر نفل تمام کرے بعد کو شیرینی تقسیم کرے۔

روزانہ استخارہ

ہر روز تا حیات بعد نماز عشاء مدینہ کی طرف منہ کر کے دست بستہ کھڑے ہو کر 9 بار یہ درود پڑھے۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ پھر بستر پر بیٹھ کر ایک سو بار اَللّٰهُمَّ خِرْلِيْ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى اِخْتِيَارِيْ اور لیٹ کر سوتے وقت درود شریف مندرجہ بالا پڑھتا رہے۔ اگر کسی رات نیند اتنی غالب ہو کہ پورا عمل نہ پڑھ سکے گا یا عمل پڑھنے کے بعد کسی ضرورت کی وجہ سے بات کرنا پڑے تو تین تین بار درود شریف اول آخر اور سات بار درود مذکور پڑھ لے۔ یہ رات کے پیش آنے والے واقعات کا استخارہ ہے۔ خصوصاً جو کام آپ کرنے والے ہوں اور وہ نقصان کا سبب بن سکتا ہے یا فی الواقع وہ کام نقصان دہ نہیں مگر اس کے طریقہ کار میں خامی کی بناء پر نقصان ممکن ہے تو اس کو قبل از وقت آگاہ کر دیا جاتا ہے مگر کبھی کسی سے ذکر نہ کرے کہ مجھے استخارہ کے ذریعہ اس بات کا علم ہوا۔

استخارہ نکاح

جب نکاح کا ارادہ ہو تو یہ استخارہ نہایت مجرب ہے۔ تازہ وضو کر کے دو یا چار یا اس سے زائد جتنی بھی استطاعت ہو یہ درود شریف بہ نیت استخارہ پڑھے اور الحمد شریف بہ نیت حمد و ثناء جتنی بار چاہے اس کے بعد يَا حَمِيْدُ تَحَمَّدْتَ بِالْحَمْدِ وَالْحَمْدُ فِيْ حَمْدِ حَمْدِ يَا حَمِيْدُ ۳ بار يَا مَجِيْدُ مَجَّدْتَ بِالْمَجْدِ وَالْمَجْدُ فِيْ مَجْدِكَ يَا مَجِيْدُ ۳ بار۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ فَاِنْ رَاَيْتَ اَنَّ فِيْ (فلانہ یہاں اس کا نام مع والدہ کے لیں جس کے ساتھ عقد کرنا ہو) خَيْراً لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ فَاقْدُرْهَا لِيْ وَاِنْ كَانَ غَيْرُهَا خَيْراً مِنْهَا لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَاٰخِرَتِيْ فَاقْدُرْهَا لِيْ اور درود پاک ۳ بار پڑھیں اور سو جائے۔ اس استخارہ سے بھی پہلے استخارے کی طرح استعانت بھی ہے۔ تین یوم پڑھنے کے بعد جو بہتر ہوگا اس کی صورت بھی خود بخود سامنے آجائے گی۔

نماز استخارہ حسنین کریمین

بعد نماز عشاء تازہ وضو کرے اور لباس اجلا ہو، اس کی ضرورت نہیں کہ نیا لباس پہنے، گھر کی بنی یا مسلمان کے یہاں سے خریدی ہوئی مٹھائی نیاز حسین کریمین اور جمیع شہیدانِ کربلا اور ان کے پسماندگان کی دلائے پھر اس مصلے پر کہ جس میں سبز و سرخ رنگ بھی ہوں ورنہ بہ مجبوری سفید پر کھڑے ہو کر 3 بار درود شریف ایک بار آیت الکرسی شریف 3 بار سورۃ الاخلاص اس کے بعد فریاد فریاد بدرگاہ تو بدوستیِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم و بدوستیِ علی مرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تعالیٰ وَجْہَہٗ و حسن مجتبیٰ و حسین شہید کربلا آنچہ مطلوب می دارم بانصرام رسان گیارہ بار پڑھ کر دو رکعت نفل کی نیت باندھیں۔ پہلی رکعت میں الحمد سات بار، سورہ اخلاص پڑھیں اور دوسری رکعت کی الحمد شریف میں جب اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ پر پہنچیں تو ایک سو گیارہ بار اس کی تکرار کریں اس دوران میں بدن گھومے گا جب بدن داہنے یا بائیں گھوم کر اپنی اصلی حالت پر آجائے، فوراً الحمد کو پورا کر کے ایک بار سورہ اخلاص پڑھ کر نماز پوری کریں، خواہ اس کی تکرار گیارہ ہی بار کی ہو۔ اب مزید تکرار نہ کرے اگر داہنے گھومے تو اس کام میں نفع ہوگا، اگر بائیں گھومے تو اس کام کو کرنے میں نقصان کا اندیشہ ہے اور اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ کی تعداد پوری ہو گئی کوئی اشارہ نہ ہوا تو اس کے یہ معنی ہوں گے اس کام کو تمہاری مرضی پر چھوڑا جا رہا ہے کرنے نہ کرنے میں نقصان نہیں۔

فال نامہ چور

تحریر: سید شاہد علی نقوی / بستی عمرانی ملتان

چور کا حال معلوم کرنا مقصود ہو تو دوسرے فالناموں کی طرح درود شریف سورۃ فاتحہ شریف سورۃ اخلاص شریف ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دل میں خیال رکھ کر کہ میرا چور کون ہے کلمہ کی انگلی آنکھیں بند کر کے رکھے جس خانہ میں انگلی پڑے اس خانہ کے موٹے حروف کی ذیل میں تشریح دیکھیں جس سے چور کا حلیہ' رنگ نظر آئے گا۔ لیکن چور کا نام نہیں ہوگا۔ آپ قیافہ سے سمجھ لیں کہ فلاں آدمی ہے۔

او	س د	ن ط	ل ح	ی ع	م ح	ز ہ	م ج	ک ب

او:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ گم ہوا اور بھاگا ہوا ہاتھ آئیگا۔ اگر کوئی پوچھے گا کہ جو آدمی چوری کرتا ہے اس کی نشانیاں کیا ہیں جواب دیں کہ اس کا رنگ پیلا ہے۔ بدن فربہ ہے اور قد میں ٹھگنا اور بائیں پاؤں پر کچھ نشان رکھتا ہے اگر اس کی تلاش کریگا تو ملے گا۔

س د:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ چوری کیا ہوا اور گم ہوا مال پائیگا۔ اگر کوئی پوچھے کہ بھگا ہوا آئیگا یا نہیں؟ جواب ہے کہ آ جائے گا۔ اگر پوچھے گا کہ چور کی نشانی کیا ہے؟ چور تمہارے دشمن کی طرف کا ہے اور تم سے بغض رکھتا ہے۔ چور مرد ہے اور سفید کالے رنگ کا ہے اس کا گھر مشرق کی طرف ہے۔ کوتاہ قد اور باریک لب کا ہے اور ڈھونڈنے سے پائیگا۔

ن ط:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ چور نوکر یا اہل خانہ سے تیرے ہے جنوب کی طرف گیا ہے چور قریبی عزیزوں میں سے ہے۔ اور اس کی نشانی گندمی رنگ کا ہے اور بائیں پاؤں پر نشانی رکھتا ہے۔ چور تمہارے ہاتھ آئیگا۔

ل ح:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ چور نوکر یا اہل خانہ سے ہے۔ جنوب کی طرف گھر ہے چور کا رنگ پیلا ہے۔

ی ع:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ تمہارے گھر کے لوگوں نے یا تمہارے دوست یا محبوب نے چوری کی ہے چور کا رنگ پیلا ہے۔

م ح:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ جس آدمی نے مال لیا ہے اس کا رنگ گندمی ہے اور اس کے بائیں پاؤں پر نشانی ہے اگر جستجو کریگا تو چور ہاتھ آئے گا۔

ز ہ:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ دشمنوں نے مال لیا ہے ان کے پاس سے آنا مشکل ہے۔ چور کا رنگ لال ہے اور پاؤں پر نشان ہے۔

ہ ج:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ چور دشمن کی طرف کا ہے عداوت رکھتا ہے چور مرد ہے۔ اس کا رنگ سفید ہے اور کالا ہے۔ ڈھونڈنے سے ملے گا۔

ک ب:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ گم کیا ہوا مال پائیگا اور بھگا ہوا جلد آئیگا اگر پوچھے گا کہ چور مرد ہے یا عورت تو کہہ کہ عورت ہے بلند قد اور چوڑا منہ اور پیلا رنگ ہے اور اس کے داہنے ہاتھ پر داغ ہے یا زخم کا نشان ہے۔

فالنامہ غائب

واضح ہو کہ نیچے لکھے ہوئے دائرہ کے کسی حروف پر بعد درود شریف اور سورۃ فاتحہ کی آنکھ بند کر کے دل میں غائب کا خیال رکھ کر کلمے کی انگلی رکھے جس خانہ میں انگلی پڑے اس کی تشریح پڑھ کر اپنا مطلب پالیں۔

ک ا	ہ ج	ل ز	ک م	د ع	ی س	ن خ	ب ح

ک ا:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ غائب جیتا ہے اگر حقیقت غائب کی پوچھے گا تو کہہ کر غائب خوش وخرم ہے۔ اگر پوچھے گا کہ کب آئے گا تو اس کو کہو کہ انشاء اللہ جلدی آئے گا۔ دل شاد رکھ دل میں کچھ فکر نہ کرو۔

ہ ج:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ غائب سختی' بلا کی اور فقر و فاقہ میں گرفتار ہے اس قدر کہ موت اس کی نظریں ہلاکت اور سختی سے بہتر ہے انشاء اللہ تھوڑے دنوں کے بعد اپنے گھر کو آئے گا فکر نہ کر اور غمگین نہ ہو بحکم خدا جلد اپنا دیدار ہوگا۔

ل ز:۔ اگر ان حروف پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ غائب بہت خوشحال ہے ساتھ سلامتی اور تندرستی کے زندگی بسر کر رہا ہے۔ عیش و عشرت کر رہا ہے۔ اگر سوال کرے کہ کب آویگا تو کہہ چند روز کے

راٹھور نیوز ایجنسی' گجرات — یوسف جاوید اینڈ برادرز مین بازار کوہاٹ — ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

بعد آئے گا خاطر جمع رکھ کسی طرح کا فکر نہ کر۔

ک م :۔ اگر ان حرفوں پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ غائب نیک حال ہے اور خوشحال ہے اگر آنے کا معلوم کرے تو کہہ کہ چند روز انتظار کرو ابھی اس کا جلدی آنا نظر نہیں آتا اور اس کا آنا بھی بہتر نہیں ہے۔ تھوڑے دنوں کے بعد آئے گا۔ صبر کرنا بہت خوب ہے تاکہ مقصد حاصل ہو

د ع :۔ اگر ان حرفوں پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ غائب خوش حال ہے اور بخیر و عافیت ہے کچھ فکر نہ کر کہ خوشی و خرمی سے جلد آئے گا لیکن چند روز صبر کرنا بہتر ہے انشاء اللہ جلد دیدار ہوگا۔

ق س :۔ اگر ان حرفوں پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ غائب زندہ اور صحیح سلامت ہے لیکن کسی کے ساتھ کچھ گفتگو یعنی بول چال رکھتا ہے اگر پوچھے کہ غائب کب آئیگا تو کہہ چند روز میں آئے گا۔ اس بات کا غم و اندیشہ نہ کر اور غمگین اور پریشان نہ ہو بفرمان خدا تعالیٰ و بصدق رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم جلد گھر کو آئیگا۔

ن خ :۔ اگر ان حرفوں پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ غائب صحیح و سالم ہے اگر احوال پوچھتا ہے تو کہہ کہ غائب پر ان دنوں سختی و پریشانی اور تنگدستی ہے۔ پریشانی کے دفع کے خیال میں ہے۔

ب ج :۔ اگر ان حرفوں پر انگلی رکھے گا تو کہتا ہے کہ غائب جنگ یعنی لڑائی میں پڑا ہے اور اس پر آفات نازل ہو رہی ہیں۔ لیکن سلامتی اور تندرستی سے گھر آئے گا اور ارادہ بھی اس کا یہی ہے۔ انشاء اللہ خیریت سے گھر آئے گا۔

فالنامہ

باوضو تنہائی جگہ میں بیٹھ کر اور نہایت پختہ ایمانی اور اعتقاد کے ساتھ اپنے دل میں اپنا سوال اچھی طرح قائم کرے اور خدا تعالیٰ سے دعا مانگے اور کہے کہ یا اللہ میری نیت کا جو نتیجہ یا فیصلہ ہے اس پر میرا ہاتھ لگوا دے۔ اور خود بند آنکھوں کے ساتھ دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت جدول ہذا کے خانے میں کہیں رکھ دے اور بعد میں آنکھیں کھول کر اس خانہ کا مضمون پڑھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فیصلہ کبھی خطا نہ جائے گا۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ب د ب	ج ا ب	ج ب د	ج ج ب	ج د ب	د ا ب	د ب ب
۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
د ج ب	د د ب	ا ا ج	ا ب ج	ا ج ج	ا د ج	ب ا ج

ب د ب :۔ گذشتہ زمانہ میں مالی نقصان اور کاروبار میں خلل ہوا ہے۔ مگر جانو کہ اب وقت نیک آ گیا ہے۔ سب کام درست ہونگے۔ زیادہ فکر نہ کرو۔

ج ا ب :۔ تمہارا مقصد فی الحال نایاب ہے۔ تھوڑا توقف کر خدائے قدیر رحم فرمائے گا۔

ج ب ب :۔ کسی مفرور یا مفقود الخبر یا کسی گئے ہوئے کی ہر وقت انتظار رہتی ہے۔ مگر وہ ششماہی سے پہلے ہرگز نہ آئیگا۔

ج ج ب :۔ تم حصول رزق اور کشائش کاروبار کے لیے بڑی جستجو کرتے ہو مگر گردش زمانہ تم کو فائدہ نہیں ہونے دیتا ہر جمعرات پانچ چراغ مسجد میں روشن کیا کرو۔

د ا ب :۔ تم کو ایک جیو کی چنتا ہے اور کشائش روزگار کی طرف ہر وقت خیال رہتا ہے۔ مگر دن پھر آئے ہیں فکر نہ کرو۔ غریبوں کا دھیان کرو۔

د ب ب :۔ تم کو زن و فرزند کی چنتا ہے تمہارے پاس مال و متاع تھوڑا ہے دو ماہ اور صبر کرو۔ پھر اطمینان پاؤ گے۔

د ج ب :۔ دشمن تم کو زیر کرنے کا بہت خیال ہے۔ مگر یہ ذرا دیر سے ہوگا۔

د د ب :۔ چند یوم سے تمہارا ہاتھ ذرا زیادہ تنگ ہو رہا ہے۔ تم فائدے کے لئے قدم اٹھاتے ہو۔ مگر ہوتا ہے نقصان نہایت عاجزی سے خدائے باری کی بارگاہ میں رحم کی درخواست کرو اور اپنے پورانے گناہوں کی معافی مانگو۔

ا ب ج :۔ تم عروج مرتبہ و وسعت املاک کے لئے ایک مدت سے کوشاں ہو حوصلے سے کام کرتے جاؤ فتح ہوگی۔

ا ج ج :۔ تمہارا دل کسی دوست کی محبت میں بے صبر و بیقرار ہے مگر وہ ذرا پرواہ نہیں کرتا۔ خیرات کرو سب درست ہوگا۔

ا د ج :۔ تمہارے دشمن نقصان پہنچانے میں کامیاب ہو گئے اور تم سخت تکلیف میں ہو مگر نماز پڑھنا شروع کرو خدا ان کو شکست دے گا

ب ا ج :۔ ہر وقت کھوئی ہوئی مملوکہ اشیاء یا جائیداد کی یاد ستاتی ہے۔ دس فقیروں کو روز کھلاؤ تو مراد پاؤ۔ تم دنیوی دھندوں کی عجیب کشمکش میں پڑے ہو۔ اور اپنی کامیابی کے لیے کوشش کرتے ہو اب دن اچھے ہیں فکر نہ کرو۔ اَلْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰہِ تعالیٰ۔

سٹوڈنٹ بکڈپو تحصیل بازار بہاولنگر
طاہر بکڈپو پرانا لاری اڈا دیپالپور
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

خواب

تحریر:۔ سید رضا شاہ کاظمی (جھنگ)

انوار الٰہی کا دیکھنا
اللہ کو حساب کرتے دیکھنا
اللہ کو غضبناک دیکھنا
فرشتگان مقرب کو خوش دیکھنا
فرشتوں کے ساتھ برداز کرنا
فرشتوں کے ساتھ پرواز کرنا
فرشتوں کو ایک جگہ جمع پانا
فرشتوں کو مقبروں میں دیکھنا
فرشتوں کو بازاروں میں دیکھنا
جبرائیلؑ کو دیکھنا
میکائیلؑ کو دیکھنا
اسرافیلؑ کو دیکھنا
عزرائیل کو دیکھنا
انبیاءؑ کو خوش دیکھنا
انبیاءؑ کو غضبناک دیکھنا
آنحضرتؐ کو خوش دیکھنا
آنحضرتؐ کو رنجیدہ دیکھنا
آنحضرتؐ کو ناقص الخلقت دیکھنا
آنحضرتؐ کو خطبہ بیان کرتے دیکھنا
اولیاء کو خوش دیکھنا
علماء کو خوش دیکھنا
بادشاہ کو کسی محلہ میں دیکھنا
بادشاہ کو مردہ دیکھنا
بادشاہ کے ساتھ کھانا
آسمان کے قریب پرواز کرنا
آسمان سے گرنا
آسمان دیکھنا
ابر کا آسمان پر دیکھنا

کام نیک ہو فراخی نعمت ہو اعمال قبول ہوں اچھے کام کی طرف متوجہ ہو۔
نہایت خوشی حاصل ہوگی اور مسافر صحیح وسالم اپنے گھر آئے گا۔
درگاہ الٰہی میں توبہ کرے گناہوں سے باز رہے۔
دین ودنیا میں عزت پاوے کشائش رزق ہو فتح ونصرت نصیب ہو۔
دنیا میں عزت ہوگی اور آخر کو شہید ہوگا جنت ملے گی۔
اس مقام پر کوئی عابد یا عالم وفات پائے گا یا دبا پھیلے گی۔
اس شہر میں فقہا اور حفاظ وبا سے وفات پائینگے خلق خدا بہت مرے گی۔
اس جگہ کے لوگ کم تولنے میں متنبہ ہو کر باز آئیں۔
اس کے دوست یا عزیز کے پاس سے کوئی خوشخبری آئیگی۔
عزت ومرتبہ پائے کثرت سے غلہ پیدا ہو اگر غم میں مبتلا ہو رہائی ہو۔
سب آفتوں سے بچے گا اگر بیمار ہے شفا پاویگا۔
موت کی علامت ہے اپنے گناہوں سے توبہ کر کے خدا کی طرف رجوع کرے۔
دین ودنیا میں عزت ملے روزی غیب سے آوے شفاعت پیغمبر نصیب ہو۔
دنیا میں رنج پہنچے رزق کی تنگی ہو گناہوں سے توبہ کرے۔
اگر ملول ہے تو رنج سے رہائی ملے اگر فقیر ہو تو غنی ہو جائے دین ودنیا میں عزت پائے۔
اس کے دین وشریعت میں ضعف آنے والا ہے۔
اس شخص کے دین میں نقصان ہے تجدید ایمان کرے توبہ کرے متوجہ الی اللہ ہو۔
اپنی امت کو وعظ فرماتے ہیں۔
ترقی منزلت پر دلیل ہے اور غضبناک دیکھنا اس کے برعکس ہے۔
کشائش وفیروزمندی کی دلیل ہی غضبناک دیکھنا اس کے برعکس ہے۔
اس محلہ میں آفت آئے گی یا دبا پھیلے گی
اس ملک میں تباہی ہو حاکم شہر کو مصیبت پہنچے۔
فراخی نعمت اور عمر دراز ہوگی۔ عزت وآبرو ملے گی بادشاہ کا مصاحب ہوگا۔
دین ودنیا میں نفع ہو حصول رفعت پر دلیل ہے۔
ذلیل وخوار ہوگا گناہ عظیم میں مبتلا ہو شرمندگی اٹھائے۔
رتبہ بلند ہوگا یا مقرب سلطان ہوگا مال بیشمار پائے گا۔
بادشاہ مہربان ہو یا رزق میں ترقی ہو۔

ریاض بکسٹال گجرات
البدر سٹیشنری مارٹ ہنگو (کوہاٹ)
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

Scanned with CamScanner

ابر کا سب جگہ برسنا	مرض یا فتنہ کی دلیل ہے وبا کے آنے کی نشانی ہے۔
ابر ایک جگہ برسنا	رحمت الٰہی کی دلیل ہے اہل دنیا سے کچھ فائدہ ہو ارزانی غلہ ہو۔
ابر کا مع بجلی و بارش کے دیکھنا	اگر بیمار ہے شفا پاوے اور جو مقروض ہے دین ادا ہو اگر محبوس ہو رہائی ہو۔
بارش کا ہونا	رزق کی ترقی پر دلیل ہے ارزانی غلہ کی نشانی ہے۔
رعد مع باد دیکھنا	سلطان جابر زبردست ہو حاکم مہربان غضبناک ہو۔
رعد کی آواز مع پانی کے سننا	بیمار ہو شفا پائے قرضدار کا قرض ادا ہو قیدی رہائی پائے گھر آئے۔
بجلی کو دیکھنا	مالدار ہو فقیر ہو جائے۔ اگر فقیر ہے غنی ہو جائے مال بیشمار ہے۔
ستاروں کو روشن دیکھنا	بادشاہ یا حاکم مہربان ہو اس سے فائدہ پہنچے خانہ آبادی ہو۔
ستاروں کا گچھا روشن دیکھنا	اس ملک کا اچھا انتظام ہوگا رعایا دولت سے مالا مال ہو عزت ملے۔
ستاروں کا کھا جانا	مال غصب کھائے گا اور رنج اٹھائے گا۔
ستاروں کو ہاتھ میں لینا	فرزند نیک پیدا ہوگا یا کسی سے فائدہ پہنچے گا مال حلال ملے گا۔
ستاروں کو ٹوٹتے دیکھنا	یہ شخص غنی ہو جائے گا یا شہید ہو کر مرے گا۔
ستاروں کی چرواہی کرنا	کسی جگہ متولی اور متکفل ہوگا۔
ستاروں کو گھر میں دیکھنا	کوئی بزرگ آئے گا اس سے کچھ نفع ہوگا۔ کیمیا بتلا دیگا۔
مشتری کو دیکھنا	خزانچی ہو یا وزیر بادشاہ ہو یا عالم ہو۔
زحل کو دیکھنا	قاضی شہر ہو یا مصاحب سلطان ہو یا سپہ سالار لشکر ہو۔
مریخ کو دیکھنا	فوج کا افسر ہو یا محتسب ہو یا لڑائی پر جائے فتح پائے۔
زہرہ کو دیکھنا	کسی عورت مطربہ سے ہم صحبت ہو اگر عورت دیکھے تو دولتمند ہو۔
عطارد کا دیکھنا	بادشاہ کا دبیر ہو کسی قلمرو کا میر منشی ہو عزت و حرمت پائے۔
آفتاب کو دیکھنا	رزق میں فراخی ہوگی عورت زردار ملے لڑکا پیدا ہوگا۔
آفتاب کی روشنی زیادہ دیکھنا	ترقی مدارج اور افزونی رزق کی دلیل ہے۔
آفتاب پر اندھیرا دیکھنا	مبتلائے غم و الم ہو نقصان جان و مال ہو مرض یا کسی مصیبت میں پھنسے۔
آفتاب سے لڑنا	اپنے ماں باپ سے لڑے گا یا بادشاہ کو اس سے خصومت پیدا ہوگی۔
آفتاب کو سجدہ کرتے دیکھنا	سلطنت ملے والدین اس کے مطیع ہوں عزت پائے۔
آفتاب میں گہن دیکھنا	بادشاہ پر کوئی حادثہ ہوگا یا اس کے ماں باپ کا انتقال ہوگا۔
چاند کا دیکھنا	خوبصورت عورت ملے یا حسین لڑکا پیدا ہو دولت بیشمار ملے۔
چاند کو گہن لگا دیکھنا	رنج پہنچے اگر عورت حاملہ ہے اسقاط ہو روزی تنگ ہو۔
چاند کا اپنے پاس آنا	کسی شہر کا حاکم ہو کر عزت پائے لڑکا خوبصورت پیدا ہو۔
چاند کو آغوش میں دیکھنا	لڑکا نیک پیدا ہو تجارت کے مال میں بہت نفع ہو۔
چاندنی زمین پر دیکھنا	وہاں کے لوگوں کو بادشاہ سے منفعت ہوگی دولت ملے گی عزت سے بسر ہوگی۔
برج کو دیکھنا	کوئی بڑا محل ہاتھ آئے بزرگی ملے۔

وحید بکڈپو کنگ روڈ سوہاوا (گجرات)　　شوکت بکڈپو گجرات　　ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

تحریر: علامہ ظفر اقبال جعفری
محلہ بری ولائیت شاہ کالونی
کرسال تحصیل وضلع چکوال
0308-5754957

انبیاء علیہم السلام کے تبرکات

حضرت سلمان علیہ السلام کی انگشتری جو امام زمانہ علیہ السلام کے پاس ہے۔

حضرت امام مہدی حجت خدا علیہ السلام کا جب ظہور ہوگا تو آپ کے پاس بالعموم تمام انبیاء علیہم السلام کے اور بالخصوص سرکار رسالت حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایسے تبرکات ہونگے جن کی نہ کوئی قیمت لگائی جاسکتی ہے اور نہ ہی ان کا کوئی بدل اس دنیا میں ہوسکتا ہے ۔اب سوال یہ ہے کہ وہ کونسے تبرکات ہونگے' ان تبرکات سے مراد وہ جائیداد اور مال نہیں جو دنیا سے جانے والے اپنے وارثوں کیلئے چھوڑ جاتے ہیں۔ بلکہ یہ وہ مخصوص انتہاء اور نعمتیں ہیں جو ہر نبی بالخصوص اپنے وصی کے لیے چھوڑ کر اس فانی دنیا سے جاتا ہے۔ چنانچہ سابقہ انبیاء علیہم السلام کے برکات نبی آخرالزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچے اور ہمارے نبی آخرالزماں کے بعد یہ میراث آپ کے اوصیا کے پاس نقل ہوتے رہے۔ جو امیر المومنین مشکل کشائے عالم حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے سلسلہ بہ سلسلہ حضرت قائم آل محمد امام زمانہ حجت خدا مہدی علیہ السلام تک پہنچے جو آپ بھی آج بھی ان کے پاس موجود ہیں۔ ان تبرکات کی وجہ سے ہمارے امام زمانہ حضرت امام مہدی علیہ السلام بابانگ دہل یہ اعلان کریں گے کہ میں ہی اصلی اور حقیقی انبیاء علیہم السلام کا وارث ہوں۔ اگر میرے علاوہ کوئی اور وارث یا مدعی ہو تو انبیاء علیہم السلام کے جملہ مخصوص تبرکات میں سے کوئی ایک بھی تبرک پیش کر کے دکھائے جو ان انبیاء علیہ السلام کو خالق کائنات کی طرف سے ملے تھے۔

غیبت نعمانی حضرت امام زمانہ علیہ السلام کے متعلق حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نبوتؑ کے پانچویں تاجدار نے فرمایا کہ حضرت قائم آل محمد علیہ السلام کے پاس پرچم سرکار رسالت حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت سلمان علیہ السلام کی مبارک انگشتری اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے عصا اور پتھر ہوگا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام علم نبوت کے چھٹے تاجدار سے روایت منقول ہے کہ جنگ بدر میں حضرت جبرائیل سرکار رسالت حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک پرچم لے کر آئے جسے سرکار مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھولا اور اس کو دیکھا پھر امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو پرچم عطاء کر دیا۔ امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے اس پرچم کو بڑی حفاظت سے اپنے پاس رکھا اور جنگ جمل میں کھول کر لہرایا تھوڑی دیر کے بعد پھر اس کو لپیٹ کر رکھ لیا یہ عظیم پرچم آج بھی ہمارے پاس موجود ہے اور قیامت تک ہمارے قائم کے پاس رہے گا۔ اس پرچم کو امام آخرالزمان حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام وقت ظہور لہرائیں گے۔

حضرت سلمان علیہ السلام کی انگشتری کی خاصیت یہ تھی کہ جب آپ اس انگشتری کو اپنے دست مبارک میں پہنتے تھے تو ہر چیز آپ کیلئے مسخر ہوجاتی تھی اور اب بھی یہ خاصیت ہے جہاں تک حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا اور پتھر کا تعلق ہے تو ان دونوں چیزوں کا تذکرہ قرآن کریم میں موجود ہے۔ عصاء موسیٰ علیہ السلام جنت کے اس درخت کی شاخ ہے جو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مدین میں داخل ہوتے وقت عطا کی تھی۔ جب زمین پر عصائے موسیٰ علیہ السلام کو ضرب لگائی جاتی تھی تو زمین سے میٹھے پانی کے چشمے پھوٹنے لگتے تھے یہ ایک قسم کا متبرک پتھر ہے۔ غیبت لقمانی کے سلسلہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک روایت مروی ہے کہ آپؑ نے یعقوبؒ ابن میب سے ارشاد فرمایا میں تم کو قائم آل محمد کی وہ قمیض دکھاؤں جس کو آپ جناب اپنے ظہور کے وقت زیب تن کئے ہوئے ہونگے۔ یعقوب نے فرمایا یعنی عرض کی

فضل کریم نیوز ایجنٹ' ڈنگہ' گجرات
ریلوے بکسٹال' سرگودھا
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

مولا ضرور دکھایئے امام علیہ السلام نے ایک چھوٹا سا صندوقچہ منگوایا اسے کھولا۔ اس میں ایک کھدر نما کپڑے کی قمیض اٹھائی جس کی دائیں آستین پر خون کے دھبے تھے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا یہ وہ قمیض ہے جس کو جنگ احد میں سرکار رسالت مآب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زیب تن کیا تھا۔ اور سرکار رسالت مآب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دندان مبارک اس جنگ میں شہید ہوئے۔ یہ خون اس وقت کی نشانی ہے ہمارے قائم علیہ السلام کے جسم پر بوقت ظہور یہی قمیض ہوگی۔ یعقوب کہتے ہیں کہ میں نے اس مبارک اور نایاب قمیض کو بوسہ دیا اور اس خون مبارک کے دھبے والے حصے کو اپنی آنکھوں سے لگایا۔ الکمال الدین کے ارشاد کے مطابق حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے مفصل سے دریافت کیا کیا تم کو معلوم ہے کہ پیغمبر یوسف کی قمیض کیسی تھی مفصل نے عرض کی مولا مجھ کو نہیں اس کا علم امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا جب نمرود نے آگ جلائی تھی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا جانا تھا اس وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام وہ قمیض لائے تھے جسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پہن لیا تھا جس کے نتیجے میں آپؑ کو اس آفت کی آگ نے کوئی نقصان نہ دیا اور نہ ہی بعد میں شدت کی سردی آپ کو متاثر کر سکی جب آپؑ کا وقت رحلت اس فانی دنیا سے قریب آیا تو آپؑ نے اس مبارک قمیض کو بطور تعویز حضرت اسحاق علیہ السلام کے بازو پر باندھ دیا اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے آخری وقت پر حضرت یوسف علیہ السلام کے بازو پر باندھ دیا وقت ولادت مفصل نے پھر عرض کیا سرکار حجت خدا میرے امام اب وہ قمیض کہاں ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ جواب اس امانت کے اہل ہیں ان کے پاس موجود ہے جو بعد ظہور قائم آل محمد علیہ السلام کے پاس ہوگی اور وہاں اس بات کا یقین رکھنا کہ جو کچھ تبرکات انبیاء علیہ السلام کے پاس تھے۔ وہ سب کچھ ہم آل محمد علیہ السلام کے پاس آج اور اس وقت بھی موجود ہیں۔

غیبت نعمانی کے متعلق حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے چھٹے تاجدار نے مزید ارشاد فرمایا کہ حجت خدا حضرت قائم آل محمد علیہ السلام کے جسم پر بوقت ظہور وہی قمیض ہوگی جس کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ آپ کے پاس سیماب نامی عمامہ سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس عمامہ کے ساتھ آپ صلی علیہ وآلہ وسلم کی زرہ اور تلوار بھی ہوگی۔

اکمال الدین کی روایت کے مطابق حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ عصائے موسیٰ علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام کے پاس تھا پھر جناب شعیب علیہ السلام کے پاس آیا پھر جناب موسیٰ علیہ السلام تک پہنچا جو آج بھی ہمارے پاس محفوظ ہے اور اسی طرح اس عصا کی لکڑی آج بھی سرسبز ہے جس طرح روز اول درخت سے کاٹا گیا تھا۔ اگر اسے بلوایا جائے تو گویا ہو جاتا۔ یہ عصا ہمارے آخری امام حضرت قائم آل محمد علیہ السلام کے پاس ہوگا آج بھی اس عصائے مبارک سے وہی کام لیں گے جو حضرت موسیٰ ابن عمران علیہ السلام لیا کرتے تھے۔ (**بحوالہ کتاب: الامام المہدی**)۔

اعمال مجربہ

تحریر: گل محمد خان (گکھڑ)

قارئین **جعفریہ جنتری**! آپکی خدمت میں دو مجرب اعمال پیش کر رہا ہوں اُمید کرتا ہوں کہ انشاءاللہ قارئین استفادہ کے بعد اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔

بانجھ پن دور

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ط (رعد: 31)

آیت ہرن کی جھلی پر گلاب اور زعفران سے لکھ کر خاتون کی گردن میں تعویز حمائل کریں۔

مسے سے چھٹکارا

جناب امیر المومنین نے فرمایا تین جو لے کر جب قمری ماہ کے دو یا تین دن رہ جائیں مسے کے گرد جو کو پھرا کر یہ آیت پڑھتے رہیں پھر جو کو زمین میں دفن کر دیں۔ جب جو زمین سڑ جائیں گے تو مسے بھی سوکھ کر جھڑ جائیں گے۔

وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ نِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَالَهَا مِنْ قَرَارٍ (ابراہیم: 26)

کشمیر بک ہاؤس، سرکلر روڈ، گجرات
کیپٹل نیوز ایجنسی، بندر روڈ، بہاولپور
ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

Scanned with CamScanner

سعد تاریخیں برائے نکاح 2012ء

شادی ایک ایسا بندھن ہے جس میں جیون ساتھی ایک دوسرے کا ساتھ دینے کیلئے منسلک کردیئے جاتے ہیں۔ لیکن ذرا سی غفلت کی وجہ سے بعض لوگوں کیلئے یہ مبارک رشتہ وبال جان بن جاتا ہے۔ اگر نکاح یا خوشی کی رسم کرتے وقت درست وقت کا تعین کرلیا جائے تو ایسا انسان زندگی بھر پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے۔ کسی نئے کام کی ابتداء نکاح یا خوشی کی تقریبات کیلئے ان تاریخوں کو مدنظر رکھ کر رسم ادا کی جائے تو انشاء اللہ انجام بہت اچھا ہوگا۔ اگر بروج کے مطابق نکاح کرنے والوں کے ستارے آپس میں نہ ملیں تو بھی شادی ایک اذیت بن جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں طلاق کی شرح زیادہ ہے بعض اوقات لڑکی کے والدین اس قدر پریشان ہوتے ہیں کہ وہ سوچتے ہیں کہ کاش ہم اپنی بیٹی پیدا ہوتے ہی مار دیتے۔ ان کی یہ بے بسی دیکھ کر دکھ ہوتا ہے کہ اگر وہ شادی سے پہلے تھوڑی سی تکلیف کرتے اور لڑکی لڑکے کے ستارے آپس میں ملوالیتے تو آج یہ الفاظ ان کے دل ودماغ میں نہ آتے۔

بحساب نجم نکاح کی تاریخیں نکالنا

01:۔ لڑکا یا لڑکی کے نام کے حروف اول سے ہر دو کے برج نکالیں اگر پیدائشی بروج معلوم ہیں تو بھی درست ہے۔ پھر یہ معلوم کریں کہ شمس اس ماہ کس برج میں ہے جس ماہ شادی یا نکاح کرنا مطلوب ہو اگر اس برج سے شمس تیسرے، چھٹے، دسویں اور گیارہویں گھر کے اندر حرکت کررہا ہے تو شادی اس ماہ نیک ہوگی۔ مثلاً حروف "ا، ع، ل، ی" سے تعلق رکھنے والے افراد کا برج حمل ہے ایسے افراد جب نکاح یا شادی کرنا چاہیں تو انہیں چاہئے کہ درج بالا اس قاعدہ کے مطابق جب شمس برج جوزا، سنبلہ جدی اور دلو میں ہو تو یہ نکاح بہتر ہوگا۔ اس طرح ماہ مطلوب برائے نکاح یا نیک کام ہمیں مل گیا۔

02:۔ ماہ مطلوب کے بعد مطلوبہ دن معلوم کرنا ہو تو دیکھا جائیگا کہ اس طالع سے قمر چوتھے، آٹھویں یا بارہویں برج میں ہو تو یہ ایام نحس ہونگے۔ اس بروج کے علاوہ اگر قمر طالع سے دوسرے، پانچویں، نویں اور گیارہویں گھر میں ہو تو یہ ایام نکاح کیلئے سعد ہونگے۔ مثلاً برج حمل والوں کیلئے جب قمر سرطان، عقرب، حوت میں ہو تو یہ ایام نحس شمار کئے جائینگے۔ جبکہ اگر قمر طالع سے برج ثور، اسد، قوس اور برج دلو میں ہو اگر مستخرجہ تاریخ اس جنتری میں شائع کی گئی ہر تاریخ کے سامنے دن کے اثرات کے مطابق سعد اور نحس کا خانہ دیا گیا ہے۔ کہ یہ دن شادی نکاح یا نیک کام کیلئے بہتر ہے کہ نہیں اس لئے اگر آپ کی مستخرجہ تاریخ خانہ میں شائع شدہ سعد تاریخ کے مطابق دن پڑے تو وہ دن بہت مناسب ہوگا۔

لڑکا اور لڑکی دونوں کا الگ الگ مہینہ اور دن نکالنا چاہئے بالفرض ایک کا سعد نکلا اور دوسرے کا نحس تو یہ بہتر نہ ہوگا اگر اس سال کسی طرح بھی مناسب وقت نہ ملے تو ذیل کا طریقہ اختیار کرلیں کہ طالع سے شمس دوسرے، پانچویں، نویں برج کے فاصلے پر ہو تو ٹھیک ہوگا یا پھر شمس کا ایک اور ساتوں گھر لے لیں۔ یہ بھی مناسب ہوگا یاد رکھیں کہ جب شمس چوتھے آٹھویں اور بارہویں برج کے فاصلے پر ہو تو بہت نحس ہوتا ہے اگر اس سلسلہ میں کسی مناسب فیصلہ تک نہ پہنچ سکیں تو ادارہ سے رابطہ کریں ادارہ کے ایڈریس پر رجسٹرڈ جوابی لفافہ بھیج کر نکاح یا نیک کام کی ابتداء کی تاریخ مفت معلوم کی جاسکتی ہے۔

اس کے علاوہ جنتری ہذا میں آپ کے دوست دشمن اور موزوں برج کا جدول دیا گیا ہے جس میں با آسانی لڑکی یا لڑکے کا دوست یا دشمن برج دیکھ سکتے ہیں۔ اس طریقہ کار پر عمل کرکے کسی حد تک پریشانی اور مصیبت سے بچا جاسکتا ہے۔

یکم محرم الحرام تا 08 ربیع الاول خوشی کی کوئی تقریب نہ کی جائے۔ خصوصاً نکاح شادی یا نئے کام کی ابتداء سے گریز کیا جائے۔ درج ذیل تاریخیں علم نجم کے حساب سے نکالی گئی ہے۔

جنوری:	3.4.10.11.19.23.24.25.26.30.31
فروری:	6.7.15.16.19.20.21.22.26.27.28
مارچ:	5.6.13.14.17.18.19.25.26
اپریل:	1.2.10.21.22.28.29
مئی:	7.8.13.14.15.18.19.20.26.27
جون:	3.4.7.8.14.15.16.22.23
جولائی:	1.5.6.7.8.12.13.19.20.28.29
اگست:	1.2.3.4.8.9.15.16.17.24.25.28.29.30.31
ستمبر:	4.5.6.12.13.20.21.25.26.27.28
اکتوبر:	2.3.9.10.18.19.22.23.24.25.29.30
نومبر:	5.6.14.15.18.19.20.21.22.25.26.27
دسمبر:	3.4.15.16.17.18.19.23.24.30.31

عوامی نیوز ایجنٹ کنگن پور قصور حاجی اسحاق نیوز ایجنٹ کنگن پور قصور عارف نیوز ایجنسی مین بازار کھاریاں
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

اسرار روحانی

تحریر: محمد الیاس (ہری پور ہزارہ)
0300-8367092

اس سال کو حروف مقطعات کا سال قرار دیں تو عجب نہ ہوگا۔ حروف مقطعات جن کی مکرر تعداد چودہ ہیں۔ اہم امور میں فوائد حاصل کرنے میں اپنی مثال آپ ہیں۔ جن کے اندر بے پناہ مخفی اسرار موجود ہیں۔ جن کا احاطہ کرنا مشکل ہے۔ صرف پڑھنے والے پر منحصر ہے کہ اس کے اندر کتنی روحانی لطافت موجود ہے۔ جس سے وہ کماحقہ فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔ جو کوئی ان حروف مقطعات کو نو چندی ہفتہ میں لکھ کر دھو کر پیئے تو سال بھر تک آشوب چشم نہ ہو۔ حروف مقطعات مندرجہ ذیل ہیں۔

الٓمّٓ۔ الٓمّٓصٓ۔ الٓرٰ۔ الٓمّٓرٰ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ طٰسٓمّٓ۔ طٰسٓ۔ یٰسٓ۔ صٓ۔ حٰمٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ قٓ۔ نٓ۔ آمین۔ روزانہ ایک تسبیح پڑھنے سے روحانی قوت متحرک آشوب چشم نہ ہو

عمل برائے آسیب و جنات سے بچاو: اس کیلئے ایک عمل تحریر کیا جاتا ہے۔ پہلے حروف مقطعات کی زکوۃ ادا کی جائے۔ زکوۃ اس طرح ادا کی جائے نو چندی جمعرات سے شروع کریں۔ پرہیز جلدی و جمالی برابر چالیس روز تک روزانہ ۱۲۵ مرتبہ اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف مندرجہ ذیل حروف مقطعات کی تلاوت جائے۔ چالیس روز پورے ہونے پر بچوں کو مٹھائی تقسیم کریں۔ اور اکابرین کو ایصال ثواب کریں۔ چالیس روز کے بعد ہمیشہ ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں۔ خاص کر آسیب زدہ مریض آئے تو حرف ۲۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں اور ۲۱ مرتبہ سرسوں کے تیل پر دم کر کے اس سے مالش پورے بدن کی اور سر کی مالش کرائیں۔ انشاء اللہ سات یوم تک مکمل شفاء ہوگی پڑھائی اس طرح ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم طہ طس طسم کھیعص یس والقران الحکیم حمعسق ن والقلم وما یسطرون۔

برائے حفاظت جان ومال: جو شخص مندرجہ ذیل اسماء الحسنٰی کی کم از کم ایک تسبیح روزانہ صبح پڑھے جان ومال کی حفاظت ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ یا حافظ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل۔

شر شیاطین سے بچاؤ: جس شخص کے گھر میں جنات اور آسیب ڈھیلے یا پتھر پھینکتے ہوں اس آیت کو چار میخوں کے اوپر پچیس بار پڑھ کر دم کرے اور اس گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دے۔ شر جن و آسیب سے محفوظ رہے گا وہ آیت یہ ہے۔ (۱)

بسم اللہ الرحمن الرحیم انھم یکیدون کیدا واکید کیدا فمھل الکافرین امھلھم رویدا۔

(۲) حضرت رسول اللہ سے روایت ہے کہ جب جن پتھر مارے تو اس پتھر کو لے کر ادھر پھینکیں جہاں سے وہ آیا ہو اور یہ کہے۔ حسبی اللہ وکفی وسمیع اللہ لمن دعا لیس وراد اللہ منتھی۔ مزید جنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے گھر میں مرغی کبوتر، بھیڑ کا رکھنا مفید ہے۔

دفع امراض قلب: دفع امراض قلب کیلئے یہ دعا سات مرتبہ پڑھے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم افمن شرح اللہ صدرہ للہ سلام فھو علی نور من ربہ سورۃ زمر آیت نمبر ۲۲ ہر فرض نماز کے بعد پانی پر سات مرتبہ دم کر کے پئیں۔

دفع درد دانت: حضرت امیر المومنین سے روایت ہے کہ اپنے ہاتھ کو سجدہ کی جگہ مس کر کے درد کرنے والے دانت پر رکھ کر یہ دعا پڑھے۔ عمل نمبرا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم والشافی اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

عمل نمبر ۲:۔ گیارہ مرتبہ درود شریف گیارہ مرتبہ العظمت اللہ اور گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر درد دانت کو اس کلام کی برکت سے حکم دیں درد فوراً ختم ہو جائیگا۔

طاہر نیوز ایجنسی، عارف بازار بوریوالا۔ 0334-7193958 — روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

عملیات قرآنی

تحریر:۔ سحر کاظمی (اسلام آباد) 03009491015

محترم دوستو! چند مجرب اعمال کے ساتھ ہمیشہ کی طرح اس سال بھی جعفریہ جنتری میں چند اعمال کے ساتھ حاضر ہوں۔ یہ تمام مجرب اعمال ہیں۔

خیر و برکت:۔ خیر و برکت دفتر کی ہو یا مکان کی کاروبار کی ہو یا اولاد کی درج ذیل آیات الٰہی کو خوبصورت طریق سے کسی اچھے کاغذ یا چاندی یا پلیٹ پر لکھوا کر گھر دوکان کے داخلے کی جگہ یا ایسی جہاں پر ہر فرد کی نظر با آسانی پڑے اللہ تعالیٰ کام اور گھر میں خیر و برکت اور کشادگی فرمائے گا۔ **قل ان الفضل بید الله یوتیه من یشاء والله واسع علیم یختص برحمته من یشاء والله ذوالفضل العظیم** (آل عمران)۔

ہر پریشانی کا خاتمہ:۔ کسی بھی قسم کی پریشانی ہو اس کے خاتمے کیلئے ذیل عمل کو روزانہ فجر کے وقت پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ **یا اللہ یا رحمن رحیم یا الله یا حی یا قیوم برحمتك استغیث**۔

بے راہ روی و سنگدلی کے لئے:۔ اگر کوئی اپنی اولاد شریک حیات خواہ مرد ہو یا عورت یا اپنی اندر سختی اور سنگدلی یا کوئی آوارہ ہو جائے تو وہ روزانہ نماز فجر کے بعد سورۃ **ق والقران مجید** اور سورۃ یسین ایک دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے وہ شخص نرم دل اور راہ راست پر آجائے گا۔ چالیس دن اس عمل کو کریں روزانہ پڑھیں اور بلائیں عمل کے دوران ناغہ ہو تو کوئی بات نہیں۔

ساس کے طعنوں سے نجات:۔ اگر کسی کی ساس بلاوجہ تنگ کرتی رہتی ہو کسی بھی طرح باز نہ آتی ہو بات بات پر طعنے دیتی ہو اور بہو کی بے عزتی کرتے ہیں خوش ہوتی ہو تو بہو کو چاہیے نماز فجر کی ادائیگی کے بعد 21 یوم تک روزانہ بلاناغہ سورہ الحجر کی آیت (۶۵۔۶۶) کو دس مرتبہ پڑھ کا دعا مانگ لیا کرے۔ انشاء اللہ طعنوں سے محفوظ رہے گی۔

امتحان میں کامیابی کے لئے:۔ جو طالب علم اچھے نمبروں سے پاس ہونے کا خواں ہو تو اسے چاہئے آدھی رات کے وقت باوضو حالت میں یہ آیت مبارکہ اکتالیس مرتبہ اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

علم ان لن تحصوه فتاب علیکم فاقرء وما تیسر من القران (سورۃ مزمل)

خاوند کو راہ راست پر لانا:۔ جس عورت کا خاوند بری صحبت میں ہو اور اس نے کسی غلط عورت کے ساتھ ناجائز تعلقات قائم کر لئے ہوں تو یہ آیت کسی چیز پر پڑھ کر کھلادیں۔

قل لایستوی الخبیث والطیب ولوا عجبك لشره الغبیث ج فاتقو الله یا ولی الالباب لعلکم تفلحون (سورۃ المائدہ آیت ۱۰۰)۔

جلد شادی کیلئے:۔ جس کی شادی نہ ہو رہی ہو والدین بہت پریشان ہوں کسی بھی جگہ سے رشتہ نہ آرہا ہو اور آرہا ہو تو طے نہ ہو رہا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد 300 بار یہ آیت مبارکہ پڑھے۔ ۲۰ دن کا عمل ہے بلاناغہ پڑھنا ہے اللہ تعالیٰ جلد شادی کریگا۔

وھو الذی خلق من الماء بشراً فجعله نسبا وصھراً وکان ربك قدیرا۔ (سورۃ فرقان)

میاں بیوی کے جھگڑے کا خاتمہ:۔ جو میاں بیوی آپس میں ہر وقت جھگڑتے رہتے ہوں آپس میں محبت نہ ہو تو ان کے مابین محبت پیدا کرنے اور ان کے جھگڑے کا خاتمہ کیلئے یہ آیت کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر کھلادیں بہت ازمودہ موثر عمل ہے۔

والقیت علیك محبه منی ولتصنع علی عینی (سورۃ آیت ۳۹)۔

☆☆☆

ستار نیوز ایجنسی، بازار کلاں پشاور 0346-9281202 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

روحانی علاج

تحریر:۔
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ
0308-7809870

جعفریہ جنتری سے مجھے بے حد لگاؤ ہے اور اس جنتری کی پہلی اشاعت سے اب تک بے حد متاثر ہوں یہی وجہ ہے کہ اپنے خاص مجربات کے ساتھ آپکی محفل میں پہلی بار شامل ہو رہا ہوں۔ اس اُمید پر کہ قارئین جعفریہ جنتری کی جانب سے پذیرائی ملے گی اگر آپ کو میرے مجربات پسند آئیں تو اپنی رائے سے ضرور دیں۔

عمل نمبر 1: ۔کاروباری بندش دور کرنے یا وہ عامل حضرات جن کے پاس خلقت آنی بند ہوگئی ہو یا کسی کالے عمل والے نے بندش کردی ہو یا جو عملیات کے بارے میں شکوہ کرتے ہیں کہ ان میں اثر نہیں ہے یا جو عملیاتی دنیا چھوڑنا چاہتے ہوں یہ لازمی کریں۔

طریقہ: ۔عشاء کی نماز کے بعد ایک جگہ بیٹھ کر پہلے تسمیہ پڑھیں پھر سات بار سورۃ جن زبانی یاد یکھ کر پڑھیں پھر اپنے مقصد کی دعا کر کے سو جائیں لیکن سونے سے پہلے آیت الکرسی کا حصار کریں چند دن بعد آپ کو ایسا معلوم ہوگا کہ کسی غیبی طاقت نے چارپائی پر رسی سے باندھ دیا ہے گھبرا کر عمل نہ چھوڑیں جاری رکھیں کیونکہ میرے ساتھ یہ ہوا میں نے یہ عمل کیا ہوا ہے اس لئے لکھ رہا رہوں ایک ماہ کے بعد کشائش کے اثرات اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے جب تک جاری رکھیں گے اثر رہے گا تین چلوں کے بعد تعداد کم کر سکتے ہیں لیکن اجازت شرط ہے۔ اجازت ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب یا مجھ سے لے سکتے ہیں۔

پرہیز: ۔اس عمل میں بڑا گوشت نہ کھائیں باقی حلال شے کھا سکتے ہیں عمل شروع کرنے سے پہلے ایک مرغا یا مرغی ذبح کرانے کے بعد گوشت کے ٹکڑے کر کے قبرستان درختوں کی جڑوں کے پاس رکھ دیں۔

عمل نمبر 2: ۔غیبی امداد یا کسی مشکل کے حل کیلئے ذیل کا عمل نہایت مجرب ہے اس عمل کی اجازت ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب یا مجھ سے لے سکتے ہیں۔

ہر وقت اپنے مقصد کا خیال کر کے چلتے پھرتے رہیں خواتین ناپاکی کے دوران نہ بیٹھیں پاک صاف ہونے پر دوبارہ شروع کر لیں لیکن پڑھنے سے پہلے چودہ پاؤ گوشت لیکر ویران جگہ تھوڑا تھوڑا کر کے پھینک دیں اور گھر وضو کر کے آئیں۔

عبارت عمل یہ ھے: ۔**اللہ میرے من میں، محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرے کلمے میں، اللہ میرے کم سوارے ہر گھڑی ہر دم،**

جادوگر یا مخالف کو سزا دینے کا عمل سب سے آسان: رات بارہ بجے اپنی چارپائی پر بیٹھ کر چارپائی کے بائیں پایا کو دشمن کی صورت خیال کر کے ۱۰۱ بار یہ عمل پڑھ کر جوتی خشک ہو دم کر کے گیارہ مارا کریں۔ یہ جوتے مخالف پر پڑیں گے ہر روز چودہ چھٹانک گوشت ویران جگہ پھینک کر یہ عمل کرنا ہوگا۔ جائز جگہ استعمال کریں ورنہ مخالف آپ پر عمل کرانا شروع کر دیگا۔

عبارت عمل یہ ہے: **کڑک علی کڑکا علی فلاں بن فلاں منجہ تے پا علی اڑیا سی او جھڑیا کڑک منہ کلھاڑے چڑیاسی**

اجازت شرط ہے۔ عامل حضرات چلہ کر لیں تو بہتر ہے۔ 313 بار 41 رات گھر سے باہر پڑھیں صدقہ دے کر پڑھیں۔

دشمن مخالف جادوگر کو پریشان کرنے کے لئے: سورج گرہن میں اجازت عامل کامل سے لیکر ۱۰ بار لکھ لیں ایک سال عمل چلے گا پھر قمر در عقرب میں لکھ کر دشمن کا خیال کر کے جوتے مارا کریں صبح شام۔

یہ ہمارے پیرو مرشد کا عمل ہے زکوۃ صغیر ہمیشہ کے لئے 41 نقش 40 رات لکھ کر زمین میں دبا دیا کریں۔ پھر دوسرے کو لکھ کر دے سکتے ہیں۔ خاکی چال ہے۔

نقش

۲۴۷	۲۵۲	۲۴۵
۲۴۶	۲۴۸	۲۵۰
۲۵۱	۲۴۴	۲۴۹

طاہر سٹیشنری، کچہری بازار خانیوال۔ 065-2552675
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

فضائل رمضان

رمضان

عامل جفار تنویر عصری معرفت اویس ٹریڈرز H377 سردار عالم روڈ راولپنڈی 0333-5398050

دعائے روزہ: ۔وبصوم غد نویت من شھر رمضان قربة الی الله۔

دعائے افطار: ۔اللھم لك صمت وعلی رزقك افطرت وعلیك توكلت

وقت افطار اور بعد سحر سورۃ انا انزلنا پڑھے۔ وقت افطار یہ کہے یا عظیم یا عظیم انت الھی لا اله لی غیرك اغفر لی الذنب العظیم انه یا تغفر الذنب العظیم الا العظیم کھانا سامنے آنے پر کہے اللھم لك صمنا و علی رزقك افطرنا فتقبله منا انك انت السمیع العلیم نیز جب لقمہ اول اٹھائے کہے بسم الله الرحمن الرحیم یا واسع المغفرة اغفرلی۔

جس طرح کفر کی ناپاکی سے نکلنے کے لیے کلمہ طیبہ کا پڑھنا ضروری ہے۔ اسی طرح جسمانی نجاستوں سے نجاست اور پاکیزگی کیلئے مندرجہ ذیل دعا کا وضو واجب غسل کے بعد پڑھنا فضیلت کا باعث ہے۔ یہ فرمان تفسیر امام حسن عسکریؑ میں جنات رسالت مآبؐ سے وارد ہے۔

سبحانك اللھم و بحمدك واشھد ان لا اله الا انت استغفرك واتوب الیك واشھد ان محمدا عبدك ورسولك واشھد ان علیا ولیك وخلیفتك بعد نبیك علی خلقك وان اولیاءه خلفائك واوصیاءه اوصیاءك۔

پاک ہے اے میرے اللہ حمد تیرے لیے ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے میں تیری مغفریت چاہتا ہوں اور تیری درگاہ میں توبہ کرتا ہوں کہ محمد ﷺ تیرے عبد اور تیرے رسول ﷺ ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں علیؑ تیرے ولی ہیں۔ اور تیرے نبی ﷺ کے بعد تیرے خلیفہ ہیں تیری مخلوقات پر اور اولیاء تیرے خلیفہ ہیں اور اوصیا تیرے وصی ہیں۔

رمضان المبارک میں ہر نماز کے بعد پڑھی جانے والی دعا:۔

یا علی یا عظیم یا غفور یا رحیم انت الرب العظیم الذی لیس كمثله شیء وھو السمیع البصیر وھذا شھر عظمته و شرفته عظمته و فضلته علی الشھور وھو الشھر الذی فرضت صیامه علی وھو شھر رمضان الذی انزلت فیه القران ھدی للناس وبینت من الھدی والفرقان وجعلت فیه لیلة القدر و جعلتھا خیرا من الف شھر فیاذ االمن ولا یمن علیك من كل بفكاك رقبتی من النار فیمن تمن علیه وادخلنی الجنة برحمتك یا ارحم الرحمین۔

اے بلند رتبہ اے بزرگی والے، اے بخشنے والے، اے مہربان تو بڑا عظمت والا پروردگار ہے کہ جس کے جیسی کوئی چیز نہیں ہو سکتی، اور وہ بڑا سننے والا اور دیکھنے والا ہے اور یہ وہ مہینہ ہے جسے تو نے بزرگی دی، عزت عطا کی بلند بخشی اور تمام مہینوں پر اسے فضیلت عنایت فرمائی ہے اور یہ وہ مہینہ ہے جس کے روزے تو نے مجھ پر فرض کیے ہیں اور یہ وہ رمضان المبارک کا مہینہ ہے کہ جس میں تو نے قرآن نازل فرمایا جو لوگوں کے رہنما ہے اس میں ہدایت کی دلیلیں اور حق و باطل کی تفریق ہے تو نے اس مہینے میں شب قدر رکھی، اور اسے ہزار مہینوں سے بہتر قرار دیا ہے۔ پس اے احسان کرنے والے، تجھ پر احسان نہیں کیا جا سکتا، تو احسان فرما مجھ پر میری گردن آگ سے چھڑا کر، ان کے ساتھ جن پر تو نے احسان کیا، اور اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخل فرما، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

دعائے سحر: جیسا کہ دعا کے نام سے ظاہر ہے کہ سحر گردشوں سے نکلنے، گناہوں کے معاف ہونے، گردش لیل ونہار کی

شمع بک ڈپو، کشمیر بازار پنڈی۔ 051-5539928 روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

تاریکیوں کے بعد ظاہر ہونے والے نور، نیز گمراہی اور آزمائشوں کے اندھیروں سے باہر نکلنے کا نام ہے۔ اس لیے اس دعا کو رمضان المبارک کے علاوہ اپنے مخصوص مطالب ذہنی و دنیاوی کے حاصل ہونے کے لیے ہر روز اس کا ورد جاری رکھ سکتے ہیں۔

اللھم انی اسئلك بلا اله الا انت وبیهاء الا اله الا انت یا لا اله الا انت واسا لك بجلال لا اله الا انت یا لا اله الا انت و اسا لك بجمال لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك بعظمة لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك بنور لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك برحمة لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسا لك بكمال لا اله الا انت یالا اله الا انت واسالك بكلمات لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك باسماء لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك بعزة لا اله الا انت یا لا اله الاانت واسا لك بقدرة الا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك بسلطان لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك بعلولا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك بایات لا اله الا انت یالا اله الا انت واسالك بمشیة لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك بعلم لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك بشرف لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك بملك لا اله الا انت یالا اله الا انت واسلاك بفضل لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك بكرم لا اله الا انت یا لا اله الا انت واسالك برفعة لا اله الا انت یا لا اله الا انت تصلی علی محمد وال محمد وان تمدلی فی عمری وتوسع علی فی رزق وتصح لی جسمی وتبلغ بی املی اللھم ان كنت عندك من الا شقیاء ما محنی من الاشقیاء واكتبنی من السعداء فانك قلت (یمحو الله مایشاء و ثبت و عنده امه الكتاب) ۔ اپنی حاجت پوری کریں۔

دعائے قنوت: ۔ اس قنوت کو رمضان المبارک میں یاد کر کے عادت بنائیں۔ نیز نماز تہجد میں اس کی افادیت مزید بڑھ جاتی ہے۔

اللھم اھدنی فیمن هدیت وعافنی فیمن عفیت وتولنی فیمن تولیت وبارك لی فیما اعطیت و وقنی شر ما قضیت فانك تقضی ولا یقضی علیك سبحانك رب البیت استغفرك واتوب الیك واومن بك واتو كل علیك ولاحول ولا قوة الا بك یا رحیم۔

ترجمہ: ۔ اے میرے اللہ مجھے ہدایت دے اس کے ساتھ جسے تو نے ہدایت دی محفوظ رکھ اس کے ساتھ جسے تو نے محفوظ رکھا سرپرستی کر اس کے ساتھ جس کی سرپرستی کی اور برکت دی اس میں جو تو نے عطا کیا بچا مجھے اس شر سے جو تو نے مقدر کیا کیوں کہ تو حکم کرتا ہے اور تجھ پر حکم نہیں کیا جاتا تو پاک ہے اے رب کعبہ! تجھ سے بخشش چاہتا ہوں تیرے آگے توبہ کرتا ہوں تجھ پر عقیدہ رکھتا ہوں تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں اور نہیں حرکت وقوت مگر تجھ سے ہے۔ اے رحم کرنے والے۔

اس دعا کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ اس بونس کا فیض اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے:۔

۱۔ واجب نمازوں کا کوئی بدل نہیں باقی تمام نمازیں صرف ثواب آخرت اور روح وقلب کی تسکین کے ساتھ معرفت دین کا باعث ہوتی ہے۔

۲۔ نماز کی فکر اپنے اوپر فرض کر لو۔ خدا کی قسم دنیا کی فکر سے آزاد ہو جاؤ گے۔

۳۔ ایک رکعت نماز با جماعت کے ساتھ 24 رکعت کے برابر ہے کہ ہر رکعت 40 برس کی عبادت سے محبوب تر ہے۔

۳۔ نماز پنجگانہ با جماعت ایک نماز میں عالم کی اقتدار کر لے تو

ثواب اس کا 1000 نماز کے برابر ہے۔

۴۔ ایک تکبیر نماز جماعت کے ساتھ بہتر ہے 70 حج۔ ہزار عمرہ واجبہ سے

۵۔ ایک رکعت جماعت کے ساتھ بہتر ہے ایک لاکھ دینار سرخ صدقہ کرنے سے۔

۶۔ با جماعت ایک سجدہ بہتر ہے ایک سال کی عبادت سے اور ایک رکوع بہتر ہے 100 بندے آزاد کرنے سے۔

۷۔ ایک نماز محلہ کی مسجد میں برابر ہے 25 نمازوں کے۔

۸۔ نماز واجب کا ادا کرنا 20 حج سے افضل ہے۔

۹۔ حج افضل ہے دنیا و مافیا سے اور ایک نماز با جماعت افضل ہے 1000 حج سے۔

۱۰۔ طلوع فجر سے لے کر طلوع شمس تک مسجد میں بیٹھ کر اللہ سبحانہ کا ذکر کرنا رزق کی فراہمی کیلئے زمین کے اطراف میں گردش کرنے سے زیادہ تیز تر ہے۔ (حضرت علیؑ)

۱۱۔ عرفہ اور جمعہ کے دن ظہر و عصر کو اور مزدلفہ میں مغرب و عشاء کو ملا کر ایک اذان اور دو اقامتوں سے پڑھنا مستجب ہے۔

خصوصی توجہ : ۔ نوجوانوں اور بچوں کی توجہ اس طرف مبذول کروانا چاہوں گا کہ عبادات کو عادتاً رسماً ادا کرنے کے بجائے وقت نکال کر اس کی روح، فضیلت، اہمیت و مقاصد کو سمجھنے کے بعد عبادات بجالائے تو اس کا اجر و ثواب زیادہ ملتا ہے۔ مثلاً مسجد میں نماز اور با جماعت نماز کے جو فضائل درج بالا بیان کیے گئے ہیں ان کی روشنی میں جمعہ کی جماعت میں حاضر ہو کر عبادت کا لطف اٹھانے والے یہ سوچیں کہ نماز عصر کا گھر جا کر ادا کرنا صرف رسماً شمار ہوگا جبکہ با جماعت عصر کی نماز کی فضیلت کو احاطہ تحریر میں لانا مشکل ترین ہے جبکہ صرف 15 منٹ اللہ کے گھر میں مزید رکنے کا ثواب بھی لاعلمی اور عدم توجہ کے سبب ہم سمجھنے سے قاصر ہوں۔ امید کی جاتی ہے کہ یہ بات جہاں تک پہنچ جائے وہ اپنے گھر، خاندان دوستوں تک اس کا ذکر کر کے اپنی آخرت کے ذخیرہ میں اضافہ کر لیں۔

کیا آپ کو معلوم ہے ؟:۔ کہ بعد اذان و اقامت کے قبل ہر نماز واجب 7 مرتبہ تکبیریں کہنا مستحب ہے ان کی ادائیگی اس طرح سے ہے کہ 3 مرتبہ ہاتھوں کو کانوں کے مقابل بلند کر کے اور اللہ اکبر کہے اور یہ دعا پڑھے اللهم انت الملك الحق المبين لا اله الا انت سبحانك وبحمدك عملت نفسي وظلمت نفسي فاغفرلي انه لا تغفر الذنوب الا انت بعد ازاں دو مرتبہ اللہ اکبر کہے پھر ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھے لبيك وسعديك الخير في يديك والشرليس اليك والمهدى من هديت عبدك وابن عبدك بين يديك منك وبك ولك واليك لا ملجا ولا منجى ولا مفر منك لا اليك تباركت وتعاليت سبحانك وحنانيك سبحانك رب البيت الحرام ۔ پھر دو مرتبہ پہلے کی طرح اللہ اکبر کہے اور یہ دعا پڑھے وجهت وجهي للذى فطر السموت والارض على ملة ابراهيم ودين محمد ومنهاج علي حنيفا مسلما وما انا من المشركين ان صلاتي ونسكي ومحياى ومماتي لله رب العلمين لا شريك له وبذلك امرت وانا من المسلمين اعوذ بالله السميع العليم من الشيطن الرجيم۔ (من لا يحضره الفقيه ج ۱، ص ۳۰۳) (اگر ایسا نہ کر سکیں تو نماز کے بعد تلاوت کی عادت بنالیں۔

اعمال ماہ رمضان :۔

1۔ ۱۳، ۱۴، ۱۵ ارمضان المبارک کے علاوہ عشرہ آخری میں دعائے مجیر (جو تحفۃ العوام میں موجود ہے) کا پڑھنا جملہ گناہوں کی معافی جمیع، آفات سے تحفظ قرضہ سے نجات اور بیماری سے شفاء کا باعث ہو گا۔

2۔ ائمہ معصومینؑ کی ولادت و شہادت کے موقع پر خصوصاً 2 رکعت نماز ہدیہ کے ساتھ زیارت پڑھنی چاہیے۔

3۔ معصومینؑ نے فرمایا کہ 2 رکعت نماز مسواک کر کے بہتر ہے جو مسواک کے بغیر پڑھی جائے۔ خاص کر بلغمی مزاج رکھنے والوں کو مسواک ضرور کرنا چاہیے۔ اس عمل سے حافظہ بھوک و بینائی زیادہ ہوتی ہے۔

4۔ وضو کر کے کھانا کھانے سے روزی میں وسعت پیدا ہوتی ہے

صابر حسین بک ڈپو نیو ماڈرن کالونی نزد ایم سی گرلز ہائی سکول ضلع جہلم 0300-5393951 روحانی تحفہ روحانیات

Scanned with CamScanner

5۔امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ جو شخص صبح کی نماز کے بعد 70 مرتبہ استغفار پڑھے وہ سورۃ ال عمران کی آیت نمبر 17 کا (یہ صبر کرنے والے، سچ بولنے والے، قنوت کرنے والے، خرچ کرنے والے اور صبح کے وقت مغفریت مانگنے والے ہیں) کا مصداق قرار پائے گا۔
نیز دوسری جگہ ارشاد فرمایا کہ جو شخص نماز وتر میں کھڑے ہو کر 70 مرتبہ استغفار پڑھے اور پورے سال اس کی پابندی کرتا رہے تو خداوند تعالیٰ اسے **مستغفرین بالاسحار** میں شامل کر کے اس کی مغفریت واجب فرمائے گا۔

6۔ وسعت رزق کے لئے موذن جو اذان کہے سننے والا بھی وہی الفاظ پڑھے تو موجب زیادتی روزی ہے۔

اعمال شب قدر:۔

(۱) 19-21-23 ان تینوں میں غروب آفتاب کے قریب غسل بجالئے، نیت کرے کہ غسل کرتا ہوں شب قدر کا **قربۃ الی اللہ**۔ان شبوں میں ایک سو رکعت نماز نافلہ بھی پڑھی جاتی ہے۔

(۲) نماز مغربین کے بعد شب قدر کی نماز پڑھے، یہ دو رکعت ہے جس کی ہر رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد سات مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔نماز کے بعد ستر مرتبہ **استغفر الله واتوب اليه** میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں۔اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں، پڑھے (روایت میں ہے کہ ایسا کرنے والا اپنی جگہ سے نہ اٹھے گا مگر اللہ تعالیٰ اسے اور اس کے والدین کو بخشش دے گا)۔

(۳) استغفر اللہ کے بعد قرآن مجید کھول کر سامنے رکھے اور یہ دعا پڑھے **اللهم انی اسئلك بكتابك المنزل و ما فيه و فيه اسمك الاكبر واسمائك الحسنى وما يخاف ويرجى ان يجعلنى من عتقائك من النار وتقضى حوائجى الدنيا والاخرة**

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، تجھے تیری اس نازل شدہ کتاب (قرآن) کا واسطہ دے کر اور جو کچھ اس میں ہے اور اس میں تیرے بزرگ نام اور تیرے اسمائے حسنیٰ کا واسطہ اور یہ خوف وامید ہے کہ تو مجھے آتش جہنم سے آزاد ہونے والے بندوں میں سے قرار دے اور میری دنیا و آخرت کی (شرعی) حاجتیں پوری فرما۔اس کے بعد اپنی حاجت کی برآوری کے لئے دعا مانگے۔

(۴) پھر قرآن مجید کو اپنے سر پر رکھے اور یہ دعا پڑھے۔ **اللهم بحق هذا القران و بحق من ارسلته و بحق كل مومن مدحته فيه و بحقك عليهم فلا احد اعرف بحقك منك** اے اللہ! تجھے اس قرآن کا واسطہ اور اس کا واسطہ جسے قرآن کے ساتھ بھیجا، اور ہر اس مومن کا واسطہ جس کی مدح تو نے اس قرآن مجید میں کی ہے اور اس پر تیرے حق کا واسطہ، تیرے حق کو تجھ سے زیادہ جاننے والا کوئی نہیں اس کے بعد دس مرتبہ **بك يا الله** دس مرتبہ **بمحمد** دس مرتبہ **بعلي** دس مرتبہ **بفاطمة** دس مرتبہ **با لحسن** دس مرتبہ **بالحسين** دس مرتبہ **بعلي بن الحسين** دس مرتبہ **بحمد بن العلي** دس مرتبہ **بجعفر بن محمد** دس مرتبہ **بموسى بن جعفر** دس مرتبہ **بعلي بن موسى** دس مرتبہ **بمحمد بن العلي** دس مرتبہ **بعلي بن محمد** دس مرتبہ **با لحسن بن علي** اور دس مرتبہ **بالحجة عليهم السلام** کہے اور اپنی حاجت طلب کرے۔

(۵) ان راتوں میں شب بیداری کرنا اور امام حسین علیہ السلام کی زیارہ پڑھنا باعث فضیلت ہے۔انیسویں اور کیسویں شب کے اعمال کے ساتھ مولائے کائنات حضرت امیر المومنین علیہ السلام کے لیے دو رکعت نماز ہدیہ وزیارت پڑھنی چاہیے۔ نیز ان راتوں میں سو رکعات نماز دو دو ہر رکعت کر کے پڑھے مگر جن کے ذمے قضا نمازیں ہوں وہ اپنی قضا نمازیں پڑھیں۔نیز ان شبوں کو مخصوص اور مسنون دعائیں پڑھے (تفصیل کے لئے مفاتیح الجنان کا مطالعہ کریں)۔

(۶) اکیسویں شب کے اعمال میں سورۃ **استغفر الله ربی واتوب اليه** اور سو مرتبہ **اللهم العن قتلة امير المومنين** اے اللہ! امیر المومنین کے قاتلوں پر لعنت بھیج پڑھے۔
دوسری روایت یہ ہے کہ تیئسویں شب کو سورۃ القدر (ہزار مرتبہ) اور سورۃ رحم و سورۃ دخان اور دعائے جوشن کبیر اور صحیفہ کاملہ کی دعاؤں کا بھی پڑھنا سنت ہے۔(جمعۃ الوداع اور 29 ویں تاریخ وشب آخر میں زیارت امام حسینؑ اور غسل دونوں مستحب ہے)

عبدالصمد خان ڈسٹرکٹ نیوز ایجنٹ، بک سٹال ریلوے سٹیشن ضلع میانوالی۔ 0459-233420 روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

تحریر: علامہ سبط حسن جعفری (کوئٹہ)

فالنامہ

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲
۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰
۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸
۴۹	۵۰	۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶
۵۷	۵۸	۵۹	۶۰	۶۱	۶۲	۶۳	۶۴
۴۸	۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰	۱۵

۱:۔ شروع میں فکر ہوگی، مگر صبر سے انتظار کریں، دلی آرزو پوری ہوگی۔
۲:۔ دلی آرزو پوری ہوگی۔
۳:۔ اس خیال سے باز آئیں ورنہ شرمندگی ہوگی۔
۴:۔ مراد پوری ہوگی۔
۵:۔ اطمینان رکھیں اُمید برآئیگی۔
۶:۔ اس کام میں خلل ہوگا، چندروز صبر کریں انشاءاللہ انجام اچھا ہوگا۔
۷:۔ جلدی نہ کریں چندروز صبر کریں، دلی آرزو پوری ہوگی۔
۸:۔ خوف کوئی نہیں، دلی مراد پوری ہوگی۔
۹:۔ آپکی خواہش اچھی ہے انشاءاللہ جلد پوری ہوگی۔
۱۰:۔ اللہ کی طرف سے جلد حکم ہونے والا ہے خواہش تکمیل کو ہوگی۔
۱۱:۔ آپکی نیت صاف ہے انشااللہ جلد اچھے انجام کو پہنچیں گے۔
۱۲:۔ ابھی چندروز باقی ہیں انشااللہ مقصد پورا ہوگا۔
۱۳:۔ اچھے خیالات کے مالک نہیں ہوا رادہ ترک کردو۔
۱۴:۔ فال مبارک ہے کچھ صبر کریں۔
۱۵:۔ دشمن کا غلبہ رہیگا صبر و تحمل سے کام لیں۔
۱۶:۔ تھوڑی کوشش میں کام ہوجائے گا انشاءاللہ تعالیٰ۔
۱۷:۔ اپنی دلی خواہش کسی سے بیان نہ کریں۔ مراد پوری ہوگی
۱۸:۔ برا انجام ہوگا ارادہ چھوڑ دو
۱۹:۔ کچھ وقت انتظار کریں زیادہ ممکن ہے کام نہ ہوگا۔
۲۰:۔ طبیعت میں نرمی رکھیں غصہ نہ کریں کام ہوگا
۲۱:۔ مبارک فال ہے انجام جلد بہتر ہوگا۔
۲۲:۔ فکر نہ کریں روزی رزق بہت ملے گا۔
۲۳:۔ مراد حاصل ہوگی۔
۲۴:۔ جو سوال کسی سے کریں گے، انشاءاللہ پورا ہوگا۔
۲۵:۔ اس کام کا خیال ہی چھوڑ دیں ورنہ ندامت ہوگی۔
۲۶:۔ کوشش کریں کامیابی ہوگی۔
۲۷:۔ نحس وقت ہے کوشش اور محنت سے فائدہ نہ ہوگا۔
۲۸:۔ دل کی مراد پوری ہوگی۔
۲۹:۔ چنددن انتظار کریں خوشی کی خبر ملے گی۔
۳۰:۔ فال اچھی ہے مگر اپنی نیت صاف رکھیں۔
۳۱:۔ دشمن کی جانب سے نقصان ہوسکتا ہے۔
۳۲:۔ بدنامی کا خطرہ ہے بہت احتیاط کریں۔
۳۳:۔ نیک خواہش جلد پوری ہوگی۔
۳۴:۔ مبارک فال ہے، کامیابی ہوگی۔

خلجی نیوز ایجنسی، منڈی چاصل پور۔ 0300-7852640 روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

۳۵:۔صحت کا خطرہ ہے مقصد میں ناکامی ہوگی۔
۳۶:۔مبارک فعل ہے کامیابی ہوگی۔
۳۷:۔صبر کرو اور اللہ سے امید رکھو۔
۳۸:۔دلی آرزو پوری ہوگی نیاز کا اہتمام کریں۔
۳۹:۔دو تین روز تک یہ کام ہوگا۔
۴۰:۔مقصد میں کامیابی ہوگی۔ کچھ وقت لگے گا۔
۴۱:۔جلد ہی خوشی کا پیغام ملے گا۔
۴۲:۔اپنا مقصد ذہن میں رکھیں دوسروں کی فکر چھوڑیں۔
۴۳:۔انجام بہتر ہوگا بزرگوں سے دعا کروائیں
۴۴:۔کام نہ ہوگا مقصد ادھورا رہے گا۔
۴۵:۔بدنامی کا خطرہ ہے حادثہ بھی ہوسکتا ہے۔
۴۶:۔انشاءاللہ خوشی کی خبر ملے گی مقصد پورا ہوگا۔
۴۷:۔فال مبارک ہے۔ کچھ صدقہ کریں۔
۴۸:۔کچھ خرچ کرنے سے مقصد پورا ہوگا۔
۴۹:۔اطمنان رکھیں مبارکباد ملے گی۔
۵۰:۔بہت مبارک فعل ہے اچھی خبر ملے گی۔
۵۱:۔چند روز انتظار کرنا ہوگا۔
۵۲:۔نیت اور ارادہ اچھا نہیں خیال کو بدل لیں۔
۵۳:۔مبارک فال ہے نوافل ادا کریں۔
۵۴:۔انشاءاللہ جلد مقصد پورا ہوگا۔
۵۵:۔ناکامی ہوگی۔ ارادہ بدل لیں۔
۵۶:۔مقصد پورا نہ ہوگا افسوس کریں گے۔
۵۷:۔مقصد با آسانی حل ہوجائیگا تحمل سے کام لیں۔
۵۸:۔کچھ وقت درکار ہے نیاز کا اہتمام کریں۔
۵۹:۔مطمئن ہوجائیں خوشی کی خبر ملے گی۔
۶۰:۔مقصد اچھا نہیں ناکامی ہوگی۔
۶۱:۔کچھ وقت انتظار کرنا ہوگا کام، قصد پورا ہوگا۔
۶۲:۔کام پورا ہوگا مگر ابھی کچھ وقت درکار ہے۔
۶۳:۔مقصد فوری پورا ہوگا۔
۶۴:۔نقصان کا اندیشہ ہے مبارک وقت نہیں۔
۶۵:۔مقصد پورا ہوگا انتظار کریں۔
۶۶:۔ارادہ نیک ہے انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔
۶۷:۔جلد بازی سے کام نہ لیں مقصد پورا ہوگا۔
۶۸:۔مبارک فال ہے مقصد پورا ہوگا۔
۶۹:۔دلی آرزو پوری ہوگی جلد بازی سے گریز کریں۔
۷۰:۔ارادہ نیک ہے مگر دشمن سے ہوشیار رہیں۔
۷۱:۔صدقہ دیں دل کی مراد پوری ہوگی۔
۷۲:۔مبارک فال ہے انشاءاللہ جلد خوشی کی خبر ملے گی

لڑکا ہوگا یا لڑکی

بسم اللہ اور چار قل پڑھ کر کسی معصوم بچہ کو کہیں کہ ان دائروں میں سے کسی ایک خانہ پر انگلی رکھے یا حاملہ خود آنکھیں بند کر کے انگلی رکھے جس خانہ پر انگلی ہوگی اس کا جواب دیکھ لیں۔

1:۔**قمر**:۔ لڑکی ہوگی
2:۔**عطارد**:۔ لڑکی ہوگی
3:۔**زھرہ**:۔ لڑکی ہوگی
4:۔**شمس**:۔ لڑکا ہوگا
5:۔**مریخ**:۔ لڑکا ہوگا
6:۔**مشتری**:۔ لڑکا ہوگا
7:۔**زحل**:۔ حمل ضائع ہونے کا اندیشہ ہے

اشرف نیوز ایجنسی، مسجد روڈ نواب شاہ۔ 0344-3624200
ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

خاک شفاء افادیت اہمیت اور معنویت

تحریر: علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی مشہدی (اسلام آباد)

مٹی کا کھانا حرام ہے مگر خاک شفاء میں ہر مرض کا علاج ہے۔

پہلی حدیث:

حضرت کشاف الحقاحق امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہر مٹی حرام ہے۔ جس طرح خنزیر کا گوشت حرام ہے جو مٹی کھائے اور اس کی وجہ سے اس کی موت ہو جائے تو میں اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھوں گا۔ مگر حضرت امام حسین علیہ السلام کی قبر کی مٹی میں ہر بیماری کیلئے شفاء ہے اور جو شخص اس کو صرف اپنی خواہش کی بنیاد پر کھائے گا تو اسے شفاء نہیں ہوگی۔

دوسری حدیث:

حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی قبر حضرت امام حسین علیہ السلام کی مٹی فروخت کرے گا تو گویا کہ وہ حسین علیہ السلام کا گوشت بیچتا ہے اور خریدتا ہے۔

تیسری حدیث:

ہر بیماری کے لئے شفاء: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا قبر حضرت امام حسین علیہ السلام کی مٹی ہر بیماری کیلئے شفا ہے۔

چوتھی حدیث:

حضرت امام جعفر صادق آل محمد علیہ السلام نے ارشاد فرمایا قبر حضرت امام حسین علیہ السلام کی مٹی میں ہر بیماری کی شفاء ہے۔

پانچویں حدیث:

حضرت امام جعفر صادق آل محمد علیہ السلام نے ارشاد فرمایا قبر حضرت امام حسین علیہ السلام کی مٹی ہر بیماری کے لئے شفاء ہے اگرچہ ایک میل کے فاصلے سے لی جائے۔

چھٹی حدیث:

خاک شفاء کی گھٹی بچوں کیلئے

حضرت امام جعفر صادق آل محمد علیہ السلام نے ارشاد فرمایا اپنی اولاد کو حضرت امام حسین علیہ السلام کی قبر کی مٹی کی گھٹی دیا کرو کیونکہ یہ شفاء اور امن ہے۔

ساتویں حدیث:

ہر قسم کے خوف سے امان

حضرت امام جعفر صادق آل محمد علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ حائر جس میں حضرت امام حسین علیہ السلام مدفون ہیں وہ ہر بیماری کے لئے شفاء اور خوف کے لئے امن ہے۔

آٹھویں حدیث:

حضرت امام جعفر صادق آل محمد علیہ السلام نے ارشاد فرمایا مومنین میں سے کوئی مریض امام ابا عبداللہ الحسینؑ کے حق و حرمت اور ولایت کی معرفت رکھتے ہوئے آئے تو ان کی قبر سے ایک میل کی مسافت سے مٹی لی جائے وہ اس کے لئے شفاء اور دوا ہوگی۔

نویں حدیث:

جب قبر حسینؑ کی مٹی لو تو یوں کہو

دُعائے اسمِ اعظم:۔ کسی بھی اسم اعظم کا ورد کریں تو ذیل کی دعا بارہ بار لازمی ورد کریں یہ دعائے اسم اعظم آپ کو ہر مقام پر فائدہ دیگی اگر صبح شام 5،5 بار دعائے اسم اعظم کا ورد کیا جائے تو دینی دنیاوی ہر طرح کے فائدے ہونگے عزت مال و دولت اور شہرت میں کمی نہ آئیگی۔ ہر دلی مراد پوری ہو گی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِسَطَوَاتِ الْاِلٰهِيَّةِ وَنُبُوْتِ الرَّبُوْبِيَّةِ وَعَظِيْمِ الصِّفَاتِ وَدَوَامِ الْكَيْنُوْنِيَّةِ وَعِزِّ الْوَحْدَانِيَّةِ وَهَيْبَةِ الْجَبَرُوْتِيَّةِ وَقُدْسِ جَلَالِ الْكِبْرِيَآئِيَّةِ اَللّٰهُمَّ اِنَّ السَّمٰوٰتِ وَمَا فِيْهَا مُلْكُكَ وَالْاَرْضَ وَمَا تَحْتَهَا اَرْضُكَ وَمُلْكُكَ وَمَا بَيْنَهُمَا مُلْكُكَ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ بِسْمِ اللّٰهِ ذِي الشَّانِ الْعَظِيْمِ الْبُرْهَانِ شَدِيْدِ الْبَطْشِ وَالسُّلْطَانِ قَوِيِّ الْاَرْكَانِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَانٍ۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَآءْ لَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

منسوب ایام ائمہ کرام

ہفتہ:۔ حضرت محمد ﷺ کا دن ہے۔
اتوار:۔ حضرت امیر المومنینؑ کا دن ہے۔
پیر:۔ حضرت امام حسنؑ و امام حسینؑ کا دن ہے۔
منگل:۔ حضرت امام زین العابدینؑ، حضرت امام محمد باقرؑ اور حضرت امام جعفر صادقؑ کا دن ہے۔
بدھ:۔ حضرت امام موسیٰ کاظمؑ، امام علی رضاؑ، امام محمد تقیؑ اور امام علی نقیؑ کا دن ہے
جمعرات:۔ حضرت امام عسکریؑ کا دن ہے۔
جمعہ:۔ حضرت صاحب الزمانؑ کا دن ہے

Scanned with CamScanner

وسیلہ حضرت علی المرتضیٰؑ واہلبیتؑ

تحریر:۔ سید شبیہ الحسنین رضوی' کاشانہ الحسینی (کراچی)

کسی بھی مشکل پریشانی مثلاً کاروبار کی تنگی جادو سحر سے حفاظت بچوں کے نکاح کی بندش ہو یا لاعلاج امراض سے نجات چاہتے ہوں یا کاروبار میں وسعت چاہتے ہوں بے اولادی کا خاتمہ کرنا چاہیں یا گھر میں خوشحالی چاہتے ہوں۔ جملہ پریشانیوں کے خاتمہ کے لیے اس وسیلہ مبارکہ کو روزانہ تین بار پڑھیں اس کی برکت سے جملہ مسائل حل ہونگے۔ یہاں تک کہ اگر کوئی صاحب زیارت مولا علی مشکل کشا کرم اللہ وجہ چاہتا ہو تو اس نیت سے پانچ بار روزانہ پڑھے تو انشاء اللہ زیارت نصیب ہوگی۔ یہ وسیلہ مبارکہ کسی بھی مشکل مہم پر جانے سے پہلے پڑھیں یا مقدمات کے فیصلے ہونے ہوں تو انشاء اللہ حیرت انگیز اثرات ظاہر ہونگے۔ اگر کوئی شخص درج بالا وسیلہ مبارکہ کو روزانہ ایک بار پڑھنا معمول بنالیں تو اس پر دوزخ کی آگ حرام ہو جاتی ہے اور دشمن ذلیل و رسوا ہوتے ہیں۔ دونوں جہاں کی مشکلات اس وسیلہ مبارکہ کی برکت سے آسان ہو جاتی ہیں۔ اگر اس وسیلہ مبارکہ کا بے انتہا فیض چاہتے ہیں تو ایک چلہ میں روزانہ ایک سودس بار قواعد چلہ کشی کا پابند رہ کر کریں تو وہ انکشافات رونما ہونگے جو بیان سے باہر ہیں۔ خاص طور سے اگر کوئی شخص یا تیرہ رجب یا اٹھارہ ذالحج اس وسیلہ مبارکہ کو ایک سو دس بار پڑھ کر اور اپنے ہاتھ سے لکھ کر سیدھے بازو پر باندھے تو اسے تاحیات فتوحات نصیب ہونگے۔ روحانی درجات میں اضافہ ہوگا۔ بلاؤں اور دشمنوں سے ہمیشہ محفوظ رہیگا۔

وسیلہ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجهه الكريم :-

الٰهی بحرمة نُورِ عَلیؑ وظُهورِ علیؑ۔
الٰهی بحرمة اولاد علیؑ وداد علیؑ
الٰهی بحرمة جهاد علیؑ و مراد علیؑ
الٰهی بحرمة دوگانه علیؑ وشکرانه علیؑ
الٰهی بحرمة راز علیؑ ونیاز علیؑ
الٰهی بحرمة نام علیؑ وکلام علیؑ
الٰهی بحرمة فصاحت علیؑ وبلاغت علیؑ
الٰهی بحرمة مودت علیؑ و مروت علیؑ
الٰهی بحرمة مهر علیؑ و قمر علیؑ
الٰهی بحرمة دین علیؑ و یقین علیؑ
الٰهی بحرمة نگاه علیؑ و پناه علیؑ
الٰهی بحرمة جناح علیؑ و نجاح علیؑ
الٰهی بحرمة جلال علیؑ و جمال علیؑ
الٰهی بحرمة صبر علیؑ و شکر علیؑ
الٰهی بحرمة جنگ علیؑ وآهنگ علیؑ
الٰهی بحرمة حرم علیؑ وقدم علیؑ
الٰهی بحرمة جان علیؑ و ایمان علیؑ
الٰهی بحرمة علم علیؑ و قلم علیؑ
الٰهی بحرمة رعایت علیؑ وکفایت علیؑ
الٰهی بحرمة شجاعت علیؑ و سخاوت علیؑ
الٰهی بحرمة زمرار علیؑ و کردار علیؑ
الٰهی بحرمة فقر علیؑ و فقیر علیؑ
الٰهی بحرمة آن علیؑ و شان علیؑ
الٰهی بحرمة صورت علیؑ و سیرت علیؑ
الٰهی بحرمة جاه علیؑ و آه علیؑ
الٰهی بحرمة امام علیؑ ومقام علیؑ
الٰهی بحرمة نعره علیؑ و نقاره علیؑ
الٰهی بحرمة ناد علیؑ ومناد علیؑ
الٰهی بحرمة کرامت علیؑ و ولایت علیؑ
الٰهی مفتاح مودت علیؑ و مصباح علیؑ
الٰهی بحرمة خصائل علیؑ و شمائل علیؑ

احمد سٹیشنرز 718/20 فیڈرل بی ایریا کراچی
رشید نیوز ایجنسی اخبار مارکیٹ فریئر روڈ کراچی
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

الھٰی بحرمۃ شب بیداری علیؑ وتھجد گزاری علیؑ
الھٰی بحرمۃ غاز علیؑ و وگداز علیؑ
الھٰی بحرمۃ نظر علیؑ وظفر علیؑ
الھٰی بحرمۃ کرار علیؑ و ذوالفقار علیؑ
الھٰی بحرمۃ حکمہ علیؑ و شمھلہ علیؑ
الھٰی بحرمۃ ذکر علیؑ و فکر علیؑ
الھٰی بحرمۃ عبادت علیؑ و ریاست علیؑ
الھٰی بحرمۃ جوش علیؑ وخروش علیؑ
الھٰی بحرمۃ حرب علیؑ وحب علیؑ
الھٰی بحرمۃ غلبہ علیؑ ودبدبہ علیؑ
الھٰی بحرمۃ تراب علیؑ وخطاب علیؑ
الھٰی بحرمۃ وجود علیؑ وموجود علیؑ
الھٰی بحرمۃ سیادت علیؑ وسعادت علیؑ
الھٰی بحرمۃ نجابت علیؑ وشرافِت علیؑ
الھٰی بحرمۃ نسب علیؑ وحسب علیؑ
الھٰی بحرمۃ ولادت علیؑ وشھادت علیؑ
الھٰی بحرمۃ دیار علیؑ ومزار علیؑ
الھٰی بحرمۃ صداقت علیؑ وامانت علیؑ
الھٰی بحرمۃ حمایت علیؑ وشفاعت علیؑ
الھٰی بحرمۃ اسد اللہ غالب علیؑ وابن ابی طالب علیؑ شاہِ مرداں شیرِ یزداں قوت پروردگار لافتح الا علی لا سیف الا ذو الفقار یا قاھر العدو یا والی الولی یا مظھر العجائب یا مرتضیٰ علی یا علی یا علی یا علی ادرکنی و اغثنی و امددنی فی سبیل اللہ علی ولی اللہ علی وصی رسول اللہ خلیفۃ البلافضل اللھم صلے اللہ سیدنا محمد وآلہ اجمعین برحمتك یا ارحم الرحمین۔

وسیلہ اہل بیت کربلا

کوئی بھی دعا یا حاجت ہو ذیل کا وسیلہ پڑھ کر مانگیں تو انشاءاللہ وہ دعا یا حاجت جلد قبول ہوتی ہے۔ جو دعا وسیلہ کے ساتھ پیش کی جائے وہ کبھی رد نہیں ہوتی۔

(1) یا الٰہی بحرمت حضرت سیدنا امام ابی عبداللہ الحسین سید شہداء
(2) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا علی اکبر بن سیدنا امام حسین علیہ السلام
(3) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا علی اصغر سیدنا امام حسین علیہ السلام
(4) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا عبداللہ بن سیدنا امام حسین علیہ السلام
(5) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا امام محمد باقر بن سیدنا امام زین العابدینؑ
(6) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا امام زین العابدین بن سیدنا امام حسینؑ
(7) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا امام حسن المثنیٰ بن حضرت سیدنا امام حسنؑ
(8) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا ابی بکر بن حضرت سیدنا امام حسنؑ
(9) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا عمر بن حضرت سیدنا امام حسنؑ
(10) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا عبداللہ (ثانی) بن حضرت سیدنا امام حسنؑ
(11) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا قاسم بن حضرت سیدنا امام حسنؑ
(12) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا محمد بن حضرت سیدنا امام علیؑ
(13) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا عثمان بن حضرت سیدنا علی المرتضیٰؑ
(14) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا عبد اللہ اکبر بن سیدنا علیؑ
(15) یا الٰہی بحرمتِ حضرت جعفر اکبر بن سیدنا امام علیؑ
(16) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا عباس علمبردار بن حضرت سیدنا علیؑ
(17) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا عبداللہ بن حضرت سیدنا عقیلؑ
(18) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا عبدالرحمٰن بن حضرت سیدنا عقیلؑ
(19) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا جعفر بن حضرت سیدنا عقیلؑ
(20) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا محمد بن عبداللہ بن حضرت سیدنا جعفرؑ
(21) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا عون بن سیدنا عبداللہ بن سیدنا جعفرؑ
(22) یا الٰہی بحرمتِ حضرت سیدنا عبداللہ بن سیدنا امام مسلم بن حضرت سیدنا عقیلؑ

Scanned with CamScanner

عمل تسخیر کائنات

نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء پانچ سو مرتبہ روزانہ چالیس یوم تک پڑھیں اول آخر درود شریف سو بار بعد زکات اس عمل کا روزانہ ایک تسبیح پڑھیں اول آخر درود پاک بارہ مرتبہ پڑھیں اس عمل کی برکت سے تسخیر کائنات ہوگی جس کی مثال ہوں ہے کہ عمال کے پاس ہر وقت لوگوں کا ہجوم رہتا ہے اس کے علاوہ جو دکاندار پڑھے اس کی دکان پر ہر وقت لوگوں کا رش رہے کوئی بھی ایسا شخص جس کا عوام سے رابطہ ہو مثلاً پراپرٹی ڈیلر، وکیل یا عوامی رابطہ رکھنے والے افراد بھی اس عمل سے مکمل استفادہ کرسکتے ہیں۔

یَا جَامِعَ یَا وَدُوْدُ سَخِّرْ لِیْ قُلُوْبَ جَمِیْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ الْعُلْوِیَّاتِ وَالسِّفْلِیَّاتِ وَالرُّوْحَانِیَّاتِ مَعَ الْفُتُوْحَاتِ سَامِعًا مُّطِیْعًا بِحَقِّ یَاجَامِعُ یَاوَدُوْدُ۔ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ

دعائے ادائیگی قرض

درج ذیل دعا کو اگر روزانہ ایک ہزار مرتبہ اکتالیس دن تک پڑھیں اول آخر درود ایک سو دس بار ورد میں رکھیں تو اس دعا کی برکت سے قرض کی ادائیگی فوری ممکن ہوگی اور اگر قرض ادا کرنے کے بعد بھی کوئی شخص ورد میں رکھے گا تو اسے خوشحالی نصیب ہوگی۔ کہا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص پر پہاڑ کے ذروں کے برابر بھی قرض ہو تو اس ورد دعا کی برکت سے وہ بھی ادا ہو جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

دعاء درس و تدریس: ۔اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ عِلْمًا اُفَقِّهُ بِهٖ اَوَامِرَكَ وَنَوَاهِیْكَ وَارْزُقْنِیْ فَهْمًا اَعْلَمُ بِهٖ کَیْفَ اُنَاجِیْكَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

اعمال عید نوروز

معلی بن خنیس نے فرمایا ہے کہ جب نوروز کا دن آئے تو غسل کرے، پاکیزہ لباس پہنے خوشبو لگائے اور اس دن کا روزہ رکھے۔ جب نماز ظہر و عصر اور ان کے نافلہ سے فارغ ہو تو چار رکعت نماز دو دو کرکے پڑھے۔ کہ پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ قدر اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ کافرون، پھر آخری دو رکعت میں سے پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد مرتبہ سورہ توحید اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ ناس کی قرأت کرے۔ نماز تمام کرنے کے بعد سجدہ شکر کرے اور اس میں یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدِ الْاَوْصِیَآءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَآئِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوٰتِكَ وَبَارِكْ عَلَیْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَکَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْمَآ اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَآ اَشْکُرَ اَحَدًا غَیْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ مَا غَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَا فَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَكَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَآ اَتَکَلَّفَ مَالَآ اَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

مندرجہ ذیل طلسم کو مشک و زعفران سے لکھ کر آب زمزم کی پانی سے دھوکر پئیں۔ وبا و امراض جسمانی سے محفوظ رہیگا۔ اس طلسم کو وقت مقررہ میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرواکر پہننے کبھی محتاج نہ ہوگا۔

محطی ۱۱۱ = لا ۱۱۱۹ = الا

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات
محمد اسماعیل بکس وسجدہ گاہ سنٹرز دامام بارگاہ خیر العمل انچولی سوسائٹی کراچی

تحفہ تسخیر کالکا دیوی

تحریر:۔ سید تجمل حسین کاظمی (نیو ملتان) 0308-7313834

قارئین کرام جعفریہ جنتری ۲۰۱۴ نئے سال کی مبارک ہو ساتھ اس ناچیز کی ڈھیروں دعاوں کے رب کریم کا کرم ہو۔ جہاں پیر ہو سدا کی خیر ہو۔ سجناں دی سنگت تے پیار ہو دم نصیب ہو ہر ہر دکھ مر تکلیف آپ سے کوسوں دور ہو۔ (آمین)

حضرات گرامی! چند برس میں قبل یہ عمل کیا تھا مگر بعد اصرار کالکا دیوی کے مجھے چھوڑنا پڑا۔ کیونکہ کالکا دیوی کا کہنا تھا کہ ہمارے راستے الگ ہیں ہماری منزلیں الگ ہیں۔ اس لئے ہم ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے اور نہ ہی ساتھ رہ سکتے ہیں۔ مجھے تنگ نہ کرو بات تو کالکا دیوی کی بھی کسی حد تک ٹھیک بھی تھی کیونکہ میں روحانیت کا طالب علم تھا اور اب بھی ہوں جبکہ کالکا سفلی دنیا سے تعلق واسطہ ہے۔ کالکا دیوی جوان نوعمر لڑکی کے روپ میں حاضر ہوتی ہے۔ موڈ میں ہو تو بطور ساتھ چوڑیوں کی کھنک سے دل ترنگ پیش کرتی ہے۔ کہ دل خوش ہو جاتا ہے۔ کالکا کو کالی ماتا بھی کہا جاتا ہے اس سے ایک حکایت بھی منسوب ہے۔ جمنا کنارے، دریا کے اندر خشکی کے مقام پر اللہ کے بزرگ اپنا چلہ میں مصروف عمل رہا کرتے تھے اور اکثر کالکا کا ادھر گزر ہوا کرتا تھا اور کالکا بزرگوار سے نوک جھوک کی صورت میں چھیڑ چھاڑ کرتی رہتی تھی اور اکثر کہتی کہ کس دن میں تیرا خون پیوں گی۔ بس میرا انتظار کرو۔ اور بزرگ کالکا کی چھیڑ چھاڑ سے لطف اندوز ہوتے رہتے اور اپنے میں مصروف رہتے۔ کالکا کے بارے میں مشہور ہے کہ یہ بے رحم عورت تھی۔ انسانی کھوپڑیوں کا ہار گلے میں زیب تن کئے رہتی تھی۔ انسانی خون پینے کا بڑا شوق تھا۔ ایک درندہ صفت عورت تھی۔ معصوم بچوں کے ساتھ سفا کی بہت قصے منسوب تھے۔ بالاخر ایک دن کالکا بزرگوار کے پاس پہنچ گئی اور بزرگوار کو پکارا کہ لو آج میں آ گئی ہوں۔ اور آج تمہارا نمبر ہے۔ آپ میرے شکار ہو۔ بزرگوار نے سمجھانے کیلئے کالکا کو منع کیا کہ واپس چلی جاؤ اچھا نہیں ہوگا۔ کالکا نے کہا آج دونوں میں سے ایک ہی بچے گا۔ اس لیے میں نے واپس نہیں جانا آپ تیار ہو جاؤ۔ بزرگ نے آخری بار منع کرتے ہوئے کہا کہ کالی جہاں ہو وہیں رک جاؤ آگے مت آنا۔ بزرگ اپنے عملیات میں تھے مگر کالی نے کہا کہ آج میں رکنے کے لئے نہیں آئی ہوں۔ جسے ہی کالی نے آگے قدم بڑھایا بزرگ کو جلال آ گیا۔ بزرگ نے عطائے گزائی جو پاس پڑا تھا اٹھا کر دے مارا۔ عصائے گرامی کالکا کے وجود کو چیرتا ہوا آدھا حصہ سامنے اور آدھا پشت کی طرف پوست ہو گیا اور کالی پتھر کی مورت بن گیا۔ آج اسی مقام پر کالکا کا مندر موجود ہے اور ہر سال اسی روز پتھر کی مورتی کے وجود میں عصائے گدائی اپنی مکمل حالت میں رونما ہوتا ہے جسے کاٹ دیا جاتا ہے اور یہ ان بزرگ کی کرامت ہے۔ جو اس عطائے گدائی کو ہر سال کاٹنا پڑتا ہے۔ اور زندہ وجود کو پتھر کی مورت بنا رہا اور اگر اس کو نہ کاٹا جائے تو دیکھنے میں یہ بڑا معیوب نظر آتا ہے۔ یہ حاضرات ارواح کا زندہ جاوید عمل ہے۔ اس سے ہر چیز کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں چوری، گریختہ سٹہ انعامی بانڈ نمبرز وغیرہ ویسے بھی دفینہ کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں اور روزانہ کا جیب خرچ بھی آپ حاصل کر سکتے ہیں۔

دشمن کی بربادی کیلئے

تحریر:۔ سید علی تقوی (گلشن اقبال کراچی)

اگر کوئی بھی شخص کسی کو تنگ کرتا ہو اور مظلوم میں اس ظالم شخص کا مقابلہ کرنے کی طاقت نہ ہو تو ایسے وقت میں دعائے حیدری کا یہ علم نہایت پر تاثیر ہے۔ اس عمل کی برکت سے جلد ہی ظالم اپنے انجام ہو پہنچتا ہے۔ ترکیب عمل اس طرح ہے کہ کڑوے درخت کی ایک شاخ لیں اور اس شاخ سے قبرستان کی زمین پر اس شخص کا نام لکھیں دعائے حیدری 13 بار پڑھ کر شاخ پر دم کریں اور تین مرتبہ اس نام پر اس شاخ کو ماریں۔ دعائے حیدری ادارہ سے منگوائی جا سکتی ہے۔

دوست کا حسد کرنا دوستی کی خامی ہے۔ (نہج البلاغہ)

مجرب نقوش

عامل حکیم شاعر اہلبیت درویش خضر عباس پیاسی' فاضل پور سٹی نزد پولیس چوکی تحصیل و ضلع راجن پور 0302-7909693

محترم قارئین نقوش کی وسیع دُنیا سے چند مجرب نقوش آپ کی خدمت میں جعفریہ جنتری 2014ء کی نسبت سے پیش کر رہا ہوں جس مقصد کیلئے نقش تحریر کیا جائیگا سب سے پہلے نقش کے تحریر کرنے سے قبل اُس کی نیت کریں۔ حسب توفیق نیاز کا اہتمام کریں اور پھر نقش سفید عمدہ کاغذ پر زعفران کی سیاہی سے تحریر کر کے اپنے پاس رکھیں یا سائل کو دیں انشاءاللہ اثرات ظاہر ہونگے۔

برائے دفع مصیبت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

ح	ا	ت	ف
۲۹۹	۸۱	۷	۲
۷۸	۲۹۸	۳	۱۰
۴	۹	۷۹	۳۹۷

میکائیل

عزرائیل — اسرافیل — حمعسق — کھیعص

فَتَّاحُ ۴۸۹

برائے زیادتی علم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۶۹	۸	۸	۳۱
۴۳	ل	ع	۷
۲۹	م	ی	۱۷
۹	۷۲	۷۲	۴۱

میکائیل

عزرائیل — اسرافیل — حمعسق — کھیعص

عَلِیمُ ۱۵۰

برائے قبض حیض اسہال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۹۸	۶	۷۹۶	۳
۷۹۸	۱	ق	۴
۷	ض	ب	۹۴
	۹۶	۵	۸۰۲

میکائیل

عزرائیل — اسرافیل — حمعسق — کھیعص

قَابِضُ ۹۰۳

برائے علوم مرتب و حصول حاجات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

ع	ف	ا	ر
	۲۰۱	۶۹	۸۱
۲۰۲	۳	۷۸	۶۸
۷۹	۶۷	۲۰۳	۲

میکائیل

عزرائیل — اسرافیل — حمعسق — کھیعص

رَافِعُ ۳۵۱

حفاظت اشیاء و تسخیر خلق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۵۰ ن	۴۰ م	۶ و	۴۰ م
۵	۴۱	۴۹	۴۱
۴۲	۸	۳۸	۴۸
۹	۴۷	۴۳	۷

میکائیل

عزرائیل — اسرافیل — حمعسق — کھیعص

مُؤمِنُ ۱۳۶

امن و دفع آفات و نزول باران

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

من ۹۰	ی ۱۰	ہ ۵	م ۴۰
۴	۴۱	۸۹	۱۱
۴۲	۷	۸	۸۸
۹	۸۷	۴۳	۲

میکائیل

عزرائیل — اسرافیل — حمعسق — کھیعص

مُہَیمِنُ ۱۴۵

برائے غنا ظاہری و باطنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۶	۳	۱۵	ع ۷۰
۱۶	۶۹	ز ۷	۲
۷۲	یز ۱۷	۱	۴
	۵	۷۱	۱۸

میکائیل

عزرائیل — اسرافیل — حمعسق — کھیعص

عَزِیزُ ۴۸۹

رحمان نیوز ایجنسی، شاہی بازار بہاول پور۔ 0300-9688944
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

برائے مقہور اعدا

جَبّارُ ۲۰۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

		ر۲۰۰	جبا۲
۴۸	۱۰۵	۱	۵۲
۵۶	۹۷	۳	۵۰
۱۰۲	۴	۲	۹۸

میکائیل

بسنولہ — کھیعص اسرافیل — الرحیم — حمعسق عزرائیل — الحق — من

حصول دولت

غَنِیٌ ۴۸۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۴۹		۳	۱۰۰۱
۲	۱۰۰۲	۴۸	۸
۹۹۹	۱	۹	۹۱
ی	ن	غ	

میکائیل

بسنولہ — کھیعص اسرافیل — الرحیم — حمعسق عزرائیل — الحق — من

برائے دفع فقر و فاقہ

رَبِّ هَبْ لِی ۲۴۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

لی	هب	ب	ر
۱	۲۰۱	۳۹	۸
۲۰۲	۴	۹	۳۸
۶	۳۷	۲۰۳	۳

میکائیل

بسنولہ — کھیعص اسرافیل — الرحیم — حمعسق عزرائیل — الحق — من

برائے عشق خدا

رَؤُفُ ۲۸۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

	ف	ئو	ر
۷	۱۹۹	۱	۷۹
۱۹۸	۴	۸۲	۲
۸۱	۳	۱۹۷	۵

میکائیل

بسنولہ — کھیعص اسرافیل — الرحیم — حمعسق عزرائیل — الحق — من

برائے دردزہ

مُقسِطُ ۲۰۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

ط ۹	س ۶۰	ق۱۰۰	م ۴۰
۱۰۱	۳۹	۱۰	۵۹
۳۸	۹۸	۲۶	۱۱
۶۱	۱۲	۳۷	۹۹

میکائیل

بسنولہ — کھیعص اسرافیل — الرحیم — حمعسق عزرائیل — الحق — من

برائے صبر و قناعت

مُغْنِی ۱۱۰۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

ی	ن	غ	م
۹۹۹	۴۱	۹	۵۱
۴۲	۱۰۰۲	۴۸	۸
۴۹	۷	۴۳	۱۰۰۱

میکائیل

بسنولہ — کھیعص اسرافیل — الرحیم — حمعسق عزرائیل — الحق — من

ملاقات مسافر

جَامِعُ ۱۱۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

ع	م	ا	ج
۱۴	۹	۶۸	۲۳
۱۱	۲۴	۱۳	۶۶
۱۹	۴۱	۳۲	۲۲

میکائیل

بسنولہ — کھیعص اسرافیل — الرحیم — حمعسق عزرائیل — الحق — من

برائے تسخیر کواکب

مُعْطِی ۱۲۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

ع ۷۰	۱۳	۶	م ۴۰
۷	۳۹	۷۱	۱۲
۴۲	۸	۱۱	۲۸
ی ۱۰	۶۹	۴۱	ط ۹

میکائیل

بسنولہ — کھیعص اسرافیل — الرحیم — حمعسق عزرائیل — الحق — من

ملک امین فیاض نیوز ایجنٹ کروڑ لعل عیسن ضلع لیہ، 0300-8156396
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

شرف مشتری 2014ء

تحریر:۔ رضوان حسین شاہ (ملتان) 0300-6368746

میں اپنے تمام مومنین بھائیوں کی خدمت میں سلام عرض کرتا ہوں اس سال کو میں شرف مشتری کا سال قرار دیتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ باری تعالیٰ محمدؐ و آل محمدؐ کے صدقہ طفیل تمام مومنین کی مالی، ذہنی، جسمانی پریشانیاں ختم فرمائے اس خاص موقع پر ایک خاص لوح شرف مشتری کے ساتھ جعفریہ جنتری 2014ء کی نسبت سے حاضر ہوا ہوں۔

عربی میں اس ستارہ کا نام مشتری ہے فارسی میں برجیس ہے۔ سنسکرت میں برہسپت ہے۔ انگریزی میں Jupiter ہے۔ یہ ستارہ کا سست رفتار ہے۔ اس کا قطر 79000 ہزار میل ہے اور ہماری زمین سے بارہ گناہ ہے اس کی رفتار 9 گھنٹہ 55 منٹ ہے اور 4327 دنوں میں یہ اپنی محوری گردش مکمل کرتا ہے سورج سے اس کا فاصلہ سال کے عرصہ میں ہے ایک برج میں اس کا قیام 13 ماہ ہوتا ہے۔

سعد اکبر ستارہ مشتری مال و دولت مالی وسعت اور ترقی کا حاکم ہے جو شخص مالی لحاظ سے بدقسمت ہو۔ مدتوں قرض میں گرفتار ہو۔ آمدن کے باوجود مالی تفکرات وافلاس ہو تو اس کی شرف مشتری کی قوت سے استفادہ کرنا چاہئے۔ ورنہ 13 سال مزید انتظار کرنا پڑے گا۔ اس کی متعلقہ دھات چاندی، قلعی ہے شرف مشتری میں تیار کی گئی الواح خوشیوں سے محروم مالی پریشانی، بدحالی سے چھٹکارا حاصل کرنے والوں کے لئے نوید مسرت ہے۔ لوح کو اپنے پرس، بریف کیس، اٹیچی کیس، الماری یا بکس میں سیف کر لیں۔ ناپاک نگاہوں سے محفوظ کریں۔ جو شخص خود کمانہ سکتا ہو اور باپ کی جائیداد برباد کرتا ہو۔ یا ایسی مصیبت میں پھنس گیا ہو کہ مالی نقصان کا اندیشہ ہو یا کاروبار میں جائیداد سے نقصان در نقصان ہو رہا ہو۔ یا جائیداد مگر اس سے مالی فائدہ حاصل نہ ہو رہا ہو۔ زمین ہو مگر کھاد و بیج نہ ہو۔ عہدہ میں تنزلی ہو۔ ترقی میں رکاوٹ ہو اسی طرح کی بے شمار مثالیں ہیں۔ ملازمت ہو مگر تبادلہ و معطلی کے چکر میں ہو ترقی رکی ہوئی ہو تو ایسے افراد کو شرف مشتری سے استفادہ ہوگا۔

امسال 20 مارچ 2014ء نوروز بروز، جمعرات ہوگا بادشاہت مشتری کی ہے۔ اسی طرح مشتری کا شرف ایک سبب ہے خدا کی قدرت سے فیضیابی کا۔ گویا ایک نسخہ کیمیاء ہے جو رزق کو فراخی دے گا۔ اللہ تعالیٰ مسبب الاسباب ہے اس عالم ارضی کو خدا نے عالم اسباب قرار دیا ہے۔ جب تک مناسبت اختیار نہ کی جائے حصول مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ ملازمت نہ کریں۔ کاروبار نہ کریں تو حصول مال کا وسیلہ نہ ہوگا۔ قرآن پاک میں واضح تحریر ہے کہ

والنجوم مسخرات بامرہ

ترجمہ:۔ یہ کواکب اللہ تعالیٰ کے خاص امر کے پابند ہیں یا مسبب الاسباب۔ خوش نصیب ہے وہ خوش جو موقع آنے پر ہر ستارے کے شرف کے لوح بنوا کر جمع کرتا جائے تا کہ ساتوں ستاروں کے اشراف کی الواح کی بدولت خوشحالی اور کامرانی اس کے قدم چومے۔ اس سال کا پہلا شرف مشتری قوی 09 جنوری 2014ء تا 17 جنوری 2014ء اور آخری شرف شرف مشتری 24 اپریل 2014ء تا کیم مئی 2014ء آ رہا ہے۔ گزشتہ برس 2013ء میں بھی مشتری شرف سے گزر چکا ہے جو کہ کیم تا 07 ستمبر لگا۔ اس کے بعد 12 سال تک انتظار کرنا ہوگا پھر یہ موقع نصیب والوں کو میسر ہوگا۔

شرفات سیارگان

شرف شمس در برج حمل 19 درجہ ہر سال

شرف عطارد در برج سنبلہ 15 درجہ ہر سال

شرف زہرہ در برج حوت 27 درجہ ہر سال

شرف مریخ در برج جدی 28 درجہ ہر 1/2 سال کے بعد

شرف مشتری در برج سرطان 15 درجہ ہر 13 سال بعد

شرف زحل در برج میزان 21 درجہ ہر 29 سال بعد۔

شرف قمر در برج ثور 3 درجہ ہر ماہ 2.1/4 دن۔

بابر بک سٹال، شورکوٹ۔ 047-5310122 روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

Scanned with CamScanner

ہر شخص پر واجب ہے کہ علم سے وابستہ رہے علم نور ہے۔

(چرب زبان جاہل فراڈ عاملوں سے بچیں)

دولت کے ستارہ مشتری کے خواص و افعال میں تفصیل سے لکھوں تو ایک کتاب بن جائیگی مختصراً یہ افزائش دوستی خلق، خوش قسمتی، تکمیل امید آرزو، حب، تسخیر، حصول دولت، روحانیت، جذبہ انسانیت، ترقی، فروانی، برزق، رہائی، از قید، چھٹکارہ از مصائب و تفکرات، حصول علم، تاثیر تحریر، سیاسی استحکام، فتح یابی ہر مقابلہ، افادہ، زمینداری، بانڈ کا انعام نکلنا، ویزہ بیرون ملک سفر سے خوش بختی، شادی، حفظ وامان، تحفظ از جادو و سحر ٹونہ، تحمل مزاجی، شفائے امراض، حصول اولاد، حوصلہ، جرات، تجاوز میں مثبت تاثیرات، خرید و فروحت جائیداد میں نفع، رفعت و سکون قلب، سخاوت، تواضع، استحکام حکومت، علوم مرتبت، قیام امن وبیع مال اس کے ادنی اثرات میں سے ہیں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ ستاروں میں ضرور خدا نے خاص تاثیرات رکھتی ہیں۔ ورنہ ان کو مسخر کرنے کا فائدہ ہی کیا؟ نظام قدرت سے حصول خوش بختی کی قوی توقع رکھنے والوں کو گزشتہ 13 برس سے شرف مشتری کا انتظار تھا۔ دولت کے ستارہ مشتری کو برج سرطان کے 15 درجہ شرف ہوتا ہے۔ ہر زمانہ میں انسان کو مصائب دکھوں ناکامیوں نے پریشان کیا۔ ہر شخص کا مقصد حیات کامیابی وخوشحالی ہوتا ہے ہمارے لیے علم الساعات سے واقع ہونا ازحد ضروری ہے جدید سائنس نے کائناتی نظام حیات پر ستاروں کے اثرات کو تسلیم کرایا ہے۔ ستاروں ستاروں سے زمین کی طرف شعائیں جنکی ہم پیائش نہیں کر سکتے سائنس نے ان کے نام مقرر کردیے ہیں اور بھی نجوم پر سائنسی تحقیق جاری ہے۔ کوکب مشتری سفیدی مائل بہ سرخی چھٹے آسمان پر طلوع ہوتا ہے۔ طبع آتشی ہے ہر منزل میں 5 ماہ قیام دن جمعرات ہے۔ اس دن کی پہلی ساعت مشتری کی ہوتی ہے اس کواکب کا مالک حضرت اسرافیل علیہ السلام ہے۔ جس کا ورد یا کبیر یا متعال ہے اعداد 773 ہیں ان فرشتہ کی تسبیح یہ ہے۔ **یا کبیر یا جبار یا قوی یا قیوم یا حمید یا جواد یا وھاب یا عفو یا عظیم الحفظھماء انت اللہ الکبیر المتعال۔**

صدقات مشتری

دال چنا، کپڑا سنہری، شکر سرخ، زرد چوب، نمک زرد، عقیق زرد، ذبیحہ، جانوراں برنگ زرد وغیرہ ہیں۔

شرف مشتری 2014ء

شرف مشتری میں تیار کردہ یہ لوح جو کہ لاتعداد ضرورت مند لوگوں کو دی گئی جو کہ مالی مشکلات میں گرفتار تھے یا دہ لوگ جو کہ بے روزگار قرضوں میں جکڑوں میں مفلس تھے الحمداللہ بہت کم عرصہ میں ایسے تمام لوگ اپنی پریشانی سے نجات پا چکے ہیں شرف مشتری کے دوسرے اور تیسرے موقع پر بہت پُر تاثیر لوح کا عمل شائع کیا جارہا ہے یقیناً گزشتہ شرف کی طرح اس بار بھی شائقین روحانیات یہ لوح تیار کروائیں گے اگر خود تیار نہ کر سکیں تو بندہ فقیر غلامان از غلامان محمدؐ و آل محمدؐ اس خدمت کیلئے حاضر ہیں۔

مشتری کے شرف میں ہم نے اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ **یا نافع یا منعم و ھاب الواحد دیان اللہ محیط** ۔ مجیب احد اور حروف مقطعات قرآنی ۔ طس ۔ یٰس ۔ اسم باسط اسم احسن سے مدد لی تھی ۔ نادعلی کا حصار بنایا تھا۔ مشتری کے ذاتی موکل صرفیائیل اور اعوان السید شمھورش کا اندراج کیا تھا۔ اب شرف مشتری کے کی ترکیب تیاری درج ذیل ہے۔ 2014ء کے آخری موقعے ہیں جس نے بنوالی وہ خوش نصیب ترین ہوگا۔

رب کائنات نے فرمایا! قال فما خطبکم سورۃ النجم پارہ نمبر 27 آیت نمبر 53۔

آیت نمبر 1 **والنجم اذاھوا** قسم ہے ستارے کی جب کہ وہ اترا۔ ہمارا موضوع یہ نہیں کہ کونسا ستارہ کب کس کے گھر میں اترا اور کیوں اترا یہ سب تمام مومنین کو معلوم ہے البتہ ستارہ کے معنی ہیں۔ روشن کروں میں سے ایک کرہ جورات کو آسمان پر چمکتا دکھائی دیتا ہے۔ اسی کو نجم یا کوکب بھی کہتے ہیں۔ انہیں میں سے مشتری ایسا ستارہ ہے۔ جو انسان کے لئے خوش نصیبی، اچھا مقدر، اقبال مندی، خوشحالی کامیابی وکامرانی کی نوید لاتا ہے۔ مشتری مشکل کشا نہیں۔ مشکل کشا خود رب رحمٰن رحیم ہے۔ اس نے ستارہ مشتری کو بطور سبب پیدا فرمایا جو خوش بختی اور خوشحالی لاتا ہے۔

شیخ امین نیوز ایجنٹ سرگودھا۔ 0303-7947849 روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

Scanned with CamScanner

یہ نہایت سست رفتار سیارہ ہے جو الٹی سیدھی چال چلتا ہے چونکہ ہر برج میں تیرہ قیام کرتا ہے اس لئے تیرہ سال میں بارہ برجوں کا دورہ مکمل کرتا ہے۔ علم نجوم کی بنیاد بارہ برجوں اور سات ستاروں پر ہے جن میں سے زحل اول درجہ کا نحس اور شمس، مریخ نحس درجہ دوم ہے۔ میانہ، عطارد باقی ماند ستارے، قمر، زہرہ، مشتری سعد ہے۔ شمس کا تعلق اقتدار، جاہ جلال، اعلیٰ منصب سے ہے۔ قمر کا تعلق صحت سے ہے، زہرہ کا محبت و تسخیر خلق سے، عطارد کا لکھنے پڑھنے اور مشتری کا تعلق مال و دولت خوشحالی و کامرانی سے ہے یہ کہنا غلط ہے کہ لوح مشتری صرف ان افراد کو فائدہ دے گی جن کا حاکم ستارہ مشتری ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ ستارہ مشتری واحد سیارہ ہے جو ہر شخص کے طالع برج میں تیرہ ماہ تک حرکت پذیر ہو کر خوشحالی کا باعث بنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کریم ہے اس نے سیارہ مشتری کو پیدا ہی اس لیے فرمایا کہ مخلوق کے ہر فرد کو فوائد دیتا رہے۔ حجر و شجر، چرند پرند، درند تمام مخلوق خدا پر ستارہ مشتری کے اثرات کا مطالعہ جدید سائنس دان باقاعدہ کر رہے ہیں۔ وقت گزرنے پر ستارہ مشتری سے متعلق بہت ہی اچھی معلومات انسان حاصل کرلے گا۔

قرآن مقدس پارہ نمبر 27 قال **فما خطبکم** کی سورۃ النجم نمبر 53 کی آیت نمبر 48 **وانہ ھو اغنی و اقنی** اعداد=1301۔ ترجمہ "اور یقیناً اسی نے دولت مند کیا اور اسی نے خزانہ دیا"۔ اس آیت میں جس طرح نمبر درج کیے جا رہے ہیں اسی طرح سے آپ لوح کے سامنے والا حصہ مکمل کندہ کریں۔ 1=4 (نشان مشتری) 2=34= مشتری کا ذاتی موکل صرفیائیل 4= اضلاع۔ نقش=**قولہ الحق ولہ الملک** 5۔ مشتری کے متعلق حروف مقطعات سے **آلر کھیعص حمعسق** 6= اسمائے ربانی= **یا اللہ، یا باسط، یا رزاق، یا غنی، یا مغنی، یا منعم، یا نافع**۔ 7= اضلاع کے چاروں کونوں کے اندر ملائکہ مقربین= جبرائیل، عزرائیل، میکائیل، اسرافیل 8= گول دائرہ میں نقش کی چال آتشی خانہ نمبر 1 تا 16 درج کردی ہے اس چال سے نقش ذوالکتابت پر کریں۔ 9= السید شمہورش لکھیں۔





بچیوں کے رشتے کیلئے

ایسے والدین جو کہ اپنے بچوں کیلئے مناسب رشتہ کی وجہ سے پریشان ہوں یا ایسے والدین جن کی بچیوں کے رشتے آ کر واپس چلے جاتے ہوں ایسے پریشان والدین کیلئے ایک مجرب اور آسان عمل پیش کر رہا ہوں عمل کی مدت 40 یوم ہے۔ دو رکعت نفل نماز پڑھ کر اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ ۳۱۳ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھیں۔ **وھو الذی خلق من الماء بشر فجعلہ نسبا وصھرا وکان ربک قدیرا**۔ عمل ختم کرنے کے بعد پنجتن پاکؑ کا واسطہ وسیلہ سے اپنا مسئلہ کے حل کیلئے دعا کریں۔

ہلال بک ڈپو، ریل بازار عارف والا۔ 0457-832899 روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

الہامات جفر

شرف مشتری

تحریر
سید نجیب الرحمان شاہ
ایبٹ آباد
0334 9492202

قارئین جعفریہ جنتری کو سال نو مبارک ہو اس مبارک موقع پر شرف مشتری کے چند نایاب عملیات کے ساتھ حاضر ہوں شرف مشتری کے اس سال کے خوش قسمت موقع پر اپنے دوستوں اور قارئین کیلئے بہت خاص مضمون کے ساتھ جعفریہ جنتری 2014ء میں حاضر خدمت ہوں۔ مجھے کئی دوستوں نے اس بات پر اصرار کیا کہ مجرب اعمال شائع کرواؤں کیونکہ ماہنامہ تحفہ روحانیات میں بیشتر عاملین دوست ماہنامہ تحفہ روحانیات سے مدد لیتے ہیں اور مختلف الواح تیار کرتے ہیں۔ اکثر دوستوں کو میرے موبائل نمبر کی تلاش رہتی ہے اور بیشتر مکتبہ روحانیات سے موبائل نمبر حاصل کر لیتے ہیں لیکن جعفریہ جنتری میں باقاعدگی سے میرا موبائل نمبر اور پتہ شائع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی بھی دوست کو کسی بھی بارے میں میری راہنمائی اور مدد کی ضرورت ہو تو رابطہ کر سکتا ہے۔ اصل موضوع کی جانب آتے ہیں۔

مشتری چلتے چلتے جب برج سرطان کے 15 درجے پر آتا ہے تو اس کو شرف ہوتا ہے۔ اس وقت اکثر عاملین جفر ایسے طلسمات تیار کرتے ہیں جو کہ پر تاثیر ہوتے ہیں۔ تسخیر خلق رجوع خلق تسخیر مستورات کیلئے بے انتہائی پر تاثیر ہوتے ہیں۔ یہ وقت بہت پر تاثیر اور بہت طاقت والا ہے۔ اس وقت طلسم بادشاہت تسخیر دولت کیلئے پیش کرتا ہوں۔ یہ عمل خالص چاندی پر یا سفید کاغذ پر عنبر زعفران سے لکھ کر پاس رکھیں۔ اللہ دل بے پناہ برکات عطا فرمائے گا۔ اگر یہ عمل خود تیار نہ کر سکتے تو مجھ سے یا براہ راست ماہر روحانیات محمد ایا مزمل حسین شاہ صاحب سے تیار کروائیں۔ اللہ پاک بہت برکات عطا فرمائے۔ شرف مشتری کے زکات کے مزید مضامین انشاءاللہ تحفہ روحانیات جنوری اور اپریل کے شمارہ میں دونگا۔ اس سے فائدہ اٹھائیں اور اس مرتبہ اللہ پاک کے فضل سے ایسے طلسمات پیش کرونگا کہ کہیں دستیاب نہ ہونگے۔

مشتری 2014ء میں دوبارا اپنے شرفی درجات سے گزرے گا۔ پہلی بار یہ 09 جنوری 2014ء صبح 11 بجکر 35 منٹ پر شروع ہوگا اور 17 جنوری دوپہر 01 بجکر 12 منٹ پر ختم ہوگا۔

شرف مشتری دوبارہ 24 اپریل 2014ء صبح 10 بجکر 12 منٹ پر شروع ہوگا اور یکم مئی کی صبح 10 بجکر 11 منٹ پر ختم ہوگا۔





لوح فتح نامہ مبارک

کلام پاک اور علم جفر کا کرشمہ

تحریر:۔ شہزادہ منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان) 0306-3019282

قارئین جعفریہ جنتری 2014ء کی خدمت میں علم الجفر کا ایک مجرب عمل لوح فتح نامہ مبارک لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یہ عمل بھی سابقہ عملوں کی طرح سب کو پسند آئے گا اور تمام مومنین و مومنات فیض حاصل کر کے دعائے خیر میں یاد کریں گے۔

علم الجفر ایک وسیع مقدس اور پاکیزہ علم ہے۔ یہ علم اسرار الٰہیہ میں سے ہے اور انبیاء و مرسلین اولہ آئمہ اکرام سے ہوتا ہوا ہم سب تک پہنچا ہے اس علم الجفر کو سب سے پہلے عوام الناس کی بھلائی کے لئے پیش کرنے کا شرف سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام کے حصہ میں آیا اور جو اس وقت دستیاب ہے وہ انہی کی عنایات کا فیض ہے اس لئے علم الجفر کو حضرت امام جعفر صادقؑ کے نام مبارک سے منسوب کیا گیا ہے۔ یہ ہمارا مذہبی و روحانی ورثہ ہے اس کے نقوش کو بے حال کرنا ہمارا فرض بنتا ہے۔ حروف اور اعداد سے استخراجی طریقے کو علم الجفر کا نام دیا گیا ہے۔ حروف کی روح اعداد میں پوشیدہ ہوتی ہے جیسے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عددی قوت 786 بنتی ہے۔

مورخین کا کہنا ہے کہ حضرت سلیمان کے وزیر آصف بن برخیا کے پاس کتاب کا علم تھا جس کی بنا پر تخت بلقیس کو آنکھ جھپکنے سے پہلے سینکڑوں میل کا فاصلہ طے ادا کرا کے صحیح سلامت حالت میں حاضر کیا تھا یہ منظر دیکھ کر اس وقت سب حیران ہو گئے تھے۔ علم الجفر کی بہت ساری شاخیں ہیں۔ اور ان میں حصہ اخبار اور حصہ آثار بھی کسی تعریف کے محتاج نہیں! اگر سورۃ اور آیت مبارک کلام پاکؐ کی ہو اور استخراجی طریقہ علم الجفر کا ہو تو پھر لوح یا نقش مبارک کے اثرات کا کمال یا معجزہ دیکھیں۔ علم الجفر کا استخراجی طریقہ کچھ مشکل اور محنت طلب ضرور ہوتا ہے۔ مگر اس کے اثرات کا کمال دیکھ کر آپ حیران رہ جائیں گے اور تعریف کئے بغیر آپ نہ رہ سکیں گے۔ تو آیئے آپ کو اس جفری خزانے کے نایاب ہیرے کی جھلک دکھاؤں۔

فوائد:۔ لوح فتح نامہ مبارک کو پاس رکھنے سے ہی مقناطیسی اثرات شروع ہو جاتے ہیں۔ چاروں اطراف سے فتوحات کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ امتحان مقدمات الیکشن میں کامیابی ملے گی۔ مال دولت و ملازمت میں ترقی ہوگی۔ ہر طرف عزت شہرت محبت ملے گی۔ سحر جادو نظر بد جنات اور خطرناک امراض سے نجات ملے گی۔ گولی بم بندوق تیر تلوار اور ٹرانسپورٹری حادثات سماوی وارضی حادثات سے آپ تحفظ میں ہوں گے۔ دشمن مغلوب ہو جائیں گے رشتوں کی بندش ختم ہو کر شادی کے مواقع ملیں گے۔ مقدس مقامات کی زیادتوں کا شرف نصیب ہوگا۔ میاں بیوی میں بے انتہا محبت پیدا ہوگی۔ غرض یہ کہ ہزاروں فوائد ظاہر ہوں گے جو کہ لکھنے سے باہر ہیں۔ حضرات و خواتین یکساں فیضیاب ہو سکتے ہیں۔

اوقات:۔ نوروز عالم افروز، شرف شمس مریخ زہرہ تا تثلیث تسدیس وقران۔ یا شب معراج۔ شب قدر یا کسی اور سعد وقت میں تیار کر سکتے ہیں زعفران عنبر اور عرق گلاب سے تیار کریں سفید کاغذ پر۔

لوح فتح نامہ مبارک کو مکمل کرنے کیلئے تین مراحل سے گزرنا ہوگا۔

پہلا مرحلہ:۔ کلام پاک کی سورۃ نصر کے اعداد حروف نقاط کا کل مجموعہ

دوسرا مرحلہ:۔ آیت پاک **افتح ابواب فتحك لی یا مفتح الابواب وافتح لی کل ابواب برحمتك یاارحمه الراحمین**۔ کے اعداد حروف نقاط کل مجموعہ۔

تیسرا مرحلہ:۔ نام طالب مع والدہ کے اعداد حروف نقاط کا کل مجموعہ۔ کو چار سے ضرب دیں حاصل جواب کو پہلے اور دوسرے مرحلے کے اعداد سے نفی کر دیں۔ حاصل جواب کو نقش کے پہلے خانے میں رکھیں۔ اب ہر خانے میں نام طالب مع والدہ یعنی تیسرے مرحلے کے کل مجموعہ کو جمع کرتے جائیں یہاں تک کہ نقش مکمل ہو جائے۔

اعظم بک ڈپو مظفر گڑھ

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

Scanned with CamScanner

مثال: **پہلا مرحلہ :۔**

سورت نصر کے اعداد ۶۱۲۴ حروف:۔ ۸۰

نقاط:۔ ۳۶ کل مجموعہ ۶۲۴۰

دوسرا مرحلہ :۔

دعائے فتوحات کے اعداد ۳۴۹۷ حروف ۶۱

نقاط ۳۲ کل مجموعہ ۳۵۹۰

مجموعہ اول ۶۲۴۰ + مجموعہ دوم ۲۵۹۰ = ۹۸۳۰ بنے۔

تیسرا مرحلہ :۔

فرحان علی بن حوا کے اعداد ۴۶۸ حروف ۱۱

نقاط ۴ کل مجموعہ ۴۷۹

اب ۴۷۹*۴ = ۱۹۱۶ بنے۔ اب مجموعہ اول دوم سے یہ تعداد نفی ہے۔ ۹۸۳۰-۱۹۱۶ = ۷۹۱۴ ملے۔ یہ تعداد نقش کے خانہ اول میں لکھیں گے۔ پھر ہر خانے میں ۴۷۹ یعنی تیسرے مرحلے کے اعداد جمع کرتے جائیں گے۔

مثال فتح نامہ یہ بنا

شتفیائیل ۴۸۶ شمکائیل

۹۸۳۰	۱۵۰۹۹	۸۳۹۳	۱۲۷۰۴
۱۲۲۲۵	۸۸۷۶	۱۳۶۶۲	۱۱۲۶۷
۱۴۶۲۰	۱۰۳۰۹	۱۳۱۸۳	۷۹۱۴
۹۳۵۱	۱۱۷۴۶	۱۰۷۸۸	۱۴۱۴۱

کل میزان ۴۶۰۲۶

لوبیائیل قطشائیل

چال برائے فتح

۵	۱۲	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

ہر مصیبت کا خاتمہ: ۔ایسے پریشان افراد جو کسی بھی قسم کی مصیبت میں مبتلا ہوں اُس کے حل کیلئے درج ذیل کا ورد بغیر حساب کثرت سے کریں انشااللہ چند ہی دنوں میں پریشانی ختم ہو جائیگی۔ **یاحی یاقیوم وبرحمتك استغيث**

تسخیر شمعون جن

تحریر:۔ رانا ناصر علی (جھنگ) 0334 7500856

قارئین جعفریہ جنتری کیلئے تسخیر شمعون جن کا لا ثانی عمل حاضر خدمت ہے معزز قارئین کرام یہ جمالی عمل ہے۔ تسخیر شمعون جن کا یہ عمل وقتی ہے یعنی یہ صرف تسخیر ہونے کے بعد صرف اکتالیس یوم آپ کے پاس رہے گا اور اس کے بعد خود بخود آزاد ہو جائے گا۔ آغاز چندی اتوار قبل از عمل 1 ہفتہ ترک حیوانات کرے عملیات کے قواعد کو مدنظر رکھیں۔ ٹھیک رات بارہ بجے عمل کا آغاز کرے۔ سفید لباس زیب تن کرے جو خوشبو سے معطر ہو حصار مضبوط کرے پھر بارہ رکعت نفل پڑھے اور اس کا ثواب امام معصومینؑ کو پیش کریں۔ اول آخر درود بارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور سورۃ جن بارہ مرتبہ تلاوت کرے اس کے بعد نیچے دی ہوئی عبارت 571 مرتبہ ورد کرے بغیر کسی سے گفتگو کے وہیں سو جائے مدت عمل گیارہ روز ہے تیسرے روز مشاہدات ہوں گے۔ کہیں اثر ڈراونی اشکال کا ظہور ہوا کرے گا لیکن گھبرائیں نہیں آپ کا کوئی نقصان ہرگز نہ ہوگا جوں جوں عمل کرتے جائیں گے اسی طرح عمل کے اثرات بھی بڑھتے جائیں گے لیکن آپ نے ثابت قدم رہنا ہے آخری یوم جب آپ کے عمل کی تعداد ختم ہونے والی ہوگی تو اس وقت عجیب شور وغل برپا ہوگا تعداد مکمل ہونے کے بعد ایک خوبصورت شخص شاہانہ قدیمی لباس میں ہوگا اس وقت اس سے معاہدہ کرلیں جواب میں وہ صرف آپ کے پاس اکتالیس یوم آپ کا پابند رہنے کی شرط رکھے گا آپ اس کو قبول کرلیں اور طریقہ حاضری بھی معلوم کرلیں۔ پھر اسے شکریہ کے ساتھ رخصت کردیں پھر جب بھی کبھی کسی امر میں ضرورت ہو تو اس کے بتائے ہوئے طریقہ پر عمل کر فوراً حاضر ہوگا اور آناً فاناً کام کرے گا اور نہایت خوش اسلوبی سے پیش آئے گا لیکن کوئی بھی ناجائز کام اس سے مت لیں ورنہ نقصان عظیم ہوگا۔

عبارت عمل یہ ہے۔ **اجب یا شمعون الجن حاضر شود بحرمت لا اله الا الله محمد رسول الله ۔**

نہایت مجرب المجرب عمل ہے اس عمل کی خصوصی اجازت جناب ماہر روحانیات محمد ایاز حسین مزمل شاہ صاحب سے یا مجھ سے ضرور لیں۔

ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات
محمد اسلم ملتانی منڈی محمد صدیق C/O طارق بکڈ پو نزد گرلز ہائی اسکول پنڈ دادنخان

Scanned with CamScanner

آثار الجفر

شرف مشتری

تسخیر مال دولت

تحریر:- موذن علی حسن
0300 7582259
(بہاولنگر)

تمام جعفریہ جنتری کے قارئین کو میری طرف سے سال نو مبارک ہو۔ میرا تعلق عملیات کی دُنیا سے عرصہ 15 سال سے ہے اس دوران کئی عاملین اور بڑے بڑے دعویدار لوگوں سے ملا بیشتر جگہ سے مایوسی ہوئی یا یہ نتیجہ نکلتا کہ کچھ حاصل نہ ہوا لیکن ہر بار ایسا نہیں ہوا بہت دعاؤں اور محنت کے بعد آخر کار میری ملاقات ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے مکتبہ روحانیات (ملتان) ہوئی۔ دلی اور روحانی سکون ملا اور پھر یوں لگا کہ جیسے میری تلاش ختم ہوگئی کئی ایک روحانی واقعات اور حیران کر دینے والے مشاہدے عمل میں آئے جس نے میری جستجو اور تڑپ کو مزید بڑھا دیا۔ عملیات کے علاوہ دیگر شعبہ روحانیات مثلاً مراقبہ، علم النقوش، علم الاعداد، علم الواح، علم جفر اور علم النجوم کے بارے میں بھی جاننے کا شوق ہوا اور کسی حد تک درج بالا علوم کے بارے میں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے بہت بہتر طریقہ سے راہنمائی کی۔ جعفریہ جنتری 2014ء کیلئے یہ خاص مضمون انہی علوم کو پانے کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔

والنجوم مسخرات بامرہ

ترجمہ:- یہ ستارے اللہ کے خاص امر کے پابند ہیں۔

اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ ان کے اندر کچھ خاص اثرات ہوتے ہیں جب اثر ہی نہ ہو تو مسخر ہونے کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ علماء روحانیات نے ستاروں کی تاثیر معلوم کیں کہ کونسے ستارہ میں اللہ نے کس قوت کا امر ڈالا ہے۔ تو مشتری کو کب مال و دولت کا ستارہ گردانا گیا۔ مشتری ستارہ چلتے چلتے جب حالت شرف کو اختیار کرتا اس وقت ایک خاص طاقت اور برکات کی حالت میں ہوتا۔ عین مشتری کے وقت ساعات کا خاص خیال کرتے ہوئے جب کوئی لوح یا نقش تسخیر مال و دولت کی نیت سے رکھے۔ تو فوراً اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ کیونکہ شرف مشتری کا وقت تسخیر مال و دولت کیلئے اپنی مثال آپ ہے۔ اس موقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے ایک عمل حاضر خدمت ہے۔ مومنین ضرور فائدہ اٹھائیں۔

شرف مشتری جنوری اور پھر اپریل میں آرہا ہے درست ساعتیں مع رجال الغیب حاصل کرنے کیلئے ماہنامہ تحفہ روحانیات جنوری، اپریل 2014ء حاصل کر کے اس عمل سے فائدہ اٹھائیں۔

آخر میں استاد محترم شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کیلئے لمبی عمر کی دعا ضرور کریں۔

یغنهم

یا صمد یا صمد یا صمد یا صمد

یا صمد یا صمد یا صمد

یا حلیم

۴۹	۵۳	۵۶	۲۲
۵۵	۴۳	۴۸	۵۴
۴۴	۸۸	۵۱	۴۷
۵۲	۴۶	۴۵	۵۷

یا کریم

یا واسع المغفرة

صمد یا صمد یا صمد یا صمد یا صمد یا

من فضله

برائے ادائیگی قرض:- اپنے پریشان افراد جنہوں نے کسی سے قرض لیا ہوا ہو اور ادا کرنے کی نیت کے باوجود کوئی وسیلہ نہ بن رہا ہو وہ افراد یہ عمل کریں انشاءاللہ تعالیٰ قرض ادا کرنے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ مدت عمل ۴۰ یوم ہے۔

عمل:- عشاء کی نماز کے بعد اسی جگہ بیٹھے ہوئے اول آخر درود شریف کے ساتھ ۴۱ مرتبہ پوری سورہ **اذا جآء نصر الله** پڑھ کر قرض کی عزت و آسانی کے ساتھ جلد از جلد ادائیگی کیلئے دعا کریں۔

بلوچ نیوز ایجنسی ملتان روڈ مظفر گڑھ
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

Scanned with CamScanner

فقیری اعمال

تحریر:۔ فقیر سردار خان بھاگناڑی (بلوچستان) 0344-8294885

جعفریہ جنتری بلاشبہ مومنین کیلئے ایک خاص تحفہ ہے۔ جعفریہ جنتری کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے پیش نظر چند مجرب اعمال قارئین کرام کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں یہ ایسے مجرب اعمال ہیں جو کہ ہمارے خاندانی ہیں۔ اکثر لوگ اعمال کو حلیہ بگاڑ کر شائع کرواتے ہیں۔ جس میں تاثیر اور اثر نام کی کوئی شے نہیں ہوتی۔

جس عمل کا آپ سے ذکر کرنے لگا ہوں یہ عمل سحر جادو جنات معلوم کرنے کا ہے اگر کسی شخص یا مکان کاروبار کی جگہ پر جادو ہو یا جادو کا شبہ ہو تو ایسی جگہ کے بارے میں معلوم کرنا کہ واقعی جادو ہے یا نہیں ایک ڈوری یا کانہ لیں اگر کوئی شخص ہے تو اُس کے قد کے برابر ناپ لیں اب اس پیمائش شدہ ڈوری یا کانہ پر حروف مقطعات **الم المص المر** مذکورہ بالا ہر حرف کو 7,7 بار دم کریں کل 21 بار ہو گیا اور دوبارہ پیمائش کریں اگر پیمائش شدہ ڈوری یا کانہ زیادہ ہو گیا تو اثر آسیب جنات سایہ کا ہے اگر کم ہو گیا تو اثر سحر جادو وغیرہ کا ہے اور برابر رہا تو جسمانی تکلیف ہے۔ اس عمل سے دوکان کاروبار کی بندش اور جادو کے دیگر اثرات کے بارے میں بھی مدد لی جاسکتی ہے نہایت مجرب عمل ہے۔

عمل مشکل کشاء: ۔ایک ایسا خوبصورت اور پُر اثر عمل ہے اسکی تعریف جتنی کی جائے کم ہے جب بھی کوئی مصیبت یا پریشانی ہو مثلاً قرض یا مرض ہو بیماری کی وجہ سے سحر جادو کا غلبہ ہو، کاروبار کی بندش ہو، بے اولادی ہو یا جسمانی اور روحانی تکلیفیں ہوں۔ حاضری مطلوب کیلئے بھی بہت مجرب عمل ہے دیگر بچیوں کے نکاح کی بندش ختم کرنے کیلئے اس عمل کا کوئی ثانی نہیں۔ غرض ہر مسئلہ کے حل کیلئے ذیل کی عبارت عمل 500 بار کھلے آسمان کے نیچے صبح و شام 5 بجے ورد کریں۔ انشاءاللہ 5 یوم میں مسئلہ حل ہوگا۔ عمل کے اختتام پر 5 رنگ کی مٹھائی اور 5 قسم کے فروٹ پر نیاز کا اہتمام کریں۔ دوران عمل کسی سے گفتگو نہ کریں اور نہ کچھ کھائیں پئیں۔

عبارت عمل: ۔یا علی یا ولی یا صاحب کرم ' صدقہ حسن حسین کا مشکل میری حل کرو اس گھڑی اسی پل یا کاشف الغرائب یا مظہر العجائب یا علی یا ولی یا حیدر کرار اٹھا پردہ دے دیدار' بحق لا الہ الاللہ محمد رسول اللہ

عمل حُب و زبان بندش: ۔ذیل کے عمل کو 300 بار شیرینی پر یا میوہ پر یا خوشبودار پان پر پڑھ کر 3 بار پھونک کر جس کسی کو بھی کھلائیں گے اُس شخص کی زبان آپ کے خلاف بولنے سے بند ہو جائیگی اور وہ شخص آپکی محبت کے گیت گانا شروع ہو جائیگا۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے اور کبھی خطا نہیں کھاتا اس عمل کو عروج قمر یا قمر عطارد تثلیث و تسدیس یا قمر زہرہ سعد نظرات یا شرف شمس میں تیار کریں تو نہایت جلد فوری اثرات ظاہر ہونگے۔

یا اللہ یا رحمن یا رحیم یا قادر یا فتاح یا رزاق یا وہاب یا مستقیم بحق لا الہ الااللہ محمد رسول اللہ

عمل ظالم دشمن سے نجات: ۔اگر کوئی شخص مظلومانہ زندگی بسر کر رہا ہو اور ظالم کا ظلم بڑھتا جا رہا ہو یا کسی کے دشمن بے انتہا ہو چکے ہوں۔ سیارگان کی نحس نظر مثلاً نظر مقابلہ یا نظر تربیع مابین نحس سیارگان زحل، مریخ یا ان سیارگان کی نحس نظر قمر عطارد کے ہمراہ ہو یا زوال ماہ میں 101 روپے کی نمکین چیز پر اسم موکلات کے نام فاتحہ دلا کر اس اسم 313 بار دشمن کا تصور رکھ کر عمل اسم پڑھیں 21 سے 41 دن عمل کرنے دشمن سے نجات مل جاتی ہے؟ عمل اسم (**یا نجیع**) اجازت سے لے کر عمل کریں اس عمل کو دن اور رات دونوں زوال کے وقت پڑھنا ہے بخور گوگل کالی مرچ کا جلائیں۔

☆☆☆

بھیرہ بک ڈپو مین بازار، بھلوال۔ 0302-3651694
روحانی تحفہ ...

طلسم بادشاہت

تحریر:- انیسہ شعیب (ایبٹ آباد)

مالی وسائل کی تنگی ہر شخص کو ہے آج کے دور میں جس کو دیکھو معاشی لحاظ سے تنگ دست نظر آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں جرائم کا تناسب بہت زیادہ بڑھ چکا ہے۔ ہر جائز و ناجائز طریقہ سے مال و دولت کمانے کے نت نئے طریقے متعارف ہوئے ہیں۔ اس میں زیادہ تر کردار الیکٹرانک میڈیا کا رہا جس نے عوام کو شعور دینے کی آڑ میں جرائم کے نت نئے اور انوکھے طریقے متعارف کروائے یہی وجہ ہے کہ اگر پیشہ ور مجرم کا وہ طریقہ صرف چند مخصوص لوگوں کو معلوم ہوتا مگر الیکٹرانک میڈیا کی وجہ سے وہی طریقہ واردات ہر شخص کے علم میں آگیا کچھ لوگ اُس طریقہ واردات سے بچنے کے بارے میں محتاط رہے اور دیگر مجرمانہ ذہن رکھنے والے افراد نے میڈیا سے وہ طریقہ کار سیکھ لیا لیکن اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی بھلائی کیلئے کئی دیگر طریقوں سے معاشی مسائل کو حل کرنے کیلئے کئی وظائف اور طلسمات اور دست غیب کے اعمال اپنے خاص بندوں کو تعلیم فرمائے۔ اس کے علاوہ پرانے دور میں کئی نمبرز کا کوئی سلسلہ نہیں ہوتا تھا۔ وہ دست غیب کیلئے وظائف یا طلسم تیار کرتے تھے۔ جعفریہ جنتری 2014ء کیلئے طلسم بادشاہت کیساتھ حاضر ہوئی ہوں۔ طلسم بادشاہت دست غیب، خصوصی دولت، خصوصی مرتبہ، بے انداز دولت کا سبب پیدا کرنا، جب قمر زحل یا کوئی ستارہ تثلیث ناظر ہو یا شرف مشتری یا اوج میں ہو اس کے علاوہ شمس کی مذکورہ بالا نظرات یعنی شرف اور اوج بھی اس طلسم کی تیاری میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں اگر کسی صاحب کو درج بالا نظرات سے قریب تر کوئی نظر نہ ملے تو وہ شرف قمر میں یہ طلسم تیار کر سکتا ہے۔ یاد رہے کہ مشتری اور قمر کے درجات سعد میں یہ طلسم چاندی پر تیار ہوگا جبکہ شمس کے سعد درجات میں یہ طلسم سونا پر تیار کیا جائیگا۔ یہ طلسم خاص کاغذ پر یا خالص چاندی پر مطلوبہ وقت پر بنائیں۔ یہ ستارے کا الگ بخور جلائیں گے تاکہ عمل میں تاثیر ہو۔ یہ طلسم مجھ سے براہ راست یا ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے تیار کروائیں۔ آخر میں میرے اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعائے خیر فرمائے یہ طلسم ہم دونوں کے علاوہ کوئی اور تیار نہیں کر سکتا۔ اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ اس کا کوئی عامل ہی نہیں ہے۔ خود اپنا وقت برباد نہ کریں اللہ پاک آپ سب کو برکت دے۔



روحانی تحفہ روحانیات
ناولٹی بک سٹال 0302-3651694